RE-FAILURE OF THE GOVERNMENT TO FURNISH THE REPORT OF THE SPECIAL COMMITTEE FOR ERADICATION OF CORRUPTION FROM SERVICES AND THE REPORT FORMULATED BY THE PROV. GOVT. THEREON, TO THE STANDING COMMITTEE ON HOME AFFAIRS OF THE PROV. ASSEMBLY OF WEST PAKISTAN.

Mr. Speaker: Now we will take up privilege motion No. 2 by Mr. Hamza. Yes, Hamza Sahib.

مسٹر حمزہ (لائلپور ـ۶) ۔ جناب سپیکر ۔ میں تحریک استحقاق ایوان میں پیش کر چکا تھا ۔ آپکو اچھی طرح علم ہے کہ جناب صدر مملکت نے رشوت ستانی کیخلاف جہاد کا اعلان کر دیا ہے اور وہ مسودۂ قانون جو اس ایوان نے مجلس قائمہ برائے امور داخلہ کے سپرد کیا تھا اس کی غرض و غایت یہ تھی کہ اس وقت صوبے میں جو بیمثال رشوت ستانی ہے اس کا تدارک کیا جائے لیکن مجھے انتہائی افسوس کیساتھ یہ کہنا پڑتا ہے کہ ہماری حکومت نے اس مجلس قائمہ کو کوئی اہمیت نہیں دی ان کے مسلسل اور متواتر اصرار کے باوجود جناب فدا حسن کمیٹی کی رپورٹ کو ان کے رو برو پیش کیا جائے ۔ پریولیج کے ضمن میں May's Parliamentary Practice کا یہ فیصلہ ہے ۔

> "When any of these rights and amenities, both of the Members individually and of the Assembly in its collective capacity, which are known by the general name of privileges are disregarded or attacked by any individual or authority, the offence is called a breach of privilege and is punishable under the law of Parliament."

جناب سپیکر ۔ منسٹر صاحبان یا حکومت کو سزا تو نہیں دی جا سکتی ۔ اس کا تصور انگلینڈ میں موجود ہے لیکن آپ کو معلوم ہے کہ پریولیج ایکٹ میں اس کی گنجائش رکھ دی گئی ہے کہ مجلس قائمہ کے رو برو حکومت دستاویزات پیش کرنیکی پابند ہے ۔ اس کی دفعہ ۱۰ میں یہ لکھا ہوا ہے ۔

"Subject to the provisions contained in sub-section (7), the Assembly or any Committee thereof may direct any person to attend before the Assembly or the Committee, as the case may be, or to produce or cause to be produced any paper; book, record or document in the possession or under the control of such person."

کیونکہ اس کے ساتھ ہی ساتھ سٹینڈنگ کمیٹی کے دائرہ اختیار کے بارے میں ہمارے رولز میں جو کچھ دیا گیا ہے اس کا متعلقہ رول نمبر ۱۳۲ کے اور ذیلی رول نمبر ۱ ہے ۔ اس میں یہ واضح طور پر بتایا گیا تھا ۔

"A Committee shall have power to summon and examine any person and the records of the Provincial Government and of statutory bodies, autonomous or semi-autonomous, under the Provincial Government:

Provided that the Committee shall have no power to send for any papers or record relating to a proposed taxation."

جناب سپیکر ۔ ان حالات کے پیش نظر میں یہ سمجھتا ہوں کہ حکومت اس بات کی پابند تھی کہ فدا حسن کمیٹی رپورٹ اس مجلس

قائمہ برائے امور داخلہ کے روبرو بلا تاخیر جلد از جلد پیش کرتی ۔
مجلس قائمہ امور داخلہ کی آخری میٹنگ جو کہ ۲۶ دسمبر سن ۱۹۶۸ء کو ہوئی اس میں مجلس قائمہ نے محکمہ امور داخلہ کے نمائندہ سے یہ شکایت کی کہ ان کے اصرار کے باوجود حالانکہ تین بار اسی وجہ سے مجلس قائمہ کا اجلاس ملتوی ہوتا رہا ہے فدا حسن کمیٹی رپورٹ پیش نہیں کی گئی ۔ میں اس کا ایک حصہ پڑھ کر آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں ۔

"The representative of the Home Department said that they were in correspondence with the Central Government whether the report of the Special Committee for Eradication of Corruption from Services and the views of the Provincial Government thereon should be made available to the Standing Committee or not and, therefore, they were not in a position to say whether they would be able to produce the two documents before the Committee.

The Committee noted that they had as far back as 10th of September, 1968 asked the Home Department to place the two documents before the Committee. The Committee felt that the Home Department should have been able to say "yes" or "no" to the request of the Committee for the production of the two documents by now."

جناب سپیکر ۔ آپ میری اس (تحریک استحقاق) پر اعتراض کرسکتے ہیں کہ محکمہ امور داخلہ نے فدا حسن کمیٹی رپورٹ یا تاثرات اس کمیٹی کے روبرو پیش کرنے سے کبھی انکار نہیں کیا ۔

لہذا اس وجہ سے اس ایوان یا مجلس قائمہ کا استحقاق مجروح نہیں ہوا ۔ لیکن آپ کو اچھی طرح علم ہے کہ ہر کام کرنے کے لئے کوئی معقول وقت درکار ہوتا ہے ۔ خصوصی طور پر ان حالات میں جبکہ ملک میں جیسا کہ میں پہلے عرض کر چکا ہوں رشوت ستانی کا طوفان بدتمیزی بپا ہے ۔ جس کا احساس صدر مملکت کو بھی ہوا ہے ۔ لیکن جب اس ایوان کی جانب سے اس سلسلہ میں اسکے انسداد کی کوئی کوشش کی جاتی ہے تو بجائے اس کے کہ وہ ہماری حوصلہ افزائی کرتے انہوں نے ہمارے راستہ میں ایسی رکاوٹیں ڈالیں جن سے مجلس قائمہ اپنے فرائض کی انجام دہی میں بہت بری طرح ناکام ہوئی ۔

Mr. Speaker : It should be a short statement.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ اس کے ساتھ ساتھ آپ کو اس امر کا اچھی طرح احساس ہوگا کہ پاکستانی قوم ایک غریب قوم ہے اگرچہ یہاں کے حکمران بہت دولت مند ہیں ۔ مجلس قائمہ کا اجلاس تین بار اس وجہ سے ملتوی ہوا کہ یہ رپورٹ پیش نہیں کی گئی ۔ میرا اندازہ ہے کہ اس پر پچیس ہزار روپے خرچ ہوئے ۔ جو میں سمجھتا ہوں حکومت نے ضائع کئے ۔ اگر محکمہ امور داخلہ یہ محسوس کرتا کہ فدا حسن کمیٹی رپورٹ ایک خفیہ دستاویز ہے تو وہ یہ عذر لنگ پیش کر کے اپنا پیچھا چھڑا سکتا تھا ۔ کہ اس رپورٹ کو پیش کرنا مفاد

عامہ کے خلاف ہے ۔ مگر انہوں نے یہ راستہ بھی اختیار نہ کیا ۔ نہ کھل کر انکار کیا اور نہ ہی اس دستاویز کو ہمارے سامنے پیش کیا ۔ میں یہ سمجھا ہوں کہ اس کاروائی اور اس مجرمانہ غفلت سے حکومت نے محض اس مجلس قائمہ کی توہین نہیں کی ۔ اس قوم پر محض مالی بوجھ ہی نہیں ڈالا بلکہ ملکمیں بڑھتی ہوئی رشوت ستانی کے خلاف موثر اقدام میں رکاوٹ بن کر اس نے اس ایوان اور اس کمیٹی کی توہین بھی کی ہے ۔ اس لئے میں یہ التجا کرتا ہوں کہ میری اس تحریک استحقاق کو منظور فرمایا جائے ۔

Minister for Home (Kazi Fazlullah Ubedullah) : Mr. Speaker Sir, I dealt with this matter yesterday very exhaustively. It is an allied matter. There was a privilege motion yesterday which was ruled out of order. This also pertains to the same subject.

My respectful submission is that my friend, unfortunately, happens to be very touchy. No indignity was intended and I may assure this House that we in the Home Department or in any other Department do not show any intentional disrespect to any Member of this august House.

In this privilege motion the complaint of my friend is that the Report of the Special Committee for eradication of Corruption from the Services headed by Mr. Fida Hasan was not supplied to the Members of the Standing Committee. Yesterday his complaint was that an enquiry was made by the Central Government regarding the character and political affiliations of the personnel of the Committee. I had tried to show how this error arose and why this querry. I told the House in very categorical terms that no question was put about the character of the personnel. My friend was not prepared to accept that assurance.

After the question ended I showed the letter of the Central Government addressed to us to the Leader of the Opposition as well as to my friend, Mr. Hamza and they were satisfied that no question about the character of the personnel of this Committee was asked by the Central Government. Now my friend does not realise our difficulties. Our representative was absolutely justified in not handing over the copy of the Report because it was confidentially communicated, not to the Home Department but to the General Administration Department of this Government, and we had no authority to disclose it. That was why we asked the permission of the Central Government whether we could give it to the Members of the Standing Committee or not.

To his complaint, that we with held the other report also and the report formulated by the Provincial Government thereon to the Standing Committee on Home Affairs of the Provincial Assembly, my submission is that again he is factually incorrect, he has been wrongly informed. There is no report prepared by the Provincial Government, much less in the Home Department, on the report of the Fida Hasan Committee Report, excepting this that in the General Administration we wrote a letter to the Central Government saying,

> " Dear Mr. Majidur Rehman,
> I am desired to your D. O. letter dated the 13th November, to Mr. Haq regarding the report of the Special Committee for Eradication of Corruption in Services and to say that the recommendations made by the Committee have the support of the Provincial Government.".

This is all the report that we made.

My submission is that we were justified and our Department and our spokesman was justified in withholding the Report of the Fida Hasan Committee because it was confidentially communicated to the General Administration Department and it was not a public document. To this day, it is not a public document. We rang up the Central Govern-

ment Home Department day before yesterday and we were told that it is not a public document, to this stage, though recommendations have been considered and discussed by the Governors' Conference and accepted and most of them have been implemented. Yet, they say, sujwi not a public document. All the same I asked the permission of my Governor and also the Law Minister in the Central Government and our Law Minister here and I made a statement yesterday that I am prepared to place it on the Table of the House because I do not believe in a hide and seek game. That report I am going to place on the Table of the House.

So far as the other report that my friend demands is concerned I may say that there is no such report. It never came to the Home Department and the Home Department never formulated any report. The Provincial Government never formulated any report on the Fida Hasan Committee report and, therefore, the representative of the Home Department was not in a position to give that report.

In view of the above submissions I would submit that the Member should gracefully withdraw his adjournment motion.

Mr. Speaker : The Department has not refused to produce the document. They had asked for time which the Committee had given. Therefore, prima facie, there is no case of breach of privilege. The motion is, therefore, ruled out of order.

مسٹر حمزہ - رپورٹ تو وہ اس ایوان میں رکھدیں تاکہ ہم اسے دیکھ سکیں -

Mr. Speaker : Yes, of course, he has made a statement.

ADJOURNMENT MOTIONS

FAILURE OF GOVERNMENT TO ORDER A PROBE IN THE MURDEROUS ATTACK ON MR. NAEEM SHAHID, STAFF REPOERTER OF THE DAILY TAAMEER IN RAWALPINDI

Mr. Speaker : We will now take up adjournment motions. No: 34 by Khawaja Muhammad Safdar, 293 by Major Muhammad Aslam Jan, and 304 by Haji Sardar Atta Muhammad.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent public importance, namely, the failure of the Provincial Government to order a probe in the murderous attack on Mr. Naeem Shahid, Staff Reporter of the Daily 'Taameer' in Rawalpindi as reported in the press on the 10th of December. This failure of the Government to order a probe in the most deplorable attempt on the life of a press Reporter has caused grave resentment in the public of the Province.

Minister for Home (Kazi Fazlullah Ubedullah): I oppose the motion, Sir. I do not know if it was a murderous assault but then a probe has been ordered. Police has investigated the case and actually the case has been sent up to the Court. One, Faqir Muhammad, brother of Sher Bahadur has been sent up to the Court. Sher Bahadur mentioned in the first report has been exonerated from the charge. His name and that of his driver are shown in column 2. A probe was ordered. The investigating agency has gone into the matter very carefully. Sher Bahadur's brother has been sent up to the Court. The matter is sub judice and it does not merit any consideration.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ۔۱) ۔ جناب والا ۔ میں اس کیس کے merit یا de-merit پر بحث نہیں کرنا چاہتا ۔ اس واقعہ کے خلاف صوبہ بھر کے سارے پریس نے ہڑتال کی ۔ اس واقعہ کی اہمیت اس قدر تھی کہ اس سے اگلے روز کوئی اخبار کسی شخص کو نہ مل سکا باوجود اس بات کے

صوبہ میں پریس کی بہت بڑی اکثریت گورنمنٹ کے کنٹرول میں ہے ۔ میرا اعتراض یہ ہے کہ پریس کی جانب سے اور عوامی نمائندگان کی جانب سے یہ مطالبہ کیا گیا کہ ہائی کورٹ کے کسی جج کے تحت ایک انکوائری کمیٹی بنائی جائے جو اس معاملہ کی تحقیقات کرے ۔ یہ سوال خصوصیت سے جناب گورنر مغربی پاکستان سے بھی پوچھا گیا اور ان کا جواب ۱۰ اور ۱۲ دسمبر کے پاکستان ٹائمز میں اس طرح درج ہے جس کی بنا پر میں نے یہ تحریک التوا دی ہے ۔ کہ

> "The West Pakistan Governor, Mr. Muhammad Musa, said in Lahore on Monday that it was not necessary to order a probe into the shooting incident at Rawalpindi in which a newsman was seriously injured. Replying to a question by a correspondent at Lahore Airport before his departure for Dacca, the Governor said : He felt that the Government had left the matter with the local administration, which was the best judge of the situation."

ہمیں شکایت صرف یہ ہے اور میرا مطالبہ اور میری غرض اس تحریک التوا سے صرف یہ ہے کہ جناب گورنر صاحب کا یہ خیال تھا کہ عوامی مطالبہ کے علی الرغم اس مسئلہ کو لوکل ایڈمنسٹریشن کے ہاتھوں میں چھوڑا جائے ۔ آج بھی ہمارا یہی مطالبہ ہے کہ چاہے شہر بہادر ملزم ہو ۔ زید یا بکر ملزم ہو ہائی کورٹ کے ایک جج سے اس معاملہ کے متعلق انکوائری کرا لی جائے اور اس انکوائری کے نتیجہ میں جو بھی ملزم گردانا جائے اس کو سزا دلائی جائے اور جو ملزم گردانا جائے اس

کو سزا نہ دلائی جائے ۔ ہمارا یہ مطالبہ نہیں ہے کہ شیر بہادر کو ضرور پکڑا جائے اس لئے میری یہ درخواست ہے کہ یہ case sub-judice نہیں ہے ۔

Minister for Home (Kazi Fazlullah Ubedullah) : We can't have a High Court judge appointed for every small matter.

Khawaja Muhammad Safdar : This is not a small matter.

Minister for Home : In that case we will have to appoint a thousand and one judjes of the West Pakistan High Court to go into every matter, for which my friend will demand a judicial probe. The case has been sent up to the court. If they think that some people should have been sent up who have not been sent up, they can move in the matter. They can go in revision to the High Court or the Supreme Court. All these avenues are open to them but we cannot have the judge of the West Pakistan High Court in every matter.

میجر محمد اسلم جان (راولپنڈی-۱) ۔ جناب والا ۔ ہمارا یہ مطالبہ نہیں ہے کہ شیر بہادر کو یا الف کو یا ب کو یا ج کو قید کیا جائے لیکن جیسے حالات آپ نے پیدا کر دئیے ہیں وہ یہ ہیں کہ پولیس نے یہ کہا (جیسا کہ ملک شیر بہادر کا نام بھی ایف ۔ آئی ۔ آر میں موجود ہے) کہ وہ روپوش ہے اور ہم اس کی جائیداد کو تین دن کے اندر اندر ضبط کر لیں گے ۔ اس کو ایک اشتہاری ملزم قرار دے دیا لیکن شیر بہادر دوسرے دن آ جاتا ہے .....

Minister for Home : This is irrelevant.

Mr. Speaker: The Member should not discuss the merits.

Major Muhammad Aslam Jan : This is failure of the Government to order a probe against Sher Bahadur, who was mentioned in the FIR.

His two brothers are roaming about, and his name appears in col. 2, They have failed. You took no action.

دوسرے دن وہ آ کر کہتا ہے کہ میں رو پوش نہیں ہوں ۔ وہ سامنے آ جاتا ہے اور پولیس اس کو گرفتار نہیں کرتی ۔ نہ ہی اس سے پوچھ گچھ کی گئی اور نہ ہی اس کو تھانے بلایا گیا ۔ اگر اس کو چھوڑنا ہی تھا تو اس کو تھانے بلا کر چھوڑ دیتے ۔

You have failed in your duties.

آپ کہتے ہیں کہ اس کا ضابطہ فوجداری کی دفعہ ۳۰۷ کے تحت چالان ہوا ہے اور آپ ہی پھر کہتے ہیں کہ اس نے قاتلانہ حملہ نہیں کیا ۔

What is a murderous attack then ?

Minister for Home : The adjournment motion says that the Government has not ordered a probe. It does not say a probe by a High Court Judge. We have ordered a proble.

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ مجھے بھی ایک نقطہ پیش کرنے کی اجازت دی جائے ۔ حقیقت یہ ہے کہ ہماری جانب سے ہائی کورٹ کی زیر سرکردگی تحقیقات کا مطالبہ کرنے کی اس لئے ضرورت پڑی یا ضرورت محسوس ہوئی چونکہ اخبارات کے ذریعہ بھی اطلاعات آپ کو مہیا ہوئی ہونگی اور ملک شیر بہادر نے جو بیان دیا ہے وہ بھی آپ کو معلوم ہے ۔ اس اطلاع کی تصدیق ہو چکی ہے کہ وہ تمام عرصہ مسلم لیگ کے صدر دفتر میں رو پوش رہا جس کے صدر جناب صدر مملکت ہیں ۔ جس آدمی

کو اتنے بڑے آدمی کی حمایت حاصل ہو اس کے خلاف مقامی انتظامیہ کیا کارروائی کر سکتی ہے ؟

Mr. Speaker : This is not relevant; you are discussing the merit. The case was registered and, as has been stated by the Minister for Home, the matter has been sent up to the court. Therefore, the matter is sub-judice and I rule the motion out of order.

LATHI-CHARGE AND TEARGASSING OF STUDENT DEMONSTRATORS IN RAWALPINDI ON 6TH DEC., 1968.

Mr. Speaker : Next motion No. 36.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I beg to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely. the indiscriminate and most unwarranted lathi charge and teargassing of student demonstrators in Rawalpindi on the 6th December 1968. This indiscriminate and unwarranted use of force by the Rawalpindi police has caused widespread indignation amongst the public of the province.

Mr. Speaker : There is a similar motion No. 109 by Malik Akhtar, and 295 by Major Muhammad Aslam Jan.

Minister for Home (Kazi Fazlullah Ubedullah): I oppose it Sir. My submission is that my friend has tried to make a point that indiscriminate and most unwarranted lathi charge and teargassing of student demonstrators at Rawalpindi on the 6th of December 1968 was done. My respectful submission is that this is a very wild allegation, It is not so. The police was ordered to use a mild lathi charge under the cricumstances, which fully warranted such an action. The procession of students became unruly and some miscreants also joined the procession. They stoned the police station at Liaquat Abad road. Some policemen including a police Inspector were injured ; the mob burnt a vehicle, the Pakistan

Muslim League Library. It was on that account that a mild lathi charge was resorted to. No teargassing was done. So, the adjournment motion is factually incorrect.

Mr. Speaker : I hold the motion in order.

Khawaja Muhammed Safdar asks for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely the indiscriminate and most unwarranted lathi charge and teargassing of student demonstrators in Rawalpindi on the 6th December 1968. This indiscrimate and unwarranted use of force by the Rawalpindi police has caused widespread indignation amongst the public of the province.

Those Members who are in favour of leave being granted may please rise in their places.

As less than twenty Members rose in their places, leave to move the motion was refused.

Mr. Speaker : This disposes of motions No. 109 and 295 ; they are ruled out of order.

FAILURE OF GOVT. TO PROVIDE EFFECTIVE PERIODICAL CHECKING OF GOVT. STORES RESULTING IN DEFALCATION OF GOODS WORTH LAKHS OF RUPEES

Mr. Speaker : Next motion No. 37 ; similar motion No. 334 by Haji Atta Muhammad.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir I beg to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely the failure of the Government to provide effective periodical checking up of Government stores, which has resulted in defalcation of 8561 bags of fertilizers, 2939 maunds of wheat seed, 123 maunds of cotton seed and 1400 empty bags worth lakhs of rupees from the Agricultural Development Corporation's Shahpur Store. The failure of the Government resulting in huge financial loss to the public exchequer has caused grave resentment in the mind of the public of West Paeistan.

Parliamentary Secretary (Agriculture) (Chaudhri Imtiaz Ahmed Gill) : Sir, I oppose the motion.

I would submit that it is correct that a case of defalcation of seeds and fertilizers, mentioned in the adjournment motion, occurred in the Agricultural Development Corporation Stores at Shahpur and a case has since been registered with the local police. A departmental inquiry was also conducted to inquire into the circumstances under which the said defalcation occurred and to fix responsibility thereof.

Brief circumstances of the case are that defalcations were detected during August 1968 when Mr. Ghulam Shabbir, incharge Sale Depot, Shahpur, handed over charge which he had held for about three years. Since July 1967, the quantity of fertilizers had been very heavy in this depot and had not been stacked properly and were not in a countable form owing to the scarcity of proper accommodation. The defalcation in questions had taken place due to lack of supervision and proper control on the part of the then Deputy Director, Agriculture, of Sargodha Region. These were the actual reasons for this defalcation. I have just tried to put these things before the Leader of Opposition and the House so as to acquaint him about the facts of the case. Departmental action against the individual responsible has since been taken. The case against Mr. Shabbir Hassan, Depot Supervisor, the main culprit, is under investigation by the police. The services of the Inspector Stores, who failed to carry out his duties in February 1967 having found that the stores at the sale depot, Shahpur, were not in countable form, did not take measures to get them arranged in such a way that physical checking could be made, have since been terminated. Sardar Aman Ullah Khan, the District Agricultural Supply Officer concerned has been charged-sheeted under the West Pakistan Agricultural Development Corporation Servants (Efficiency & Discipline) Regulation, 1968. The then Deputy Director, Supply, Sorgodha Region, who had resigned before the defalcations in question were detected, has also been called upon to explain as to why the stocks were not ordered to be checked hundred percent when it was reported to him that the same were not in countable form. I may

also inform the House as to what remedial measures have been taken by the West Pakistan Agricultural Development Corporation to avoid the reoccurrence of such cases. Stock verifications of such bulk depots and sale points is being carried out by the District Agricultural Supply Officer concerned once every month. Surprise physical stock verification of a few bulk depots is being done by the Director Agriculture, Supplies, of the Region.

Mr. Speaker, Sir, I would be failing in my duty if I do not put forward the pertinent point that the said loss is not a loss to the public exchequer but to the West Pakistan Agricultural Development Corporation because the Corporation, for such transactions, is not financed by Government but raises its funds by obtaining loans from banks. So, the case is actually sub-judice. Departmental action has also been taken. With these remarks I would request..... ...

Mr. Speaker : The Parliamentary Secretary has himself admitted that effective periodical checking up of government stores has not been done by the Director Agriculture.

Parliamentary Secretary : Of course.

Mr. Speaker : That stands admitted by the government and, therefore, I hold the motion in order.

Khawaja Muhammad Safdar asks for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the failure of the Govt ernment to provide effective periodical checking up of Government Stores, which has resulted in defalcation of 8561 bags of fertilizers, 2939 maunds of wheat seed, 123 maunds of cotton seed and 1400 empty bags worth lakhs of rupees from the Agricultural Development Corporation's Shahpur Store. This failure of the Government resulting in huge financial loss to the public exchequer has caused grave resentment in the minds of the public of West Pakistan.

Those Members who are in favour of leave being granted, may please rise in their places.

As less than twenty Members rose in their places, leave to move the motion was refused.

Mr. Speaker : Adjournment Motion No. 344 is ruled out of order.

FAILURE OF WAPDA TO LOOK AFTER ELECTRIC INSTALLATIONS RESULTING IN THE BURNING OF A TRANSFORMER AT SHALIMAR

Mr. Speaker: Next motion No. 38 and 350.

Khawaja Muhammad Safdar : I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the failure of the WAPDA to properly look after the electric installation, which resulted in reducing a big transformer at Shalimar to ashes as a result of fire on the 2nd of September, 1968, causing huge financial losses and misery to the public as well as the Government. This failure on the part of the WAPDA authorities has greatly perturbed the minds of the public of the Province.

I oppoes it, Sir ۔ (مخدوم حمیدالدین) وزیر آبپاشی و برقیات

جناب والا ۔ یہ تو صحیح ہے کہ ان تاریخوں میں ہمارے ٹرانسفارمر کو نقصان بھی ہوا تھا اور اس کے نتیجے میں کچھ وقت تک برق قوت میں تعطل بھی رہا ۔ البتہ اس معزز ایوان کی اطلاع کے لیے اور محترم قائد حزب اختلاف کی اطلاع کے لیے میں یہ عرض کروں گا کہ اس سے ہمارا جو main transformer ہے اس کو کوئی ایسا شدید نقصان نہیں پہنچا ۔ اور وہ یہیں اندرون ملک repair بھی ہو سکتا ہے اور تقریباً repair بھی ہو چکا ہے ۔ ہم نے یہ معاملہ ٹیکنیکل کمیٹی کے سپرد کیا تھا اور

اس کی رپورٹ بھی پہنچ چکی ہے ۔

جناب والا ۔ اس کی وجہ یہ ہوئی کہ instrument transformer جو چھوٹی نوعیت کا ایک پرزہ ہوتا ہے اس کے جل جانے کی وجہ سے یہ آگ براہ راست travel کر سکتی تھی main transformer پر ۔ اور جناب والا ۔ economy کو پیش نظر رکھتے ہوئے میں اس کے متعلق عرض کروں گا کہ رپورٹ آ چکی ہے اور ثبوت بھی موجود ہے کہ یہ internal small instrument پچھلے پینتیس برس سے زیر استعمال تھا ۔ and it had practically out-lived its utility ۔ مگر جب تک وہ کام کر رہا تھا ہم اس سے کام لیتے رہے ۔ تو اس کی وجہ سے براہ راست آگ کو پھیلنے کا موقع ملا ۔ دوسری بات یہ ہے کہ main transformer کو کوئی ایسا شدید نقصان نہیں پہنچا کہ اسے باہر بھیجنا پڑے یا باہر سے experts بلانے پڑیں ۔ اندرون ملک repair ہو سکتا ہے اور ہم اسے repair کر رہے ہیں ۔ تیسری جناب والا یہ عرض ہے کہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سپیکر ۔ مخدوم صاحب یہ فرمائیے کہ یہ آگ محکمہ کی غفلت کی وجہ سے لگی یا نہیں ؟

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ جناب والا ۔ جو small instrument ہے اس کے اوپر heavy load آن پڑا اور اس کی کیفیت یہ تھی کہ یہ بہت پرانا تھا and it had out-lived its utility یہ اس کی وجہ سے ہوا ۔

Mr. Speaker : Then why was it not replaced ?

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ اس لیے کہ جیسا کہ حادثہ کی تعریف ہم میں سے ہر ایک نہیں کر سکتا کہ What is an accident, how this happens اس کے محرکات کیا ہوتے ہیں ۔ وہ کیوں وقوع پذیر ہوتا ہے ۔ جب اس کا نام ہی 'حادثہ' ہو تو پھر انسان کے لیے بہت ہی مشکل ہو جاتا ہے اس کے scientific اور actual causes اور محرکات کا وضع کرنا ۔ (قہقہہ) تو جناب والا ۔ میں سمجھتا ہوں کہ straightaway ۔ ۔ ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ مخدوم صاحب بھی کچھ کچھ انجینئر بنتے جاتے ہیں ۔

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ دوسرے یہ ہے جناب والا ۔ کہ فوراً ٹیکنیکل کمیٹی مقرر کر دی گئی ۔ اس نے فوراً اپنی رپورٹ دے دی ۔

And now the same report of the Technical Committee has been placed before the Government for consideration.

اور اس کے بعد اس کے اوپر عملدرآمد ہو گا ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر جناب ۔ مخدوم صاحب نے فرمایا کہ فارن (foreign) ٹیکنیکل کمیٹی مقرر کر دی گئی ۔ میں مخدوم صاحب سے یہ دریافت کرنا چاہتا ہوں کہ کیا وہ کمیٹی غیر ملکی افراد پر مشتمل تھی یا اس میں ہمارے پاکستانی بھائی تھے ؟ کیونکہ آپ فرماتے ہیں فارن (foreign) ٹیکنیکل کمیٹی مقرر کر دی گئی ۔ فارن (foreign) کا کیا مطلب ہے ۔

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ اپنے فرائض کا احساس کرتے ہوئے ہم

نے وہ کمیٹی مقرر کی تھی ۔ میرے خیال میں جہاں تک مجھے یاد ہے وہ ملکی انجینئروں کی experts کی کمیٹی تھی ۔

اس کے علاوہ یہ عرض کروں گا کہ main transformer کو کوئی شدید نقصان نہیں پہنچا ۔ کمیٹی کی رپورٹ آ چکی ہے ۔ under consideration ہے ۔ تیسری بات یہ تھی کہ کوئی power loss ہوا ہے consumption میں اور اس سے ملکی معیشت پر کوئی اثر پڑا ہے ؟ اس کے متعلق یہ عرض کروں گا کہ partially تو تقریباً اسی وقت

Partial restoration of the supply to the consumers was made within six hours.

اس کے تھوڑے عرصے بعد 10 M.V.A. کا اور بھی addition کوٹ لکھپت میں instruments کے ساتھ کر دیا ۔ نتیجتاً یہ عرض کر رہا ہوں کہ اس وقت بھی کوئی شدید نقصان ہماری معیشت کو نہیں پہنچا کیونکہ ہم نے power تو restore کر دی ۔ نیز اس معاملہ پر آج بھی غور ہو رہا ہے ۔ پھر یہ بھی دیکھیں کہ اس علاقہ میں کس نوعیت کی load shedding نہیں ہو رہی ہے ۔ لہذا جب کوئی load shedding نہیں ۔ اور partial supply کو restore کر دیا ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ یہ ٹرانسفارمر محکمہ کی غفلت کی وجہ سے جلا ہے ، اور آپ نے فرمایا ہے کہ یہ حادثہ ہے ۔

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ کوئی instrument جب کافی عرصہ سے

استعمال ہو رہا ہو اور اتفاقاً load زیادہ ہو جائے ۔ اگرچہ بادی النظر میں کوئی ایسا نقصان نظر نہیں آتا تھا ۔

مسٹر سپیکر ۔ load تو محکمہ کی اجازت سے ڈالا جاتا ہے اور یہ load محکمہ نے ہی ڈالا ہے ۔ جس سے یہ نقصان ہوا ہے ۔

وزیر آبپاشی ۔ جناب والا ۔ کمی بیشی ہوتی رہتی ہے ۔ آپ خود غور فرما سکتے ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ خواجہ صاحب ۔ آپ بھی کچھ فرمائیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ وہ تو خود مانتے ہیں ۔ میں اسے محکمہ کی مجرمانہ غفلت کہوں گا ۔ کیونکہ یہ ٹرانسفارمر لگاتار ۳۵ سال سے استعمال کیا جا رہا تھا ۔ وہ اپنی زندگی پوری کر چکا تھا ۔ اگر وقت پر پتہ لگا لیتے تو کوئی نقصان نہ ہوتا ۔ جہاں تک مخدوم صاحب کا یہ ارشاد ہے کہ کوئی ایسا نقصان نہیں ہوا ۔ اب کیا بتائیں وقت ہی گزر گیا ہے لیکن لاہور میں تین دن بجلی نہیں آئی اور load ہوتی رہی ۔ کچھ حصہ ایک وقت کے لیے بند کر دیتے ہیں ۔ کچھ حصہ دوسرے وقت کے لیے اور کچھ حصہ تیسرے وقت کے لیے بند کر دیتے ہیں ۔ تین چار سیکٹر بنا دیتے تھے ۔ اس طرح پبلک کو بے حد تکلیف ہوتی ہے اور دوسری طرف حکومت کو بھی نقصان ہوتا ہے ۔ اس حادثے سے برقی قوت کا ضیاع ہوا ۔ ۳۰ ہزار کلوواٹ بجلی کا نقصان ہوا ہے کیا یہ کوئی کم نقصان ہے ۔

وزیر آبپاشی و برقیات - 7·5 MVA کو ۶ گھنٹے کے بعد restore کر دیا اور 10 MVA کو بھی very few days کے بعد add کر دیا - اس کا یہ نتیجہ ہوا کہ جس وقت آپ نے نوٹس دیا اس وقت کسی قسم کی shedding نہیں ہوئی تھی -

Mr. Speaker : It is the duty of the WAPDA to keep big transformers or small transformers in order and I hold the motion in order.

Khawaja Muhammad Safdar has asked for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent occurrence and of urgent public importance, namely, the failure of the WAPDA, to properly look after the electric installations, which resulted in reducing a big transformer at Shalimar to ashes as a result of fire on the 2nd of September, 1968 causing huge financial loss and misery to the public as well as the Government. This failure on the part of WAPDA authorities has greatly perturbed the minds of the public of the Province.

Those Members who are in favour of leave being granted, may please rise in their places.

As less than twenty Members rose in their places, leave to move the motion was refused).

Mr. Speaker : Adjournment motion - 350 is now ruled out of order.

Burning out of electric machinery at the Gujranwalo Grid station due to WAPDA'S Negligence.

Mr. Speaker : Next, No 39 by khawaja Muhammad Safdar, 279 by Mr. Hamza, and 348 by Haji Sardar Atta Muhammad.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent occurrence and urgent public importance, namely, the

criminal negligence on the part of the WAPDA to ensure the safety of the electric installations which resulted in burning out of valuable electric machinery at the Gujranwala Grid Station on the 9th of September, 1968. This gross and criminal negligence of WAPDA which has caused loss of millions of rupees to the Government and the public has sent a wave of resentment throughout the Province.

وزیر آبپاشی و برقیات (مخدوم حمیدالدین) ۔ جناب والا ۔ اس کے متعلق میں یہ عرض کروں گا کہ اس میں بھی وجوہات identical ہیں ۔ اس کے لئے بھی شالامار والی ٹیکنیکل کمیٹی مقرر کر دی ہے ۔ ابھی تک اس کی رپورٹ نہیں آئی ۔ جب رپورٹ آئے گی اور آپ کے الزامات justified ہوئے تو جتنا عملہ قصور وار ہو گا ان کے خلاف کارروائی کی جائے گی ۔

مسٹر سپیکر ۔ ۸ ستمبر ۱۹۶۸ سے آج تک تقریباً چار ماہ ہو گئے ہیں ابھی تک کوئی رپورٹ نہیں آئی اس کی کیا وجہ ہے ؟

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ اس میں یہ ہے کہ پاور restore کر دیا ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ آپ گوجرانوالہ کے رہنے والے ہیں آپ کو تو معلوم ہے کہ کتنی جلدی restore ہوئی ہے ۔

وزیر آبپاشی و برقیات ۔ ہر مقام پر کمی بیشی ہوتی رہتی ہے۔ اگر ایک یونٹ میں loss تھا تو کسی دوسرے corresponding unit سے اس کمی کو پورا کیا جاتا ہے ۔

خواجہ محمد صفدر - ۱۴ ہزار کاوواٹ کی کمی تھی -

وزیر آبپاشی و برقیات - جو بھی تھی - بہر حال پوری ہوئی -

میں آج ہی ہدایت جاری کروں گا کہ کمیٹی کی رپورٹ جلد از جلد بھیجی جائے تاکہ ہم اسے consider کر لیں -

Mr. Speaker : Is the Member satisfied ?

Khawaja Muhammad Safdar : No Sir, I am not satisfied.

جناب والا - ہم نے پہلے ہی عرض کیا تھا کہ واپڈا کوئی جانور ہے اس کی اصلاح ضرور کی جانی چاہئے - اس کی وجہ سے اب تک مختلف stages پر بے شمار مشکلات پائی جاتی ہیں - اس محکمہ کے اکثر و بیشتر لوگ رشوت لیتے ہیں اور پھر کام بھی نہیں کرتے - آپ جانتے ہیں کہ پچھلے سال کتنے پاور سٹیشن برباد ہوئے - یہ سب واپڈا کی زیر نگرانی چلتے تھے - مثلاً ملتان - لائلپور ، حیدر آباد ، گوجرانوالہ اور شالامار کے سٹیشن برباد ہوئے - اب جہاں تک میری کوشش ہو گی میں ان کے پیچھے پڑا رہوں گا -

مسٹر حمزہ - جناب سپیکر - وزیر صاحب نے ٹیکنیکل کمیٹی کا ذکر ایسے کیا ہے جیسے کوئی مسئلہ عدالت میں چلا گیا ہے اور اسے subjudice قرار دینا ہو - جناب خواجہ صاحب نے محکمہ کی مجرمانہ غفلت کی جانب آپ کی توجہ دلائی ہے - کہ ٹیکنیکل کمیٹی اس مسئلہ یا اس حادثہ کی رپورٹ ۸-۹-۶۸ سے کر رہی ہے اور اب بقول مخدوم صاحب یہ تحریک

التوا دو آتشہ بن گئی ہے ۔ آپ بذات خود ٹرانسفارمر کے ضائع ہونے سے مشکلات اور تکالیف سے واقف ہیں اور آپ کا علاقہ تو ایسی بہت سے مشکلات کا شکار ہو رہا ہے ۔ مجھے یقین ہے کہ اگر آپ بھی ہماری جگہ بیٹھے ہوتے تو یہ تحریک التوا آپ کی جانب سے پیش ہوتی ۔ آپ کو زیادہ علم ہے اور آپ محکمہ کی نا اہلی سے بخوبی واقف ہیں ۔ اس لیے اس تحریک التوا کو کم از کم با ضابطہ قرار دیا جائے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ چاولوں کی فصل کو آپ اندازہ لگائیں کہ ٹرانسفارمر کے جلنے کی وجہ سے کتنا نقصان ہو گا ۔ وزیر صاحب کم از کم اس بات کا خیال رکھیں کہ یہ قومی نقصان ہے ۔ جن لوگوں نے محنت کی ہے ، ہل چلایا ہے ، کھاد ڈالی ہے ان کو اگر بر وقت پانی نہ ملے تو فصلیں برباد ہو جائیں گی ۔

Mr. Speaker : Merely setting up of a departmental Committee cannot stand in the way of admission of an adjournment motion. I hold the motion in order.

Khawaja Muhammad Safdar has asked for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent occurrance and of urgent public importance, namely, the criminal negligence on the part of the WAPDA to ensure the safety of the electric installations which resulted in burning out of valuable electric machinery at the Gujranwala Grid Station on the 9th of September, 1968. This gross and criminal negligenc of WAPDA which has caused loss of millions of rupees to the Government and the public has sent a wave of resentment throughout the Province.

Those Members who are in favour of leave being granted may please rise in their places.

(As less than twenty Members rose in their places, leave to move the motion was refused)

Mr. Speaker : Adjournmeni motions-279 and 348 are now ruled out of order.

FAILURE OF GOVERNMENT. TO PROVIDE VITAL DRUGS TO THE CASUALTY WARD OF THE MAYO HOSPITAL, LAHORE.

Mr. Speaker : Next-42 by Khawaja Muhammad Safdar and 348 by Haji Sardar Atta Muhammad.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public import ince, namely, the failure of the Government to provide vital drugs to the Casualty Ward of the Mayo Hospital, Lahore, for four months as reported in the Pakistan Times dated 17th October, 1968. This failure of the Government to provide the basic needs of a premier hospital has sent a wave of resentment and disgust the public of the Province.

وزیر صحت (بیگم زاهده خلیق الزمان) ۔ میں جناب والا ۔ اس کی مخالفت کرتی ہوں ۔ یہ خبر ۱۷ تاریخ کو شائع ہوئی تھی جس کی بنا پر خواجہ صاحب نے یہ تحریک التوا پیش فرمائی ہے ۔ میری گذارش یہ ہے کہ ہر داخل شدہ مریض کو تمام ادویہ مہیا کی جاتی ہیں لیکن جو مریض داخل نہیں کئے جاتے ہیں ان کو صرف اشد ضرورت کی دوائیں مہیا کی جاتی ہیں ۔ یہ ممکن ہی نہیں ہے کہ ہر مریض کو قیمتی اور نفیس دوائیں مہیا کی جائیں لیکن چونکہ casualty وارڈ اسپتال کا نہایت ضروری حصہ ہوتا ہے اس لئے اس وارڈ میں تمام ضروری ادویہ ضرور مہیا

کی جاتی ہیں ۔ میو اسپتال میں صرف ادویات کے لئے نارمل بجٹ کے علاوہ ۱۱ لاکھ ۴۲ ہزار روپے کی رقم مزید رکھی گئی ہے اور اس طرح سن ۱۹۶۶-۶۷ء کے بجٹ میں ساڑھے ۸ لاکھ روپے تھی اور ۱۹۶۷-۶۸ء میں بجٹ بڑھا کر ساڑھے تیرہ لاکھ روپے کر دیا گیا اور سن ۱۹۶۸-۶۹ء میں اس بجٹ کو بڑھا کر ۱۵ لاکھ روپے کر دیا گیا ہے ۔ اس سے گورنمنٹ کی دلچسپی کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے ایسی صورت میں یہ کہنا غلط ہے casualty وارڈ میں ضروری ادویہ مہیا نہیں کی گئیں ۔ کچھ عرصہ تک ادویات کی قلت ضرور رہی ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ ہمارے طریقہ خریداری میں کچھ مشکلات در پیش تھیں لیکن اس کے باوجود casualty وارڈ میں دوائیں مہیا کی جاتی رہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ بیگم صاحبہ جو آپ نے سٹیٹ منٹ دیا ہے وہ محکمہ کے کہنے پر دیا ہے یا آپ نے خود تسلی بھی کی ہے ؟

وزیر صحت ۔ میں نے جیسا عرض کیا ہے کہ وہاں پر دوائیں مہیا کی جاتی رہی ہیں یہ ضرور ہے کہ تھوڑی بہت کمی ہو گئی تھی لیکن وہ بھی قیمتی اور نفیس دواؤں کی ۔

مسٹر سپیکر ۔ چار مہینے تک کمی رہی ۔

وزیر صحت ۔ چار مہینے تک کس اسپتال میں اور خاص طور سے casualty وارڈ میں کیسے کمی رہ سکتی ہے ۔

خواجہ محمد صفدر - اس کا ثبوت یہ ہے -

وزیر صحت - آپ پاکستان ٹائمز کا حوالہ دیں گے -

خواجہ محمد صفدر - جی ہاں میں پاکستان ٹائمز کا حوالہ دوں گا - اس میں آرٹیکل شائع ہوتے رہے ہیں اور محترمہ نے خود ارشاد فرمایا ہے کہ کمی نہیں بلکہ قلت رہی ہے میں کہتا ہوں کہ دوائیں وہاں ملتی ہی نہیں تھیں - میرے اور ان کے درمیان اختلاف یہ ہے کہ وہ کہتی ہیں قلت رہی ہے میں کہتا ہوں چار مہینے تک دوائیں نہیں ملیں -

جناب والا - محترمہ نے ارشاد فرمایا ہے کہ ہمارا دواؤں کے خریدنے کا طریقہ کار کچھ الجھا ہوا تھا اور اس کے متعلق لگاتار پاکستان ٹائمز میں آرٹیکل آئے ہیں - پھر کہا گیا ہے کہ اس کے متعلق ایک کمیٹی بٹھا دی گئی ہے مجھے نہیں معلوم کہ اس کمیٹی نے کیا فیصلہ کیا کہ اس طریقہ کار کو کیسے بدلا جائے یا اس نے کیا سفارش کی - یہ تمام محکمانہ مشکلات ہیں اس کی ذمہ داری ہم پر نہیں ہے -

مسٹر سپیکر - بیگم صاحبہ اگر دوائی کی کمی ہے تو اس پر آپ سٹیٹ منٹ دیں کہ اس کے لئے اور فنڈز دیئے جائیں -

وزیر صحت - میں نے عرض کیا ہے کہ تھوڑے عرصہ کے لئے دواؤں کی قلت رہی ہے اور اس کی وجہ طریقہ کار تھا - اور اس کے لئے اب ایک کمیٹی محکمہ صنعت اور محکمہ خزانہ کے تعاون سے بنا دی گئی ہے جس کی وجہ سے دواؤں کے خریدنے میں جو دقتیں ہیں وہ اب

دور ہو جائیں گی اور جو بار بار قلت ہو جاتی ہے اس کو بھی ہم دور کرنے کی کوشش کریں گے ۔

مسٹر سپیکر ۔ بیگم صاحبہ کیا اس خبر کی تردید بھی کہیں شائع نہیں ہوئی ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ نہیں ہوئی ۔

وزیر صحت ۔ میں نے جیسا عرض کیا ہے کہ ہمارے پاس کچھ قلت ہے کیونکہ ہم نے ۔ ۔ ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ انہوں نے یہ ارشاد فرمایا تھا کہ ہمارے پاس پیسہ نہیں ہے اور ایک بات یہ کہ ہمارا طریقہ کار دواؤں کی خریداری کے سلسلے میں کچھ الجھا ہوا ہے جس وقت دواؤں کی ضرورت تھی تو محکمہ کے پاس سرمایہ نہیں تھا ۔ میرے ایڈجورنمنٹ موشن لانے کا مقصد یہ ہے کہ میں اس محکمہ کی کسی خاص کوتاہیوں کی طرف آپ کی اور ایوان کی اور اس صوبے میں رہنے والوں کی توجہ دلاؤں ۔ دوسری میری عرض یہ ہے کہ اس محکمہ کو یہ موقع ملے کہ یہ حکومت پر زور ڈالے کہ انہیں زیادہ سرمایہ ملے تاکہ مختلف اسپتالوں کی ضروریات کو پورا کر سکیں ۔ میں محترمہ وزیر صاحبہ کی مدد کر رہا ہوں تاکہ وہ اپنے ساتھیوں ، گورنر صاحب اور کابینہ پر زور ڈال سکیں کہ لوگ شور و غوغا کر رہے ہیں کہ ادویات اسپتالوں میں نہیں ہیں ۔

Mr. Speaker: The statement made by the Minister of Health supports the adjournment motion. I, therefore, held the motion in order.

Khawaja Muhammad Safdar asks for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the failure of

the Government to provide vital drugs to the Casualty Ward of the Mayo Hospital, Lahore for four months, as reported in the Pakistan Times dated 17th October 1968. This failure of the Government to provide the basic needs of a premier hospital has sent a wave of resentment and disgust amongst the public of the province.

Those Members who are in favour of leave being granted, may please rise in their places.

As less than twenty Members rose in their places, leave to move the motion was refused.

LATHI-CHARGE BY POLICE ON O PROCBSSEON OF N A.P. AND TEXTILE WORKERS' UNION IN OKARA ON 1STH DECEMBER, 1968.

Mr. Speaker : Next motion No. 44.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir I beg to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the most unwarranted lathi charge by the police on a legal and peaceful procession of NAP and Textile Workers' Union in Okara, on the 14th December 1968. This unwarranted and callous use of brutal force to disperse a legal, peaceful procession has caused grave resentment in the minds of the public of the province.

Minister for Home (Kazi Fazlullah Ubedullah) : Sir I oppose it. The position as stated in the adjournment motion is not factually correct. There was no lathi charge at all by the police and there was no legal procession. The facts of the case are that certain people formed a procession outside the Sutlej Cotton Mill, Okara. They violated the provisions of section 144 Cr. P.C. It was there in force in that area. The S.D.M. Okara requested the people to disperse but they refused. Again the S. D. M. asked them to disperse and also argued with the leaders, who refused and raised slogans, wherenpon the S. D. M. asked the Sub-Inspector Okara, to disperse them. As soon as the police moved towards the procession, these heroes immediately dispersed tugging in their tails, throwing their placards. The tinleaders were arrested and released on bail. The procession was not legal and it was in violation of section 144. There was no lathi charge. The position is factually incorrect.

مسٹر سپیکر - خواجہ صاحب کیا لاٹھی چارج کا کوئی ثبوت ہے - قاضی صاحب نے اس سے انکار کیا ہے -

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, this is how it has been reported in the 'Pakistan Times', dated 5-12-68 ;

> "Ten persons were arrested and one worker injured of the N. A. P. Workers' Union here yesterday. After the Juma prayers, the organizers had arranged a peaceful procession in groups of twos separated by a distance of ten yards each. The S. D. M. asked the procession who was led by Aziz Ajmi to disperse. The police resorted to lathi charge to disperse the procession. Later the arrested persons were released on bail."

میری گذارش یہ ہے کہ میں نے دو الفاظ استعمال کئے ہیں - ایک لفظ میں نے legal استعمال کیا ہے - اور دوسرا لفظ میں نے unlawful کہا ہے - یعنی unlawful اسمبلی نہیں تھی - پانچ سے کم آدمی تھے اور دو دو آدمی چل رہے تھے - اس کے بعد میں نے peaceful لفظ استعمال کیا ہے کہ انہوں نے کوئی توڑ پھوڑ نہیں کی وہ آرام سے جا رہے تھے - کوئی نعرہ نہیں لگا رہا تھا اور محترم وزیر صاحب نے جو زبان استعمال کی ہے وہ کچھ مناسب نہیں تھی وہ میرے خیال میں آئندہ محتاط رہیں گے - اس کے بعد میں یہ عرض کرونگا کہ حقیقت یہ ہے کہ اگر وہ خلاف قانون مجمع تھا تو وہاں جو ایس - ڈی - ایم یا مجسٹریٹ یا پولیس کے اہلکار جو ۵۰ یا ۱۰۰ کی تعداد میں تھے وہ ان لوگوں کو گرفتارکر لیتے - یہ ڈنڈے برسانے کی کیا ضرورت تھی کہ ان پر ڈنڈے برسائے گئے - ابھی آپ کو معلوم ہے کہ ملتان میں کیا ہوا وہاں کالج میں پولیس نے گھس کر لڑکوں کو زدو کوب کیا ہے -

Mr. Speaker: No discussion about that. There is a separate adjournment about that.

خواجہ محمد صفدر - یہ اس امر کا ثبوت ہے - کہ انتظامیہ پہلے جان بوجھ کر بچوں کو چھیڑتی ہے - میں کہتا ہوں کہ اگر کوئی واقعہ ہوا ہو تو انہیں گرفتار کر لیا جائے -

Mr. Speaker: It has been stated by the Minister for Home that there has been no lathi charge. The facts have been denied and, therefore, I rule this motion out of order.

Adjournment Motion No. 372 also stands disposed of as it is now ruled out of order.

ARREST OF RANA ASGHAR ALI KHAN, SECRETARY P. D. M., KARACHI UNDER THE MAINTENANCE OF PUBLIC ORDER ORDINANCE

Mr. Speaker: Next motion Nos. 45, 85 and 322.

Mr. Hamza: I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance and of recent occurrence, namely, the most dictatorial act on the part of the Provincial Government in ordering the arrest of Rana Asghar Ali Khan, Secretary, P. D. M.. Karachi, under the Maintenance of Public Order Ordinance.

The news of his arrest under this black law was published in the daily Nawa-e-Waqt, dated 10-11-1968.

Minister for Home (Kazi Fazlullah Ubedullah): I oppose this motion.

As usual my friend, Mr. Hamza, is not correct in his statemnet. This man, Rana Azhar Ali Khan, has been detained under the Defence of Pakistan Rules and not under the Maintenance of Public Order Ordinance. Besides that, the motion is very vague and does not mention even the date on which he has been arrested.

خواجہ محمد صفدر - معلوم ہوتا ہے کہ انہوں نے اپنے اخبارات کو کہہ دیا ہے کہ آپوزیشن والوں کو غلط انفارمیشن مہیا کرو -

Minister for Home : I will submit that this motion does not deserve consideration on these two grounds. Firstly, that it is vague and, secondly, that factually it is incorrect.

Mr. Speaker : The facts have been denied by the Minister for Home. Rana Asghar Ali has not been arrested under the Maintenance of Public Order Ordinance. I, therefore, rule out this adjournment motion.

That disposes of adjournment motion Nos. 85 and 322.

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر عرض یہ ہے کہ ہوم منسٹر صاحب نے رانا اظہر علی کے بارے میں آپ کو بتایا ہے اور رانا اصغر علی کے بارے میں نہیں بتایا ۔

مسٹر سپیکر ۔ انہوں نے کس کے متعلق کہا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ انہوں نے اظہر علی کے متعلق کہا ہے ۔

Minister for Home : The Member has wrongly named him as Asghar Ali whereas his actual name is Azhar Ail.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر میرے بارے میں جو فتویٰ صادر فرمایا ہے یہ اب ان پر لاگو آتا ہے ۔

Mr. Speaker : That is another reason.

LATHI-CHARGE ON AND TEAR-GASSING OF STUDENTS IN DERA ISMAIL KHAN ON THE VISIT OF Z. A. BHUTTO ON 1ST NOV., 1968

Mr. Speaker : Next motion No. 47.

Mr. Hamza : I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of urgent public importance and of recent occurrence namely, the most cruel act on the part of the district administration Dera Ismail Khan in lathi charging and tear-gassing the students on the visit of Mr. Z. A. Bhutto on 1st November 1968 which has caused great resentment among the public all over the Province,

The news of the lathi-charge and tear-gassing was published in the daily Nawa-e-Waqt dated 2-11-68.

Mr. Speaker : There are two other motions of similar nature Nos. 86 and 321.

Minister for Home : Sir, I will be able to give a reply tomorrow.

Mr. Speaker : We will take up other adjournment motions tomorrow.

Parliamentary Secretary (Education) (Sardar Muhammad Ashraf Khan) : Sir, as desired by you, a few days back, regarding question No. 14767 by Malik Muhammad Akhtar, that I should place the report of the Inquiry Committee in regard to the leakage of question papers of the Intermediate Examination, 1968, of the Board of Intermediate and Secondary Education ; I have supplied six copies to the Assembly Secretariat of this report.

ORDINANCES

THE WEST PAKISTAN ESTABLISHMENT AND IMPROVEMENT OF PARKS AND HISTORICAL PLACES (LAHORE) (REPEAL) ORDINANCE, 1968 (*resumption of discussion*)

Mr. Speaker : We will now resume discussion on the West Pakistan Establishment and Improvement of Parks and Historical Places (Lahore) (Repeal) Ordinance, 1968. Khawaja Muhammad Safdar to move his amendment to section 3.

خواجه محمد صفدر - جناب والا میری ترمیم باقی ہے -

مسٹر سپیکر - کیا آپ اپنی ترمیم کی تحریک کر چکے ہیں ؟

خواجه محمد صفدر - جناب والا- میرا خیال ہے کہ اس کی تحریک کرنے کی ضرورت نہیں - البتہ بل کی شکل میں یہ ضروری ہے

1009

I beg to move,

That Section 3 of the Ordinance be deleted and the subsequent sections re-numbered accordingly.

Mr. Speaker : The amendment moved is :

That Section 3 of the Ordinance be deleted and the subsequent sections re-numbered accordingly.

Minister for Law : Opposed.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۱)۔جناب والا ۔ اس آرڈیننس کے سیکشن ۳ کا مدعا اور مقصد یہ ہے کہ ۱۹۶۳ء کے آرڈیننس کو اس سیکشن کے ذریعے سے منسوخ کر دیا جائے یعنی یہ repeal clause زیر بحث آرڈیننس کی جس کے ذریعے سے مقصد یہ ہے کہ سابقہ آرڈیننس جو کہ ۶ مئی ۱۹۶۳ء کو جاری کیا گیا تھا وہ منسوخ کر دیا جائے ۔ میں نے یہ ترمیم پیش کی ہے کہ اس سیکشن ۳ کو حذف کر دیا جائے ۔ یعنی زیر بحث آرڈیننس میں اس کو شامل نہ کیا جائے ۔ اس کو پڑھا نہ جائے ۔ میری اس ترمیم کی تین وجوہات ہیں ۔ پہلی وجہ یہ ہے جسے میں کہوں گا کہ کیا یہ موزوں و مناسب وقت ہے کہ اس آرڈیننس کی اس دفعہ کی اس موقع پر یعنی آج اس ایوان سے توثیق کرائی جائے جسے انگریزی میں propriety کہتے ہیں ۔ میں اس چیز کے پیش نظر چند گزارشات اس ایوان کی خدمت میں پیش کرنی چاہتا ہوں ۔ میرے اکثر محترم دوستوں اور اس معزز ایوان کے معزز اراکین کو شاید یہ عام نہیں ہے کہ اس وقت ایک رٹ پٹیشن ہائی کورٹ میں دائر ہے جس میں سائل کی حیثیت سے میاں عارف انتظار وغیرہ ہیں اور مسؤل علیہ کی حیثیت سے امپروومنٹ ٹرسٹ لاہور ہے ۔ اکتوبر میں جب ہائی کورٹ اس رٹ پٹیشن کا فیصلہ کرنیوالی تھی تو گورنر مغربی پاکستان نے اپنے وزراء اور سول سرونٹس کی سفارش پر یہ مناسب خیال کیا کہ یہ آرڈیننس جاری کر دیا جائے ۔ امپروومنٹ ٹرسٹ

کے وکیل نے عدالت میں یہ آرڈیننس پیش کر دیا ۔ اس وقت تک اگرچہ رٹ پٹیشن پر عدالت عالیہ میں فریقین کی جانب سے بحث سماعت ہو چکی تھی لیکن فیصلہ صادر نہیں ہوا تھا تو ھائی کورٹ نے مناسب خیال کیا کہ وہ فریقین کے وکلا کی بحث اس موضوع پر سنکر کہ آیا اس آرڈیننس کی رو سے سابقہ آرڈیننس ۱۹۶۳ء کا منسوخ ہو چکا ہے یا نہیں ہو چکا یا اگر منسوخ ہو چکا ہے تو اس کے کیا اثرات مرتب ہوئے اور کیا نتائج اخذ کئے جا سکتے ہیں میاں عارف افتخار وغیرہ کی جانب سے اس ملک کے فاضل قانون دان مسٹر اے کے بروھی نے بحث کی ۔ دوسری جانب سے بھی فاضل وکلا نے لاھور امپروومنٹ ٹرسٹ کا موقف بیان کیا اور اس بحث کے نتیجہ کے طور پر ھائی کورٹ نے اپنا فیصلہ محفوظ رکھا ۔ شاید آج ھی ھائی کورٹ اس امر کے متعلق اپنا فیصلہ سنا دے کہ یہ آرڈیننس جو زیر بحث ہے مؤثر ہے یا نہیں ۔ اور ہے تو کس حد تک ۔ اب جناب والا ۔ میری ایک چھوٹی سی درخواست ہے کہ جب عدالت نے ابھی فیصلہ دینا ہے کیا اس معزز ایوان کے لئے مناسب ہے ۔ قانونی طور پر نہیں ۔ میں نے قانون کا ذکر نہیں کیا ۔ مجھے معلوم ہے کہ یہ ایوان ہر وقت اور ہر مسئلہ کے متعلق قانون سازی کر سکتا ہے ۔ میں یہ کہتا ہوں کہ جب ہماری اتنی بڑی عدالت کے سامنے یہ مسئلہ پیش ہے اور وہ آج یا کل میں اپنا فیصلہ صادر فرمانے والی ہے ۔ تو کیا یہ ہمارے لئے مناسب اور موزوں ہے ۔ ہمیں زیب دیتا ہے کہ ہم اس ہنگامی قانون کے متعلق کوئی فیصلہ کریں ۔ فرض کیجئیے جناب والا ۔ ھائی کورٹ آج یا کل یہ فیصلہ کر دیتا ہے ۔ اور عین ممکن ہے کہ یہ فیصلہ ہو ۔ کہ زیر بحث آرڈیننس کی یہ دفعہ ۳ غیر مؤثر ہے ۔ مگر ہم تو اس کی توثیق کر چکے ہونگے ۔ پھر ہماری پوزیشن کیا ہوگی ۔ کیا وہ مضحکہ خیز

نہ ہوگی ۔ ہم عوام کی ہنسی کا باعث تو نہ بنیں گے ۔ اس لئے میری ذاتی رائے یہ تھی کہ یہ وقت نامناسب اور ناموزوں ہے ۔ دفعہ ۳ پر بلکہ اس سارے آرڈیننس پر بحث کے لئے ۔ ہمارے پلے کیا رہے گا ۔ ہم تو انگوٹھا لگا دیتے ہیں ساگر ہائی کورٹ یہ کہہ دیتا ہے کہ یہ بے کار کاغذ کا پرزہ ہے اور اس کے کوئی قانونی اثرات مرتب ہی نہیں ہوتے ۔ پہلا میرا نکتہ یہ تھا جس کی بنا پر میں یہ چاہتا ہوں کہ دفعہ ۳ کو حذف کر دیا جائے ۔

دوسرا پہلو جس پر میں اپنے خیالات کا اظہار کرنا چاہتا ہوں وہ واقعات کی بنا پر ہے ۔ جناب والا ۔ میں صرف واقعات کے اس پہلو کا ذکر کرونگا کہ گورنمنٹ ۱۹۶۲ء سے لے کر اکتوبر ۱۹۶۸ء تک کس قدر بے تاب اور بے چین رہی ہے کہ انگوری باغ اور اس کی ملحقہ اراضی کو اپنے قبضے میں لے لے ۔ ان کی بے تابی اور بے چینی اس سے ظاہر ہے کہ ۱۹۶۲ء میں ہمارے ارباب اقتدار نے ایک مارشل لا آرڈر اس زمانہ کے مارشل لا ایڈمنسٹریٹر زون بی سے جاری کرایا جس کا نمبر ۱۲۶ ہے ۔ آپ اس کا preamble ملاحظہ فرمائیں ۔ اس کے ایک ایک لفظ سے گورنمنٹ کی بے تابی ٹپک رہی ہے ۔ اس کے ہر ایک فقرہ سے گورنمنٹ کی یہ عظیم خواہش نظر آتی ہے کہ انگوری باغ اور اس کی ملحقہ اراضی پر قبضہ کیا جائے ۔ وہ فرماتے ہیں ۔

"Whereas it is expedient in the public interest...."

مفاد عامہ میں یہ بات ضروری تھی ۔

"...to lay out areas for public parks and gardens..."

پبلک پارک اور باغات بنائے جائیں ۔

"...and also to reconstruct and renovate places of historical interest in the city of Lahore."

اور دوسری غرض یہ بتائی گئی کہ تاریخی اہمت کی حامل عمارات کی دیکھ بھال کی جائے ۔ ان کی مرمت کی جائے جناب والا ۔ ۲ مئی ۱۹۶۲ء کو یہ مارشل لاء آرڈر جاری کیا گیا ۔ آپ بھی جانتے ہیں اور میں بھی جانتا ہوں کہ ۸ جون کو اس اسمبلی نے معرض وجود میں آ جانا تھا ۔ اور صدر مملکت کی عنایت خسروانہ سے اس ملک کو ایک آئین بھی ایک ماہ کے قلیل عرصہ تک مل جانا تھا ۔ مگر یہ حکومت ایک ماہ کی تاخیر برداشت نہ کر سکی کہ اتنے قلیل عرصہ تک بھی اس اراضی کا قبضہ یا ملکیت میاں افتخارالدین کے پاس رہے ۔ پھر جناب والا ! حکومت کو کس قدر عجلت اور جلدی تھی ۔ اس کی دفعہ ایک میں لکھا ہے ۔

"That the Commissioner, Lahore Division, shall take possession forthwith."

فوری طور پر جا کر لاہور کا کمشنر اس اراضی کا قبضہ لے لے گا ان کی دماغی کیفیت یہ ہے کہ ایک لمحہ کی تاخیر بھی گوارا نہیں ۔ اور اس قدر عجلت کہ اس آرڈیننس میں یہ درج ہے کہ مالکان کو ۳۰ مئی ۱۹۶۲ء تک یعنی اس مہینے کے اندر اندر معاضہ ادا کر دیا جائیگا ۔ یعنی جھٹ منگنی پٹ بیاہ والا معاملہ تھا ۔ ہر چیز بسرعت تمام ہوئی ۔ میں ان واقعات کی تفصیل میں نہیں جانا چاہتا ۔ میری غرض صرف یہ بتانا ہے کہ گورنمنٹ کس قدر بے چین اور عجلت میں تھی کہ اس اراضی پر قبضہ کیا جائے اور یہاں ایک سکیم نافذ کی جائے اور یہاں پر واقعی آثار قدیمہ کو محفوظ کیا جائے ۔ خیر ، وہ تو ایک بہانہ تھا ۔ اگلے روز میں اور میرے چند رفقائے کار انگوری باغ دیکھنے کے لئے گئے ۔ نہ وہاں باغ تھا نہ کوئی شے تھی دھول اڑ رہی تھی ۔ اس سکیم میں جن آثار

قدیمہ کو محفوظ رکھنا بتایا گیا ہے ان کی دیواریں گر رہی تھیں ۔ کسی نے آٹھ سال میں ان کی مرمت یا دیکھ بھال نہیں کی تھی ۔ جو مدعا اس قانون کا بیان کیا گیا تھا یہ قطعاً نہ تھا مدعا صرف ایک تھا کہ میاں افتخارالدین کو ان کے سیاسی نظریات کی بنا پر کس قدر نقصان پہنچا سکتے ہیں ۔ جناب والا ۔ میاں افتخارالدین مرحوم ۶ جون کو وفات پا گئے اور ۱۹۶۲ء کو اس پر قبضہ ہوا ۔ وہ قبضہ دینا نہیں چاہتے تھے مگر انہیں ڈرایا اور دھمکایا گیا کہ مارشل لا کی خلاف ورزی میں ان پر مقدمہ دائر کر دیا جائیگا ۔ اس پر قبضہ کے ایک ماہ کے اندر اندر وہ فوت ہو گئے ۔ اور ان کے ورثا نے ہائی کورٹ میں یہ رٹ دائر کر دی اس کی دو وجوہات تھیں ۔ ایک یہ کہ مارشل لا آرڈر کی قانونی حیثیت کوئی نہیں ہے اور دوسرے یہ کہ جو معاوضہ اس کے تحت مقرر کیا گیا ہے وہ ناکافی ہے ۔ جب یہ رٹ پٹیشن ہائی کورٹ کے زیر غور تھی اور فیصلہ صادر ہونے والا تھا ۔ فریقین کی بحث ہو چکی تھی ۔ تو اس زمانے کی گورنمنٹ نے ۱۹۶۳ء میں یعنی ہمارے موجودہ فرمانرواوں نے ۶ مئی کو ایک اور آرڈیننس جاری کر دیا ۔ اب میں ان الفاظ کو آپکی خدمت میں پیش کرتا ہوں کہ جس سے آپکو ان کی اس خواہش کا علم ہو جائیگا کہ جسکے تحت انہوں نے میاں افتخار الدین مرحوم کی جائیداد کو جلد از جلد ضبط کرنے کے لئے اقدام کئے ۔ چونکہ مارشل لا آرڈر کی قانونی پوزیشن کو چیلنج کیا گیا اس لئے یہ ہنگامی قانون بنانا ضروری تھا ۔

"Whereas the Martial Law Order No. 126 was issued by the Martial Law Administrator, Zone 'B', on the 6th May 1962 ;

And whereas the validity of the said Martial Law Order and the actions taken thereunder has been questioned and a writ petition is pending in the High Court of West Pakistan ;

And whereas it is expedient to provide for the establishment of public parks and gardens and the reconstruction and renovation of places of historical importance in Lahore to provide for sale .."

یہ ہنگامی قانون جاری کرکے اس اراضی کو اپنے جبر اور قوت کے ذریعہ قبضہ میں رکھا گیا ۔ اس ہنگامی قانون میں بھی یہی الفاظ ہیں کہ

"The Commissioner, Lahore Division, shall take possession forthwith."

یہ الفاظ لگانے کی ضرورت نہیں ہے ۔ قبضہ ان کے پاس ہے ۔ غرضیکہ اس ہنگامی قانون کے ذریعہ حکومت نے دوبارہ اپنی انتہائی خواہش کا اظہار فرمایا ہے کہ زمین کسی طرح سے صحیح نہ ملے تاکہ وہ پلاٹس بنا کر بنگلے ۔ کوٹھیاں یا مکانات نہ تعمیر کر سکیں ۔

جناب والا ۔ جب یہ ہنگامی قانون ۱۹۶۳ء میں توثیق کیلئے اس اسمبلی کے سامنے پیش ہوا تو اس وقت محترم ملک نادر بخش صاحب وزیر قانون تھے ۔ (آج وہ ہاؤس سے غیر حاضر ہیں) میں نے اس وقت انہیں کہا کہ بھائی ایسا ظلم کیوں کرتے ہو ۔ میرے رفقا نے بھی کہا کہ اس ظلم سے باز آؤ لیکن انہوں نے اپنی مختصر سی تقریر میں فرمایا کہ

"اگر مالکان ہم سے قبضہ لے لیتے تو وہ قابض ہوکر ہمیں تکالیف میں ڈالتے ۔ اس لئے ضرورت پڑی اور ایک ماہ کا ہم انتظار نہیں کر سکتے تھے اس لئے جاری کی گئی "

میرا اعتراض یہ ہے کہ یہ ہنگامی قانون کیوں جاری کیا گیا ہے ۔ یہ ایک بل لے آتے ۔ ایوان میں ان کی بہت بڑی اکثریت ہے ۔ یہ اس اکثریت کے زور سے اس کو پاس کروا سکتے تھے ۔ ان کی عقل و فکر

میں کمی ہے ۔ قوت سے ہر چیز منظور کروائی جا سکتی ہے ۔ ان کو کیا پڑی ہے کہ یہ اس بات کا جواب دیں ۔ ہم یہ نہیں چاہتے ہیں کہ میاں افتخار الدین مرحوم کے ورثا اور دوسرے مالکان اراضی کسی طور پر قبضہ واپس لیں کیونکہ رٹ پٹیشن ہائی کورٹ میں پڑی ہوئی ہے ۔ ہو سکتا ہے کہ اگر ان کے خلاف فیصلہ ہوتا اور مالکان اراضی اس زمین پر قبضہ کر لیتے تو دوبارہ قبضہ لینا شائد ان کو ممکن نہ تھا ۔ وہ فرماتے ہیں کہ چونکہ ان پر تعمیرات ہو چکی ہیں ۔ قیمتیں ادا ہو چکی ہیں جو کلکٹر کی صوابدید پر چھوڑی جا چکی ہیں ۔ سپریم کورٹ کے فیصلے کے تحت ایک ٹیکنیکل گراؤنڈ کے تحت یہ acquisition ناجائز قرار دی گئی ۔ اسکو validate کرنے کے لئے اب یہ کہتے ہیں کہ بل ..... میں کہتا ہوں کہ بل لایا جا سکتا تھا... (قطع کلامیاں)

جناب والا ۔ وزیر قانون صاحب نے گورنمنٹ کی حمایت کرتے ہوئے یہ فرمایا ہے کہ ایک لمحہ کے لئے بھی ہم توقف نہیں کر سکتے ۔ اگر اس زمین کو چھوڑ دیتے تو مالک ہمارے لئے مشکلات پیدا کر دیتے ۔

جناب والا ۔ یہی صورت ۲۱ اکتوبر ۱۹۶۸ء کو تھی جبکہ یہ ہنگامی قانون دوبارہ یہاں پیش کیا گیا ۔ ۸ سال اس گورنمنٹ کے دل میں اس قدر تڑپ تھی ۔ اس قدر خواہش تھی جس کیلئے ہر حربہ استعمال کیا گیا ۔ میں تو یہ کہوں گا کہ ہر جائز اور ناجائز حربہ استعمال کیا گیا باوجود اس بات کے کہ عدالت عالیہ نے اور سپریم کورٹ نے امپرومنٹ ٹرسٹ اور گورنمنٹ کے خلاف فیصلہ صادر کر دیا یہ اس زمین کے ساتھ چمٹے رہے ۔ آج یہ کہا جا رہا ہے کہ اس قانون کو منسوخ کر دیا جائے ۔ اور ان لوگوں کو یا ان مالکان کو قبضہ اراضی واپس دے دیا

جائے ۔ اس وقت کا وہ شور کہاں ہے جب حکومت اس زمین کے ساتھ چمٹی ہوئی تھی اور اب وہی حکومت یہ کہتی ہے کہ یہ زمین مجھ سے چھوٹ جائے ۔ میں کہتا ہوں کہ واقعاتی طور پر اور اخلاقی طور پر بھی ان پر پابندی عائد ہوتی ہے کہ جس زمین کیلئے یا جس اراضی کیلئے اس نے اتنی جد و جہد کی ۔ اس پر لاکھوں روپیہ صرف کیا اب اسکو نہ چھوڑے ۔ اس کا نتیجہ تو یہی نکلتا ہے کہ اس وقت جو فیصلہ کیا گیا تھا وہ غلط تھا ۔ اس غلط فیصلہ کے باوجود ۔ ہماری بار بار کی درخواستوں کے باوجود ۔ مالکان اراضی کی درخواستوں کے باوجود حکومت اپنے فیصلے پر اڑی رہی اور احمقوں کی طرح اڑی رہی ۔ جب ایک احمق فیصلہ کر لیتا ہے تو وہ اس پر اڑا رہتا ہے ۔ اب یہ اس حکومت کا احمقانہ فیصلہ ہے ۔ جیسا کہ محترم وزیر قانون صاحب نے ارشاد فرمایا ہے کہ یہ سودا گھاٹے کا ہے ۔ یہ سودا سہنگا ہے ۔ حضور والا ۔ ان کو چوری کی اراضی چاہئے تھی ؟ ان کو چوری کا مال چاہئے تھا ؟ ان کو چاہئے تھا کہ اگر اس اراضی کو خریدنا ضروری تھا تو بازار کی قیمت دے کر خریدتے ۔ اگر انہوں نے اس اراضی کو نہیں خریدنا تھا تو ہم نے بار بار اس اسمبلی کے اندر کہا اور مالکان اراضی نے عدالتوں کے اندر کہا کہ ہمارا پیچھا چھوڑ دو لیکن اس وقت انہوں نے کسی کی نہ سنی ۔ میں یہ کہوں گا کہ اگر حکومت کا اس وقت کا فیصلہ جس کے ذریعہ مارشل لا آرڈر نمبر ۱۲۶ جاری کرایا گیا احمقانہ نہیں تھا تو کیا یہ بات عقلمندی پر مبنی ہے جس کی بنا پر یہ فیصلہ کیا گیا ہے ۔ وہ عقل کہاں مفقود ہو گئی ۔ وہ احمقانہ فیصلہ کہاں ہے ۔ اب کونسی زمین پھٹ گئی ہے یا کونسا آسمان گر پڑا ہے جس کی بنا پر اس ہنگامی قانون کی تنسیخ کا

فیصلہ کیا گیا ہے ۔ اگر ۸ سال تک اس احمقانہ فیصلہ پر اڑے رہے تو دونوں صورتوں میں مجھے توقع ہے کہ گورنمنٹ اپنی پوزیشن واضح کرے گی کہ اگر وہ فیصلہ احمقانہ تھا تو آج ان کو عقل کس نے سکھائی ۔ اور اگر وہ عقلمندانہ تھا تو آج یہ بے عقلی کی حرکت کیوں ہو رہی ہے ۔ تو جناب والا ۔ یہ تھی دوسری وجہ جسکی بناء پر میں نے دفعہ ۳ کی تنسیخ کے لئے یہ ترمیم پیش کی ہے ۔

اب ایک تیسری وجہ ہے اور وہ ہے قانونی ۔ وہ میں آپ کی خدمت میں پیش کرتا ہوں ۔ جناب والا ۔ یہ مسئلہ مابہالنزاع نہیں ہے گورنمنٹ کے اور مالکان اراضی کے درمیان کہ اس اراضی کا قبضہ کس قانون کے تحت حاصل کیا گیا تھا ۔ جیسا کہ میں نے آپ کی خدمت میں گذارش کی ہے اس اراضی کا قبضہ مارشل لاء آرڈر نمبر ۱۲۶ کے تحت حاصل کیا گیا تھا ۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ اس مارشل لاء آرڈر نمبر ۱۲۶ کی قانونی پوزیشن کیا ہے ۔ جناب والا ۔ میں آپ کی خدمت میں President's Order نمبر ۲۹ کے چند الفاظ پیش کروں گا ۔ پریذیڈنٹ صاحب نے ۷ جون ۱۹۶۲ء کو یہ آرڈر جاری کیا ۔

"The following Order made by the President on the 7th June, 1962, is hereby published for general information :—

Whereas it is expedient to repeal, before the commencing day as defined in the Constitution of the Republic of Pakistan, all Martial Law Orders made or issued by the Martial Law Authorities ;

Now, therefore, in pursuance of the Proclamation of the seventh day of October, 1958 and in exercise of all powers enabling him in that behalf, the President is pleased to make the following Order :—

1. Short title and commencement—(1) This Order may be called the Martial Law Order (Repeal) Order, 1962.

(2) It shall come into force at once.

2. Repeal—All Martial Law Orders made or issued by any Martial Law Authority shall stand repealed immediately before the commencing day as defined in Article 242 of the Constitution of the Republic of Pakistan.

Explanation 1.—'Martial Law Authority' means the Chief Martial Law Administrator."

تو جناب والا ۔ ہر قسم کے مارشل لاء آرڈرز جو اس سے پہلے یعنی ۷ جون ۱۹۶۲ء سے پہلے نافذ تھے منسوخ ہو گئے ما سوائے ان چند ایک کے جن کا ذکر خصوصیت سے آئین کے آرٹیکل ۲۲۵ میں کیا گیا ہے ۔ ان کو مستثنیٰ قرار دیدیا گیا اور باقی تمام مارشل لاء آرڈر منسوخ ہو گئے ۔ اب ہمیں دیکھنا ہے کہ آیا مارشل لاء آرڈر نمبر ۱۲۶ بھی ان میں شامل ہے یعنی یہ بھی منسوخ ہو گیا ۔ یقیناً ۶ جون ۱۹۶۲ء کو مارشل لاء آرڈر نمبر ۱۲۶ بھی منسوخ ہو گیا لیکن اس کے نتائج کیا نکلے ؟ اس تنسیخ کے نتائج کیا مرتب ہوئے ؟ یہ میں آپ کے سامنے پیش کرتا ہوں ۔ اور وہ President's Order نمبر ۲۹ کی دفعہ ۳ میں درج ہیں ۔

"The repeal of any Martial Law Order by Article 2 shall not—

(a) revive anything not in force or existing at the time at which the repeal takes effect ;

(b) affect the previous operation of any such Order or anything duly done or suffered thereunder;

(c) affect any right, privilege, obligation or liability acquired, accrued or incurred thereunder ;

(d) affect any penalty, forfeiture or punishment incurred in respect of any offence committed against any such Order ;"

تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ President's Order نمبر ۲۹ کی رو سے

اگرچہ تمام مارشل لاء آرڈرز اور ریگولیشنز کو منسوخ کر دیا گیا لیکن جو جو کارروائی ان مارشل لاء آرڈرز کے تحت وقوع پذیر ہو چکی تھی ، وہ برقرار رکھی گئی ۔ جو ذمہ داریاں گورنمنٹ یا افراد کے ذمہ عائد ہو چکی تھیں ان منسوخ شدہ مارشل لاء آرڈرز کے تحت وہ برقرار رکھی گئیں ۔ اسی بات کا نتیجہ تھا حضور والا ۔ کہ اگرچہ سابقہ آرڈیننس جو کہ ۱۹۶۳ء کا آرڈیننس ہے ، وہ چھ یا سات جون ۱۹۶۳ء کو جاری ہوا اور مارشل لاء آرڈر نمبر ۱۲۶ سات جون ۱۹۶۲ء کو منسوخ ہو چکا تھا لیکن اس کے نتیجے کے طور پر جو اثرات مرتب ہو چکے تھے ، جو افعل سر زد ہو چکے تھے ، ان سب کو save کیا گیا ۔ محفوظ کر دیا گیا ۔ اور جہاں حکومت کے مفاد کو محفوظ کیا گیا وہاں ان لوگوں کے مفاد کو جن کے مفاد حکومت کے مفاد سے ٹکراتے تھے ، ان کے مفاد کو بھی محفوظ رکھا گیا ۔ اور یہ کہا گیا کہ جو ذمہ داریاں حکومت کے ذمہ یا افراد کے ذمہ آ چکی ہیں ، وہ بحال رہیں گی وہ منسوخ نہیں ہونگی ۔ تو اس وجہ سے ۱۹۶۳ء تک پورا ایک سال مارشل لاء آرڈر نمبر ۱۲۶ پر عملدرآمد ہوتا رہا تا آنکہ گورنمنٹ کو یہ دقت محسوس ہوئی ، یہ خدشہ لاحق ہوا کہ ہائی کورٹ اس قانون کو غیر موثر بنا دے گا یا اس قانون کو مسترد کر دے گا ۔ تو پھر یہ ۱۹۶۳ء کا آرڈیننس حکومت کو نافذ کرنا پڑا ۔ اس لئے میری اس وقت contention یہ ہے کہ جس قانون کے تحت قبضہ لیا گیا تھا اور جو کارروائی بھی اس وقت کی گئی تھی اور جو ذمہ داری اس قانون کے تحت ، مارشل لاء آرڈر نمبر ۱۲۶ کے تحت قبول کی گئی تھی ، وہ ذمہ داری اس وقت تک پوری نہیں ہوئی ۔ اور وہ ذمہ داری کیا تھی ؟ وہ ذمہ داری یہ تھی کہ مالکان اراضی کا ۔ مالکان کو درختوں کا ۔ اور مالکان کو نرسری کا اور مالکان کو عمارات وغیرہ کا پورا پورا

معاوضہ دیا جائے گا ۔ یہ ذمہ داری اس وقت مارشل لاء آرڈر نمبر ۱۲۶ کے تحت حکومت نے قبول کی تھی اور حکومت اس ذمہ داری سے اس وقت سے لے کر اب تک سبکدوش نہیں ہو سکی اور نہیں ہو سکتی ۔ اور میری گذارش یہ ہے کہ اس ضمن میں آج یہ کہنا یا گورنمنٹ کا یہ ادعا کہ زیر بحث آرڈیننس کی دفعہ ۳ کے ذریعہ ہم ان ذمہ داریوں سے سبکدوش ہو جائیں گے ، یہ قطعاً غلط ہے ۔

ایک اور وجہ بتاتا ہوں آپ کو ۔ جناب والا ۔ میں آپ کی توجہ آرٹیکل ۲۵۰ کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں ۔

> "Where a law is repealed, or is deemed to have been repealed, by, under, or by virtue of this Constitution, the repeal shall not--
>
> (a) revive anything not in force or existing at the time at which the repeal takes effect ;
>
> (b) affect the previous operation of the law or anything duly done or suffered under the law ;
>
> (c) affect any right, privilege, obligation or liability acquired, accrued or incurred under the law ;
>
> (d) affect any penalty, forfeiture....."

اگر آپ کے پاس یہ کتاب ہو تو آپ یہ دیکھیں گے کہ President's Order نمبر ۲۹ کی دفعہ ۳ اور آرٹیکل ۲۵۰ بعینیہ ایک جیسے ہیں ۔ کسی comma ، کسی fulstop کا کوئی فرق نہیں ہے ۔ تو اس کا مطلب یہ ہوا ۔ کہ نہ صرف مارشل لاء آرڈر نمبر ۱۲۶ اور President's Order کی دفعہ ۲۹ کے تحت کئے گئے اعمال و افعال اور اس کے تحت تمام ذمہ داریاں جو قبول کی گئی ہیں ۔ تا حال حکومت پر ان کی پابندی کرنا لازمی ہے ۔ بلکہ آرٹیکل ۲۵۰ کے تحت تین الفاظ استعمال کئے ہیں ۔ اور قوانین موجودہ آئین کے تحت repeal کئے گئے ہیں اس کی وجہ سے repealed by or repealed

under ہونگے ۔ یہاں لفظ By استعمال کیا گیا ہے ۔ آپ آئین کے آرٹیکل ۲۲۵ کو دیکھیں ۔ اس میں کہا گیا ہے ۔ کہ جو بقایا مارشل لاء آرڈرز رہ گئے ہیں (۳) ۲۲۵ کے تحت land reforms وغیرہ کے علاوہ باقی سب کو repeal کر دیا گیا ہے ۔ یہ repeal تو ہو گئے ۔ آئین کے آرٹیکل ۲۵۰ کے تحت President کے آرڈر نمبر ۲۹ اور ۲۶ بھی repeal ہو گئے ۔ لیکن اس کے اثرات کیا ہیں ۔ اس کے اثرات یہ ہیں ۔ کہ چونکہ آئین کی رو سے یہ آرڈرز repeal کئے گئے ہیں ۔ اس لئے یہاں لفظ by رکھا گیا ہے ۔ پھر بھی اس کی پابندی لازمی ہے ۔ دوسرا لفظ under ہے ۔ آئین کے تحت کام کرتے ہوئے آئین میں جو اختیارات حکومت کے organs مثلاً executive انتظامیہ اور مقننہ کو حاصل ہیں ۔ اگر ان اختیارات کو استعمال کرتے ہوئے اس قانون کو repeal کیا جاتا ہے ۔ منسوخ کیا جاتا ہے ۔ تو اس کے لئے آرٹیکل ۲۵۰ کام آئے گا ۔ اس طرح منسوخ شدہ قانون کے تحت ان کو بھی save کر دیا گیا ہے ۔ اور ان کا بچاؤ کیا گیا ہے ۔ آپ کو بڑی اچھی طرح معلوم ہے ۔ کہ آئین کے تحت جناب گورنر کو اپنے مخصوص یا خاص حالات میں قانون سازی کا اختیار آرٹیکل ۹۷ میں ہے ۔ اس کے تحت ان کو یہ بھی اختیار حاصل ہے ۔ کہ کسی مروجہ قانون کو منسوخ کر دیں ۔ وہ کوئی نیا قانون بھی بنا سکتے ہیں ۔ اور پرانے کو منسوخ کر سکتے ہیں ۔ اگر میں یہ کہوں تو ممکن ہے ۔ لا منسٹر صاحب یا ان کے دوست یہ کہیں کہ تمہارے دلائل کی یہ بنیاد ہے ۔ کہ یہ اراضی مارشل لاء آرڈر ۱۲۶ کے تحت حاصل کی گئی ہے ۔ نہیں ۔ یہ تو ۱۹۶۳ء کے آرڈیننس کے تحت حاصل کی گئی تھی ۔ اس لئے یہ قانونی طور پر غلط ہوگا ۔ اگر اس قسم کے دلائل آئے تو ان کا جواب یہ ہوگا ۔ کہ جناب

گورنر صاحب نے پہلا آرڈیننس ۱۹۶۳ء نافذ کرتے وقت وہ قوت اور طاقت استعمال کی ہے ۔ جو آرٹیکل ۷۹ کے تحت ان کو حاصل ہے ۔ اگر انہوں نے کوئی نیا آرڈیننس جاری کیا جس کی رو سے ان کی خواہش یہ ہے ۔ کہ ۱۹۶۳ء کے آرڈیننس کو منسوخ کر دیا گیا ہے ۔ تو آرٹیکل ۷۹ کے تحت ہی یہ اختیار ان کو دیا گیا ہے ۔ اس لئے اس صورت میں بھی آرٹیکل ۲۵۰ کا اطلاق ضرور ہوگا کیونکہ جن قوانین کے ذریعہ سے سابقہ قوانین منسوخ کئے جا رہے ہیں ۔ وہ بھی اس آئین کے تحت حاصل کردہ اختیارات کی رو سے ہی تو ہیں یا بنائے گئے ہیں ۔ اس لئے یہ لفظ under استعمال کیا گیا ہے ۔ دونوں صورتوں میں by یا under کے لفظ میری دلیل کے حق میں ہے ۔ تو میری نہایت ہی حقیر سی رائے ہے ۔ اور میری یہ رائے پوری سوچ بچار کے بعد قائم کی گئی ہے ۔ کہ سیکشن ۳ کا زیر بحث آرڈیننس میں عدم یا اس کا موجود ہونا دونو برابر ہیں ۔ اس لئے کہ ہم اس کے اثرات کو مرتب نہیں کر سکتے اس صورت میں جب آپ چاہتے ہیں ۔ کہ وہ ذمہ داری جو آپ نے اس اراضی کی قیمت مالکان کو ادا کرنے کی اپنے ذمہ لی ہوئی ہے ۔ وہ ۶ مئی ۱۹۶۲ء سے ہے ۔ اس سے اگر آپ سمجھتے ہیں ۔ کہ آپ سبکدوش ہو جائیں گے یا بری‌الذمہ ہو جائیں گے ۔ تو یہ خام خیال ہوگا ۔ اور قانونی طور پر یا کسی لحاظ سے بھی یا کسی پہلو سے بھی قانون کا جائزہ لیا جائے ۔ تو یہ ناجائز ہوگا ۔ اس لئے اس کے اس پہلو کے متعلق بھی بات کرتے ہوئے ۔ اگرچہ اور بھی کئی مواقع آئیں گے ۔ میں مختصراً عرض کرتا ہوں ۔ اور اس کے قانونی پہلو کو بھی مد نظر رکھتے ہوئے میں معزز اراکین سے درخواست کروں گا ۔ کہ وہ اس آئین کی لاج رکھیں جو آپ کے صدر مملکت نے اس ملک کے ساڑھے بارہ کروڑ افراد کو عطا فرمایا تھا ۔ اور جس کا انہوں

نے بار بار ذکر کیا تھا کہ انہوں نے ساڑھے بارہ کروڑ افراد پر مہربانی فرمائی ہے ۔ جو کچھ اس میں لکھا ہے ۔ اس کا ہی پاس رکھیں ۔ اگر آپ پاس نہیں کریں گے تو اور کون کرے گا ۔ ہم تو پہلے چاہتے ہیں ۔ کہ اس آئین کے پرزے فضائے آسمانی میں اڑا دئے جائیں ۔ اگر ہمارا اس وقت مطالبہ یہ ہے ۔ کہ آپ نے جو کچھ بنایا ہے ۔ آپ اس کی پابندی کریں ۔ آپ کے قانون کا مقصد اور مطلب یہ ہے ۔ کہ جو قانون repeal ہو ۔ تو اس کے تحت جو ذمہ داریاں کسی فرد پر یا حکومت پر عائد ہو چکی ہوں ان سے وہ بری‌الذمہ قوار نہیں دئے جا سکتے ۔ یا جو ذمہ داریاں کسی قانون کے تحت جو اس آئین کے تحت بنایا گیا ہے ۔ اور اس آئین کے تحت جسکو منسوخ کیا جانا مقصود ہو ۔ وہ اس حد تک منسوخ نہیں ہو سکتا ۔ کہ سابقہ قانون کے تحت عائد کردہ ذمہ داریاں اور واجبات کو ادا نہ کریں ۔ قطعی طور پر ممکن نہیں ہوگا ۔ میں ایک معمولی وکیل کی حیثیت سے یقین دلاتا ہوں ۔ اور عرض کرتا ہوں ۔ کہ میں نے اس کے ہر پہلو کا قانونی طور پر جائزہ لیا ہے ۔ مجھے یقین ہے ۔ کہ کل یا پرسوں یا پانچ دس دن کے بعد ہائی کورٹ حکومت کے خلاف فیصلہ صادر کر دے گا ۔ اس لئے میں یہ چاہتا ہوں ۔ اور آپ کہیں گے ۔ کہ یہ قانون سازی ہے ۔ لیکن ہائی کورٹ کہے گا ۔ کہ ۱۵۵ ممبران نے مل کر جو فیصلہ کیا ہے ۔ وہ درست نہیں ۔ اس لئے میں ان تینوں پہلوؤں کو مد نظر رکھتے ہوئے نہایت ادب سے درخواست کرتا ہوں کہ ایوان کے وقار کو مد نظر رکھیں ۔ اخلاق قدروں کو مد نظر رکھیں ۔ قانونی پہلوؤں کو مد نظر رکھیں ۔ کم از کم ہمارے اپنے ہاتھوں سے اس ایوان کی بے قدری نہیں ہونی چاہئیے ۔ جو کہ حکومت اس بات پر تلی ہوئی ہے ۔ اس

لئے وہ جانے اور اس کا کام ۔ میرے ساتھی جو اس طرف بیٹھے ہیں ۔ وہ اس کے ذمہ دار نہیں ۔ لیکن میں اپنے سامنے بیٹھے ہوئے دوستوں سے کہوں گا ۔ کہ وہ اپنے وزراء صاحبان سے کہیں ۔ کہ وہ عقل و فکر سے کام لیں ۔ وہ عقل کے پیچھے کیوں ڈنڈا لیے پھرتے ہیں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ یہ اُن کا بنیادی حق ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میں یہ بنیادی حق ان سے چھیننا نہیں چاہتا ۔ میں چاہتا ہوں ۔ کہ اس بات کا خیال رکھا جائے کہ صرف ایک شخص کے فائدے یا نقصان کے لئے یہ قانون نہ بنایا جائے ۔ قانون کی غرض و غایت یہ ہوتی ہے کہ تمام ملک کے وسیع طبقوں کیلئے قانون سازی کی جائے لیکن افسوس صد افسوس کہ ہماری اس حکومت نے یہ غلط روایت قائم کی ہے کہ ایک فرد کو سزا دینے کیلئے قانون بناتی ہے یا ایک فرد پر عنایت خسروانہ نچھاور کرنے کے لئے قانون سازی کی جاتی ہے اور اس بے بس اور بیکس ایوان کو جسکی میرے دل میں بے پناہ عزت ہے گورنمنٹ اپنی غرض کے لئے استعمال کرتی ہے ۔ تو ان گذارشات کیساتھ جناب سپیکر میں آپ کے توسط سے جناب وزیر صاحبان کی خدمت میں اور معزز ارکان اسمبلی کی خدمت میں یہ درخواست کروں گا کہ وہ میری گذارشات پر ٹھنڈے دل سے غور کریں ۔ یہ نہ دیکھیں کہ یہ آواز کس طرف سے آئی ہے بلکہ یہ دیکھیں کہ اس آواز میں صداقت کہاں تک ہے ۔ اگر اسمیں حق و صداقت ہو تو اسکو قبول کیا جائے ۔ محض اس لئے کہ صفدر نے بات کہی ہے اس لئے اس کو قبول نہیں کرنا ہے ۔ میرے خیال میں یہ انکی اپنے ساتھ زیادہ زیادتی ہوگی ۔ میرے ساتھ زیادتی نہیں ہوگی ۔

(اس مرحلہ پر مسٹر ڈپٹی سپیکر مسٹر احمد میاں سومرو کرسی صدارت پر متمکن ہوئے)

مسٹر حمزہ (لائل پور - ٦) - جناب سپیکر - جیسا کہ جناب قائد محترم فرما چکے ہیں کہ ١٩٦٣ء میں اس ہنگامی قانون کو ہماری جانب سے شدید اعتراضات کے باوجود حکومت نے پاس کروایا اور ہمیں یقین دھانی کروانے کی کوشش کیگئی تھی کہ اسمیں اس صوبے کے مفادات مضر ہیں - لیکن اگر آج وہ حکومت بدل گئی ہوتی اور نئی حکومت برسر اقتدار آ جاتی تو ان سے یہ توقع کیجا سکتی تھی کہ وہ ان وعدوں سے انحراف کرتی مگر جب آج بھی وہی حکومت بر سر اقتدار ہے اور وہی حکومت جو ١٩٦٣ء میں ایک منٹ کی تاخیر کو قوم و ملک کیلئے خطرناک سمجھتی تھی - پانچ سال کا عرصہ گزرنے کے بعد آج اس قانون کو ختم کرنے کے در پئے ہے - مسئلہ بالکل سیدھا سادہ ہے اسمیں کوئی پیچیدگی نہیں ہے - حکومت کے نزدیک سیاسی مخالفوں کا اختلاف رکھنا ناقابل معافی جرم ہے اور دکھ کی بات یہ ہے کہ حکومت اس قسم کی کارروائیاں کرتے وقت اپنی بدنامی عدالت عالیہ کی بدنامی یا اس ملک کی بد نامی کی بھی پروا نہیں کرتی - اس قانون کو قانونی کارروائی کہنا قانون کی توہین ہے لیکن حکومت سیاسی مخالفوں سے نپٹنے کیلئے قانون ساز اداروں کو ہنگامی قوانین کی توثیق کے جو اختیارات ہیں انہیں استعمال کرتی ہے- لیکن اسکا ایک اور راستہ بھی تھا جو کہ عارف افتخار اور میاں افتخار الدین نے اختیار نہیں کیا اور وہ بالکل سیدھا سادہ تھا وہ بھی قوم و ملک سے غداری کرتے ہوئے مشرف بہ اسلام ہو جاتے اور آج مشرف بہ اسلام ہونا یا ملک کا وفادار بننا اسی کو کہا جاتا ہے کہ جو حکمرانوں کی ٹولی میں شامل

ہو جاتا ہے جناب سپیکر - آج صبح آپ اس ایوان میں موجود تھے آپ کو اسبات کا علم ہے کہ یہ حکومت ان افراد کو جو کہ اسکے ساتھ شریک اور شامل ہیں تمام سیاسی و اخلاقی زریں اصولوں سے بے نیاز ہوکر ملک میں پھیلی ہوئی بے اطمینانی کو بالائے طاق رکھ کر نا جائز طور پر نوازنا پسند کرتی ہے - ٹیکسٹائل ملوں کے لائسنس - شوگر ملوں کے لائسنس - سیاسی رشوت کے طور پر اپنے موافق لوگوں کو اور ایم - این - اے اور ایم - پی - ایز اور سابقہ وزرا کو دیتی ہے - تقسیم کرتی ہے لیکن اسکے برعکس وہ شخص جوکہ اس حکومت سے اختلاف کرنے کی جرأت کرتا ہے اس کو سزا دینے کیلئے نقصان پہنچانے کیلئے ہر قسم کے ہتکھنڈے اختیار کر سکتی ہے اور یہ ہنگامی قانون اسکی بد ترین مثال ہے - بہت بھدی مثال ہے جو کہ آج نہیں بلکہ آج سے بہت سال بعد تک یاد کیجائیگی - کل جناب وزیر قانون نے جو کہ انتہائی شریف‌النفس انسان ہیں لیکن بد قسمتی سے خدا معلوم کیوں اس حکومت کے وزیر بنگئے ہیں یہ فرما رہے تھے کہ Land Acquisition Collector اور کمشنر لاہور ڈویزن نے زمین کے مالکوں کو ۴ سو روپے فی مرلہ معاوضہ دینے کے بجائے ۶ سو روپے فی مرلہ معاوضہ دینا پسند کیا ہے اور اس سے قبل زمین کے مالکان ۴ سو روپے فی مرلہ قیمت وصول کرنے پر تیار تھے - میں جناب وزیر قانون کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ میاں افتخار الدین نے اپنی زندگی میں حکومت کو یہ پیشکش کی تھی کہ ان کی اپنی زمین کے علاوہ وہ زمین جسکو کہ حکومت حاصل کرنا چاہتی ہے کی قیمت ایک ہزار روپے فی مرلہ کے حساب سے دینے کے لئے تیار ہیں اور حکومت کے اپنے پلان اور منصوبے کے مطابق وہ قطعات اراضیات فروخت کرنے لئے تیار ہونگے اور حکومت کے معیار کے مطابق سڑکیں اور نالیاں وغیرہ بھی بنوائیں گے لیکن حکومت نے انکی اس پیشکش کو بھی قبول

نہیں کیا - جناب سپیکر - افسوس تو یہ ہے کہ یہی حکومت جو آج سے تقریباً ۵ سال قبل یہ بتاتی تھی کہ اس تاریخی عمارت کی جسکی کہ وہاں دیوار بھی منہدم ہو چکی ہے اور دیوار برائے نام موجود ہے اور اسکا بیشتر حصہ ایک ڈھیر کی صورت میں وہاں پڑا ہوا ہے اسکی حفاظت کیلئے یہ ہنگامی قانون مسلط کرنا چاہتی تھی لیکن آج وہی حکومت ہمیں یہ بتا رہی ہے کہ اس سے پہلے جو کچھ ہمنے کیا محض جھک ماری تھی - اب بتائیے اگر یہی حکومت اپنی عزت کرانے کیلئے تیار نہیں - انکو اپنے کئے ہوئے وعدے یاد نہیں - تو انکے آج کے کئے ہوئے وعدے کی کیا وقعت ہو سکتی ہے - اسکی کیا قیمت ہے اسکی کیا اہمیت ہو سکتی ہے جناب سپیکر - ہم ان کی یہ بات تسلیم کر لیتے اگر اس ہنگامی قانون کو جاری کرنے سے محض جناب میاں افتخار الدین کے وارثان کو نقصان پہنچاتے لیکن انہوں نے ان کے وارثان کو نقصان پہنچانے کی مجرمانہ اور کھلم کھلا کوشش کے ساتھ ساتھ ہماری قوم اور صوبے کو بہت نقصان پہنچایا - آپ کو اچھی طرح علم ہوگا کہ یہی حکومت عدالت عالیہ کے احکامات کے پیش نظر زمین کے مالکان کو ۸ لاکھ روپیہ کی رقم ادا کر چکی ہے اور لاکھوں روپیہ بجلی کی فراہمی - سڑکوں اور زیر زمین نالیوں کی تعمیر پر خرچ کر چکی ہے اور مجھے یقین ہے کہ عدالتوں میں جو مقدمات وقتاً فوقتاً ۸ سال سے چلتے رہے ہیں اُن پر حکومت بھی ہزاروں روپیہ ناواجب اور ناجائز طور پر خرچ کر چکی ہے - یہی خرچ نہیں آپ کو یاد ہوگا جناب ملک قادر بخش جوکہ ۱۹۶۳ء میں وزیر قانون تھے جب یہ ہنگامی قانون اس ایوان میں پیش ہوا وہ ان ایام میں فرمایا کرتے تھے کہ اس ایوان کی کارروائی پر حکومت کا یا اس ملک کے عوام کا حکومت کا نہیں ۲۵ ہزار روپیہ فی یوم صرف ہوتا ہے - مجھے یقین ہے کہ اس قسم کے بے معنی قوانین کو اس

معزز ایوان میں پیش کرکے اس حکومت نے عوام کا کم از کم تین چار لاکھ روپیہ ضائع کیا ہے ۔ پھر اسی پر ہی اکتفا نہیں اس حکومت نے مالکان اراضی کی درخواست کے باوجود جوکہ وہ عدالت عالیہ میں پیش کر چکے ہیں وہ نالیاں جو کہ تعمیر کر دی گئی تھیں سڑکیں جو کہ وہاں موجود تھیں کے مسمار کرنے پر نالیاں اکھاڑنے پر ہزاروں روپیہ صرف کیا ہے ۔ آپ یہ کہیں گے کہ حکومت کے پاس تو قوم اور ملک کے تمام کے تمام وسائل ہیں اگر ایک سیاسی مخالف کو تباہ کرنا ہو تو ۲۰/۲۵ لاکھ روپیہ خرچ کر دئے گئے تو یہ کونسی بات ہے ۔ آپ اپنے مخالفین کو تباہ کرنے کے لئے قوم کا جتنا سرمایہ بھی ضائع کر دیں اس کی آپ کو کوئی پرواہ نہیں ہوتی لیکن میں کہوں گا کہ آپ کم از کم اس قانون ساز ادارہ کا احترام کیجئے جس کو آپ کہتے ہیں کہ یہ عوام کی نمائندہ اسمبلی اور قانون ساز اسمبلی ہے ۔ آپ طفل مکتب نہیں ہیں آپ تو طلبا کو پڑھاتے رہے ہیں ۔ آپ ۱۹۶۲ء میں کچھ فرماتے تھے اور ۱۹۶۳ء میں آپ کا نقطہ نظر مختلف تھا اور ۵ سال کے بعد ایک نیا ہنگامی قانون مختلف مطالبات کے ساتھ لیکر آ گئے ہیں ۔ یہ حکومت ہے یا بچوں کا کھیل آپ اپنے مخالفین کو تباہ کرنے کے لئے ملک کے قانون ہی کی نہیں بلکہ ملک کے آئین کی مٹی پلید کرتے ہیں ۔ جیسا کہ مجھ سے قبل جناب خواجہ محمد صفدر فرما چکے ہیں اس ہنگامی قانون کے جائز یا ملکی آئین کے عین مطابق یا مخالف ہونے کے متعلق عدالت عالیہ میں ایک رٹ پٹیشن زیر سماعت ہے ۔ ہماری حکومت اور خاص طور پر جناب صدر مملکت پچھلے دنوں سے کئی بار فرما چکے ہیں کہ وہ عدالت عالیہ کے اختیارات کو محدود نہیں کرنا چاہتے بلکہ عدالت عالیہ اور اس ملک کی عدالتوں کا انتہائی احترام کرتے ہیں ۔ میں جناب وزیر قانون سے یہ پوچھتا ہوں کہ کیا حکومت کے لئے یہ مناسب

نہ تھا کہ عدالت عالیہ کے اس ہنگامی قانون کے جائز یا ناجائز ہونیکا فیصلہ کا انتظار کر لیا جاتا ۔ کیا اس سے ملک اور قوم کا بھلا نہ ہوتا اور اس سے عدالت عالیہ کا احترام نہ بڑھ جاتا ۔ جناب سپیکر ۔ حقیقتاً حکومت اس ہنگامی قانون کو جاری کرنے سے پہلے اپنی عزت سے بے نیاز ہو چکی ہے ۔ ان کو اس بات سے کوئی واسطہ نہیں کہ اس سے وہ یا قانون ساز ادارے بدنام ہوتے ہیں ہائی کورٹ کی توہین ہوتی ہے یا اس ملک کے آئین کے پرخچے اڑتے ہیں ۔ وہ لوگ جو ہمیں روز مرہ یہ سبق دیتے ہیں کہ ہمیں اس ملک میں آئین کا احترام کرنا چاہئے وہ خود کھلم کھلا اور کھلے بندوں ہمارے احتجاج کے باوجود ان بنیادی قوانین کا اور اخلاق ضابطوں کا مذاق اڑاتے ہیں ۔ میں جناب وزیر قانون سے یہ دریافت کرتا ہوں کہ اگر آپ پچھلے ۵ سال سے اس ہنگامی قانون کے مطابق عمل کرتے رہے ہیں اور آپ کے عمل کرنے کے باوجود جب انگوری باغ کی زمین کو میں اور خواجہ محمد صفدر صاحب دیکھنے گئے تو ہمیں پتہ چلا کہ پچھلے ۵ سال کے اس ہنگامی قانون کو جاری کرنے کے باوجود آپ سوتے رہے ہیں ۔ آپ نے جو وعدے کئے تھے آپ نے ان کو ذرا بھی اہمیت نہیں دی ۔ کون سا آسمان ٹوٹ جاتا اگر آپ ہائی کورٹ کے فیصلے کا چند دن کیلئے مزید انتظار کر لیتے ۔ ہم یہ بات کہنے پر مجبور ہیں اور یہ نتیجہ اخذ کرنے پر مجبور ہیں کہ آپ اس سابقہ ہنگامی قانون کو محض میاں افتخار الدین مرحوم کی اولاد کو نقصان پہنچانے کیلئے منسوخ کر رہے ہیں ۔ میں ایک بات بلا خوف تردید آپ کو بتا دینا چاہتا ہوں کہ ہم اس ملک میں کسی فرد واحد یا دولتمند یا سرمایہ دار کے ناجائز حقوق کی حمایت میں یہ معروضات پیش نہیں کر رہے ۔ اگر حکومت کا یہی نقطہ نظر ہے کہ اس ملک میں جتنی قومی جائیداد ، زمین ، عمارتوں یا کارخانوں کیصورت میں ہو

وہ قوم اور ملک کی ملکیت ہے حکومت کو چاہئے کہ وہ اس چیز کا اعلان کرے اور پھر تمام کی تمام دولت کو اپنے قبضہ میں لے لیکن جبتک حکومت ذاتی ملکیت کو تسلیم کرتی ہے یہ حربے کسی صورت درست قرار نہیں دیے جا سکتے ۔ ایک جانب تو آپ کا کردار یہ ہے کہ لوٹ کھسوٹ سے رشوت ستانی سے بے غیرتی سے کھلم کھلا دولت اکٹھی کی جا رہی ہے اور جائدادیں بنائی جا رہی ہیں آپ اس کی خود حوصلہ افزائی کرتے ہیں اور دوسری جانب وہ لوگ جنکے پاس ان کے ابا و اجداد سے ورثہ میں جائیدادیں آئی ہیں جو آپ کی مجرمانہ کارروائیوں کا ساتھ دینے کے لیے نہیں بلکہ کلمہ حق کہنے پر اصرار کرتے ہیں آپ ان کے خلاف اس قسم کے گندے حربے استعمال کرتے ہیں ۔ میں آپ کو بتا دینا چاہتا ہوں کہ آپ کے ہتھکنڈے ہمیں یہ بتاتے ہیں کہ آپ کے چند دن بقایا ہیں ۔ آپ اس قسم کی حرکتیں بند کر دیں ورنہ نوشتہ دیوار آپ کے سامنے ہے آپ زیادہ دیر تک اس قسم کی حرکتیں نہیں کر سکیں گے ۔

میجر محمد اسلم جان (راولپنڈی ۔۱) ۔ جناب والا ۔ انگوری باغ کی جو زمین ہے پہلے اس کی ایکویزیشن اور اب اسے چھوڑ دینا ایک سکینڈل بن گیا ہے ۔ اس کا پس نظر یہ ہے کہ یہ پورا ایریا دو سو کنال ہے جس میں سے میاں افتخار الدین مرحوم کا ۱۰۴ کنال ہے ۔ باقی مالکان کی تقریباً ۹۶ کنال زمین ہے جوکہ شالا مار کے سامنے ہے ۔ یہاں پر ان کے باغات تھے ۔ نرسری تھی ۔ جن سے انہیں آمدنی ہوتی تھی ۔ اس کے متعلق کچھ عرصہ پہلے ایک پلان تیار ہوا کہ اس ایریا کو ڈیولپ کرکے پلاٹ بنا کر فروخت کیا جا سکے ۔ چند وجوہات کی بنا پر یہ کام مکمل نہ ہو سکا ۔ اس کے بعد مارشل لاء لگ گیا ۔ اور یہ زمین میاں افتخار الدین سے

کچھ وجوہات کی بنا پر دیر ہوتی پڑ گئی ۔ یہ کوشش کی گئی کہ کسی نہ کسی طرح یہ زمین لے لی جائے ۔ ۱۱ مئی ۱۹۶۲ء کو مارشل لاء آرڈر نمبر ۱۲۶ جاری کیا گیا ۔ اس میں یہ کہا گیا کہ ۳۰ مئی یعنی ۱۵ یا ۱۸ دن کے اندر اندر تمام زمین لے لی جائے اور اس کا معاوضہ ادا کر دیا جائے۔ اس میں کہا گیا کہ یہ زمین جو ہے ۔

It is for the purpose...to lay out areas for public parks and gardens and also to reconstruct and renovate places of historical interest in the city of Lahore.

جناب والا ۔ لیکن حکومت نے جس کام کے لئے وہ زمین لینی چاہی انہوں نے وہ کام نہ کیا ۔ اور بجائے اس کے کہ ۳۰ مئی تک یہ زمین لے لیں اور معاوضہ جیسا کہ مارشل لاء آرڈر میں کہا گیا تھا ادا کر دیں اس میں لیت و لعل ہوتی رہی۔ ۳۰ مئی یعنی آخری تاریخ تک اس اثنا میں میاں افتخار الدین وفات پا گئے ۔ ۶ جون کو کمشنر صاحب نے اپنا ایوارڈ اس زمین کے بارہ میں جاری کیا اور یہ کہا کہ میاں افتخار الدین کے ورثا کو یہ رقوم ادا کر دی جائے ۔ اس کے بعد ۱۹۶۳ء میں ایک آرڈیننس جاری کیا گیا جو اس الیکشن کی جو مارشل لاء آرڈیننس کے تحت لیا گیا تھا validation کے لئے تھا ۔ اس کے اوپر ہائی کورٹ میں اپیل ہوئی ۔ جناب والا ۔ اس مارشل لاء آرڈر میں یہ کہا گیا تھا کہ کمشنر فوراً یہ زمین حاصل کر لے اور اس کے مالکان کو اس کا معاوضہ ادا کر دیا جائے ۔ اور یہ کہ معاوضہ چیئرمین امپروومنٹ ٹرسٹ ادا کرے گا ۔ اس کے اوپر جیسا کہ میں نے کہا ہے ہائی کورٹ میں رٹ کیس ہوا اور ورثا کے حق میں اور حکومت کے خلاف فیصلہ ہوا ۔ حکومت مغربی پاکستان نے ایک پٹیشن سپریم کورٹ for special leave to appeal میں فائل کی جو منظور

ہو گئی - ۱۶ جنوری ۱۹۶۷ء کو سپریم کورٹ نے یہ فیصلہ کیا کہ یہ جو زمین ان سے لی جا رہی ہے انہیں اس کا معاوضہ دیا جائیگا اور کلکٹر ایکویزیشن اس معاوضہ کو ریویو کرے اور پھر سے معاوضہ مقرر ہو - میاں افتخار الدین کے ورثا نے کہا کہ معاوضہ ایک ہزار فی مرلہ کے حساب سے ہو - حکومت نے جو گواہیاں پیش کیں ان کے تحت انہوں نے کہا کہ ۶۵۰ سے ۹۵۰ روپے مرلہ تک دیا جائے - آخر کلکٹر ایکویزیشن نے ۶ سو روپے مرلہ پر فیصلہ کیا - کہ ان کو یہ معاوضہ دیا جائے - کمشنر صاحب نے ۹ مارچ کو یہ فیصلہ کنفرم کر دیا - اس سے پہلے جب لینڈ ایکویزیشن کلکٹر نے یہ معاوضہ منظور کیا تھا حکومت یا امپروومنٹ ٹرسٹ نے یہاں پر سڑکیں اور نالیاں بنانی شروع کر دیں - بجلی کے کھنبے لگا دئے اب یہ نیا آرڈیننس جس کے تحت یہ منسوخ کرنا چاہتے ہیں پہلے اپنے احکام کو جن کے تحت انہوں نے ان کے باغات برباد کر دئیے - ان کی نرسری کسی کام کی نہ رہنے دی - اب یہ کہتے ہیں کہ یہ اس زمین کو چھوڑ دیں گے - آپ دیکھیں گے اس عرصہ میں ۵ لاکھ روپیہ میاں افتخار الدین کے ورثا کو امپروومنٹ ٹرسٹ نے پیشگی ادا کر دیا - اب میاں افتخار الدین کے ورثا کہتے ہیں کہ حکومت نے عوام کا جو روپیہ یہاں سڑکوں نالیوں اور بجلی کے کھنبوں پر لگایا ہے وہ ہم دے دیں گے ان چیزوں کو اسی طرح چھوڑ دیں - پہلے ہمارا نقصان ہوا - ہمارے باغات برباد کر دیے - آٹھ سال تک ہمیں معاوضہ نہ دیا - ہمیں کسی کام کا نہ رہنے دیا - لیکن اب حکومت لاکھوں روپے لگا کر ان چیزوں کو برباد کر رہی ہے - میں اس سے زیادہ اس کی تفصیل میں نہیں جانا چاہتا - خواجہ محمد صفدر صاحب نے اس کے تمام پہلو cover کئے ہیں - یہ معاملہ ہائی کورٹ میں

ہے ۔ ممکن ہے خود ہائی کورٹ کہہ دے کہ یہ جو نیا آرڈیننس ہے غلط ہے ۔ اس لئے میری آپ سے یہ التجا ہے کہ اسے منظور نہ کیا جائے اور پہلا جو آرڈیننس ہے اسے منسوخ نہ کیا جائے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸) ۔ جناب والا ۔ اس ایوان کے سامنے پیش قانون کا تاریخی پس منظر اور جن حالات میں یہ مختلف مراحل سے گذر رہا ہے اس کی جو شرمناک تفصیل خواجہ صاحب نے یہاں اپنی مبسوط تقریر میں بیان فرمائی ہے اس سے میں سمجھتا ہوں کہ اگر اس ایوان کو پہلے علم نہیں رہا ہوگا تو کم از کم اب اس پر یہ بات واضح ہو گئی ہوگی کہ یہ قانون اس حکومت کے ۱۹۵۸ء سے ۱۹۶۸ء تک کے دور حکومت کے قوانین کی تاریخ کا ایک نادر نمونہ ہے جو کسی اصول کے تحت نہیں ۔ کسی انصاف طلبی یا انصاف دینے کے لئے نہیں ۔ کسی کو اس کا حق دینے کے لئے نہیں بلکہ صرف دھاندلی سے چند افراد سے اپنے ذاتی عناد کی بنا پر بدلہ لینے کے لئے نافذ کئے گئے ہیں ۔ جناب والا ۔ قانون ملک کے عوام کے لئے بنتا ہے ۔ اگر کوئی ایسا قانون ہو جو کسی ایک فرد کے لئے بنایا جائے تو وہ آپ ہی آپ بغیر کسی ثبوت کے اس بات کی دلیل ہے کہ اس قانون کے پیچھے دوسرے مقاصد کام کر رہے ہیں ۔ دنیا کی تاریخ قانون سازی میں بڑی کم مثالیں ایسی ملیں گی جن میں ایک قانون ایک فرد کے لئے بنایا جائے ۔ ایک خاندان کے لئے بنایا جائے اور پھر اس خاندان اور اس فرد کو جو نقصان پہنچانا تھا پہنچا کر اسے منسوخ کر دیا جائے ۔ بے شک پاکستان کے گذشتہ دس سالہ دور حکومت میں ایسے بہت سے قوانین ہیں مگر دنیا کی تاریخ قانون سازی میں ایسی مثالیں آپ کو کم ملیں گی ۔

جناب والا ۔ آپ کا دستور یہ کہتا ہے اور وہ دستور جسکو صدر مملکت نے بنایا ہے ۔ جن کے پروردہ اور ملازم رکھے ہوئے یہ وزرا کرام ہیں ۔ وہ صدر مملکت جو ان کی پارٹی کا صدر ہے ۔ یہ دستور اس نے بنایا ہے ۔ اس دستور میں اس نے یہ کہا ہے کہ اس ملک میں عوام کو قانون کے سامنے برابر کے حقوق دیئے جائیں گے ۔ ایک شخص کو دوسرے شخص پر ترجیح نہیں ہوگی ۔ یہ آپ کے دستور کی ایک شق ہے ۔ میں یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ مغربی پاکستان میں پارک بنانے کیلئے ۔ زمینوں کی آباد کاری کے لئے ۔ پلاٹس بنانے کے لئے ۔ آثار قدیمہ کی حفاظت کرنے کے لئے یا زمینوں کو حاصل کرنے کے لئے کیا پہلے سے کوئی قانون موجود نہیں تھا ۔ جس کے لئے آپ کو مارشل لاء آرڈر ۱۲۶ نافذ کرنا پڑا ۔ کیا اس وقت آپ کی کتاب قانون میں اس سے بہتر کوئی قانون نہ تھا کہ جس کے تحت حکومت کو اختیار حاصل ہو کہ وہ پارک بنانے کے لئے یا آثار قدیمہ کی حفاظت کے لیے یا کسی ایسے خاص مقصد کے لیے اس ملک کے شہریوں کی حق ملکیت یا ان کی جائیداد کو حاصل کر سکے ؟ آپ کی کتاب قانون میں ایسا قانون موجود تھا جس قانون کے تحت ۱۸۹۴ء سے لے کر اب تک یعنی انگریز کے زمانہ سے لے کر اب تک حکومت کو جب ضرورت پیش آتی رہی اس قانون کا اطلاق ہوتا رہا ۔ ریلوے لائن بنانے کے لیے ۔ سڑکیں بنانے کے لیے ۔ پارک بنانے کے لیے ۔ آبادیاں قائم کرنے کے لئے ۱۸۹۴ء سے لے کر آج تک Land Acquisition Act کے تحت زمین حاصل کی جاتی رہی ہے یا دوسرے قوانین کے تحت حکومت کو جب زمینوں کی ضرورت پڑی زمینیں حاصل کی جاتی رہی ہیں ۔ اس ملک کے مروجہ قانون سے استفادہ کرنے کی بجائے ایک خاص جائیداد کو حاصل

کرنے کے لیے ایک خاص قانون کا بنانا خود اس بات کی دلیل ہے کہ اس قانون کے پیچھے مقصد صرف عوام کا مفاد نہیں تھا بلکہ اسکا خاص مقصد کسی شخص کو نقصان پہنچانا تھا ۔ جناب والا ۔ میں ان سے پوچھتا ہوں کہ دنیا کے ان ممالک میں جہاں پر تہذیب و تمدن کی حکومتیں قائم ہیں ان کا معروف طریقہ یہ ہے کہ اگر کوئی فرد کسی قانون کو عدالت عالیہ کے سامنے لے جائے اور عدالت عالیہ اس قانون کو کالعدم قرار دے دے تو انتظامیہ یا مجلس قانون ساز اس حکم کے سامنے سر تسلیم خم کر دیتی ہے ۔ ملک کے دستوری نظام میں عدلیہ کو انتظامیہ کے اوپر بہت فوقیت حاصل ہے ۔ ہماری عدلیہ کو مجلس قانون ساز پر بھی فوقیت حاصل ہے ۔ عدلیہ کو فوقیت اس لحاظ سے بھی حاصل ہے کہ عدلیہ کا کام یہ ہے کہ حکومت اور عوام کے درمیان فیصلوں پر انصاف اور ناانصافی کے تقاضوں کو پورا کرنے کے لئے آخری حکم صادر کرے ۔

جناب والا ۔ ۱۹۶۲ء کا مارشل لاء آرڈر نمبر ۱۲۶ عدالت عالیہ کے سامنے گیا ہے ۔ اس حکومت کا فرض یہ ہے کہ بجائے اسکے کہ ایک نئے قانون کے ذریعہ سے ۔ ایک نئے فرمان کے ذریعہ سے اس کارروائی کو جو مارشل لا آرڈر کے تحت ہوئی ہے اسکی توثیق کرتی وہ خاموشی کے ساتھ ۔ عزت کے ساتھ اور جمہوری تقاضوں کے مطابق عوام کے حقوق کی حفاظت کے پیش نظر اس قانون کو واپس لیتی اور اپنے بڑھے ہوئے قدم کو پیچھے ہٹا لیتی لیکن نہ صرف یہ کیا گیا ہے بلکہ بڑی بے غرضی کے ساتھ ۔ بے شرمی کے ساتھ خود اس قانون کے اندر جو ۱۹۶۳ء میں نافذ ہوا ہے اس میں یہ فرمایا گیا ہے کہ چونکہ مارشل لا آرڈر نمبر ۱۲۶ عدالت عالیہ کے سامنے پیش ہے اور اسکو چیلنج کر دیا گیا ہے اس لئے ہم یہ قانون لاتے

ہیں ۔ گویا عدلیہ کے ہاتھوں کو باندھنے کے لئے یہ قانون لائے ہیں ۔ ایک شخص جس کی آپ نے حق تلفی کی تھی ۔ وہ اپنی شکایات اور اپنی تکالیف لیکر انصاف طلبی کے لئے جاتا ہے اس کے لئے عدلیہ کے ہاتھوں کو باندھنے کے لئے اس قانون پر آپ نے مہر تصدیق ثبت کر دی ہے یعنی اسکو منسوخ کر دیا گیا ہے ۔

جناب والا ۔ یہ دنیا کی تاریخ میں ایک عجیب کارنامہ ہے جس کی مثال پاکستان میں دس سالہ دور حکومت میں ملے گی اس سے پہلے نہیں ملے گی ۔ اس قانون کی تاریخ ہمیں یہ بتاتی ہے کہ اس کا مقصد صرف یہ ہے کہ انگوری باغ کی زمینوں کو حاصل کرنے میں مالکان کو نقصان پہنچانا ہے ۔ اور اس مقصد کو حاصل کیا گیا ہے ۔ اگر ان زمینوں کو چھوڑنے پر نقصان پہنچتا ہے تو اس کو چھوڑنے کے لئے قانون لایا جا رہا ہے ۔ جس وقت آپ نے جائیداد حاصل کی تھی اس وقت وہ ایسی جگہ تھی جہاں پر فصل اگائی جا سکتی تھی ۔ جہاں پر باغات تھے ۔ نرسری تھی ۔ پہلے امپروومنٹ ٹرسٹ نے اور حکومت نے ان چیزوں کو تباہ و برباد کر دیا اور ان تمام چیزوں کو تباہ و برباد کرنے کے بعد اس میں سڑکیں بنائی ہیں تا کہ ان سڑکوں کو ہٹانے کے بعد ان زمینوں پر فصل کاشت نہ کی جا سکے ۔ جب یہ اس اراضی کو واپس ہی کرنے والے ہیں تو یہ اس طریقے سے زمین مالکان کو دیتے کہ جو مزید خرچ کرکے ان سڑکوں کو ضائع کرکے ہٹایا جا رہا ہے وہ حکومت کو نہ کرنا پڑتا ۔ میں اس زمین کو خود دیکھنے گیا ۔ جب میں اسکو دیکھ کر آیا تو میرے کئی دوستوں نے کہا کہ جنگ عظیم والی پالیسی ہے کہ جس طرح جرمن جب کسی ملک پر قابض ہوتا تھا وہ جب عوام کے دباؤ کی وجہ سے یا جنگ میں

ھارنے کی وجہ سے اس ملک کو چھوڑنے پر مجبور ھوتا تھا تو وھاں پر تمام زمینیں ۔ جائیدادیں ۔ املاک ۔ کارخانے اور چمنیاں تباہ کر دیا کرتا تھا ۔ یہ چیز دشمن ملک تو کر سکتا ھے لیکن میں امپروومنٹ ٹرسٹ کا اور اس حکومت کا اس ملک کے عوام کے ساتھ یہ طرز عمل دیکھ کر حیران ھوں کہ یہ پالیسی ھمارے ملک میں کس طرح چل رھی ھے ۔ آپ اس ملک کے ایک معزز شہری کی زمین ناجائز طریقے سے حاصل کرتے ھیں (میں اسکو ناجائز طریقے سے ھی کہوں گا) صرف اسکو نقصان پہنچانے کے لئے اس کی زمین پر قبضہ کرتے ھیں اور جب اسکو چھوڑنے کے لئے آمادہ ھوتے ھیں تو اس پر جو سڑکیں بنائی ھیں اسکو آپ کھودتے ھیں ۔ جو وھاں نالیاں بنائی ھیں ان کو خود تباہ کرتے ھیں اور اس زمین کو اس قابل نہیں رکھا جا رھا ھے کہ اس سے کوئی شخص استفادہ کر سکے ۔

جناب والا ۔ وزیر قانون صاحب نے اپنی ابتدائی تقریر میں فرمایا تھا کہ اس زمین کو چھوڑنے کی یا اس قانون کو منسوخ کرنے کی صرف یہی وجہ ھے کہ مالی لحاظ سے یہ سکیم قابل عمل نہیں ھے یعنی پہلے یہ جو مقصد ان کے پیش نظر تھا کہ اسکے پلاٹس بنائیں گے ۔ یا اس میں پارک اور میوزیم بنایا جائیگا ۔ اب حکومت یہ سمجھ رھی ھے کہ اس پر جتنی لاگت آئے گی اس لاگت کے تناسب سے جو فائدہ ھوگا وہ اسکے متوازن نہیں ھے تو میں ان سے یہ پوچھنا چاھتا ھوں کہ کیا پارک بنانا یا آثار قدیمہ کی حفاظت کرنا آپ کے پیش نظر نہیں تھا ؟ خود آپ کے بیانات کے مطابق یہ ثابت ھوتا ھے کہ وھاں ایک آثار قدیمہ ھے اور آپ نے اسکی حفاظت کرنا ھے ۔ اس وقت اس کے لئے یہ کوئی شرط نہ تھی کہ اس آثار قدیمہ کی حفاظت کرنے پر کیا صرف آتا ھے ۔ اگر ایک آثار قدیمہ ھے تو وہ

بہر حال آثار قدیمہ ہی ہے ۔ اگر ایک آثار قدیمہ ہے تو اسکی حفاظت کرنا حکومت کا فرض ہے خواہ اس پر لاگت کچھ بھی آئے ۔ کیا حکومت اس وقت یہ سمجھتی تھی کہ زمین آپ کو مفت حاصل ہو جائے گی ؟ کیا اس وقت اسکی لاگت کا اندازہ نہیں کیا گیا تھا ؟ کیا اس وقت یہ اندازہ نہیں لگایا گیا تھا کہ اس آثار قدیمہ کو محفوظ کرنے کے لئے کیا خرچ کرنا پڑے گا ؟

جناب والا ۔ میں اپنی بات کو پھر دھراؤں گا اور میں اپنی بات کو دھرانے سے پہلے یہ بات واضح کر دیتا ہوں کہ میرے پیش نظر میاں افتخار الدین مرحوم اور ان کے خاندان کی جائیداد کی حفاظت کا مسئلہ نہیں ہے ۔ میاں افتخار الدین مرحوم کو اس ایوان کے بہت سے ممبر صاحبان جانتے ہیں ۔ ہمیں ان سے اور ان کے لڑکے سے سیاسی اختلافات ہیں ۔ ہمیں ان سے نظریاتی اختلافات ہے ۔ ہمیں ان سے بنیادی اختلاف ہے ۔ لیکن اسکے باوجود ہم اس قانون کے تحت آپکے سامنے جو گفتگو کر رہے ہیں اسکی وجہ یہ ہے کہ یہ ایک فرد کا مسئلہ نہیں ہے ۔ یہ ایک شخص کا مسئلہ نہیں ہے ۔ یہ ایک شخص کی جائیداد کا مسئلہ نہیں ہے بلکہ یہ اس صوبہ کی حکومت کے وقار کا مسئلہ ہے ۔ یہ اس ایوان کے وقار کا مسئلہ ہے ۔ یہ اس ملک کی جائیداد ۔ ان کے اقربا کی عزت اور ان کی ملکیت کی حفاظت کا مسئلہ ہے ۔ اگر حکومت کا طریق کار یہی رہا کہ جسکو نقصان پہنچانا ہو ایک قانون بنا کر اسکی جائیداد کو ضبط کر لیں بلکہ جب جی چاہے اسکو پورا نقصان پہنچانے کے بعد اس کو اس حال میں چھوڑ دے کہ وہ اس سے استفادہ نہ کر سکے ۔ اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ اس ملک کے عوام جن کو اس حکومت پر اعتماد نہیں ہے یا جو عوام

اس حکومت پر اعتماد کر بیٹھتے ہیں ان کی عزت و آبرو اور ان کی ملکیت کی حفاظت کا جو حق ادا کر رہی ہے ان کو مزید اس بات کا یقین ہو جائے گا کہ واقعی اس حکومت کے اکابرین سے یہ توقع رکھنا فضول ہوگا کہ یہ حکومت ان کی جائیداد اور ان کی ملکیت کی حفاظت کرنے کی اہل ہے اور یہ ایسی نیت رکھتی ہے ۔

جناب والا ۔ آخر میں یہ عرض کروں گا کہ جیسا کہ خواجہ صاحب نے فرمایا ہے کہ ابھی اس قانون کے دستور کے مطابق ہونے یا نہ ہونے کا مسئلہ عدالت عالیہ کے سامنے پیش ہے اور عدالت عالیہ کا فیصلہ چند روز میں ہونے والا ہے ۔ سوال یہ ہے کہ آج اگر ہم اس کی تنسیخ کو منظور کر لیں اور اسے اس شکل میں پاس کردیں اور عدالت عالیہ بصورت دیگر اپنا فیصلہ دے تو پھر ان ۱۵۵ اراکین پر مشتمل اس ایوان کا عوام کے سامنے کیا وزن باقی رہ جائے گا ؟ آج آپ قانون پاس کرتے ہیں اور دوسرے دن عدالت عالیہ اسے خلاف عقل ، خلاف انصاف اور خلاف دستور گردانتی ہے ۔ میں ان معروضات کے ساتھ آپ کے توسل سے وزیر قانون سے عرض کروں گا کہ عقل سے کام لیجئے ۔ عوام کا مفاد اپنے سامنے رکھئے ۔ اس ایوان کے وقار کا خیال کیجئے ۔ اور اگر کسی اور کا نہیں تو کم از کم خود اپنی حکومت کا اور صدر صاحب کا جنہوں نے آپ کو وزیر مقرر کیا ہے ۔ ان کی عزت اور قانون کا احترام کریں اور اس قانون کو واپس لیں اور عدالت عالیہ کے فیصلے کا انتظار کریں ۔

ملک معراج خالد (لاہور ۔ ۵) ۔ جناب والا ۔ اگرچہ مجھے اس مسئلہ کے تمام کوائف کا پوری طرح علم نہیں ہے اور میں نیا نیا ایوان کے اس جانب ایک تعمیری کردار ادا کرنے کے لئے آیا ہوں (حزب اختلاف

گی طرف سے نعرہ ھائے تحسین) تاھم میں چند ایک چیزیں ایسی عرض کروں گا جو لازمی طور پر متاثر ھونگی میری اس شرکت سے جو مجھے تین یا چار سال اس طرف بیٹھ کر حاصل ھوئی ھے ۔ ابھی تک میرے ذھن پر یہ چیز غالب ھے کہ جس پارٹی سے میں منسلک رھا ھوں اس کے قائدین کے بھلے کی کوئی بات کر سکوں ۔

جناب والا ۔ جس زمین کو اس طریقے سے واپس دیا جا رھا ھے اور جسے پہلے لیا گیا تھا ، وہ زمین ان مالکان کی جدی جائیداد تھی ۔ اور حکومت نے اس طریقے سے یہ ایک روایت قائم کر دی ھے اور اسے قانونی جواز دینے کی کوشش کی جا رھی ھے کہ یہ ساری چیز کی جا سکتی ھے ۔ اور محض سطحی اور عارضی سیاسی مقاصد حاصل کرنے کے لئے یہ اقدامات جائز ھیں ۔ مجھے خطرہ صرف یہ ھے کہ اگر ایک موروثی اور جدی جائیداد کو حاصل کرنے کے لئے ، محض ایک شخص کو محروم کرنے کے لئے یہ سب کچھ روا رکھا جا سکتا ھے اور یہ روایت بن جائے اور اسے اس ایوان کے فیصلے کی تقدیس حاصل ھو جائے تو مجھے ڈر یہ ھے کہ اس سے پچاس گنا ھی نہیں بلکہ میں کہتا ھوں ھزار گنا زیادہ جائیدادیں ناجائز طریقے سے جو بنائی جا رھی ھیں ، کل کو ان کا کیا حال ھوگا ۔ (خوب ۔ خوب) کیونکہ اس بات کی ضمانت ان کے پاس نہیں ھے کہ انھوں نے مستقل طور پر ان کرسیوں پر براجمان رھنا ھے ۔ اور دولت اور طاقت محض انھی کی وراثت ھوگی ۔ کیونکہ میں دیکھ رھا ھوں کہ وقت بڑی جلدی آنے والا ھے جبکہ یہ ساری چیز الٹ پلٹ ھو جائے گی اور اس کے بعد ان کی اپنی پیدا کردہ یہ روایت انھی کے خلاف استعمال کی جا سکتی ھے ۔ اور اسوقت ان کے پاس کوئی جواب نہیں ھوگا ۔

دوسری بات جناب والا جو میں کہنا چاہتا ہوں ' وہ یہ ہے کہ ان کے اپنے فرمودات ہیں کہ عدلیہ کو انتظامیہ پر ہر حال میں فوقیت ہونی چاہئے ۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ عدلیہ نشان ہے عوام کی حاکمیت کی علمبرداری کا اور عوام کے قانونی حقوق کی حفاظت کا ۔ اگر آپ آج اس طریقے سے عدلیہ کو انتظامیہ کے ہاتھوں اس طرح ذلیل کرنے کی ایک روایت پیدا کریں گے تو آپ کسی طرح کل کو خود بھی محفوظ نہیں رہ سکتے اور آنیوالے اسی روایت کو اپنا سکتے ہیں ۔

تیسری چیز جناب والا ۔ جو میں عرض کرنا چاہتا ہوں ، وہ یہ ہے کہ ابھی فاروق صاحب نے کہا تھا کہ اس جائیداد کے جو مالک ہیں ، ان سے ہمارے نظریاتی اختلافات ہیں لیکن اس کے باوجود بھی ہم حق کی حمایت کے لئے یہ سب کچھ کر رہے ہیں ۔ میں ذاتی طور پر گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ میاں افتخار الدین مرحوم کا قیام پاکستان میں ایک بہت بڑا، تاریخی اور قابل قدر کردار ہے جسکو قوم کسی صورت بھی نظر انداز نہیں کر سکتی ۔ اگر انہوں نے اپنے سیاسی نظریات کے مطابق موجودہ قیادت کی مخالفت کی تو پاکستان کے ایک محب وطن شہری ہونے کی حیثیت سے یہ ان کا حق تھا ۔ اس حق کو استعمال کرنے کی پاداش میں انہیں یہ سزا نہیں دی جا سکتی ۔ اور یہ تاریخ فیصلہ کرے گی کہ جو لوگ یہ رویہ اختیار کرتے ہیں ، انکو اس سے سخت سزا دی جا سکتی ہے اور تاریخ ہمیشہ دیا کرتی ہے ۔ جہاں تک ان کے لڑکے میاں عارف افتخار کے کردار کا سوال ہے ، میں کہتا ہوں کہ وہ اپنے نظریات کے مطابق پاکستان کی تعمیر اور اس کے استحکام اور عوام کے حقوق کی بالا دستی کے لئے جو کچھ بھی کر رہا ہے ، اسے اس کا پورا پورا حق ہے ۔ ہم اس

کو کسی طرح بھی مطعون نہیں کر سکتے ۔ بلکہ میں یہ کہوں گا کہ وہ نہایت قابل قدر ہے ۔ اور خود حکومت اسے اندرون ملک اور بیرون ملک نہایت اہم فرائض سپرد کرتی رہی ہے ۔ جہاں تک مجھے ذاتی طور پر علم ہے، وہ جب بھی کسی ایسے فریضے کیلیے بیرون ملک گیں گیا تو اس نے پاکستان کے وقار کے لئے اور پاکستان کی عزت کے لئے نہایت قابل قدر کردار ادا کیا ۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ ایسی گری ہوئی حرکات بالخصوص ان دعووں کے پیش نظر جو کئے جاتے ہیں ، کسی طرح بھی قابل قبول نہیں ہو سکتیں ۔ اور نہ اندرون ملک اور نہ بیرون ملک اس قیادت کا وقار کسی طرح اونچا ہو سکتا ہے ۔ انہوں نے یہ فرض کر لیا ہے کہ جو کچھ ہم سوچتے ہیں ، وہ حتمی اور آخری ہے ۔ کاش کہ یہ اس ابدی حقیقت کو تسلیم کر لیں کہ صرف تغیر کو ثبات ہے ۔ باقی کسی چیز کو یہاں ثبات نہیں ہے ۔ ان چیزوں میں تبدیلی آنی لازمی ہے اور جو تبدیلی پر امن ہو ، اچھے طریقے سے ہو ، دوسروں کی رائے سننے کے بعد اپنے رویہ میں کچھ نہ کچھ تبدیلی کرنے کے بعد آئے ، وہ بہتر ہوگی ۔ ان کے لئے بھی ۔ ملک کے لئے بھی اور عوام کے لئے بھی ۔ اس لئے جناب والا ۔ میں یہ گذارش کرتا ہوں کہ کاش یہ ان چیزوں کو پیش نظر رکھیں اور یہ جو کچھ کر رہے ہیں اسکو ترک کر دیں اور یہ موجودہ جو سلسلہ ہے ، اس پر زیادہ زور نہ دیں ۔

ملک محمد اختر (لاہور ۔ ۲) ۔ جناب سپیکر ۔ اس دفعہ پر کافی بحث ہو چکی ہے ، اس لئے میں واقعاتی امور کی بجائے ٹیکنیکل گفتگو جو ابھی کرنا باقی ہے ، اس پر اپنے آپ کو confine کرنے کی کوشش کروں گا ۔

جناب سپیکر ۔ خواجہ محمد صفدر صاحب نے اس ترمیم کے ذریعہ یہ چاہا ہے کہ دفعہ ۳ جو اس آرڈیننس کی ہے ، اسکو delete کیا جائے ۔ اور دفعہ ۳ سے یہ مراد ہے کہ West Pakistan Establishment and Improvement of Parks and Historical Places (Repeal) Ordinance جو ہے اس کو repeal کر دیا جائے ۔ یعنی خواجہ صاحب یہ West Pakistan Establishment and Improvement of Parks and Historical Places (Repeal) Ordinance کو منسوخ نہ کیا جائے ۔ جناب والا ۔ میں سو فیصدی انکی تائید کرتا ہوں ۔ میرے اس تائید کرنے کی کافی طویل وجوہات ہیں جنکو میں مختصراً عرض کروں گا ۔ جناب والا ۔ اگر اس آرڈیننس کو ، جس کو repeal سے بچانا مطلوب ہے ، دیکھا جائے تو اس آرڈیننس کے تحت مارشل لاء آرڈر نمبر ۱۲۶ کو validate کرنے کے لئے صرف تین لائنیں ہیں جو میں عرض کرتا ہوں ۔

"Whereas the validity of the said Martial Law Order and the actions taken thereunder has been questioned and a writ petition is pending in the High Court of West Pakistan, it is expedient to provide for the establishment of....."

یعنی جناب والا ۔ میں یہ گذارش کرنا چاہتا ہوں کہ یہ perpetual struggle اور یہ تصادم جو Executive کا Judiciary کے ساتھ ہے ۔ اس چیز کے علاوہ ایک مخصوص family کو politically victimize کیا گیا ہے ۔ یہ سب سے افسوسناک امر ہے ۔ یہ legislation جو اسطرح پر کی جا رہی ہے ۔ اور جب ہائی کورٹ میں ایک writ petition ہے ۔ تو حکومت اس آرڈیننس کے ذریعہ راہ فرار اختیار کر رہی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ میں صرف ایک point پر اپنے arguments کو concentrate

کروں گا ۔ وہ یہ ہے ۔ کہ اگر اس آرڈیننس کو repeal نہ کیا گیا ۔ تو اس کے after effects امپرووومنٹ ٹرسٹ کے لئے بے حد مضر ہوں گے اور ان کے لئے بھی ہوں گے جن کی یہ اراضی ہے ۔ جتنے technical flaws ہم نے اس قانون میں دیکھے ہیں ۔ کسی اور قانون میں نہیں دیکھے۔ آرڈر نمبر ۲۲ اور ۲۳ کے تحت یہ قرار دیا گیا ہے ۔ کہ یہ acquisition of land ۱۸۹۴ء کے قانون کے تحت کی گئی ہے ۔ میں سارے آرڈیننس کو نہیں پڑھوں گا ۔ بلکہ صرف دفعہ ۳۵ کو refer کروں گا ۔ جس میں یہ لکھا ہے ۔

"Notwithstanding anything to the contrary contained in the Land Acquisition Act, 1894, the Town Improvement Act, 1922.....the Municipal Administration Ordinance, 1960.....or any other law for the time being in force, or in any decree, judgment or order in any Court or authority, anything done, possession taken or delivered, ejectment made, compensation assessed or paid, allotment made, terms and conditions settled, direction given, or order issued, by the Commissioner, Lahore, the Land Acquisition Collector of the Lahore Imprvement Trust, the Chairman, Lahore Improvement Trust or any other authority in pursuance of the said Martial Law Order 126 would be deemed to have been validly done, taken or delivered, made, assessed or paid, made, settled, given or issued respectively under this Ordinance."

مارشل لاء آرڈر نمبر ۱۲۶ کی یہ validation clause ہے ۔

جناب صدر ۔ آپ تو نہایت زیرک اور معاملہ فہم ہیں اب آپ ہی انصاف فرمائیں کہ یہ آرڈیننس جو اتنی چیزوں کو validate کرتا ہے ۔ اس کے repeal کر دینے سے کیا اثرات ہوں گے ۔

جناب والا ۔ میں نہایت مؤدبانہ عرض کروں گا ۔ کہ اس کے اثرات یہ ہوں گے ۔ کہ یک لخت وہ تمام proceedings جو مارشل لاء ریگولیشن

نمبر ۱۲۶ کے تحت کی گئی ھیں ۔ وہ آرڈر repeal ھوا ۔ اور وہ proceedings بھی گئیں ۔ اور مالکان اراضی کس کس جھنجٹ میں مبتلا ھوں گے ۔ اس repeal کے نتائج حکومت کے لئے کیا ھوں گے ۔ اور اُن پارٹیز کے لئے کیا ھوں گے ۔ یہ تو تھا موجودہ آرڈیننس جسکو ھم repeal کر رھے ھیں ۔ اب میں مارشل لاء ریگولیشن کے جو effects ھیں ۔ صرف اُن کو اس ضمن میں refer کرتا ھوں کیونکہ میرے point کی relevancy جب ھی بنے گی اور وہ یہ ھے ۔ کہ مارشل لاء ریگولیشن کے تحت یہ کیا گیا ھے ۔

Mr. Deputy Speaker: The Member was not present when Khawaja Muhammad Safdar made his speech and now he is repeating what Khawaja Sahib had said, I don't think this House can be blamed for the Member's absence earlier.

ملک محمد اختر ۔ I was there. اس سے قطع نظر میں سارے مارشل لاء ریگولیشن کو پڑھوں گا نہیں ۔

Mr. Deputy Speaker: I can't understand how the Member is relevant to the amendment.

ملک محمد اختر ۔ میں عرض کرتا ھوں ۔ میں اسکو پڑھوں گا نہیں ۔ میری یہ گذارش ھے ۔ کہ کمشنر لاھور ڈویژن مارشل لاء ریگولیشن کے تحت فوری طور پر اُس زمین کو acquire کرے گا ۔ assessment کرے گا ۔ اور لاھور امپروومنٹ ٹرسٹ کو دے دے گا ۔ اب یہ آرڈیننس بھی repeal ھوا ۔ اُس کے بعد مارشل لاء ریگولیشن کے اثرات بھی زائل ھوئے ۔ میں اصل نکتہ کی طرف آ رھا ھوں جس کے لئے میں نے یہ تمہید باندھی تھی ۔

اب جناب والا ۔ یہ ھوگا کہ دونوں قوانین کی repeal کے بعد یہ جو انگوزی باغ کا area ھے ۔ یہ جو زمین ھے ۔ یہ ایک کانٹون بھری گود

مسٹر سپیکر ۔ اس کے لئے آپ کوئی اور موقع تلاش فرمائیں ۔ اس وقت صرف ٹیکسوں کے متعلق ارشاد فرمائیں ۔

دیوان سید غلام عباس بخاری ۔ جناب والا ۔ میں آپ کی وساطت سے ٹیکسوں کی طرف اپنے معزز بھائیوں اور ارکان کی توجہ مبذول کرانا چاہتا ہوں ۔ ہمارے ملک میں اور ہمارے صوبے میں اتنے ٹیکسز

آج تک عاید ہو چکے ہیں کہ عام آدمی اس کو شاید شمار بھی نہیں کر سکتا اور نہ ان کا علم ہے کہ کتنے لگ چکے ہیں ۔ متعدد ادارے اور متعدد institutions ملک پر مرکزی لیول پر اور صوبائی لیول پر ٹیکسز کے اختیارات رکھتے ہیں اور دیکھا یہ گیا ہے کہ ہر سال تقریباً کسی نہ کسی ٹیکس میں اضافہ ہو رہا ہے ۔ جناب والا ۔ فائننس اور ٹیکسز کے لئے ایک بنیادی چیز جو ماہرین میں محسوس کی جاتی ہے وہ یہ ہے کہ ان کا بوجھ عام لوگوں کی reach میں ہو اور کسی جامع اور واضح رولز اور نصب العین کے تحت یہ ٹیکسز لگائے جائیں ۔ مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے اور یہ اظہار کرنا پڑتا ہے کہ اس صوبے میں یا اس ملک میں ٹیکزیشن کے متعلق صوبائی لیول پر یا مرکزی لیول پر کسی ٹیکس کے hard and fast رولز نہیں بنائے گئے اور ہر ادارہ جب کسی سال کمی محسوس کرتا ہے تو یا تو نئے ٹیکس لگاتا ہے یا سابقہ ٹیکسوں میں اضافہ کر دیتا ہے ۔ جناب والا ۔ میں سنہ ۱۹۵۲ء سے اپنے حلقہ سے اس معزز ایوان کا ممبر چلا آ رہا ہوں ۔ مجھے خاص طور پر دیہات کے لوگوں کے معاملات اور ان کی تکالیف سے تعلق ہے میں نے کئی دفعہ دیکھا ہے کہ عام کاشتکار یا چھوٹا زمیندار جب ٹیکس کی ادائیگی کے دن آتے ہیں تو ان میں سے بہت سے لوگ اونے پونے اپنی اجناس بیچ ڈالتے ہیں یا اپنے گائے بیل بھینس بیچکر ٹیکسز کو ادا کرتے ہیں اور انکو ایسا کرنا پڑتا ہے ۔ اس کے علاوہ شہروں میں ایسے کنبے موجود ہیں اور ایسے خاندان موجود ہیں جن کے سرپرست اس دنیا میں نہیں رہتے ہیں ۔ عورتیں بیوہ ہو جاتی ہیں ۔ بچے یتیم ہوتے ہیں اور ان میں کوئی ایسا بالغ انسان موجود نہیں ہوتا جو کمائی سے اپنے کنبہ کا بار اٹھا سکے اور ان کی کچھ جائداد یا پراپرٹی شہروں میں

موجود ہوتی ہے اور وہی پراپرٹی جس سے بذریعہ کرایہ ان کی آمدنی ہوتی ہے اور اس پر پورے کنبے کا انحصار ہوتا ہے تو یہی جائداد پراپرٹی ٹیکس ، ہاؤس ٹیکس اور اسی قسم کے دیگر ٹیکسوں کی جن کی نہ کوئی ceiling ہے - بھرمار کر دی جاتی ہے - ہر دفعہ یہ دیکھا گیا ہے کہ ان کو بڑھا دیا جاتا ہے اور ہر کنبہ کی وہ آمدنی جس پر ان کی زندگی کا انحصار تھا جس پر ان کے بچوں کی تعلیم کا انحصار تھا جس پر ان کے future کا انحصار تھا اور یہی جائدادیں جو ان کی سیکوریٹی ہوتی ہیں اس کا زیادہ حصہ جائداد کی مرمت یا ٹیکسوں کی نذر ہو جاتا ہے اور ان کے لئے کچھ نہیں بچتا —

جناب والا - مجھے اس موقع پر ایک واقعہ یاد آیا میں اپنی تعلیم سے فارغ ہو کر جب اپنے علاقہ میں گیا میری جائداد اس وقت کورٹ آف wards میں تھی - میں نے ڈپٹی کمشنر سے مشورہ کیا کہ اب مجھے کیا کرنا ہے تو انہوں نے فرمایا کہ میں اپنی محال کا چارج لے لوں اور بطور مینجر کام کروں - کچھ دنوں کے بعد ہم اسکو release کر دیں گے — میں نے بطور مینجر کام شروع کر دیا — سابقہ سجادہ نشین میرے بڑے بھائی جان تھے — انکے ذمہ روحانیت ، مجالس ، زمینداریاں اور نمبرداریاں تھیں اور کارندوں کا حلقہ میرے ذمہ آیا — ان دنوں ہندو یہاں ہوا کرتے تھے اور ہم لوگ تلائی اور حسابات کے لئے ہندو رکھتے تھے — ایک روز میرا ایک کارندہ کہیں سے گزر رہا تھا کہ کسی لڑکے نے شرارت کے طور پر کسی غیر آباد جگہ سے نکل کر کچھ ایسی شکل بنائی جس سے وہ غیر معمولی مخلوق محسوس ہوا اور اس نے یہ تاثر دیا کہ وہ انسانوں میں سے نہیں ہے — اس نے اسکو ڈرایا اور وہ بے چارہ چیختا چلاتا گھر پہنچا اور

بخار کی حالت میں پڑا رہا اس نے سمجھا کہ شاید یہ جن تھا لیکن جب وہ صحت مند بھی ہو گیا تو میں نے دیکھا کہ وہ رات کو جن جن چیختا ہوا جاگ اٹھتا تھا ــ ایک دن رات کو میرے سامنے کھڑا ہو کر حساب دے رہا تھا کہ یکایک لمپ بجھ گیا ــ جونہی اندھیرا ہوا تو ہر طرف اس کو جن نظر آنے لگے ــ تمام کاغذات چھوڑ کر پھر بھاگ گیا ــ اگرچہ میں بھی کمرے میں موجود تھا ــ

مسٹر محمود اعظم فاروقی ــ کیا آپ سے بھی بڑا جن تھا ؟

دیوان سید غلام عباس بخاری - تو میں یہ عرض کرتا ہوں کہ ہمیں اس قدر ٹیکس کا زیر بار کر دیا گیا ہے کہ شعوری اور غیر شعوری طور پر ہر پاکستانی کو اس کارندے کے جن کی طرح ہر طرف ٹیکس ہی ٹیکس نظر آتے ہیں ــ کوئی مہینہ یا وقت ہمیں ایسا نہیں ملتا کہ کوئی نہ کوئی ٹیکس میونسپلٹی کا، سنٹر کا ،یا صوبے کا یا یونین کونسل کا، ہم پر نہ عائد کر دیا جاتا ہو اور اس کے لئے ہمیں پریشان نہ ہونا پڑتا ہو اور اس مسئلہ سے ہر شہری اور ہر فرد پریشان ہے ــ مجھے اس بات کا احساس ہے کہ کوئی institution اور کوئی ملک بغیر فنڈز کے نہیں چل سکتا اور خصوصاً ترقی پذیر ممالک میں تو اسکی اور بھی ضرورت ہوتی ہے تو جناب والا ان فنڈز کو اس طرح نہ اکٹھا کیا جائے جس میں کوئی اصول نہ ہو اور ہر طبقہ کی مالی حیثیت کو نظر انداز کر دیا جائے اور ٹیکزیشن ہوتا رہے ــ میری انتہائی خواہش اور منشاء اور نظریہ یہ ہے کہ ہمارے ملک میں جتنے طبقات ہیں اور جتنے پیشے ہیں انکو انکی حیثیت کے اندر اندر ٹیکس کیا جا سکے ــ

(اس مرحلہ پر چوہدری محمد نواز ــ چیئرمین ــ کرسئی صدارت پر متمکن ہوئے) -

جناب والا - میں اس لئے آپ کے توسط سے اس معزز ایوان کو بتانا چاھتا ھوں کہ میرے نوٹس میں جو ٹیکسز آئے ہیں وہ یہ ہیں - انکم ٹیکس اگر ایک لاکھ سے بڑھے تو ۲۷ ھزار روپیہ سرکاری خزانے میں دینا پڑتا ہے - سپر ٹیکس ۶۰ ھزار پر ۲۰ فیصد ادا کرنا پڑتا ہے - ھیلتھ ٹیکس ۴ لاکھ کے اوپر ادا کرنا پڑتا ہے - اس کے علاوہ تحائف پر ٹیکس ہے - یہ کوئی ڈیڑھ لاکھ تک ۱۵ فیصد اور ڈیڑھ سے ۵ لاکھ تک ۲۰ فیصد تک پہنچ جاتا ہے - ۵ سے ۱۰ لاکھ تک ۲۵ فیصد اور ۱۰ لاکھ سے اوپر ۳۰ فیصد ادا کرنا پڑتا ہے - اس کے علاوہ موت پر ٹیکس ہے - یہ ۲ لاکھ تک فری ہے - اس کے علاوہ سیلز ٹیکس ہے - کسٹم ڈیوٹی ہے - ایکسپورٹ لائسنس فیس ہے - امپورٹ لائسنس فیس ہے - ایکسائز ہے تو یہ چند چیزیں میرے نوٹس میں ہیں -

ملک معراج خالد - پوائنٹ آف آرڈر - یہ موقعہ ان کے ھاتھ آیا ہے وہ جتنی طاقتیں استعمال کر سکتے ہیں کر لیں -

Mr. Chairman : This is not point of order.

دیوان سید غلام عباس بخاری- جناب والا - اس کے علاوہ پراپرٹی ٹیکس ہے - یہ ھمیں ۱۰ فیصد آمدنی پر ادا کرنا پڑتا ہے - پھر زرعی ٹیکس ہے جو کہ زمینداروں کو ادا کرنا پڑتا ہے یہ ڈھائی سو سے ۵۰۰ تک یہ ایک بٹہ چار حصہ دینا پڑتا ہے - ۵۰۰ سے ۷۵۰ تک ایک بٹہ دو حصہ معاملہ کا ادا کرنا پڑتا ہے - ۷۵۰ سے ایک ھزار تک تین بٹہ چار حصہ معاملے کا دینا پڑتا ہے - پھر ایک ھزار سے دو ھزار تک معاملے کا کچھ ادا کرنا پڑتا ہے - مجھے اعداد اچھی طرح یاد نہیں ہیں - دو سے ساڑھے تین ھزار پر کچھ اور تین سے پانچ ھزار تک معاملے کا دوگنا ھو جاتا ہے

اور میں یہ بھی عرض کرنا ضروری سمجھتا ہوں کہ یہ زرعی انکم ٹیکس ایک ایسا ٹیکس ہے جو کہ بعض اوقات غلط لگایا جاتا ہے ۔ ٹیکس کا منشاء یہ ہوتا ہے کہ جو شخص مفاد اٹھائے اس پر ٹیکس لگایا جائے مثلاً تجارت اور انڈسٹریز پر ٹیکس ہے کیونکہ لوگ اس میں فائدہ حاصل کرتے ہیں ۔ پھر نابالغ بچوں پر اور اگر بیوی کے نام جائیداد ہے تو اس کا معاملہ مرد کے معاملے میں شامل کرکے اس پر زرعی ٹیکس لگا دیتے ہیں ۔ تو یہ بھی ایک نا انصافی ہے اور میں چاہتا ہوں کہ اس کو بند کیا جائے ۔ پھر ایک سرچارج لگایا جاتا ہے جو کہ ۳۴۹ سے ۵۰۰ تک ۱۲ روپیہ ہے اور ۵۰۰ سے ۵۰۷ تک ۲۴ روپیہ ہے اور ۵۰۷ سے ایک ہزار تک ۵۰ روپیہ ۔ ایک ہزار سے ۲ ہزار تک ۱۰۰ روپیہ ہے اور ۲ ہزار سے ۱۰ ہزار تک ۲۵۰ روپیہ اور ۱۰ ہزار سے اوپر ۵۰۰ روپیہ ۔ جہاں تک معاملے کا تعلق ہے یہ میرے خیال میں وہ اس ایوان کے زمیندار اور جو لوگ کاشتکار ہیں وہ میرے بھائی زیادہ بہتر طریقے سے سمجھتے ہوں گے جن کی اکثریت ہے ۔

ایک ممبر : دیوان صاحب فرمائیں کہ ان کا معاملے سے کیا مطلب ہے ۔

دیوان غلام عباس بخاری ۔ عام اصطلاح میں مالیہ کو معاملہ کہتے ہیں ۔

ملک معراج خالد ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ ایک معزز رکن نے کہا ہے کہ معاملہ کا مطلب یہ ہے اور دوسرے نے کہا ہے کہ یہ مطلب نہیں ہے ۔ میں دریافت کرتا ہوں کہ آپ کی اس معاملے میں کیا رولنگ ہے ؟

Mr. Chairman: This is not point of order.

سید عنایت علیشاہ - کیا مجھے بتایا جائے گا کہ کن وجوہات کی بناء پر یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہے -

چودھری محمد نواز - آپ تشریف رکھیں - دیوان صاحب اپنی تقریر ختم کریں گے تو اس کے بعد میں اس کی وضاحت کر دوں گا -

دیوان سید غلام عباس بخاری - جہاں تک ہمارے ضلع کا تعلق ہے سیلابی اراضی پر ۲ روپیہ فی ایکڑ ہر جنس پر آتا ہے- نہری پر ۵ روپیہ فی ایکڑ- درجہ دوئم پرساڑھے تین روپیہ فی ایکڑ سوئم کا مجھے معلوم نہیں ہو سکا اس کے علاوہ لوکل ریٹ بھی ہیں - شاہی مسجد پر فنڈ ہے ۲ پیسے فی روپیہ آبیانہ اس کے علاوہ ہے -

(اس مرحلہ پر مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر - سید یوسف علیشاہ - کرسئی صدارت پر متمکن ہوئے) -

ملک معراج خالد - پوائنٹ آف آرڈر - مجھے جناب فاروق صاحب نے ایک بات کہی ہے جو میں حضور کے نوٹس میں لانا چاہتا ہوں وہ یہ کہ چودھری نواز صاحب صرف تین منٹ کرسی پر رہے جبکہ بچہ سقہ تین دن رہا تھا -

مسٹر فاروقی - میں نے بچہ سقہ نہیں کہا تھا -

ملک معراج خالد - جناب ابھی وہ دھمکی دے رہے تھے کہ پترو اگر میں بیٹھا رہتا تو میں سیدھا کر دیتا -

دیوان سید غلام عباس بخاری - میں جناب کی خدمت میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اور ٹیکس بھی ہیں - رجسٹری پر اشٹام فیس وغیرہ - اس کے بھی لوگوں کو بہت اخراجات برداشت کرنے پڑتے ہیں - ہاؤس ٹیکس

ہے پراپرٹی ٹیکس ہے آکٹرائے ٹیکس ہے۔ واٹر ٹیکس ہے ۔ یونین کونسل نے اپنے علیحدہ ٹیکس عائد کئے ہوئے ہیں ۔ چولھا ٹیکس ، شادی ٹیکس ، تفریح ٹیکس ، پیشہ ورانہ ، ٹیکس بھیڑ بکری پر ٹیکس وغیرہ ۔ اب قبرستان میں میت دفن نہیں کی جا سکتی جب تک کہ ٹیکس ادا نہ کر دیا جائے ۔ تو ان ٹیکسوں کی کوئی حد نہیں رہی ۔ تاجر زمینداروں سے بھی بہت ٹیکس لیا جاتا ہے ۔ تو میری یہ دلی خواہش ہے کہ صوبائی اسمبلی اور یہ ایوان صوبائی حکومت کو بھی اور سنٹرل گورنمنٹ کو بھی پر زور الفاظ میں یہ سفارش کرے کہ کوئی ایسا یونیفارم طریقہ بنایا جائے کہ پاکستان کا چاہے کوئی تاجر ہو یا زمیندار اس کو اپنی آمدنی کا ایک ایسا حصہ ادا کرنا پڑے جس سے اس کو بوجھ محسوس نہ ہو اور خصوصاً مجھے غریب اور متوسط طبقوں سے زیادہ ہمدردی ہے ۔ لہٰذا میں نے پانچ لاکھ کی حد اس لئے مقرر کی ہے کہ ملک میں درمیانہ قسم کے انڈسٹریلسٹس ہیں جو میں سمجھتا ہوں کہ وہ بھی ملک کی ریڑھ کی ہڈی کا کام دے رہے ہیں میں چاہتا ہوں کہ ان کو بھی تحفظ مل جائے ۔ اور جو لکھ پتی اور کروڑ پتی لوگ ہیں ان سے عوام کو بھی دلچسپی نہیں ہے اور مجھے بھی کوئی خاص دلچسپی نہیں ہے ۔

ایک ممبر : کیا اس میں صدر مملکت شامل ہیں ؟

دیوان سید غلام عباس بخاری ۔ کوئی بھی ہو ۔ تو جناب والا ۔ میرا منشاء یہ ہے کہ ایک شخص کی اگر ۱۰۰ روپیہ آمدنی ہے تو اس سے ۱۰ روپے لئے جائیں ۔ اور متوسط اور غریب طبقہ کو اس اصول کا تحفظ مل جانا چاہئے ۔ چاہے وہ تاجر ہو چاہے زمیندار ہو اور چاہے دکان دار ہو یا سروس مین ہو ۔

ایک ممبر : ۵ لاکھ تک جن کی آمدنی ہو آپ ان سب کو تحفظ دینا چاہتے ہیں ۔

دیوان سید غلام عباس بخاری ۔ آپ ۵ لاکھ میں ترمیم کر سکتے ہیں ۲ کر دیں ۳ کر دیں کوئی حد تو مقرر ہونی چاہیے ۔ اس وقت یہ ہو رہا ہے کہ متوسط طبقہ ۷۰ فیصد یا ۸۰ فیصد ٹیکسوں میں دے رہا ہے یا جائیداد کی مرمت وغیرہ میں دے دیتا ہے ۔ میں اپنے معزز بھائیوں کی توجہ آپ کی وساطت سے اس طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں ۔ وہ برائے مہربانی اس قرارداد کی پرزور تائید کریں اور اس کے حق میں تقاریر کریں ۔ اگر وہ پانچ لاکھ سے متفق نہ ہوں تو اسے کم کر دیں جو وہ مناسب سمجھیں ۔ مگر یہ ایک عوامی مسئلہ ہے ۔ آئین کے بعد فنانس اور ٹیکسیشن دوسرے درجے کا مسئلہ ہے ۔ اس پر پوری ہمدردی سے غور فرمائیں اور میں متوقع ہوں کہ یہ معزز ایوان اور میرے معزز بھائی اس کی تائید فرمائیں گے اور صوبائی اور مرکزی حکومتوں سے یہ سفارش کر کے مجھے مشکور فرمائیں گے ۔

Malik Miraj Khalid : Sir, I beg to move :

That in the proposed Resolution, the following be added at the end, namely :

"And in particular no Land-Revenue should be levied on land-holdings upto 12½ acres."

Mr. Deputy Speaker : The amendment move is :

That in the proposed Resolution, the following be added at the end, namely :

"And in particular no Land-Revenue should be levied on land-holdings upto 12½ acres."

Chaudhari Muhammad Nawaz : Opposed.

ملک معراج خالد (لاہور ۔ ۵) ۔ جناب والا ۔ بڑی حیرانگی کی بات ہے کہ یہ پانچ لاکھ روپے کی حد تک یہ سفارش کر رہے ہیں ۔

(قطع کلامیاں) ابھی پتہ چل جاتا ہے - لیکن ساڑھے بارہ ایکڑ کے مالک کو مالیہ کی معافی کے متعلق ترمیم کی یہ مخالفت کر رہے ہیں -

مسٹر محمد اسلم خان خٹک - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا جب ۵ لاکھ تک معاف ہو جائے تو ساڑھے بارہ ایکڑ کی معافی اس کے بیچ میں از خود شامل ہوگی -

مسٹر سپیکر - یہ اس کا لازمی نتیجہ نہیں ہے -

ملک معراج خالد - جناب والا - اس لئے میں نے ''خاص طور پر'' کے الفاظ استعمال کئے ہیں - جن الفاظ میں یہ ریزولیوشن پیش کیا گیا ہے - حکومتی پارٹی کسی صورت میں بھی اسے منظور نہیں کر سکتی اور نہ اس پر عمل کر سکتی ہے - اس لئے کہ اگر ۵ لاکھ تک کی آمدنی رکھنے والے کو ٹیکس سے مستثنیٰ کر دیا جائے تو وہ جو پالیسی ہے جس کے تحت امریکہ سے ہر چیز درآمد کی جاری ہے - - -

دیوان سید غلام عباس بخاری - میں نے یہ نہیں کہا کہ انہیں ٹیکس سے معافی دے دی جائے - میرا مقصد یہ ہے کہ دس فی صد ٹیکس ہو -

مسٹر محمود اعظم فاروق - ہم یہی سمجھیں گے جو لکھا ہوا ہے -

ملک معراج خالد - جناب والا - میں یہ سمجھنے پر مجبور ہوں کہ پھر یہ جو بیرونی امداد پر سہارا لیا جارہا ہے - - - (قطع کلامیاں)

Mr. Senior Deputy Speaker : No cross talk.

دیوان سید غلام عباس بخاری - یہ مغالطہ دور ہو جانا چاہیئے -

"This Assembly is further of the opinion that no citizen of Pakistan should be made liable to pay more than

1/10th of his annual net income on account of taxes if his annual net income does not exceed Rs. 5,00,000.00"

ملک معراج خالد ۔ جناب والا ۔ میں یہ سمجھتا ہوں کہ دیوان صاحب نے یہ قرار داد اس نیک مقصد کے تحت پیش کی ہے کہ موجودہ قیادت پاکستان کو فلاحی مملکت بنانے کے لئے جو اقدامات کرنا چاھتی ہے اس سلسلہ میں یہ ایک ضروری قدم ہوگا ۔ میں یہ گذارش کرونگا کہ اگر یہ حکومتی پارٹی ۵ لاکھ کو چھوڑ کر صرف ساڑھے بارہ ایکڑ تک کے مالکان کو معافی دینے پر رضا مند ہو جائے تو پاکستان کو فلاحی مملکت بنانے کے لئے ایک اچھا مفید قدم اٹھایا جا سکتا ہے ۔ اس سلسلہ میں اس معزز ایوان میں اکثر معزز دوستوں کی طرف سے پہلے اظہار خیال کیا جا چکا ہے میں اس پر اسلئے زیادہ عرض کرنا نہیں چاھتا کہ میرا دوسرا ریزولیوشن جو آ رہا ہے اس کے لئے کچھ وقت بچایا جاسکے اس لئے مختصر یہ عرض ہے کہ ساڑھے بارہ ایکڑ تک اور اس سے کم کے مالکان اراضی کی تعداد صوبہ بھر میں عظیم اکثریت کی حیثیت رکھتی ہے ۔

Minister for Finance : What are they paying now : That is the point.

ملک معراج خالد ۔ اگر پاکستان کو صحیح معنوں میں فلاحی مملکت بنانا چاھتے ہیں تو اس کی تعریف یہ ہے کہ اس میں اکثریت کے فائدہ کے لئے کچھ باتیں ہوں تو لازمی طور پر یہ ماننا پڑے گا کہ ساڑھے بارہ ایکڑ سے کم کے مالکان کی تعداد بہت زیادہ ہے ان کی اکثریت ہے اگر ان کو مالیہ کی معافی دے دی جائے اور خزانہ کی باقی رقوم کا بوجھ زیادہ آمدنی والے لوگوں پر ڈال دیا جائے تو یہ عین مناسب اور انصاف کے عین مطابق ہوگا ۔ ان مختصر الفاظ کے ساتھ میں یہ گذارش کرونگا کہ ساڑھے بارہ ایکڑ کے مالکان کے مالیہ کی معافی کی سفارش کی جائے ۔ میں امید رکھتا ہوں کہ جناب دیوان صاحب کی قرارداد جس مقصد

کے تحت پیش کی گئی ہے اس کی بہترین صورت یہی ہو سکتی ہے کہ ہم اس حد تک اتفاق کریں اور اس کی سفارش کریں ۔ اگر یہ کر دیا جائے تو یہ ایک مفید قدم سمجھا جائیگا اور حکومتی پارٹی کی طرف سے فلاحی مکت کی جو بھی تعریف کی جائے یہ اس کے عین مطابق ہوگا ۔

شکریہ

میر خدا بخش تالپور ۔ سپیکر صاحب ہم دیوان صاحب کے ریزولیوشن کی تائید کرتے ہیں ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ اس وقت ریزولیوشن زیر بحث نہیں ہے ۔ آپ اس ترمیم پر بول سکتے ہیں ۔

رائے منصب علی خان کھرل ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا دیوان صاحب نے اپنی قرارداد پیش کی ہے ابھی اس پر بہت سے ممبران بولنا چاہتے ہیں ۔ اس کے ساتھ ہی ملک معراج خالد صاحب نے اپنی ترمیم پیش کی ہے اگر آپ یہ پابندی لگا دیں گے کہ صرف ترمیم پر بحث کی جاسکتی ہے تو پھر اصل قرار داد پر بحث کس وقت ہو گی ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ قواعد کے مطابق پہلے ترمیم کا فیصلہ ہو گا ۔ پھر آپ قرار داد پر بحث کر سکتے ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر میں یہ حقیقت آپ کے گوش گذار کرنا چاہتا ہوں کہ مجھے بہت ہی قابل اعتماد ذرائع سے علم ہوا ہے کہ حکومت یہ چاہتی ہے اور انہوں نے کل شام پارٹی میٹنگ میں یہ فیصلہ کیا ہے کہ پہلی قرار داد پر بحث کرکے آج کا تمام کا تمام وقت ختم کر دیا جائے ۔ (قطع کلامی) ۔ اس کی غرض و غائیت یہ ہے کہ ملک معراج خالد کی قرارداد جو قوم اور ملک کے انتہائی اہم

مسئلہ سے متعلق ہے اور جس سے ہماری حکومت منہ چھپاتی پھرتی ہے وہ اس ایوان کے سامنے پیش نہ ہو سکے ۔ اس لئے میری التجا ہے کہ بقایا وقت آج کے ایجنڈا پر دی گئی پانچ قراردادوں میں مناسب طریق سے تقسیم کر دیا جائے تاکہ تمام قراردادیں بخوبی زیر بحث آ سکیں ۔ میں نے بروقت آپ کو بتا دیا ہے اور میرا یہ فرض تھا کہ آپ کو مطلع کردوں ۔آپ سے میں توقع رکھتا ہوں کہ آپ اس ایوان کے وقار ، اس کرسی کے وقار اور اس صدارت کے وقار کو (صدارت اس ایوان کی) قائم رکھیں گے اور بحال رکھیں گے ۔

راناپھول محمد خاں ۔ جناب والا ۔ ایک طرف روزانہ یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ جمہوریت ۔ جمہوریت ۔ جمہوریت اور دوسری طرف یہ معزز ایوان کے حقوق کو غصب کرنا چاہتے ہیں ۔ یہ بات درست نہیں ہے اس ایوان کے ہر رکن کو بولنے کا اتنا ہی حق حاصل ہے جتنا حمزہ صاحب کو اور مجھے ہے ۔ اگر کوئی ممبر اس قرارداد پر اپنے خیالات کا اظہار کرنا چاہے آپ اس کو نہیں روک سکتے ۔ پہلے بھی کبھی ایسا نہیں ہوا کہ قرار دادوں پر بحث کیلئے وقت مقرر کر دیا جائے۔ میں یہ گذارش کروں گا ہمارا جو سابقہ دستور یعنی طریقہ کار ہے اس کو بدستور رکھنا چاہئے ۔ اب حمزہ صاحب ایک نئی مثال قائم کرنا چاہتے ہیں اور ڈکٹیٹر بن کر اس کو ہم پر ٹھونس رہے ہیں ۔ (شور اور قطع کلامیاں)

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ جو قرارداد زیر بحث ہے اس پر تحریک کے محرک نے تقریر کی ہے ۔ ابھی یہ کہہ دینا کہ کسی نے تقریر نہیں کرنی ہے یہ قبل از وقت ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ میں نے قبل از وقت آپ کو بتا دیا ہے ۔ اگر ہماری حکومتی پارٹی کے اراکین میری ان معروضات کو غلط سمجھتے ہیں تو عملاً بھی اس کو غلط ثابت کریں ۔ میں نے آج کی کارروائی کے متعلق آپ کو بتا دیا ہے ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ اس وقت قرار داد زیر بحث نہیں ہے بلکہ ملک معراج خالد صاحب کی ترمیم زیر بحث ہے ۔

رائے منصب علی خان کھرل ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ حمزہ صاحب نے ابھی ابھی اس معزز ایوان میں فرمایا ہے کہ اس ایک مفروضہ کی بنا پر کہ ہماری پارٹی نے فیصلہ کیا ہے ۔ وہ ہمارا اپنا معاملہ ہے یہ کوئی حق نہیں رکھتے کہ اس پر سوال کریں یا اس سے کوئی نتیجہ اخذ کریں ۔
(قطع کلامیاں)

چودھری محمد نواز ۔ جناب والا آپوزیشن والے وقت ضائع کر رہے ہیں ۔ ہم چاہتے ہیں کہ اس قرارداد پر تفصیل کے ساتھ بحث کی جائے ۔

رائے منصب علی خان کھرل ۔ جناب والا دیوان سید غلام عباس بخاری صاحب کی قرارداد بہت ضروری ہے اس لئے اس پر بحث ہونی چاہئے ۔ انہوں نے یہ فرض کر لیا ہے کہ دوسری قرار داد ضروری ہے ۔ میں سمجھتا ہوں پہلی قرار داد زیادہ ضروری ہے ۔ (قطع کلامیاں)

ملک معراج خالد ۔ جناب والا ابھی رانا پھول محمد صاحب نے فرمایا ہے کہ آج تک اس ہاؤس میں اس سے اچھی قرار داد پیش نہیں ہوئی ۔ مجھے اس پر اعتراض ہے ۔ انہیں کہا جائے کہ وہ اپنے الفاظ واپس لیں کیوں کہ اس سے اچھی قرار دادیں پیش ہو چکی ہیں ۔ یہ

قطعی طور پر ایسا فیصلہ نہیں کر سکتے کہ یہ قرار داد بہتر ہے یا کوئی اور قرار داد بہتر ہے -

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر - وہ ان کی ذاتی رائے ہے -

رانا پھول محمد خان - جناب والا میں نے یہ کہا ہے کہ یہ قرار داد نہایت اچھی ہے - اور اس کا تعلق عوامی مفاد سے ہے اس لئے اس پر بحث ہونے دیجئے -

میر خدا بخش(تھرپارکر - ۳) - جناب والا - معلوم نہیں کہ ملک معراج خالد صاحب نے اسکی کیوں مخالفت کی ہے - ۱۲- ایکڑ زمین جس کے پاس ہے اس کو بھی پانی ملتا ہے - لیکن زرعی ٹیکس یا کوئی اور ٹیکس نہیں لگتا ہے- جن کی کم زمین ہے ان پر زرعی ٹیکس اس کے اوپر کوئی ٹیکس نہیں لگتا ہے - جو ایک زمیندار ہے اس کو سارے ٹیکس دینے پڑتے ہیں - قواعد اور اصول کے مطابق ۱۲- ایکڑ والے کو معافی نہیں ہونی چاہئیے - قرار داد کے بارے میں سندھ سے تعلق رکھنے والے ممبران بولنا چاہتے ہیں ان کو بولنے کی اجازت ملنی چاہئے - (قطع کلامیاں اور شور)

سردار خان محمد خان - جناب والا - میں دیہات کا رہنے والا ہوں اور مجھے اچھی طرح معلوم ہے کہ آج وہ وقت آ گیا ہے کہ ایک ایکڑ سے کتنی آمدنی ہوتی ہے . . . .

ملک معراج خالد - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا سردار خان محمد خان صاحب میرے ضلع سے تعلق رکھتے ہیں انہیں پتہ ہے کہ میں زمیندار نہیں ہوں - میں صرف ۶ ایکڑ کا مالک ہوں - زمیندار کی تعریف یہ ہے کہ اس کے پاس کم از کم پانچ مربعہ اراضی ہو -

سردار خان محمد خان ۔ جناب والا جو اچھی زمین زیر کاشت ہے اس سے ایک ہزار سے لیکر اڑائی ہزار روپیہ تک آمدنی فی ایکڑ حاصل ہوتی ہے ۔ (قطع کلامیاں ۔شور) جو غریب بڑھئی ہے یا اس قسم کے چھوٹے چھوٹے کام کرنے والے صنعتکار ہیں یا جو شہری لوگ ہیں ان کی طرف توجہ فرمانی چاھئے ۔ لیکن یہ ترمیم تو صرف زمینداروں سے متعلق ہے ۔

ملک محمد اسلم خان ۔ جناب والا ۔ اس ترمیم کے بارے میں تھوڑے سے الفاظ آپ کی خدمت میں گذارش کرنا ضروری سمجھتا ہوں ۔ ملک معراج خالد صاحب نے کہا ہے کہ فلاحی مملکت وھی ہو سکتی ہے جس سے فلاح کا کام ہو ۔ ان کو یاد نہیں ہو گا کہ فلاحی مملکت کا مطلب یہ ہے کہ حکومت نہیں بلکہ زیادہ سے زیادہ لوگ ذمہ دار ہوں ۔ زیادہ سے زیادہ ذمہ داری ملک کے ہر ایک شہری پر بھی برابر کی عائد ہوتی ہے ۔ یہ ٹھیک ہے کہ ساڑھے بارہ ایکڑ کے اوپر معاملہ (مالیہ) بہت کم لگتا ہے اور جس کی زمین پانچ یا دس یا بیس مربع ہے اس کے لئے ضروری ہے کہ وہ ریونیو بھی دے . . . . .

Major Malik Muhammad Ali : On a point of order Sir. Sir, through your good offices, I would request that several members of this House feel inclined to refer to the word "land revenue" as "Maamla ". I would humbly suggest that the House may be allowed to use this term since we all understand what it means.

رائے منصب علی خان کھرل ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا مالیہ کی تعریف جو یہاں پیش ہوئی ہے اس کے بارے میں عرض کروں گا کہ اس کی تشریح کر دی جائے کہ آیا لینڈ ریونیو کا ترجمہ ''معاملہ،، ہے یا ''مالیہ'' ہے کیوں کہ پنجابی میں ''مالیہ،، کو ''معاملہ،، کہتے ہیں ۔

یہ اردو میں تقریر کر رہے ہیں اس لئے ''مالیہ،، یا لینڈریونیو کا لفظ استعمال ہونا چاہئے ۔

ملک محمد اسلم خان ۔ مالیہ حکومت ہی لگاتی ہے ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ چھوٹے زمینداروں کو زمین کے حساب سے کم مالیہ لگتا ہے ۔ میرے خیال میں ضروری ہے کہ ساڑھے بارہ ایکڑ کے زمیندار یا مالک کو اس سے مستثنیٰ قرار نہ دیا جائے اس لئے میں ملک معراج خالد صاحب کی ترمیم کی مخالفت کرتا ہوں ۔

پارلیمنٹری سیکرٹری (سردار محمد اشرف خان) ۔ جناب والا میں ملک معراج خالد کی ترمیم کی اس لئے مخالفت کرتا ہوں کہ اگر ٹیکزیشن کے بنیادی اصولوں کو دیکھا جائے تو اس کے لئے ہمیں ایک معیار آمدنی مقررہ کرنا پڑتا ہے اور اس آمدنی کے تناسب سے ٹیکس کی شرح وضع کرنی پڑتی ہے ۔ ملک معراج خالد صاحب نے ساڑھے بارہ ایکڑ کے مالکان کو مالیہ سے مستثنیٰ قرار دینے سے متعلق جو ترمیم پیش کی ہے اس کے متعلق میں آپ کی وساطت سے اس بات کی وضاحت کرنا چاہتا تھا کہ مغربی پاکستان کے مختلف اضلاع میں مختلف علاقوں میں زمین کی نوعیت اس کی اقسام اور اس کی قیمت میں اور جو اس سے آمدنی کا حصول ہے اس میں بے پناہ تفاوت موجود ہے ۔ اگر لائل پور کی بہترین زمین کا مقابلہ راولپنڈی کی زمین سے کریں تو لائل پور میں ساڑھے بارہ ایکڑ زمین کے مالک کو اگر ساڑھے بارہ ہزار کی آمدنی کی حدود میں لایا جائے تو وہ بھی مناسب ہو گا ۔ لیکن اگر اس کے برعکس راولپنڈی یا اس سے بھی آگے مری میں چلے جائیں تو ہو سکتا ہے کہ وہاں ساڑھے بارہ ایکڑ اراضی کے مالک کو ساڑھے بارہ روپے سالانہ کی آمدن بھی نہ ہوتی ہو ۔

تو جناب والا ۔ ملک معراج خالد کی جو ترمیم ہے وہ ٹیکسیشن کے بنیادی اصولوں اور انصاف کے بنیادی اصولوں کے خلاف ہے ۔ اور صرف یہ کہہ دینا کہ ساڑھے بارہ ایکڑ اراضی کے مالک کو بلا تفریق مستثنیٰ قرار دیدیا جائے یہ میرے نزدیک صرف ایک سستی شہرت اور بقول شخصے cheep popularity حاصل کرنے کی کوشش ہے ۔ ورنہ حقیقت اس میں کوئی نہیں ۔ اگر وہ واقعی چاہتے ہیں اور یہ ان کی دیانت دارانہ رائے ہے تو وہ حکومت کے سامنے اس اسمبلی کے سامنے ایک ایسا فارمولا پیش کریں جس سے کہ تمام زمیندار جن کی آمدنی برابر ہو ان کو مستثنیٰ قرار دیا جا سکے اگر آپ اس قسم کا کوئی فارمولا پیش کریں جو قابل عمل ہو تو میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ حکومت اس پر نہایت ہمدردی کے ساتھ غور کرنے کے لئے تیار ہے ۔ لیکن صرف یہ کہہ دینا کہ ساڑھے بارہ ایکڑ اراضی کے مالک کو خواہ وہ لائل پور میں بیٹھا ہو خواہ وہ گدوبیراج میں ہو خواہ وہ مری کی پہاڑیوں میں ہو خواہ وہ راولپنڈی کے بارانی علاقہ میں ہو اس کو مالیہ کی ادائیگی سے مستثنیٰ قرار دیا جائے ہمیں اس میں نہ کوئی عقل کی بات نظر آتی ہے نہ کوئی اصول کی بات نظر آتی ہے سوائے اس کے کہ سستی شہرت حاصل کی جائے اس کا اور کوئی نتیجہ نہیں ہو سکتا ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : I will now put the amendment to the vote of the House.

The question is :

> That in the proposed Resolution, the following be added at the end, namely :-
>
> "And in particular no Land-Revenue should be levied on land-holdings up to 12½ acres".

The motion was lost.

میر خدا بخش تالپور (تھر پارکر - ۴) - جناب والا - میں اس قرارداد کی تائید کرتا ہوں - مجھے افسوس ہے کہ آج وزیر مال ایوان میں موجود نہیں ہیں - مجھے امید ہے کہ میری گذارشات ان تک پہنچ جائیں گی -

جناب سپیکر - پچھلے سال سندھ میں مالیہ جو تھا اس کے مطابق ڈھل وصول ہوئی تھی - سندھ کی ڈھل سارے مغربی پاکستان میں زیادہ ہے - ہم چلاتے رہے ہیں کہ یکساں ڈھل ہونی چاہیے - وعدہ بھی کیا گیا لیکن پچھلے سال اس پر عمل نہیں ہوا - اس سال جو بل ہمیں پٹواری سے ملے ہیں ، وہ بھی بھاؤ کے مطابق ہیں - ہماری استدعا ہے کہ مالیہ ایک جیسا ہونا چاہیے - گورنر صاحب نے بھی کہا تھا کہ مالیہ کا یکساں ہونا ضروری ہے - یکساں نہ ہونے کی وجہ سے سندھ میں زرعی ٹیکس اتنا بڑھ جاتا ہے کہ سندھ کے کسی زمیندار یا آبادکار کا پورا نہیں پڑتا - اس معاملہ میں سوچ بچار کرنا چاہیئے اور مالیہ یکساں ہونا چاہیئے اور کم ہونا چاہیئے - زرعی ٹیکس اتنا زیادہ ہوتا ہے کہ کوئی آبادکار دے نہیں سکتا - اس لئے میں دیوان صاحب کی قرار داد کی تائید کرتا ہوں -

سردار منظور احمد خان قیصرانی (ڈیرہ غازی خان - ۱) - جناب والا - میں جناب دیوان صاحب کو جو کہ میرے بہت ہی پرانے دوست ہیں ، زیر بحث قرار داد پیش کرنے پر مبارک دینا چاہتا ہوں - میں اس امر سے پورے طور پر واقف ہوں اور مجھے علم ہے کہ دیوان صاحب کے دفاتر میں اقتصادیات ، زراعت ، سیاسیات ، معاشیات اور روحانیات یہ تمام شعبے قائم ہیں - میں یہ بات بڑے وثوق سے کہہ سکتا

ہوں کیونکہ مجھے ان کی خدمت میں رہنے کا بچپن سے شرف حاصل رہا ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ قیصرانی صاحب قرارداد پر بول رہے ہیں یا دیوان صاحب پر ۔

سردار منظور احمد خان قیصرانی ۔ آپ ذرا صبر کیجئے ۔ مجھے افسوس ہوتا ہے کہ اپوزیشن کے یہ دوست جب آئینی اور قانونی طریقے پر ہمیں بولنے کا حق ملتا ہے تو وہ اس پر چیں بہ جبیں ہوتے ہیں ۔ وہ اس میں مداخلت فرماتے ہیں ۔ اور وقت کا ضیاع کرتے ہیں ۔ ہمارے خیالات ہمارے دوستوں تک پہنچنے میں مانع ہوتے ہیں ۔ جناب والا ۔ ہم اس ہاؤس میں بیٹھ کر بڑی خندہ پیشانی سے ، بڑے حوصلے سے اور بڑے صبر سے ان کی باتیں سنتے ہیں ۔ جب ان کو بولنے کا یہ حق پہنچتا ہے تو ہم سمجھتے ہیں کہ ہمیں سننا چاہیئے ۔ میں مؤدبانہ التماس کروں گا کہ وہ ہماری گذارشات کو بڑے حوصلے سے ، بڑے تحمل سے ، بڑے صبر سے اور فراخدلی سے سنیں ۔ یہ حق انہیں نہیں پہنچتا ہے کہ ہمیں جب موقع ملے خواہ ایک منٹ کا ملے ۔ خواہ دو منٹ کا ملے ۔ ہو سکتا ہے کہ ہفتے کے بعد ملے ۔ ہو سکتا ہے کہ مہینے کے بعد ملے اور پھر یہ مداخلت فرمائیں ۔ (قطع کلامیاں) ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ میرا پوائنٹ آف آرڈر صرف یہ تھا کہ قیصرانی صاحب قرار داد پر بول رہے ہیں یا دیوان صاحب پر بول رہے ہیں ۔

سردار منظور احمد خان قیصرانی ۔ جناب والا ۔ یہ اگر ذرا حوصلہ فرماتے اور اس بے صبری کا مظاہرہ نہ فرماتے جو یہ اس ہاؤس کے اندر اور

اس کے باھر بھی فرما رہے ہیں تو یہ کسی نتیجے پر پہنچ جاتے ۔ لیکن ہوتا یہ ہے کہ ابھی بات منہ میں ہوتی ہے ، ابھی کوئی فقرہ منہ سے نکل نہیں چکتا کہ یہ پہلے اس کا نتیجہ اخذ کر لیتے ہیں ۔ جناب والا ۔ میں دیوان صاحب کی شخصیت کے متعلق کچھ کہنے کے لئے اور ان کو مبارک دینے کے لئے کھڑا ہوا تھا اور یہ بتانا چاھتا تھا کہ کس لئے میں مبارک دے رہا ہوں کہ . . . . .

مسٹر حمزہ ۔ ہم نے تو سمجھا کہ X X X X* (قطع کلامیاں)

Mr. Senior Deputy Speaker : The remarks made by Mr. Hamza are expunged from the proceedings of the Assembly.

Minister for Finance : These remarks are highly improper. We have great respect for Diwan Sahib. He is part of this legislature and to respect the person of the Member is the duty of every Member of this House and we implore, you will see to it, that in future no such attempt from any quarter is made which may even slightly injure the dignity and honour of any Member of this House.

دیوان سید غلام عباس بخاری ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ۔ اپوزیشن کے جتنے دوست یہاں موجود ہیں ، میں ان کے اخلاص اور آنکی نیک نیتی اور اس ایوان میں بیٹھ کر قومی خدمات کے متعلق وہ جو تحریکیں پیش کرتے ہیں ، ان کی بناء پر ان کی دل سے عزت کرتا ہوں ۔ لیکن آج جب کہ میں نے ایسے عوامی مسئلہ کی طرف توجہ دلائی ہے جس کے ساتھ میری ذات کا تعلق نہیں ہے بلکہ پورے ملک اور پورے صوبہ کا تعلق ہے تو میرے یہی دوست جو کہ عوام کی ھمدردی اور عوام کی نمائندگی کے لئے زیادہ تقریریں کرتے ہیں ، آج وہ میرے اس جرم کو اس طرح محسوس کر رہے ہیں کہ میں نے کیوں عوام کے لئے یہ آواز اٹھائی ہے کہ لوگ ٹیکسوں کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں ۔ وہ اس حد تک محسوس کر

*Expunged as ordered by the Senior Deputy Speaker.

رہے ہیں کہ آج وہ میرا نام میرے ایک دوست کے منہ سے نہیں سننا چاہتے جب کہ خود وہ ایک دوسرے کا ذکر کئی بار اس ایوان میں کر چکے ہیں - اور آج وہ یہ بھی دیکھنا چاہتے ہیں کہ میں اس ایوان میں موجود نہ رہوں اور دوسری دنیا میں پہنچ جاؤں - وہاں تو ہر ایک نے جانا ہے - حمزہ صاحب بھی ضرور جائیں گے اور میں بھی جاؤں گا - مگر میری کبھی یہ خواہش نہیں ہوتی کہ حمزہ صاحب ہم سے جدا ہوں اور جتنی وہ تقریریں کرتے ہیں ہم ان سے محروم ہو جائیں - مجھے افسوس ہو رہا ہے مگر میں اپنے دوستوں کی دل سے قدر کرتا ہوں - میں حیران ہوں کہ وہ میرا نام تک سننے کو برداشت نہیں کرتے - میں نے اس عوامی مسئلہ کی طرف اس معزز ایوان کی توجہ دلائی ہے جس کو وہ so called ہمدردی اور عوام کے جذبات کی ترجمانی کا ڈھنڈورا پیٹتے رہے ہیں -

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - یہ پوائنٹ آف افسوس تھا -

Mr. Senior Deputy Speaker : It was not a point of order anyway. Yes, Mr. Qaisrani may please continue his speech.

سردار منظور احمد خان قیصرانی - تو میں نے جو تذکرہ کیا تھا اور جن باتوں کا اظہار کیا تھا وہ بے محل نہیں تھا - اگر وہ غور فرماتے تو خود ہی اس نتیجہ پر پہنچ جاتے - جناب دیوان صاحب کے پاس تمام شعبہ جات میں تحقیق شدہ فائلیں موجود ہیں - اگر آپ ان کا مشاہدہ فرمائیں تو آپ دیکھیں گے کہ یہ واقعات ہیں اور یہ ایک حقیقت ہے کہ ہر شعبہ کے متعلق ان فائلوں میں انہوں نے ماہرین کی رائے لی ہوئی ہے اور ان کے پاس تمام ریکارڈ موجود ہوتا ہے - اس شعبہ کے لئے ان کا باقاعدہ ایک دفتر ہے مجھے اس دفتر میں جانے اور فائلیں دیکھنے کا شرف حاصل ہوا ہے ان کا یہ تخیل آج کا نہیں - سالہا سال پہلے سے ان کا تخیل

چلا آ رہا ہے ۔ میں وہاں دیکھ چکا ہوں اور آج انہوں نے اس تخیل کو ریزولیشن کی شکل میں ہاؤس میں پیش کر دیا ہے ۔ وہ اس وقت بھی ایک ریزولیشن frame کرنا چاہتے تھے ۔ جب سے وہ اس صوبائی اسمبلی میں آئے ہیں ان کی یہ خواہش رہی ہے کہ اس مسئلہ کو پیش کیا جائے ۔ اب اتنی مدت اور اتنے عرصہ کے بعد یہ موضوع بحث ہوا ہے اس لئے میں ان کو مبارک باد دیتا ہوں ۔ اور ان کی یہ دیرینہ خواہش تھی اور ان کے دماغ پر ایک بوجھ تھا ۔ وہ اپنے نظریات کو قوم کے نمائندوں کے سامنے پیش کرکے اس نظریہ کے تحت کہ وہ ادھر یا اُدھر نہ ہو جائے ایک بوجھ سے ہلکے ہو جائیں گے ۔ اب آپ فرمائیں کہ میں اپنے موضوع سے ہٹا ہوا تھا یا میری ابتدا صحیح تھی ۔ (نعرہ ہائے تحسین)

مسٹر حمزہ ۔ اس وقت بارہ بجے ہیں ۔

سردار منظور احمد خان قیصرانی ۔ اگر آج بارہ بجے مجھے تقریر کرنے کا موقع ملا ہے اس میں کوئی مضائقہ نہیں ۔ حمزہ صاحب کو تو اکثر ایسا موقع ملتا رہا ہے اور پھر اس کا زیادہ بوجھ ان پر ہو گا کیونکہ مجھے توشائد پھر موقع نہیں ملے گا ۔

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ میرے نام کے ساتھ سردار کا لفظ نہیں ہے ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ یہ پوائنٹ آف آرڈر نہیں ۔

سردار منظور احمد خان قیصرانی ۔ لیکن حمزہ صاحب تو ٹوبہ ٹیک سنگھ سے تعلق رکھتے ہیں ۔

وزیر خزانہ ۔ جناب والا ۔ یہ سردار کا لفظ اعزاز کا لفظ ہے ۔

He is head of his tribe.

سردار منظور احمد خان قیصرانی ۔ در اصل ان کے نظریات سے میرے دوست یہ نہ سمجھیں کہ اس سے حکومت پر نکتہ چینی کی گئی ہے ۔ ان کے یہ خیالات پہلے دن سے تھے ۔ اس سے پہلے بھی جب اور حکومتیں برسر اقتدار تھیں ۔ انہوں نے اپنے اس دیرینہ تخیل کو پیش کرنا چاہا اس سے آپ یہ نتیجہ اخذ نہیں کر سکتے کہ وہ موجودہ حکومت پر اعتراض کر رہے ہیں ۔ یا اس سے کسی کی سبکی ہو گی ۔ یا اس انداز میں لا رہے ہیں کہ آپ ان کے نظریات کو پسند نہیں کرتے ۔ یہ ان کا پرانا تخیل ہے ۔ پہلے جب انہوں نے اس کا اظہار فرمایا تو آپ نے اس کو نا مناسب سمجھا اور نا منظور کیا اس لئے اس کے متعلق کوئی بات کسی کے کریڈٹ میں یا کسی کے خلاف نہیں جاتی ۔ میں صرف انکو مبارکباد اس لئے دیتا ہوں کہ انکا جو دیرینہ خیال تھا وہ پورا ہوا ۔

مسٹر حمزہ ۔ یہ جاگیر دارانہ اور سرمایہ دارانہ ذہن ہے ۔

سردار منظور احمد خان قیصرانی ۔ آپ غور سے دیکھیں ۔ بعض وجوہ کے باعث یہ ایک عوامی ریزولیشن ہے ۔ پھر آپ اسے جاگیردرانہ فرما رہے ہیں ۔ مجھے تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ان کا ہر قول و فعل بالکل ایسے ہی ہوتا ہے جیسے وہ دن کو رات کہہ دیتے ہیں ۔ اس سے کوئی اچھا تاثر پیدا نہیں ہوتا ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ ۵ لاکھ کی آمدنی عوام کی نہیں ہوتی۔

سردار منظور احمد خان قیصرانی ۔ ان کو قوانین تو یاد ہیں ۔ ان کو legislation کے اصول یاد ہیں ۔ کیا یہ ترمیم اس قسم کی نہ لا سکتے تھے ۔ اور پانچ لاکھ کی بجائے ۵ سو یا ۵ ہزار کی کوئی ایسی ترمیم لا سکتے تھے ۔

دیوان سید غلام عباس بخاری ۔ ۵لاکھ تو highest ceiling ہے اگر ایک آدمی کی آمدنی دس ہزار ہے تو اس کے لئے میں چاہتا ہوں کہ وہ دس فیصد سے زیادہ ٹیکس نہ دے ۔ چھوٹا اور متوسط طبقہ بھی اس میں cover ہو جاتا ہے ۔ میری سمجھ میں یہ بات نہیں آتی کہ میرے دوست اس طرف توجہ کیوں نہیں دیتے ۔ میں تو چاہتا ہوں کہ چھوٹے سے چھوٹے آدمی پر دس فیصد سے زیادہ ٹیکس نہ لگ سکے ۔ اس کو appreciate کرنے کی بجائے وہ اسے جاگیردرانہ نظام بتا رہے ہیں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ ایک ترمیم پیش کی گئی تھی کہ ساڑھے بارہ ایکڑ والے کو چھوٹ دے دو لیکن آپ اس پر تو راضی نہ ہوئے ۵ لاکھ والے کو کس طرح چھوٹ دینا چاہتے ہیں ؟

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ بہتر یہ ہے کہ آپ اس پر تقریر فرمالیں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ ضرور کروں گا ۔

سردار منظور احمد خان قیصرانی ۔ میں فاروق صاحب سے توقع رکھتا ہوں کہ وہ حوصلہ سے سنیں گے ۔ ان کی خدمت میں گذارش ہے کہ اگر ان کو ۵ لاکھ کی تجویز پسند نہیں تھی تو ان کو چاہئے تھا کہ اس پر ترمیم لاتے لیکن جب انہوں نے سکوت فرمایا ۔ تو اب اس طرح یہاں بیٹھکر باتیں کرنا وقت کا ضیاع ہے اور یہ بات نامناسب معلوم ہوتی ہے ۔

جناب والا ۔ میں پھر اپنے محترم دوست کو اس بات کی بھی داد دیتا ہوں کہ انہوں نے اتنے مشکل ، اتنے دقیق اور عمیق اور اتنے گہرے سمندر میں چھلانگ لگا دی ہے جو انہی کے دل گردے کا کام تھا ۔ در حقیقت حساب کتاب اور ہم جیسے زمیندار یہ متضاد سی بات ہے ۔ مجھے ایک واقعہ

یاد آ گیا ہے - ۱۹۴۷ء سے پہلے تمام تجارت ہندوؤں کے ہاتھ میں ہوا کرتی تھی یہی لوگ حساب کتاب کرتے تھے - زمینداروں کے حساب کتاب کا کام بھی انہی کے سپرد تھا - میرے ایک دوست ۱۹۴۷ء میں بازار گئے وہاں جا کر کپڑا خریدا - دکاندار سے اس کا نرخ پوچھا - اس نے بتا دیا ۳/۶/۹ روپیہ فی گز اور اسے کپڑا لینا تھا چار گز دس گرہ - تو جناب جب دوکاندار نے پیسے طلب کئے -

مسٹر محمود اعظم فاروقی - تو پھر چوتھے درویش نے کیا کہا -

سردار منظور احمد قیصرانی - جو آپ فرمانا چاہتے ہیں -

چنانچہ میرے دوست کہنے لگے کہ بھائی جان میں تو -

مسٹر حمزہ - پوائنٹ آف آرڈر - کبھی تو وہ دیوان صاحب کی شخصیت کے بارے میں فرماتے ہیں کبھی کہتے ہیں کہ انہوں نے بحرالکاہل میں چھلانگ لگا دی ہے اور وہ غوطے کھانے لگے -

جناب سپیکر - جو فرار داد اس وقت ہمارے سامنے ہے یہ اس سے بالکل دور جا رہے ہیں - ضابطہ نمبر ۱۰۳ پڑھیں - اس میں معزز رکن کو پابند کیا گیا ہے کہ موضوع سے متعلق بات کریں غیر متعلق باتوں سے وقت ضائع نہ کریں -

سردار منظور احمد خان قیصرانی - بہر حال میری آواز صدا بہ صحرا ثابت ہو رہی ہے - وہ اپنا فرض ادا کرتے رہیں اور میں اپنے موضوع کی طرف آتا ہوں - میں موضوع سے نہیں ہٹ رہا - انشاءاللہ جس وقت بات ختم ہو گی آپ نتیجہ اخذ کر لیں گے کہ میں موضوع پر ہوں - یا اس سے الگ ہوں - وہ بے ربط ، وہ بے ضبط اور وہ بے قاعدہ انداز فکر ہے اور وہ ایسی باتیں کر رہے ہیں -

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ آپ یہ فرما رہے ہیں کہ حمزہ صاحب کا پوائنٹ آف آرڈر درست ہے کہ وہ موضوع سے ہٹ رہے ہیں لیکن وہ کہتے ہیں کہ موضوع سے ہٹا ہوا نہیں ہوں ۔ حقیقت یہ ہے کہ تمام تقریر موضوع سے ہٹی ہوئی تھی اور ایوان کا وقت ضائع ہو رہا تھا ۔

وزیر اطلاعات (مسٹر احمد سعید کرمانی) ۔ آپ کے اس دوست نے کیا کہا وہ تو بتائیے ۔

سردار منظور احمد خان قیصرانی ۔ اس دوست نے کہا کہ ایسا مجھے حساب نہیں آتا ۔ میں آج رات تمہارے ہی گھر پر رہوں گا ۔ میرے لئے کھانے کا انتظام کر دو اور میں رات کو حساب کر کے صبح پیسے دے کر چلا جاؤں گا ۔ تو جناب والا یہ حساب کتاب ہم زمینداروں کو نہیں آتا ۔ یہ بہت اہم مسئلہ ہے اور اسی لئے میں نے اپنے بھائی دیوان صاحب کو مبارکباد پیش کی ہے کہ اتنے کٹھن اور مشکل معاملے میں انہوں نے اپنا قدم اٹھایا ۔ اب جناب والا ۔ حزب اختلاف کے ممبر صاحبان یہ چاہتے ہیں کہ میں ضابطہ کے اندر اور ضابطہ کے مطابق ہی تقریر کروں تو میں عرض کروں گا کہ ہم زمینداروں کو ان ٹیکسوں کی وجہ سے کتنا تردد کرنا پڑتا ہے ۔ ملاحظہ ہو کہ زمیندار کو پہلا ٹیکس آبیانہ کے نام سے دینا پڑتا ہے ۔ آبیانہ وہ ٹیکس ہے کہ زمیندار اپنی فصل کے لئے پانی لیتا ہے تو اس کو آبیانہ کہتے ہیں اور دوسرا ٹیکس ضیاع کے نام سے لیا جاتا ہے ۔ آب ضیاع وہ ہے کہ اگر وہ کھیت میں چلا جائے اور اس سے کوئی فائدہ نہ اٹھائے تو اس سے جرمانہ کے طور پر یہ ٹیکس لیا جاتا ہے ۔ اسکے بعد ہم سے ایک وہ ٹیکس وصول کیا جاتا ہے جس کو پنجوترا کہتے ہیں یہ وہ ٹیکس ہے . . . .

مسٹر حمزہ ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب سپیکر ضابطہ ۱۰۲ کے تحت کوئی معزز رکن ۱۰ منٹ تقریر کر سکتا ہے چونکہ یہ ۱۵ منٹ سے تقریر کر رہے ہیں لہذا میں التجا کروں گا کہ ہمیں اس سزا سے بچایا جائے جسے ہم ۱۵ منٹ سے بھگت رہے ہیں ۔

میجر ملک محمد علی ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا میں آپ کی وساطت سے یہ نقطہ نظر حمزہ صاحب کی خدمت میں پیش کرنا چاہتا ہوں کہ اب ہمیں اس عذاب سے نجات دلائی جائے سنکر بڑا دکھ ہوا ہے ۔ حقیقت یہ ہے کہ ہم سارا سیشن آپوزیشن کے ۶ ممبر صاحبان کی تقریریں چاہے وہ relevant ہوں یا وہ irrelevant ہوں بڑے صبروتحمل سے سنتے ہیں اور اس میں مخل ہونے کی کوشش نہیں کرتے ہیں اور قطعی طور پر کوئی فقرہ چسپاں نہیں کرتے ہیں ۔ میں حمزہ صاحب سے ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ انہوں نے عذاب سے بچایا جائے نہیں کہا ہے بلکہ انہوں نے سزا سے بچایا جائے کہا ہے ۔

میجر ملک محمد علی ۔ میں حمزہ صاحب سے گذارش کروں گا کہ اگر انکو ہمارے جذبات کا احساس ہے تو وہ اس سے احتراز فرمائیں ۔

دیوان سید غلام عباس بخاری ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ایک تو ریزولیشن پر ممبر صاحبان کو حق ہے کہ وہ جس قدر چاہیں ٹائم لیں ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ دیوان صاحب یہ درست نہیں ہے ۔ جس رول کا انہوں نے حوالہ دیا ہے یہ درست ہے کہ قرارداد پر ہر ممبر ۱۰ منٹ بول سکتا ہے ۔

دیوان سید غلام عباس بخاری ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ حمزہ صاحب کے پوائنٹ آف آرڈر کی وجہ سے اتنا وقت سردار صاحب کی تقریر میں سے خارج کر دیا جائے ۔ اور انصاف سے ٹائم دیدیجئے ۔

رائے منصب علی خاں کھرل ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ میں یہ سمجھتا ہوں جیسا کہ میرے محترم بھائی نے فرمایا ہے ہم اپوزیشن کی ۔ ۔ ۔ ۔

Minister for Finance : Sir, you have already given a ruling and we don't want that ruling to be reviewed, but we want to understand it properly, so that we order our future accordingly. Now, Sir, rule 102, which my learned friend has quoted, and which you have been referring to is :

> "Save with the permission of the Speaker, a speech on a resolution shall not exceed ten minutes, except that the mover of a resolution, when moving it, and the Minister or the Parliamentary Secretary concerned may speak for thirty minutes each."

Your honour is competent to extend that time.

Mr. Senior Deputy Speaker : He never asked for permission.

Minister for Finance : Sometimes the permission is granted by the Speaker impliedly. Supposing I am speaking on a motion and even I go on far beyond ten minutes, the presumption is that the provision has been complied with by extending permission by implication. Those members, who were speaking beyond ten minutes, were speaking after getting your goodself's implied permission.

Secondly, and very relevant, Sir, especially relating to matters which require consideration while interpreting this rule 102. As my friend has said that while calculating ten minutes, the time spent on points of order raised from either side should be excluded in all fairness.

Mr. Senior Deputy Speaker : I allowed him to speak for more than ten minutes because his speech was interrupted more than once.

سردار منظور احمد خاں قیصرانی ۔ میری گذارش ہے کہ مہربانی فرما کر مجھے ایک بجے کی اجازت بخشی جائے ۔ میں ان لوگوں میں سے ہوں جن سے اسکا تعلق ہے ۔ میں ایک کم گو آدمی ہوں میں کبھی ہاؤس کا وقت ضائع نہیں کرتا جب آج مجھکو موقع ملا ہے تو

مجھکو پورا وقت دیا جائے اور یہ میں وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ یہاں پر بیٹھے بیٹھے میں نے دیوان صاحب کے اس ریزولیوشن پر قلم اٹھایا اور یہ notes تیار کئے ہیں میرے پاس اس سے پہلے کا لکھا ہوا ایک فقرہ بھی نہیں ہے جو کچھ میں نے سوچا ہے ابھی سوچا ہے - یہ بھی کہنا غلط ہو گا کہ میں کسی پروگرام کے تحت کوئی لمبی تقریر کرنا چاہتا ہوں اس سلسلے میں جو کچھ میں نے notes تیار کئے ہیں اگر مجھکو وقت دیا جائے تو میں ان پر اظہار خیال کروں گا -

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر - اچھا آپ ۵ منٹ اور لے لیجئے -

ایک آواز - جناب والا یہ بہت زیادتی ہے -

سردار منظور احمد خان قیصرانی - جناب آپ اپنے فیصلہ پر غور فرمائیں میں صرف ان ہی notes کے متعلق - - - - -

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر - کوشش کیجئے کہ آپ ۵ منٹ میں تقریر ختم کر دیجئے -

وزیر اطلاعات - جناب یہ بخیلی ہے یہ رزاق نہیں ہے -

سردار منظور احمد خان قیصرانی - جناب میں نے ایک ٹیکس کا ذکر کیا تھا وہ آبیانہ ہے - دوسرا ٹیکس پنجوترا ہے - یہ کونسی رقم ہے ؟ یہ وہ رقم ہے جو نمبردار مالیہ کی وصولی کی خاطر اپنا حق‌الخدمت لیتا ہے اور وہ مالیہ ھی میں سے ایک شرح ہے - اسی میں سے وہ رقم وصول ہو کر کاشتکار اور زمیندار کی جیب سے نکلتی ہے جو کہ نمبردار لیتا ہے اور اسی کو پنجوترا کہتے ہیں - اس کے بعد ایک لوکل ریٹ ہے یہ وہ ٹیکس ہے یہ چھوٹے کاشتکار اور زمیندار دونوں ھی سے وصول کی جاتی ہے اور ڈسٹرکٹ

کونسل اسکو وصول کرتی ہے اور ڈسٹرکٹ کونسل ھی میں اسکا مصرف ھوتا ہے اور وہ دیہاتوں کی ترقیاتی سکیموں پر رقم صرف کیجاتی ہے اور یہ اسی مالیہ میں سے وصول ھوتی ہے ۔ مالیہ زمین کی مالیت پر لگاتے ہیں جسکا تناسب مقرر اور طے شدہ ہے ۔ پہلے بھی یہ بدلتا رھا ہے ۔ اکثر ھمیں اس سے بڑی تکلیفیں ھوتی ہیں اور یہ صرف موجودہ حکومت کا نظام نہیں ہے یہ پرانا تخیل ہے اور یہ کاشتکار اور زمیندار دونوں کیلئے بڑا تکلیف دہ ہے کیونکہ پٹواری سے لیکر تحصیلدار تک کو ھر فصل پر جانا پڑتا ہے اور ایک ایک زمین دیکھنا پڑتی ہے ۔ اور ایک ایک فصل دیکھنا پڑتی ہے اسکے بعد مالیہ کی تشخیص ھوتی ہےاس سلسلے میں مجھے ایک واقعہ یاد آیا ۔ اسکو بیان کرتے ھوئے میں موضوع سے نہیں ھٹوں گا ۔ ایک زمیندار آنکھ سے کانا تھا ۔ اسکی فصل بھی کانی تھی یعنی کمزور تھی ۔ پٹواری صاحب جو گرداوری کرنے گئے تو وہ بھی کانے تھے اور وہ جس گھوڑی پر سوار تھے وہ گھوڑی بھی کانی تھی ۔ زمیندار نے جو یہ موقع دیکھا کہ سب قسمیں ملتی ھوئی ہیں اور سب خصوصیات ملتی ھوئی ہیں تو اس نے سوچا کہ اگر میں یہ سب خصوصیات بیان کر دوں گا تو وہ ناراض ھو جائیگا ۔ اور اس کا کچھ اندازہ میں نے سوچا جو میں بیان کروں تو میرا مطلب حل ھو جائیگا ۔ تو وہ کہتا ہے خود کو دیکھو ۔ اپنی گھوڑی کو دیکھو۔ اپنی گاڑی کو بھی دیکھو اور مجھے بھی دیکھو ۔ مطلب یہ کہ سب کانے ہیں ۔ پٹواری علیحدہ گرداوری کرتا ہے تحصیلدار علیحدہ کرتا ہے نمبردار بھی کرتا ہے ۔ تو اس طرح جناب والا زمینداروں کو کئی قسم کے پاپڑ بیلنے پڑتے ہیں تب ایک مد کہیں جا کر پوری ھوتی ہے ۔ ایک اور فنڈ ہے شاھی مسجد کا چندہ ۔ وہ بھی مالیہ کی صورت میں وصول ھوتا ہے ۔

بڑا نیک کام ہے مگر تذکرہ تو اسکا ضرور کیا جائیگا ہم خود اپنے علاقے کی مساجد کیلئے فنڈ اکٹھا کرتے ہیں لیکن زمینداروں سے یہ اور ٹیکس ہے جو وصول کیا جاتا ہے ۔ پھر اس کے بعد ان تمام ٹیکسوں کو جمع کرتے ہیں - پھر زرعی انکم ٹیکس لگتا ہے - جتنی وصولی کسی زمیندار کو زیادہ ہو اسی تناسب سے اس کا ٹیکس بڑھتا ہے اور بھی ٹیکس کافی تعداد میں ہیں جو زمینداروں کے اوپر پڑتے ہیں - پھر موت ٹیکس بھی وصول کیا جاتا ہے - ڈیوٹی ٹیکس ہے جو محکمہ وصول کرتا ہے وھی تشخیص کرتا ہے - اس میں بنیادی غلطی یہ بھی ہے کہ وہ یوں ہونا چاھئے کہ جس محکمہ نے ٹیکس وصول کرنا ہو وہ علیحدہ ہو الگ ہو اور تشخیص کرنیوالا الگ ہونا چاھئے تو یہ غلطی رہ گئی ہے - ابتدا ھی سے یہ غلطی چلی آ رھی ہے - اب یونین کونسل کی سطح پر آئیے - چولھا ٹیکس ہے - جہاں آگ جلتی ہو جہاں چولھا ہو وھاں ٹیکس لگا دیتے ہیں اور وہ یونین کونسل وصول کرتی ہے - یہ درست ہے کہ ٹیکسوں سے حاصل کردہ رقم اصلاحی کاموں میں صرف ہوتی ہیں جہاں تک ان ٹیکسوں کا تعلق ہے وھاں یہ ضرور کہنا پڑتا ہے کہ زیادہ تعداد میں ہیں - ہر بالغ پر بھی ٹیکس ہے - پیدائش پر ٹیکس ہے یعنی جب لڑکا پیدا ہوتا ہے تو خوشی کا موقع ہوتا ہے تو یہ ٹیکس لوگ دیتے ہیں - اسی طرح شادی پر ٹیکس وصول کیا جاتا ہے - پھر جو دوسری شادی کرنا چاھے اس پر بھی ٹیکس ہے -

وزیر خزانہ - ٹیکس ضروری ہے یا شادی ؟

سردار منظور احمد خان قیصرانی - ٹیکس ضروری ہے میں اپنے موضوع سے پرےنہیں جاؤں گا - یونین کونسل کی سطح پر پراپرٹی ٹیکس ہے دوسری شادی پر ٹیکس کی بات کر رھا تھا -

وزیر خزانہ - ہماری بہنیں اس ٹیکس کی پرزور تائید کرتی ہیں کہ اس کو بیشک بڑھا بھی دیا جائے ۔

سردار منظور احمد خان قیصرانی - جو دیوان صاحب کا ریزولیوشن ہے میں اس طرف آرہا ہوں - اتنے جو ٹیکس ہیں کیا ان کے متعلق سوچا جا سکتا ہے کہ کسی مقام پر ہم اپنے محاصل بھی پورے وصول کریں - آئے دن ہمیں تکلیف کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے - ہم اپنی تکالیف سے نجات حاصل کرنا چاہتے ہیں - پراپرٹی ٹیکس ، ہاؤس ٹیکس اور پھر ٹال ٹیکس اب لگا دیا گیا ہے اس میں ایک دو روپے اور بھی اضافہ ہو گیا ہے جو ہم کو ادا کرنا پڑتا ہے - کارپوریشن میں بھی ٹیکسوں کی بھرمار ہے واٹر ٹیکس ، بجلی کا ٹیکس ، گاڑیوں پر ٹیکس ، سکوٹر ٹیکس ، موٹر سائیکل ٹیکس ، بسوں اور ٹرکوں پر ٹیکس - مگر عملی طور پر یہ سوچنے کا مقام ہے کہ ان تمام ٹیکسوں کو ختم کر کے ہم کام کیسے چلا سکتے ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ یہ کسی صورت میں ممکن نہیں ہو سکتا یہ بڑا تکلیف دہ مسئلہ ہے - پھر آپ دیکھیں ان ٹیکسوں پر تشخیص ہوتی ہے اپیل در اپیل عدالتوں میں جانا پڑتا ہے وقت کا بھی ضیاع ہوتا ہے لیکن اس معاملے میں عجلت سے کام نہیں لینا چاہئے کیونکہ یہ بہت ہی اہم مسئلہ ہے اور اس کے نتائج بھی بہت اہم ہو سکتے ہیں - جناب والا - میں سمجھتا ہوں کہ ریزولیوشن میں کچھ خرابیاں اور نقائص بھی ہیں جنکے متعلق میں عرض کرنا چاہتا ہوں - یہ دراصل ایک فیصلہ کن بات ہے - میں نہیں کہہ سکتا کہ اس کی پوری طرح تائید کرنی چاہئے یا جزوی طور پر - عوام کو اس بوجھ سے ہلکا کرنا چاہتے ہیں اور امیر اور زردار پر بوجھ ڈالنا چاہتے ہیں -

مسٹر حمزہ - پوائنٹ آف آرڈر - جناب سپیکر - عرض یہ ہے کہ آپنے سوا بارہ بجے سے ان کو مزید پانچ منٹ کا وقت دیا اگر آپنے ان کو اتنا

لمبا وقت دینا ہے تو ہم یہ سمجھنے پرمجبور ہیں کہ آپ کی حکومت اس معاملے میں حمایت فرما رہی ہے تو بہتر ہے کہ ہم اس ہاؤس سے باہر چلے جائیں ۔

Khawaja Muhammad Safdar : I move that question be now put.

Begum Ashraf Burney : I should also get a chance.

مسٹر سینئر ڈپٹی سپیکر ۔ آپ تشریف رکھیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب سپیکر ۔ ٹھیک ۱۱ بجے اس موضوع پر بحث شروع ہوئی تھی ۔ ہمارے سامنے ۵ ریزولیوشن ہیں ۔ ڈیڑھ بجے اس ایوان کا وقت ختم ہو جائیگا ۔ یعنی ایک گھنٹہ باقی رہتا ہے ۔ پہلے ریزولیوشن پر ہم ڈیڑھ گھنٹہ صرف کر چکے ہیں اس لئے میں نے بحث ختم کرنے کی تحریک پیش کی ہے ۔ میں یہ وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ گورنمنٹ پارٹی نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ دوسرا ریزولیوشن جو حق رائے دہی بالغاں سے متعلق ہے اور پانچواں جو اس بارہ میں ہے کہ صدر آئندہ الیکشن لڑنے کی صورت میں ۹ ماہ پہلے اپنے عہدے سے ہٹ جائے ان تک بحث کی نوبت نہ آئے ۔ اس لئے دانستہ طور پر موجودہ بحث کو طوالت دی جارہی ہے ۔ اور قواعد کی خلاف ورزی دانستہ طور پر کی جا رہی ہے ۔ میں رول پڑھے دیتا ہوں ۔ اس میں ''لفظ'' 'reasonable' تحریر ہے ۔

"179 (1) At any time after a question has been proposed, a Member rising in his place may claim to move. 'That the question be now put', and unless it appears to the Chair that such motion is an abuse of the rules or an infringement of the right of reasonable debate,"

اب آپ یہ اندازہ کر لیں کہ reasonable debate ہو چکی ہے یا نہیں ۔

"The question 'That the question be now put' shall be put forthwith and decide without amendment or debate."

"(2) when the motion 'That the question be now put' has been carried....."

so on and so forth.....

اب سوال یہ ہے کہ آپ نے فیصلہ کرنا ہے کہ ریزنیبل پر بحث ہو چکی ہے یا نہیں ۔ میرے دوستوں نے اس امر کا فیصلہ نہیں کرنا ۔ میں چیئر پر کسی قسم کی aspersion cast نہیں کرنا چاہتا ۔ لیکن اگر چیئر بھی پارٹی کا رکن ہوتے ہوئے پارٹی کے اس فیصلہ کی تکمیل میں معاونت کرنا چاہتی ہے تو ہمارے لئے کوئی اور راستہ نہیں ہو گا سوائے اس کے کہ ہم اس ایوان سے باہر چلے جائیں ۔

Minister for Finance (Mr. Ahmed Saeed Kirmani) : Sir, I would be the last man to say that Rule 179 should not be cared for. But, Sir, before you ask us to give your views about the motion moved by the Leader of the Opposition I would like to ask one very simple question through you from the Leader of the Opposition. He has been the Member of this august House for the last thirteen or fourteen years. Can he qoute a single instance during his stay, a very long stay, that on a Resolution only two speakers were allowed to speak and none else ? Can he quote a single instance ? If he could quote then, Sir, I will certainly prevail upon Members sitting on this side of the House to accede to his request and to allow the House to proceed with the next Resolution. But, Sir, kindly appreciate that it is a House which is composed of 155 Members and the House is seized of a matter of national importance. After all Sir, they are the representatives of the people. They have to tell the people that we went to the Legislature we have voiced your feelings with regard to the taxation structure in vogue in the country. After all they have a right to discuss this. They must express their feelings. They will be going to their electorate tomorrow and tell them that we did our duty to the best of our ability. If these people are deprived of their right to do their duty in a reasonable manner there is no point in having occupied these seats in the Assembly.

Kindly appreciate that the mover has moved a Resolution. After that Mr. Qaisrani stood up. He represents a particular point of view in the House—the point of view of the Zamindara community—a very important section of this House.

Then, Sir kindly appreciate that an amendment came from the Opposition side by my friend, Malik Miraj Khalid. Not less than four speakers participated in the discussion on the amendment. Now, since the amendment emanated from the Opposition we should break the Rule and we should allow more than two speakers. But since the Resolution has come

from this side of the House not more than two speakers should be allowed to speak. If you have allowed your men to speak on the amendment.....

Khawaja Muhammad Safdar: Only one Member spoke from this side.

Minister for Finance: I am sure he is understanding what I am saying.....On the amendment four speakers spoke and no objection was raised. On the main Resolution only two have spoken and the second gentleman has not even finished—he has worked hard, he has laboured, he has constructive views to offer and Government may be influenced by his ideas which may be for the betterment of the Province. The second man is still on his legs. There are other members too who wish to speak who represent—the area not of Sardar Sahib—some from the former NWFP, some from the former Punjab, some from the former Province of Sind and some from the backward areas. In all fairness when a Resolution of this importance is being discussed in the House the Members hailing from backward areas and from different regions entertaining different ideas should be allowed to express their views. If my friend, the Leader of the Opposition will insist then there will be left no scope for us but to say that what they preach outside the House they do not practice inside the House, according to the democracy, which they preach day night throughout the Province.

Khawaja Muhammad Safdar: Rules.

Minister for Finance: I am talking of Rules. Rules have to be interpreted to promote the interest of democracy and not to stifle it.

Khawaja Muhammad Safdar: To implement the decision of the Government Party.

Minister for Finance: I was submitting and I am sure that my learned and respectable friend, the Leader of the Opposition, will not be able to quote a single instance where a Resolution was allowed to be discussed and only two speeches were allowed.

Kindly appreciate that it is after a lapse of several years that a Resolution of far-reaching consequences has been moved by my friend, Diwan Syed Ghulam Abbas Bukhari. And, Sir, elections are reaching near. They have to go to their people. They have to tell them what they have done for them and if some attempt is made on their part to do something for the betterment of the electorate my friends sitting on that side want to stand in their way.

Kindly appreciate the spirit of the Resolution—to examine the existing taxation structure. If some relief can be provided by reshaping the structure where is the fault. Diwan Sahib has not moved the Resolution

Mr. Deputy Speaker : My previous order would also dispose of 133 which is by Malik Muhammad Akhtar., I find from the record that Mr. Hamza was refused leave to move him motion.

ARREST OF MIR RASUL BAKHSH TALPUR UNDER THE DEFENCE OF PAKISTAN RULES

Mr. Deputy Speaker : Now we will take up 64 by Mr. Hamza You have already moved it. I think probably the Home Minister wanted to reply today.

Minister for Home (Kazi Fuzlullah Ubedullah) : Mr. Speaker was pleased to ask me whether a Writ Petition has been filed in the High Court. My submission is that it was actually filed and it has subsequently been withdrawn. This is the information that I was asked to supply.

Mr. Deputy Speaker : That means he did go to the Court. The question is he availed of the opportunity of going the Court.

Khawaja Muhammad Safdar : Mr. Deputy Speaker, Sir, somebody on behalf of Mr. Rasool Bakhsh Talpur, who was neither authorised by him nor was he his agent, filed a writ petition.

Mr. Deputy Speaker : Who was he ?

Khawaja Muhammad Safdar : This information was given to me by Mr. Ali Ahmad Talpur, brother of Mr. Rasool Bakhsh Talpur.

Mr. Deputy Speaker : Who went to file a writ petition on his behalf ?

Minister for Home : I am not in a position to state who filed the writ petition.

Mr. Deputy Speaker : Can you tell on Monday ?

Minister for Home : Very well, Sir.

Mr. Deputy Speaker : This motion will be taken up on Monday.

No. 69 has also been put off till Monday by Mr. Speaker. I will now go on to 87. Malik Muhammad Akhtar.

(At this stage, Mr. Speaker occupied the Chair).

NEGLIGENCE OF GOVERNMENT IN NOT RECOVERING THOUSANDS OF BAGS FROM THE GODOWNS OF SUGAR MILLS AS ALLEGED BY MR. GHULAM MUHAMMAD KHAN LUNDKHAUR

Mr Speaker. Adjournment motion No. 87.

Malik Muhammad Akhtar : I had moved that, Sir.

Parliamentary Secretary (Chaudhri Imtiaz Ahmad Gill) : Sir, the adjournment motion had been moved by my friend, Malik Muhammad

Akhtar, yesterday. I oppose it on the ground that the facts contained in the adjournment motion are denied. The Provincial Government did not fail in recovering sugar from the godowns of some mills. Under the Food Department notification number so and so dated 17th October, 1968, all persons holding stocks of sugar whether as wholesalers or retailers and whethers in their own names or in the name of any other person were required to declare stocks held by them within 24 hours of the issue of notification. These Government orders applied to and covered sugar mills also.

Secondly, Sir, I oppose it because it deals only with a hypothetical case. The contention that thousands of bags were not recovered from the godowns of sugar mills is hypothetical. The number of sugar mills mentioned, of course by Malik Akhtar in his adjournment motion, is 22, though it is only 17 sugar mills which operated during the crushing season 1967-68. Two mills, namely, Sartaj Sugar Mills at Mandi Bahauddin and Husain Sugar Mills were under trial crushing.

Apart from these submissions I have got ample details with me but as the time of the House is very precious I would submit that the facts are totally denied. I would also submit that proper action has already been taken by the Government and also the measures adopted have shown that there is no sugar shortage any more. I would, therefore, request that the adjournment motion may be ruled out of order.

Malik Muhammad Akhtar: Sir, the allegation levelled in the motion has not been answered at all. The allegation is :

"مغربی پاکستان کی بائیس شوگر ملوں میں سے ۱۴ میں نواب
زادہ عبدالغفور خان کے حصے ہیں اور اب بھی ان ملوں
کے گوداموں میں کافی چینی ہے....."

Mr Speaker : That is not part of the Member's motion. The grievance is that the Government failed to recover thousands of bags from the godowns of 22 sugar mills.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, although a certain quantity has been recovered from the sugar mills but a huge amount is still underground with these mills. A statement in this behalf has been made by Mr. Lundkhaur.

Mr. Speaker : Where is the failure of the Government ?

Malik Muhammad Akhtar : It is the duty of the Enforcement Branch of the Food Department to recover this sugar. Sir, if you just look into the matter you will see that only a few days before they reverted to this sugar control they returned thousands of maunds of sugar to these sugar mill owners who black-marketed sugar at the rate of Rs. 85/- per maund. That is my contention.

Mr. Speaker : That is a separate matter. The Member wants to discuss the non-recovery of thousands of bags of sugar from the godowns 22 sugar mills.

Malik Muhammad Akhtar : I draw your attention to the speech made by Mr. Lundkhaur. He is a man who knows the lins and outs of this business. He is a sugar-cane producer and I give a lot of weight to his statement.

Mr. Speaker : Facts has been denied by the Government. They have already taken action in the matter. The motion is ruled out of order.

Mr. Speaker : Motions No. 91 and 232. Malik Muhammad Akhtar.

Minister for B. D. and Local Government (Mian Muhammad Yasin Khan Wattoo) : Sir, are these going to be moved today. Today is Friday. I would request that the rest of the adjournment motions may be taken up on Monday otherwise very little time will be left for legislative business.

Mr. Speaker : Alright. Rest of the adjournment motions will be taken up on Monday.

Minister for Home : It was discussed yesterday. This relates to the incident of firing on a Press Correspondent in Rawalpindi where Sher Bahadur was involved.

Malik Muhammad Akhtar : This is something else. This motion concerns the arrest of Sher Bahadur.

Mr. Speaker : That matter has been discussed. As stated by the Home Minister the matter is sub-judice. The motion is ruled out of order.

This disposes of motion No. 232. Next is 95. Does the Minister want that the rest of the motions be taken up on Monday.

Minister for B. D. and Local Government : That is my submission.

Mr. Speaker : Other adjournment motions will be taken up on Monday. We will now take up the Orders of the Day. The first motion is from Khan Abdul Sattar Khan Mohmand. (Not present) Both the Leader of the House and Deputy Leader are not present. Therefore I

should address the Law Minister and say that Members who give notice motions for extension of time should be present at least when the item approaches on the Orders of the Day.

Minister for Law (Mr. Allah Bachayo Ghulam Ali Akhund) : I will see, Sir, that they are present in future.

ACCOUNTS AND REPORTS LAID ON THE TABLE

Mr. Speaker : Part II of the Orders of the Day. The first motion is from the Finance Minister.

Minister For Finance (Mr. Ahmed Saeed Kirmani) : Sir, I beg to lay on the Table the following Accounts and Reports :—

(1) Appropriation Accounts of the Government of West Pakistan (Other than Railways) for the year 1966-67.

(2) Appropriation Accounts of Pakistan Western Railway for the year 1966-67.

(3) Report of the Comptroller and Auditor-General on the Accounts of the Government of West Pakistan for the year 1966-67 (Other than Railways).

(4) Report of the Comptroller and Auditor-General on the Accounts of the Pakistan Western Railway for the year 1966-67.

(5) Commercial Accounts of the Government of West Pakistan for the year 1966-67 and the Audit Report thereon.

(6) Finance Accounts of the Government of West Pakistan for the year 1966-67.

Mr. Speaker : Next motion is from the Parliamentary Secretary for Industries and Commerce.

Parliamentary Secretay (Industries & Commerce)(Sardar Muhammad Ashraf Khan) : Sir I beg to lay on the Table the Annual Report of the west Pakistan Industrial Development Corporation for the year 1966-67.

ORDINANCES

THE WEST PAKISTAN ESTABLISHMENT AND IMPROVEMENT OF PARKS AND HISTORICAL PLACES (LAHORE) REPEAL ORDINANCE, 1968. *(resumption of discussion)*

Mr Speaker : The House will now resume discussion on the West Pakistan Establishment and Improvement of Parks and Historical Places (Lahore) (Repeal) Ordinance, 1968.

Yes, Khawaja Muhammad Safdar.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ۔۱) ۔ جناب والا ۔ میں نے یہ ترمیم جو سیریل نمبر۸ پر درج ہے اس ایوان کی خدمت میں پیش کی تھی اور میں اس میں اس کی غرض و غایت عرض کر رہا تھا ۔

جناب والا میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اگر شق ۲ کی ضمنی شق ۱ کو بعینیہ اسی طرح رہنے دیا جائے جس طرح اس ہنگامی قانون میں ہے ۔ اس کا اثر یہ ہو گا کہ نہ صرف دوسرے قوانین مثال کے طور پر Land Acquisition Act میونسپل ایڈمنسٹریشن آرڈیننس وغیرہ یا ان کی کوئی شق اس شق سے متضاد ہو تو ان پر عمل درآمد نہیں ہو سکے گا اور ان کا آپریشن رک جائے

گا ۔ یہ تو ہوتا ہی ہے مجھے اس سے اختلاف نہیں ہے ۔ بعض قوانین میں اس قسم کی دفعات رکھ لی جاتی ہیں جو دوسرے قوانین کی دفعات سے متجارب ہوں تو ان کا الٹا اثر وقوع پذیر نہیں ہوتا ۔ لیکن اس میں یہ الفاظ بھی درج ہیں کہ اگر کسی عدالت نے خواہ وہ چھوٹی عدالت ہو یا بڑی عدالت ہو کوئی احکام صادر فرمائے ہوئے ہیں یا کسی کے حق میں ڈگری صادر کی ہوئی ہو تو اس کا اثر بھی زائل کر دیا جائے گا ۔ اس کو ختم کر دیا جائے گا ۔ یہ قانون نہ صرف مروجہ قوانین کے متضاد ہے۔ بلکہ اس کے ذریعہ عدالتوں کے احکامات کالعدم کرنے کی کوشش کی گئی ہے ۔ وہ عدالتیں جو اس آئین کے تحت جائز طور پر اور آئینی طور پر قائم کردہ ہیں ۔ عدالتوں کے احکام کو اب اس قانون کے ذریعہ ناجائز قرار دے دیا گیا ہے ۔

جناب والا ۔ آپ کو علم ہے اور اس معزز اسمبلی کے معزز اراکین کو بھی علم ہے کہ تقریباً دوسرے چوتھے روز صدر مملکت اور مسٹر ایس۔ایم ظفر مرکزی وزیر قانون اور کبھی کبھار محترم وزیر قانون اخوند صاحب کے اس قسم کے بیانات اخبارات میں آتے ہیں کہ یہاں قانون کی حکمرانی ہے ۔ یعنی اگلے ہی روز مسٹر ایس۔ایم ظفر نے کہا ہے کہ ہمیں عدلیہ کا بے حد احترام ہے ۔ جناب والا ۔ قانون کی حکمرانی .....کے متعلق جو میں سمجھ سکا ہوں (میرا مطالعہ کچھ زیادہ وسیع نہیں ہے) اس سے یہی مراد ہے کہ جو قانون لیجسلیٹو اسمبلی بنائے گی اس پر جو عمل درآمد ہوگا وہ قانون کی حکمرانی ہے یعنی اس قانون کو جو معنی عدالتیں پہنائیں گی اس کی پابندی کی جائے ۔

جناب والا ۔ خوش قسمتی سے یا بد قسمتی سے ۸ سال کی لگاتار مقدمہ بازی جس کے متعلق میں عرض کر رہا ہوں اسکی مالکان اراضی ہی ذمہ دار نہیں بلکہ اسکی بہت حد تک گورنمنٹ ذمہ دار ہے کیونکہ مالکان اراضی نے تو ہائی کورٹ میں مقدمہ جیت لیا تھا اس کے خلاف امپرومنٹ ٹرسٹ نے سپریم کورٹ میں اپیل کرائی جو بعد میں خارج ہو گئی ۔ گورنمنٹ کو چاہیے تو یہ تھا کہ اس اپیل کے فیصلہ کے مطابق مالکان اراضی ان کی قیمت ادا کر دیتی لیکن گورنمنٹ نے اس ملک کی سب سے بڑی عدالت کی پرواہ نہ کرتے ہوئے لیت و لعل شروع کر دی ۔ مالکان اراضی نے درخواستیں دیں ۔ مالکان اراضی نے نوٹس دیے اور آخر کار تنگ آ کر انہوں نے رٹ پٹیشن داخل کر دی ۔ وزیر قانون صاحب کا یہ گلہ ناواجب اور ناروا ہے کہ مالکان اراضی گزشتہ ۸ سال سے اس معاملہ کو التوا میں ڈالتے رہے ہیں ۔ مالکان اراضی نے تو پہلے روز ہی خواہش کی تھی کہ ہمیں قیمت مل جائے ہم زمین چھوڑ دیتے ہیں لیکن ۸ سال کی لگاتار مقدمہ بازی کے بعد آج اس قانون کے ذریعہ سے قانون کی حکمرانی کے دعوے دار یہ حکم دیتے ہیں کہ سپریم کورٹ کا جو فیصلہ ہے یا ہائی کورٹ کے جو فیصلہ جات ہیں ان کو کالعدم قرار دیا جائے ۔ کیا یہی قانون کی حکمرانی ہے ؟ کیا یہی قانون کی حکمرانی جو امپرومنٹ ٹرسٹ یا صوبائی حکومت سے بلند و بالا ہے کہ وہ اپنی مرضی سے اور اپنے ڈھب سے قانون کا حلیہ بگاڑ رہے ہیں اور اس قانون میں ترمیم کر رہے ہیں ۔ اگر قانون کی حکمرانی اس ملک میں ہے جیسا کہ اس آئین میں درج ہے

تو اسکا مطلب یہ ہے کہ صوبائی حکومت ہو ۔ مرکزی حکومت ہو ۔ امپرومنٹ ٹرسٹ ہو ۔ کارپوریشن ہو یا کوئی اور پرائیویٹ فرم ہو سب کے سب اس قانون کی پابندی کریں گے لیکن یہاں قانون کی پابندی کرنے کی بجائے یہ حکومت اس قدر کینہ پرور ہے کہ وہ دیکھتی ہے کہ سپریم کورٹ نے ہمارے خلاف فیصلہ دے دیا ہے تو کینہ پروری کے جذبات کے تحت اس اسمبلی میں اکثریت کے بل بوتے پر قانون میں ترامیم کرانا چاہتے ہیں ۔

جناب والا ۔ ان مختصر سی گزارشات کے بعد آپ کے توسل سے اس معزز ایوان کے معزز اراکین سے درخواست کروں گا کہ یہ درست ہے کہ آپ حکومتی پارٹی سے تعلق رکھتے ہیں لیکن حکومتی پارٹی کے جائز اور ناجائز کاموں میں امتیاز کیا جائے ۔ اگر آپ ان میں امتیاز نہیں کریں گے تو اس کے نتائج ملک کے لیے برے ہوں گے ۔ آج ایک فرد کو نقصان پہنچایا جا رہا ہے کل کو ایسے کام بھی ہو سکتے ہیں جس سے قومی مفاد کو ٹھیس پہنچے آپ اس پر بھی انگوٹھہ لگانے کے لیے تیار ہوں گے تو پھر اس قوم اور اس ملک کا خدا حافظ ہے ۔ شکریہ

مسٹر حمزہ (لائلپور ۔۶) ۔ جناب سپیکر ۔ اگر حکومت ایک فرد کو نقصان پہنچاتی تو مجھے اتنا شدید اعتراض نہ ہوتا ۔ میرے نقطہ نظر سے ہماری حکومت اس ہنگامی قانون کو جاری کر کے محض ایک فرد کو یا ایک خاندان کے افراد کو ناواجب طور پر سزا نہیں دے رہی ہے بلکہ یہ

اس ملک کے قانون ساز ادارے ۔ عدالت عالیہ اور آئین کی بھی توہین کر رہی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ امپرومنٹ ٹرسٹ کی حیثیت ایک ملک کی نہیں بلکہ ایک ادارہ کی ہے جو ایک خاص کام سرانجام دینے کے لیے معرض وجود میں آیا ہے ۔ اگلے دن جناب وزیر قانون فرما رہے تھے کہ زمین کو جس غرض کے لیے استعمال کیا جانا تھا ، اس مقصد کی تکمیل میں تاخیر کا موجب میاں افتخارالدین اور ان کے وارثان ہوئے ہیں ۔ اگر یہ معاملہ عدالتوں میں نہ گیا ہوتا تو میں یہ سمجھتا کہ وزیر قانون صاحب کو اس قسم کی بات کہنے کا حق حاصل تھا ۔ لیکن اس ملک کی محض عدالت عالیہ ہی نہیں بلکہ سپریم کورٹ بھی یہ فیصلہ دے چکی ہے کہ ہماری حکومت اور لاہور امپرومنٹ اپنے اختیارات سے تجاوز کرتے رہے ہیں میں ان کے سامنے عدالت عالیہ کے ایک فیصلے کا ایک حصہ پڑھ کر سناتا ہوں ۔ ۱۹۶۳ء کے آرڈیننس کے بارے میں عدالت عالیہ نے یہ احکامات صادر فرمائے تھے ۔ ان کے فیصلے میں یہ الفاظ درج تھے ۔

"The result is that the compensation already awarded by the Collector has not been confirmed. The proceedings for acquisition, therefore, will be deemed to be pending before the Collector and he will proceed to determine the compensation of the land covered by the scheme according to the provisions of the Land Acquisition Act. The

material for determination of the market value will be the 6th May, 1962.

In view of the matter we take, we pass the following order.—

(a) The proceedings taken for the determination of the compensation, being beyond the scope of Martial Law Order No. 126, have not been validated by Ordinance XXII of 1963 and are hereby quashed ; and

(b) The Land Acquisition Collector is directed to take appropriate steps for determining the compensation of the land of the petitioners in accordance with the provisions of the Land Acquisition Act."

جناب سپیکر ۔ جب عدالت عالیہ نے یہ فیصلہ صادر فرما دیا تو حکومت کا فرض یہ تھا کہ وہ ان کے اس فیصلے کو تسلیم کرتی ۔ لیکن اس کی بجائے حکومت نے یہ مناسب سمجھا کہ عدالت عالیہ کے اس فیصلے کے خلاف سپریم کورٹ میں اپیل کرے ۔ اور سپریم کورٹ نے بھی ہائی کورٹ کے اس فیصلے کو جائز ، برحق اور مناسب قرار دیا ۔ جناب سپیکر ۔ درحقیقت Land Acquisition Collector کے اس فیصلے میں یہ درج ہے کہ میاں افتخارالدین یا اس کے وارثان اس سکیم پر عملدر آمد ہونے میں حائل نہیں ہوئے کیونکہ انہوں نے شروع ہی سے معقول رویہ اختیار کیا تھا ۔ جس کے ذریعہ انہوں نے اپنے ذاتی اور اپنے اردگرد کے چند ہمسائیوں کے معقول

اور جائز مفادات کی حفاظت کرنے کا عزم کیا تھا ۔ جناب سپیکر ۔
Land Acquisition Collector نے اپنے فیصلے میں لکھا ہے کہ حکومت نے جو
شہادت اور دستاویز پیش کی ہیں ان کی رو سے اس زمین کی قیمت ۶۵۰ روپے
سے لے کر ۹۵۰ روپے فی مرلہ ہے ۔ حکومت نے جو شہادتیں پیش کیں
ان کے مطابق Land Acquisition Collector یہ بات کہنے پر مجبور تھے کہ
اس زمین کی قیمت ۶۵۰ روپے فی مرلہ سے لے کر ۹۵۰ روپے فی مرلہ ہے ۔
اور اسی ثبوت کی بنیاد پر انہوں نے جناب میاں افتخارالدین یا ان کے وارثان
کے مطالبہ (ایک ہزار روپیہ فی مرلہ) کو مناسب اور برحق قرار نہیں دیا ۔
بلکہ حکومت کی اپنی شہادتوں کے مطابق اس زمین کی قیمت ۶۰۰ روپے
فی مرلہ قرار دی ۔ میں حیران ہوں کہ جناب کمشنر صاحب نے جب اس
award پر ۹ مارچ ۱۹۶۸ء کو مہر تصدیق ثبت کر دی تو اس کے باوجود
حکومت نے ہنگامی قانون جاری کر دیا ۔ ۔الانکہ کافی عرصہ حکومت اس ملک
کے تمام قانون ساز اداروں ، عدالت عالیہ اور سپریم کورٹ کی توہین کرتی
رہی تھی ۔ لیکن اس کے باوجود ان کو یہ احساس نہ ہوا ۔ کہ اس قسم
کا کام کر کے یا اس قسم کا ہنگامی قانون جاری کر کے وہ محض خود ہی
بد نام نہیں ہو گی بلکہ ان اداروں کی توہین کی مرتکب بھی ہو گی ۔

جناب سپیکر ۔ درحقیقت حکومت نے ان زمینوں کے مالکان پر کوئی احسان نہیں کیا ۔ بلکہ انہوں نے ایک لحاظ سے قوم کا نقصان کیا ہے ۔ قوم کا نقصان اس لئے کہ اگر یہ عدالت عالیہ کے فیصلے کو تسلیم کر لیتے تو سود کی وہ رقومات جو اب لاکھوں تک پہنچ چکی ہیں اور جن کا بار اب امپرومنٹ ٹرسٹ کو اٹھانا پڑے گا ۔ یہ لاکھوں روپے کی رقومات ان افراد کو ادا نہ کرنی پڑتیں ۔ دراصل آج وہ اس جواز کو لے کر سامنے آئے ہیں کہ اب یہ سکیم منفعت بخش نہیں رہی ۔ اگر یہ سکیم آج منفعت بخش نہیں ہے تو اس کی تمام تر ذمہ داری ہماری حکومت پر ہے ۔ آپ کو ذاتی طور پر علم ہے کہ اس حکومت کی سرکردگی میں کوئی بھی صنعتی یا کاروباری ادارہ جب بھی چلایا جاتا ہے تو بجائے اس کے کہ قوم اور ملک کو اس سے منافع حاصل ہو ہمیشہ گھاٹا اور نقصان برداشت کرنا پڑتا ہے ۔ اس لئے اس سکیم کو بھی غیر منفعت بخش بنانے کی تمام تر ذمہ داری حکومت پر عائد ہوتی ہے اور یہ کیا وجہ ہے کہ غلطیاں ، زیادتیاں اور قانون شکنیاں تو حکومت کرے یا امپرومنٹ ٹرسٹ کی جانب سے حکومت کے کہنے کے مطابق کی گئیں اور ان کا خمیازہ ایک ایسا خاندان بھگتے جو کہ ان کی تمام تر زیادتیوں اور قانون شکنیوں کے خلاف شروع ہی سے آواز بلند کرتا رہا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ Land Acquisition Act کے تحت ایک بار جب زمین کا قبضہ لے لیا جائے اس کے بعد دوبارہ اس زمین کو مالک کو لوٹایا نہیں جاتا ایک وقت تو وہ تھا کہ جس وقت ۱۹۶۳ء میں اس ایوان میں جناب ملک قادر بخش صاحب یہ فرما رہے تھے کہ اگر اس سکیم پر فوری طور پر عمل نہ کیا گیا تو اس صوبہ کا بہت بڑا نقصان ہو گا اور وہ افراد جو تاخیر کا موجب ہوں گے "وہ قومی نقصان کر رہے ہوں گے" اور ہماری جانب سے جب اس پر اعتراض کیا گیا تو اس کو بے معنی اور غیر ضروری قرار دیا گیا ۔ لیکن میں حیران ہوں کہ اب جب کہ ۱۹۶۳ء کے ہنگامی قانون کو پاس ہوئے ۵ سال گذر چکے ہیں ۔ آج پھر یہ حکومت ہمارے سامنے آئی ہے اور ہمیں یہ کہتی ہے کہ جو کچھ اس سے پہلے یہ کر چکی ہے اس کو بیک جنبش قلم ختم کرنے کے اختیارات اس کو دے دیئے جائیں ۔ یہ کسی لحاظ سے بھی مناسب نہیں ہے ۔ یہ انصاف کے اصولوں کے منافی ہے ۔ بلکہ اس طرح ہو سکتا ہے اور ہمیں یقین ہے کہ حکومت اپنے مقاصد میں اپنی غلط کاریوں میں کامیاب نہیں ہو گی اور اس کے ساتھ ساتھ بدنامی جو شروع سے ہوتی رہی ہے اور اس کے حصے میں آتی رہی ہے اس میں بہت سا اضافہ ہوتا رہے گا ان معروضات کے پیش نظر میں التجا کرتا ہوں کہ خواجہ صفدر صاحب کی ترمیم کو منظور کر لیا جائے ۔

میجر محمد اسلم جان (راولپنڈی - ۱) - جناب والا - خواجہ محمد صفدر صاحب اور حمزہ صاحب نے فرمایا ہے کہ ۱۹۶۳ء میں حکومت کا خیال تھا کہ اگر پندرہ روز کے اندر اندر میاں افتخارالدین کی زمین نہ لے لی گئی تو حکومت کو بے انتہا نقصان پہنچے گا - اور اس سے عوام کو اور ملک کو نقصان پہنچے گا - اس سکیم کے متعلق جب ایک award مقرر ہو گیا تو معاملہ ہائی کورٹ میں گیا - ہائی کورٹ نے فیصلہ کیا تو پھر وہ معاملہ سپریم کورٹ میں گیا - سپریم کورٹ نے فیصلہ ان کے حق میں کیا اور award مقرر ہوا - وہ award ان شہادتوں پر مبنی ہونا چاہیے تھا جو حکومت نے خود پیش کیں کہ یہ ایوارڈ ۶۰۰ اور ۹۵۰ روپے کے درمیان ہونا چاہئے لیکن اس کے باوجود ۶۰۰ روپے پر award دیا گیا - میاں افتخارالدین کا انتقال ۶ جون کو ہوا اور اس وقت فوراً اس award کی تصدیق کر دی گئی اس کے باوجود میاں صاحب مرحوم کے بچوں اور بیوہ نے یہ کہا کہ جو روپیہ آپ نے ہمیں دینا ہے مہربانی کر کے ہمیں دے دیں جو زمین لینی ہے وہ لے لیں - تاخیر ان کے وارثان کی طرف سے نہیں ہو رہی تھی بلکہ یہ تمام تاخیر حکومت کے نمائندوں اور مشیروں کی طرف سے ہو رہی تھی - پھر انہوں نے جیسا کہ پہلے عرض کیا جا چکا ہے - وہاں پلاٹ بنائے اور ان کو نیلام کر دیا -

Mr. Speaker : Please be relevant to the amendment.

میجر محمد اسلم جان ۔ جناب والا ۔ قانون کی جو شق یہ نکالنا چاہتے ہیں کہ award میں جو فیصلے ھائی کورٹ اور سپریم کورٹ نے کئے ہیں ۔ وہ بھی ان پر لاگو نہ ہوں تو میرا خیال ہے کہ ہم عدلیہ کا اس ایوان میں مذاق نہیں بنائیں گے ۔ اگر وہاں پر یہ فیصلے ہو چکے ہوں اور حکومت نے ان فیصلوں کو مان لیا تھا تو اب کیا وجہ ہے کہ پانچ برس کے بعد ان فیصلوں سے منحرف ہونا چاہتے ہیں ۔ اس لئے میری یہ التجا ہے کہ خواجہ صاحب کی ترمیم کو منظور فرمائیں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی-۸) ۔ جناب والا ۔ اس ہنگامی قانون کی دفعہ ۳ کی پہلی شق میں یہ درج ہے ۔

وزیر آبپاشی (مخدوم حمیدالدین) ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب نے کیا ان کو اجازت دے دی ہے ۔ کہ فاروقی صاحب بیٹھ کر تقریر کریں ۔

مسٹر سپیکر ۔ بیٹھ کر تقریر کریں ۔

وزیر آبپاشی ۔ جی ہاں ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ بیٹھ کر تقریر کر رہے ہیں ۔ (قہقہہ)

خواجہ محمد صفدر ۔ اچھا ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ ٹھیک ہے ۔ اب ان کو کوئی فرد نظر نہیں آتا آپ کی آنکھوں میں قوت کا نشہ ہے ہم آپ کو کیسے نظر آئیں گے ۔ جب کسی کی آنکھوں میں قوت کا نشہ ہو تو پھر انسان نظر نہیں آتے ۔

جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ قانون کی دفعہ ۴ کی شق نمبر ۱ میں یہ درج ہے کہ ملک کے کسی قانون میں کوئی بھی چیز موجود ہو یا ملک کی کوئی عدالت کوئی فیصلہ کر چکی ہو یا کرنے والی ہو یا کر رہی ہو ان سے قطع نظر امپرووومنٹ ٹرسٹ کو یہ اختیار ہے کہ وہ فلاں فلاں کام کرے ۔ اس قانون میں خواجہ صاحب نے جو تجویز فرمائی ہے اس کا صرف اتنا حصہ نکال دیا جائے کہ عدالت عالیہ یا کسی عدالت کے فیصلہ کا امپرووومنٹ ٹرسٹ پابند ہوگا یعنی امپرووومنٹ ٹرسٹ کو یہ اختیار تو پھر بھی موجود رہے گا کہ ملک کے کسی دوسرے قانون سے صرف نظر کرتے ہوئے اس قانون کے تحت احکامات کرے لیکن عدالت کے فیصلہ کو over-write کرنا اس کے اختیار میں نہیں ہوگا ۔ یہ ہے اس ترمیم کا منشا اور مقصد ۔ قانون کی اس شق کے بارے میں بہت ہی ہلکا لفظ استعمال کروں گا اور بہت ہی سوچنے کے بعد اردو زبان میں اس سے ہلکا لفظ نہیں پا سکا ۔ کہ یہ پورے اسلامی نظام زندگی کی تحقیر اور اس کی تذلیل کے مترادف ہے ۔ ایک طرف قانون کی

شق ہمارے سامنے ہے ۔ دوسری طرف اسلام کے واضح احکام ہمارے سامنے ہیں کہ عدل و انصاف کے تقاضے تمام التظامی ضروریات سے بالاتر ہوں ۔ عدالت کے فیصلے کے سلسلہ میں جب میں اسلامی چودہ سو سالہ تاریخ پر نظر ڈالتا ہوں تو میں دیکھتا ہوں کہ ایک ثالث کے فیصلے کے سامنے ہمارے نبی کریم صلی‌اللہ و علیہ وسلم کا سر بھی خم ہے ۔ ایک جج کے فیصلے کے سامنے حضرت عمر فاروق جیسے با جبروت اور با قوت حکمران کے سر کو جھکا ہوا دیکھتا ہوں ۔ میں دیکھتا ہوں کہ حضرت علی کرم اللہ وجہ جیسا مقتدر شخص بھی عدالت کے فیصلے کے سامنے زبان کھولنے کی گنجائش نہیں رکھتا ۔ایک طرف اسلام کی تاریخ میرے سامنے ہے ۔ ایک طرف اسلام ایک طرف اسلامی مقتدر ہستیوں کی طرز زندگی میرے سامنے ہے ۔ صرف اتنا ہی نہیں بلکہ اسلام کے گرے ہوئے زمانہ میں خلفائے عباسیہ اور خلفائے امیہ کے زمانے میں جب کہ بہت سی برائیاں اسلام میں نفوذ پا چکی تھیں ۔ اس تاریخ کو بھی جب میں دیکھتا ہوں ۔ کہ بڑے بڑے با جبروت خلیفہ جن کی تلوار نیام میں نہیں جاتی‌تھی جن کے پیروں کے نیچے دنیا کی بڑی بڑی سلطنتیں زیرنگیں تھیں جن کے سامنے بڑے بڑے با جبروت لوگوں کا پتہ پانی ہوتا تھا ۔ وہ بھی جب اپنے ملک کی عدالت کے سامنے جاتے تھے ۔ تو عدلیہ

کے فیصلے کے سامنے ان کے سرخم ہوتے تھے ۔ ایک طرف میرے سامنے اسلام کی یہ تعلیم ہے اسلام کے زریں ستاروں کی یہ زندگی ہے ۔ اسلام کی تاریخ کے یہ زریں واقعات ہیں ۔ دوسری طرف میں اس قانون میں یہ دیکھتا ہوں کہ حکومت لاہور امپروومنٹ ٹرسٹ کو یہ اختیار دیتی ہے ۔ کہ ملک کی عدالت عالیہ کوئی فیصلہ کرتی ہے ۔ تو کرے ۔ ملک کی سپریم کورٹ کوئی فیصلہ کرتی ہے ۔ تو کرے ۔ ان تمام فیصلوں کو قطع نظر کرتے ہوئے تم کو یہ اختیار ہے ۔ کہ تم اس قانون کے تحت فلاں فلاں اقدام کرو ۔

میں آپ کے توسط سے ان وزراء کرام اور اس حکومت کے سامنے کہنا چاہتا ہوں جس کے آپ نمائندے ہیں ۔ کہ تم دنیا میں یہ بانگ وہل یہ کہہ رہے ہو ۔ کہ اس ملک میں Rule of Law قائم ہے ۔ قانون کی حکومت قائم ہے ۔ قانون کی حکومت کو اس ملک میں برپا کرنا چاہتے ہو ۔ میں تم سے پوچھتا ہوں ۔ کہ جس ملک میں عدالت عالیہ کے فیصلہ کو لاہور امپروومنٹ ٹرسٹ کا چیئرمین بار خاطر میں نہ لائے ۔ اور اسے صرف نظر کر سکے ۔ کیا یہ قانون کی حکومت ہے ۔ اگر یہ ہے ۔ تو پھر لا قانونیت کس کو کہتے ہیں ؟ اور کالا قانون کس کو کہتے ہیں ؟ آمریت کس کو کہتے ہیں ؟

جناب والا ۔ میں صرف یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اس قانون کا صرف یہی اثر نہیں ہو گا ۔ اگر صرف میاں افتخارالدین کی جائداد کا مسئلہ ہوتا تو میں شاید ایوان کا اتنا وقت نہ لیتا ۔ ایک فرد کی جائداد کا حاصل کرنا اور حاصل نہ کرنا یہ معمولی چیز ہے لیکن یہ مسئلہ تو ملک میں قانونی حکومت جاری کرنے کا مسئلہ ہے ۔ یہ مسئلہ ملک کی آئندہ نسلوں کو قانونی تربیت دینے کا مسئلہ ہے اگر قانون بنانے والے خود اس کے احترام کو صرف نظر کریں ۔ قانون بنانے والے قانون بنائیں اور پھر اس کو اپنے پیروں تلے روند دینے کی گنجائش رکھیں تو میں پوچھتا ہوں کہ پھر ملک میں قانون کا احترام کون کرے گا ۔ آج کہتے ہو کہ لوگ قانون سے قطع کر کے لوگ قانون کی توڑ پھوڑ کرتے ہیں ۔ لا قانونیت پھیلاتے ہیں ۔ میں کہتا ہوں کہ اگر اس میں کچھ صداقت ہے تو یہ تمہارا ہی کیا ہوا ہے ۔

اے باد صبا این ہمہ آوردہ تست

جب تم نے احترام ختم کر دیا اور جب تم نے ایک فرد کو نقصان پہنچانے کے لئے اور ایک فرد کو فائدہ پہنچانے کے لئے قانون کو اپنے ہاتھ کا کھیل بنا دیا تو قوم کیسے قانون کا احترام کرے گی ۔ لوگ تمہاری طرف دیکھتے ہیں لوگ ایوان کی طرف دیکھتے ہیں لوگ حکومت کے نمائندوں کی طرف

دیکھتے ہیں کہ تم کس طرح قانون کی پیروی کرتے ہو ۔ اگر آپ آئندہ نسلوں کو قانون کی پیروی کا سبق دینا چاہتے ہیں اور اگر آپ اس ملک میں قانون کی حکومت قائم کرنا چاہتے ہیں اگر آپ اس ملک کو لا قانونیت سے بچانا چاہتے ہیں تو آپ اس ملک کی بقا کے لئے اسلام کے لئے اس ملک کی آئندہ نسلوں کی تربیت کے لئے قانون کا احترام کرنا سیکھئے ۔ قانون کے احترام کا مسئلہ یہ ایک معمولی سی ترمیم کی تجویز ہے ۔ لاہور امپروومنٹ ٹرسٹ کو دنیا کے سارے اختیارات ہو سکتے ہیں لیکن یہ اس کو اختیار نہ ہونا چاہیے کہ وہ کسی عدالت کے فیصلہ سے صرف نظر کر سکے ۔ اگر یہ صرف hypothetical بات ہوتی تو شاید ہی اسے کوئی صوف نظر کرتا لیکن اس قانون کی دفعہ میں یہ شق رکھتے ہوئے یہ حکومت اس بات کو اچھی طرح جانتی ہے اس کو معلوم ہے کہ اس ملک میں ایک فیصلہ ایسا موجود ہے جو ان کے منشا کے خلاف ہے عدالت عالیہ کے فیصلہ کے سامنے سر جھکانے کے بجائے ایک آرڈیننس کے ذریعہ اور ایک قانون کے ذریعہ سے یہ اس فیصلہ کو notify کرنا چاہتی ہے ان کے سامنے جو مقصد ہے وہ hypothetical نہیں ہے بلکہ واقعاتی صورت میں عدالت کا فیصلہ موجود ہے ۔ ۱۹۶۲ء میں جب مارشل لاء ریگولیشن نمبر ۱۲۶ کو عدالت میں چیلنج کیا گیا تو ۱۹۶۳ء میں انہوں نے ایک قانون بنایا تو اس وقت بھی انہوں نے

قانون کے تمام تقاضوں کو صرف نظر کر کے قوم و ملت کے سامنے یہ مثال رکھی کہ یہ حکومت قانون کی پابند نہیں ہے اس کے بعد آج ہمارے سامنے ایک آرڈیننس پھر لائے ہیں جس میں عدالت عالیہ کے موجودہ فیصلہ کو ایک فرد کے خلاف استعمال کرنے کے لئے ایک فرد واحد کے خاندان کو نقصان پہنچانے کے لئے اور اس سارے قانون کے مسلمہ مہذب دنیا میں معلوم اور established principles کو overthrow کرنے کے لئے ایک آرڈیننس لائے ہیں اس لئے میں آپ کی وساطت سے اپنے دائیں طرف بیٹھنے والے رفقاء سے درخواست کروں گا کہ اس کو بھول جائیں کہ آپ کہاں بیٹھے ہیں ۔ صرف عدل و انصاف کے تقاضوں کو پورا کرنے کے لئے اور اپنے دین کی ضمیر کی آواز کو بلند کرنے کے لئے جس کے لئے آپ خدا کے سامنے جواب دہ ہیں اور قانون و اصول کی حکومت کو برپا کرنے کے لئے اس ترمیم کے حق میں رائے دیجئے تاکہ لاہور امپروومنٹ ٹرسٹ کو وہ اختیار حاصل نہ ہو جو اس ملک کے سپریم کورٹ کو بھی حاصل نہیں ہے ۔

Mr. Speaker: Now I put the amendment to the vote of the House.

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ جناب والا ۔

حزب اختلاف نے یہ تاثر دینے کی کوشش کی ہے کہ موجودہ حکومت عدالتوں کے فیصلہ کا احترام نہیں کرتی ۔

مسٹر حمزہ ۔ یہ تاثر آپ کی کابینہ بھی دے چکی ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ حزب اختلاف نے یہ تاثر بھی دینے کی کوشش کی ہے کہ یہ قانون ایک خاندان کے لئے بنایا گیا ہے ۔ جناب والا ۔ میں آپ کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ وہ لوگ جو قانون کی فقہ سے واقف ہیں اس بات سے انکار نہیں کر سکتے کہ قانون سازی اور قانون کی تفسیر میں فرق ہے ۔ قانون سازی کا کام اس معزز ایوان کے سپرد ہے اور یہ ہمیشہ رہا ہے کہ تمام دنیا میں ایوان ہی قانون سازی کرتا ہے ۔ ہاں البتہ قانون کی تفسیر اور قانون کا interpretation عدالتیں کرتی ہیں تو اب یہ فرق میں اس معزز ایوان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ اگر ایک قانون کی تفسیر یا interpretation ہائی کورٹ یا سپریم کورٹ کرے اگر حکومت انتظامیہ کے طور پر اس interpretation کو تسلیم نہ کرے تو یہ کہا جا سکتا ہے کہ حکومت نے عدالت کے ارشاد کا احترام نہیں کیا لیکن جہاں تک قانون سازی کا تعلق ہے اور دنیا کی تاریخ شاھد ہے ۔ خواجہ صاحب اس بات سے انکار نہیں کر سکتے کہ عدالتوں کے کسی قانون کے اور کسی لفظ کے خاص معنی

دینے کی بناء پر بعد میں قوانین میں ترامیم کی گئی ہیں ۔ لئے قوانین لائے گئے ہیں قانون کی تاریخ اس بات کی شاھد ہے ۔ کیونکہ اگر ایوان کا منشا اور اگر قانون ساز ادارہ کا منشا عین اسی طریقہ پر لفظ کی صورت میں واضح نہیں ہو سکا ۔ جو قانون ساز ادارہ دینا چاہتا تھا تو دنیا کے تمام ایوانوں میں ایسے قانون کی ترامیم ہوتی رہی ہیں اور ہوتی رہنا چاہئے یہ قانون کے مفاد میں اور عوام کے مفاد میں ہے ۔ جناب والا ۔ جہاں تک اس بات کا تعلق ہے کہ عدالت عالیہ اور سپریم کورٹ نے جتنے فیصلے قانون کے مطابق دیئے ہیں یا جو inter-pretation کسی قانون کا کیا ہے موجودہ حکومت نے ہمیشہ عدالت اور عدالت کے ارشاد کا احترام کیا ہے اور کرتی رہے گی ۔

Khawaja Muhammad Safdar : Question !

اس کا احترام کیجیے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ میں ابھی آپ کی خدمت میں عرض کروں گا ۔

Mr. Speaker : Order, Order.

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ افسوس یہ ہے کہ احترام رائے کے بارے میں حزب اختلاف کے ممبران کی کچھ کیفیت یہ ہو گئی ہے کہ غلط تقریر کرنا اور معاملات کو غلط رنگ دے کر ایوان میں پیش کرنے کو انہوں نے اپنا حق سمجھ لیا ہے ۔

Khawaja Muhammad Safdar : Question !

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ ان حضرات میں دوسروں کی بات سننے کے حوصلے کا فقدان ہو گیا ہے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ یہ اتفاق کی بات ہے کہ ہر شخص کو آئینہ میں اپنی تصویر نظر آتی ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ جناب والا ۔ کچھ لوگوں کو آئینہ میں اپنی ہی تصویر نظر آتی ہے اور جن کی نظر کمزور ہے انہیں آئینہ میں اپنی تصویر نظر نہیں آتی ۔ بہت دکھ کی بات ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ آپ کے بارے میں لوگوں کو یہی شکایت ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ دوسری بات میں یہ عرض کروں گا کہ بار بار عدالت عالیہ اور سپریم کورٹ کے فیصلوں کا حوالہ دیا گیا ہے ۔ میں عرض کروں گا کہ جو قانون تھا اس کے مطابق عدالت عالیہ نے یا سپریم کورٹ نے وہی فیصلہ ارشاد فرمایا ہم ان فیصلوں کا احترام کرتے ہیں ۔ ہم نے ان کی قانون کی رائے ان کے interpretation ارشادات یا ان کے فیصلوں سے بحیثیت قانون کے interpretation کبھی گریز نہیں کیا ۔ لیکن اب مسئلہ یہ ہے کہ یہ ایک خاص سکیم ہے اور اس سکیم کے بارے میں اس وقت ایک مسئلہ یہ

پیش ہو گیا یعنی عدالتی چارہ جوئی کیوجہ سے قانون کی کارروائی کیوجہ سے اور litigation کیوجہ سے اس سکیم کی تکمیل میں کچھ دیر ہو گئی ہے جس کا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ موجودہ صورت میں اگر اس سکیم کو مکمل کیا جائے تو اس پر بے تحاشا یعنی ۸۰ لاکھ کے بجائے کروڑوں روپے سے بھی زیادہ اخراجات کا تخمینہ ہو گا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ آج لاہور کے گلبرگ میں اور ایسے باقی مقامات پر زمین کی reserve price بارہ اور ساڑھے بارہ ہزار تک ہوتی تھی اور اس جگہ پر اب ۲۵ ہزار روپے سے بھی اوپر ہو گئی ہے تو ان حالات کو مد نظر رکھا گیا اور سوچا گیا اور ایک بات میں یہ بھی کہہ دوں اور اس کی تردید کر دوں کہ یہ قانون میاں افتخارالدین یا ان کے خاندان کو نقصان پہونچانے کے لیے پیش کیا گیا ہے ۔ اس سلسلے میں یہ عرض کرنا ضروری ہے کہ یہ زمین جو اس سکیم میں ہے وہ صرف میاں افتخارالدین اور ان کے خاندان کی ہی نہیں بلکہ اور لوگ بھی اس میں شامل ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ گیہوں کے ساتھ گھن بھی پس گئے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ اب میں آپ کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ اس میں ان کے فائدے کی بات کی گئی ہے ۔ ایک تو صورت یہ تھی کہ اس سکیم کو مکمل کیا جائے اور ان لوگوں پر اتنا بار ڈالا جائے جن لوگوں کے لیے

یہ سکیم develope کی جانی چاہیے اور روپیہ جو امپروومنٹ ٹرسٹ کا ہے وہ بھی امپروومنٹ ٹرسٹ میں کسی ایک فرد کا روپیہ نہیں ہے وہ قوم کا روپیہ ہے اس کے صرف کے لیے بہتر صورت کی گئی ہے ۔ جناب والا ۔ سوچنے کے بعد حکومت اس نتیجہ پر پہونچی ہے کہ موجودہ صورت میں اس سکیم کو پایہ تکمیل تک پہونچانا مفید نہیں ہے اور مناسب یہ ہے کہ یہ سکیم مکمل نہ کی جائے ۔ اور اس کو چھوڑ دیا جائے تو جناب والا اس فیصلہ پر پہونچنے کے بعد کہ یہ زمین جن لوگوں سے لی گئی ہے ان کے حقوق کے متعلق کیا کیا جائے پھر ان کے بارے میں یہ فیصلہ کیا گیا کہ یہ زمین ان کو واپس کر دی جائے جن کے اس زمین میں حقوق ہیں ۔ دوسرا سوال یہ تھا کہ ان لوگوں کو کئی سال تک اس زمین کے فائدہ سے محروم رہنا پڑا ۔ حکومت نے اس سلسلے میں کوئی بخل سے کام نہیں لیا بلکہ انصاف کے مطابق یہ فیصلہ کیا کہ جتنا عرصہ وہ اس پر حق تھا اور وہ اس حق سے محروم رہے اس کا ان لوگوں کو معاوضہ دیا جائے ۔

جب جناب والا یہ فیصلہ کر دیا جائے کہ ان کو اس سلسلے میں جتنے سال تک حکومت کے پاس زمین رہی ہے اس کا معاوضہ دے دیا جائے زمین واپس دے دی جائی تو اس کے بعد جناب والا انصاف کے سارے تقاضے پورے ہو جاتے ہیں اور یہ فیصلہ کر لینے کے بعد جناب والا آپ دیکھیں گے

کہ ہم نے یہ بات خلاف قانون نہیں کی ۔ اس کے بعد عدالت عالیہ اور سپریم کورٹ کے جتنے فیصلے موجود ہیں اس حکومت نے ہمیشہ ان کا احترام کیا ۔ ہم روز دیکھتے ہیں کہ کئی ایگزیکیوٹو آرڈرز جو حکومت پاس کرتی ہے عدالت عالیہ ان کے خلاف فیصلہ فرماتی ہے تو ہم اسے فوراً تسلیم کرتے ہیں اور اس چیز کے متعلق میں فخر سے کہہ سکتا ہوں کہ موجودہ حکومت نے ہمیشہ عدالت کے فیصلوں کا احترام کیا ہے ۔ اب فیصلہ یہ ہے کہ اس قانون کے مطابق اور قانون کو تبدیل کرنے کا جو اس معزز ایوان کو ہر وقت حاصل ہے حاصل رہے گا اور ہر وقت حاصل رہنا چاہیے ۔ چنانچہ جناب والا اس کے اس فیصلے کی بنا پر یہ نیا قانون لایا گیا ہے اور یہ قانون اس معزز ایوان کے سامنے پیش ہے اور اگر یہ معزز ایوان اس قانون کو پاس فرمانانہ چاہے اور اگر یہ معزز ایوان چاہے کہ یہ نیا قانون نہیں بلکہ پہلا قانون رہے تو اس کو حق ہے کہ وہی پاس کرے لیکن اگر یہ معزز ایوان اپنے اس حق کو جو قانون سازی کا اس کو حاصل ہے یہ فیصلہ کرے کہ یہ قانون پاس ہونا چاہیے تو یہ جناب والا عین منشائے قانون ہے عین منشائے انصاف ہے عین منشائے آئین ہے ۔ ہم جب حکومت کی طرف سے کسی چیز کا فیصلہ کرتے ہیں تو ہمارے سامنے ایک چیز ہوتی ہے کہ آیا ہم صرف حزب اختلاف کے اس اعتراض کی بنا پر کہ ان افراد میں جن افراد کے اس زمین میں حقوق ہیں ایک

ایسے صاحب بھی شامل ہیں جو حزب اختلاف سے تعلق رکھتے ہیں ۔ صرف اگر اس نکتہ کی بنا پر حکومت یہ فیصلہ کرتی ہے کہ ہمارے مفاد عامہ کے باقی تقاضے جو ہیں وہ ایک طرف ہیں کہ اس سکیم کو abandon کر دیا جائے لوگوں کو زمین واپس کر دی جائے اور ان کو تین سالوں کے لیے معاوضہ دے دیا جائے اور وقت کے لحاظ سے اور مفاد عامہ کا تقاضا یہ ہو اور صرف ایک ہی اعتراض کی بنا پر یہ فیصلہ کرتے کہ چونکہ بہت سے افراد میں سے ایک ایسے صاحب بھی شامل ہیں جو حزب اختلاف سے تعلق رکھتے ہیں تو جناب والا یقین جانیے کہ موجودہ حکومت اپنے فرائض میں کوتاہی کرتی کیونکہ ہمارا سب سے پہلا فرض یہ ہے کہ تنقید کو یا اعتراضات کو ایک طرف رکھتے ہوئے مفاد عامہ میں بہترین فیصلے جو ہیں وہ کیے جائیں اور ان کے لیے اس بات کا خیال رکھیں کہ فرد واحد عوام کے مفاد کے مقابلہ میں کوئی حیثیت نہیں رکھتا ۔ لہذا جناب والا میں عرض کروں گا کہ خواجہ صاحب کی اس ترمیم کو نا منظور فرمایا جائے ۔

Mr. Speaker : I will now put the amendment to the vote of the House. The question is —

> That is sub-section (1) of section 4 of the Ordinance, the words "or in any decree, judgment or order of any Court," occurring in line 2-3 be deleted.

The motion was lost.

مسٹر سپیکر ۔ ملک صاحب آپ کی ترمیم سے پہلے ایک اور آئے گی ۔ یہ چودھری محمد نوازصاحب کی طرف سے دی گئی ہے اور circulate ہو چکی ہے ۔

Yes, Chaudhri Muhammad Nawaz.

Chaudhri Muhammad Nawaz : Sir I beg to move.—

> That in sub-section (1) of section 4 of the Ordinance, between the comma and word "or" occurring in line 2, the words and comma "or" in any award assessing compensation," be inserted.

Mr. Speaker : Amendment moved is. —

> That in sub-section (1) of section 4 of the Ordinance, between the comma and word "or" occurring in line 2, the words and comma "or in any award assessing compensation," be inserted.

Khawaja Muhammad Safdar : Opposed Sir.

Minister for Basic Democracies : Not opposed Sir.

چودھری محمد نواز ۔ حضور والا ۔ میری ترمیم جو اس کے متعلق ہے وہ مختصر ہے کلاز (۳) سیکشن (۱) میں یہ الفاظ ہیں ۔

> "Notwithstanding anything to the contrary contained in any law for the time being in force, or any decree, judgment or order of any Court,"

یہ جناب جس طرح سے اس سیکشن میں اور سب کلاز ۱ میں کورٹ کی decree کا تحفظ کیا گیا ہے اسی طرح award جو دیا جاتا ہے اس کا تحفظ

بھی ضروری ہے تو میری ترمیم یہ ہے کہ اس کو اس طرح تحفظ دیا جانا چاہیے ۔

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۱) ۔ تحفظ نہیں بلکہ منسوخ کر رہے ہیں۔

جناب والا محترم چودھری محمد نواز خان صاحب نے اس ترمیم کے ذریعے اس اوارڈ کو منسوخ کرنے کی کوشش فرمائی ہے جو کہ ۱۹۶۳ء کے آرڈیننس کے تحت امپروومنٹ ٹرسٹ اور مالکان اراضی کے درمیان لینڈ ایکوئیزیشن کلیکٹر لاہور امپروومنٹ ٹرسٹ نے دیا تھا ۔ یہ ان کا اپنا ملازم تھا اور وہ اوارڈ نہ صرف یہ کہ امپروومنٹ ٹرسٹ جو کہ ایک فریق ہے اور اس مقدمے میں اس کے اپنے ملازم پر دیا تھا ۔ بلکہ جناب والا ۔ محترم وزیر بلدیات کو اچھی طرح یاد ہے کہ ۱۹۶۳ء میں اس آرڈیننس نمبر ۲۲ پر بحث کرتے ہوئے میں نے خصوصیت سے کہا تھا کہ خریدنے والے بھی خود آپ اور قیمت مقرر کرنے والے بھی آپ خود کسی تیسرے فریق کو مقرر کیا جائے جو فریقین میں انصاف کے تقاضوں کو پیش نظر رکھتے ہوئے اس اراضی کی قیمت مقرر کر دے تو اس روز جناب وزیر قانون یعنی سابقہ وزیر قانون ملک قادر بخش صاحب نے پورے وثوق سے اس کا اظہار کیا تھا کہ سرکاری افسران پر عدم اعتماد کا اظہار اپوزیشن کیوں کرتی ہے ۔ اگرچہ وہ ملازم ہے امپروومنٹ ٹرسٹ کا لیکن

وہ انصاف کے مطابق کام کرے گا ۔ آج اپوزیشن اس عدم اعتماد کا اظہار نہیں کر رہی خود گورنمنٹ یہ کہہ رہی ہے کہ یہ امپروومنٹ ٹرسٹ کا ایک بڑا ملازم جس کے اختیارات ایک کلیکٹر کے برابر بلکہ وہ کلیکٹر کہلاتا ہے اس نے جو کچھ کیا ہم وہ قبول کرنے کے لیے تیار نہیں ہیں ۔ جناب والا ۔ اس میں کلکٹر کے سامنے امپروومنٹ ٹرسٹ نے ۱۵ گواہ پیش کیے ان پندرہ گواہوں نے جیسا کہ بعض میرے دوست اس سے پہلے فرما چکے ہیں ۶۵۰ سے لیکر ۹۵۰ روپے فی مرلہ تک اس زمین کی قیمت مقرر کی ۔ اس کلکٹر نے ہر دو فریقین کی شہادت سنی مالکان اراضی نے اپنی زمین کی قیمت ۱۲۰۰ روپیہ فی مرلہ مانگی اور اس کے حق میں شہادتیں پیش کیں ۔ اس کلکٹر نے امپروومنٹ ٹرسٹ کے ساتھ حد درجہ نرمی کا برتاؤ کرتے ہوئے امپروومنٹ ٹرسٹ کے اپنے گواہوں کی کم از کم قیمت سے بھی پچاس روپیہ کم قیمت مقرر کر دی یعنی چھ سو روپیہ فی مرلہ کے حساب سے ایوارڈ دیا ۔ ابھی آج یہ گورنمنٹ کہہ رہی تھی کہ ہم قانون ساز اداروں کے منشا کو ملحوظ خاطر رکھتے ہیں تو اس وقت قانون ساز ادارے کا منشا یہ تھا کہ آرڈیننس ۲۲ مجریہ ۱۹۶۳ء کے تحت اس زمین کو لے لیا جائے اور آٹھ سال لگاتار اس قانون ساز ادارے کی یہ رائے رہی ۔ اس کا منشا یہ رہا ۔ مگر آج یہ وزیر بے تدبیر اس قانون ساز ادارے کی بھی ہتک کرتے

ہیں اور کہتے ہیں کہ اس کا منشا یہ تھا کہ اس زمین کو واپس کر دیا جائے۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ ان کی تقریر کا جواب دینے کی بجائے اس ترمیم کے متعلق فرمائیں ۔

ملک معراج خالد ۔ جناب والا خواجہ صاحب نے فرمایا ہے کہ وزیر بے تدبیر مگر یہ ترمیم تو چودھری محمد نواز صاحب نے پیش کی ہے ان کی بے تدبیری کے لیے کون سا لفظ ہو سکتا ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ وزیر صاحب نے انہیں سب کچھ پڑھایا مگر وہ اس ترمیم کی وضاحت اس ایوان میں نہیں کر سکے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میں نہایت ادب سے یہ عرض کر رہا تھا کہ اس قانون ساز ادارے کا منشا یہ تھا کہ جو بھی شخص ہو خواہ وہ کلکٹر لینڈ ایکویزیشن امپروومنٹ ٹرسٹ وہ جو ایوارڈ دے گا فریقین اس کے پابند ہونگے ۔ مگر آج ہمیں یہ بتایا جا رہا ہے کہ ہم اس ایوارڈ کی پابندی بھی نہیں کرنا چاہتے ۔ یہ حکومت نہ صرف اپنے عمال پر عدم اعتماد کا اظہار کرتی ہے بلکہ اس معزز قانون ساز ادارے کو بھی غلط طور پر استعمال کرنے کی ناپاک کوشش کی جا رہی ہے ۔ میں جناب والا یہ عرض کر رہا تھا کہ ایوارڈ کی پابندی فریقین پر لازم ہے انہوں نے اپنی مرضی سے ثالثی کرائی ۔ اب اس میں

یہ الفاظ شامل کرنا کہ ہم ایوارڈ سے بھی آزاد ہیں ۔ یعنی ہر چیز سے آزاد ۔ کوئی اخلاقی یا قانونی پابندی ان کے لزدیک ہے ہی نہیں ۔ یہ ساری پابندیاں نہ توڑ دیں کم از کم ان کے اپنے ثالث نے ان پر جو پابندی عائد کی ہے اسے تو قبول کر لیں ۔

جناب سپیکر ۔ حکومت کی نظروں میں اس قانون سازی کا منشا یہ ہے کہ عدالت کی جانب سے جس جس زیادتی کی نشاندہی کر دی جاتی ہے وہ اس خامی کو قانون کا درجہ دے کر دوسرے قانون کی شکل میں اس ایوان کے سامنے پیش کر دیتی ہے ۔ اس قسم کی فرماں بردار اولاد سے ایک باپ بھی دست بدستہ نجات حاصل کرنے کی کوشش کرے گا ۔ یہ عجیب فرمانبرداری ہے کہ عدالت عالیہ کہتی ہے کہ آپ نے یہ غلطی کی ہے ۔ یہ حکومت کہتی ہے ٹھیک ہے ہم نے غلطی کی ہے ۔ مگر عملاً اس غلطی کو قانون کی شکل دے دیتی ہے اور اس طرح محض اپنے آپ کو بدنام نہیں کرتی ۔ بلکہ اس ملک اور اس قوم کو بھی تمام دنیا کی نگاہوں میں ذلیل کرتی ہے ۔

ملک معراج خالد ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ حمزہ صاحب نے فرمایا ہے کہ یہ حکومت دنیا کی نگاہوں میں اپنے آپ کو ذلیل کرتی ہے مگر اپنے ملک کے عوام کی نگاہوں میں یہ کیا کر رہے ہیں ۔

Mr. Speaker: This is not question hour. Therefore, questions are not allowed at this stage.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر عرض یہ ہے کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ حکومت کو یہ حق پہنچتا ہے کہ اگر عدالت کی طرف سے کسی قانون میں کسی خامی کی نشاندہی کی جائے تو وہ اس خامی کو دور کرنے کے لیے اس ایوان میں کوئی مسودہ قانون لے آئے ۔ لیکن اس حکومت نے ایک بار نہیں بلکہ تین بار اس قسم کے خصوصی اختیارات استعمال کیے ہیں اور وہ بھی ایسے قانون میں جو سارے ملک پر لاگو نہیں ہوتا بلکہ صرف ایک فرد کو نقصان پہنچانے کے لیے بنایا جا رہا ہے ۔

وزیر بلدیات (میاں محمد یاسین وٹو) پوائنٹ آف آرڈر ۔

جناب والا ۔ حکومت کی طرف سے واقعاتی طور پر ایک بات کی تردید کر دی جائے تو کیا فاضل ممبر کو یہ حق پہنچتا ہے کہ وہ اس بات پر اصرار کرتا رہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ یقیناً

وزیر بلدیات ۔ یہ اس واقعہ نہیں ہے ۔ وہ غلط بیانی کر رہے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ آپ کی طرف سے غلط بیانی ہے ۔

Mr. Speaker : I don't agree with the Minister for Basic Democracies. Every Member here, discussing the Ordinance, can give his own views.

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ اس اراضی کا بیشتر حصہ میاں افتخارالدین اور ان کے ورثا کی ملکیت تھا ۔

وزیر بلدیات ۔ Question ۔ افسوس تو یہ ہے .....

Mr. Speaker : I have still to hear anything from Mr. Hamza relevant to this amendment.

مسٹر حمزہ ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ایک جانب تو یہ فرماتے ہیں کہ ہم عدالت عالیہ کے احکامات کا احترام کرتے ہیں ۔ مگر وہ افسر جو ان کے ہاتھ کی مرغی ہیں بلکہ میں کہوں گا کہ ان کے گھڑے کی مچھلی ہیں اگر وہ مجبوری کے باوجود تھوڑا بہت انصاف کے تقاضے کو پورا کرنے کی کوشش کرتا ہے تو یہ حکومت اسے بھی disown کر رہی ہے ۔ کہ یہ بھی ہمارا نہیں ہے ۔ یہ میاں افتخارالدین کا ہے اگر ان کی ایک دو غلطیاں ہوں تو ہم مان لیں گے مگر یہ تو اضداد کا مجموعہ ہے ہم انہیں کس طرح لا علمی پر مبنی قرار دے سکتے ہیں ۔ میاں افتخارالدین مرحوم نے اپنی زندگی میں حکومت کی اس آفر.....

Mr. Speaker : The Member is still not relevent tothe amendment.

مسٹر حمزہ ۔ یہ فرماتے ہیں کہ اس قانون کو موجودہ شکل میں لانے کی وجہ سے کسی فرد کو واحد نقصان پہنچانا نہیں ۔

Mr. Speaker : Mr. Hamza is repeatedly irrelevent, therefore, he should resume his seat.

Yes, Minister for Basic Democracies.

وزیر بلدیات (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ جناب والا ۔ اس ترمیم کے غلط معنی سمجھ لیے گئے ہیں ۔ میں نے اس وجہ سے اس ترمیم کی منظوری پر اعتراض نہیں کیا تھا ۔ جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے اس مسودہ قانون کا منشا یہ ہے کہ یہ زمین حقداروں کو واپس کر دی جائے اور اس کا منشا اس مقدمہ بازی کو ختم کرنا ہے ۔ چنانچہ اس مقدمہ بازی کو ختم کرنے کی غرض سے ایوارڈ کا لفظ احتیاطاً شامل کیا جا رہا ہے ۔ ویسے موجودہ آرڈی نینس کی ایک شق آگے آ رہی ہے ۔ دفعہ ۶ میں وہاں یہ واضح کر دیا گیا ہے ۔

> "The payment by the Trust of compensation under the provisions of this Section in respect of any land shall be a full discharge of the liability of the Trust in respect of such land....."

تو یہ چیز اس لیے کی گئی ہے جناب والا تاکہ مقدمہ بازی ختم کی جا سکے اور کوئی ایسی بات نہ رہے جس کے باعث مقدمہ بازی جاری رہ سکے ۔ یہ اس

قانون کے منشا کی بہترین تکمیل ہے اور یہ الفاظ مفاد عامہ میں ہیں ۔ میرے فاضل دوست کو میاں افتخارالدین کے علاوہ اور کوئی آدمی نظر نہیں آتا ۔ لیکن میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ ہماری نظروں میں میاں افتخارالدین کے ورثا بھی پاکستانی شہری ہونے کی حیثیت سے معزز ہیں اور جو ان کے ورثا نہیں ہیں ۔ جو ان کے علاوہ لوگ ہیں وہ بھی پاکستانی شہری ہونے کی حیثیت سے ہمیں بہت عزیز ہیں ۔ مگر انہوں نے صرف میاں افتخارالدین کے ورثا کی ہی بات کی ہے ۔

Mr. Speaker : The question is :—

> That is sub section (1) of section 4 of the ordinance, between the comma and word "or" occurring in line 2, the words and comma "or in any award assessing compensation," be inserted.

The motion was carried.

———

Mr. Speaker : Next amendment is from Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I beg to move :—

> That in sub-section (1) of section 4 of the ordinance, for the words "within ninety days" occurring in line 4, the "words" "within sixty days" be substituted.

مسٹر سپیکر ۔ ملک صاحب اگر آپ کی ترمیم پیش ہو جائے یا carry ہو جائے تو اس کی substitution سے کوئی فرق نہیں پڑے گا ۔ وہ وقت گزر چکا ہے ۔ کیا آپ اس موشن کو پریس کرتے ہیں ۔

ملک محمد اختر ۔ اس کو اپنی کاریگری سے ختم کر دیا جائے ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ نے جو ترمیم پیش کی ہے اس پر عمل درآمد نہیں ہو سکتا ہے ۔ خواجہ صاحب اپنی ترمیم پیش کریں ۔

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I beg to move :

> That in sub-section (1) of section 4 of the Ordinance, the words and commas "including any installations, fixtures or structures put up or erected thereon by the Trust", occurring in line 6-8 be deleted.

Mr. Speaker : The amendment moved is :

> That in sub-section (1) of section 4 of the Ordinance, the words and commas "including any installations, fixtures or structures put up or erected thereon by the Trust," occurring in line 6-8 be deleted.

Minister for Basic Democracies : Opposed

خواجہ محمد صفدر ۔ (سیالکوٹ۔۱) ۔ جناب والا ۔ سیکشن ۴ کے ضمنی سیکشن (۱) کو ملاحظہ فرمائیں اس میں یہ درج ہے کہ—

"The Improvement Trust shall, within ninety days of the coming into force of this Ordinance, remove from the land all materials of the Trust lying or stored on the land, including any installations, fixtures or structures put up or erected thereon by the Trust."

میں نے یہ تجویز پیش کی ہے کہ یہ سطور

"including any installations, fixtures or structurs"

کو حذف کر دیا جائے۔ اور باقی یہ رہ جائے گا کہ ۹۰ دن کے اندر اندر امپروومنٹ ٹرسٹ اپنا سامان اور سٹور جو اس زمین پر پڑا ہوا ہے اس کو ہٹا دے۔ میری غرض و غایت اس سے یہی ہے۔

جناب والا۔ ابھی چندروز ہوئے میں اور میرے دوست اسی اراضی کو دیکھنے کے لیے گئے تھے تاکہ ہم سمجھ سکیں کہ وہاں کیا ہو رہا ہے۔ اور کیا ہو چکا ہے یا اس باغ کی کیفیت اب کیا ہے یا وہاں کونسی installations ہیں جس کو ہٹانا مقصود ہے یا یہاں کونسی سڑکیں ہیں جن کو اکھاڑنا مقصود ہے۔ یا امپروومنٹ ٹرسٹ کی جانب سے کونسا سامان وہاں جمع شدہ ہے جس کو ہٹایا جائے گا؟ ہم گھنٹہ بھر اس اراضی پر ادھر ادھر گھومتے رہے۔ وہاں ہمیں دیکھ کر انتہائی دکھ اور رنج ہوا کہ اس حد درجہ اور پرلے درجہ کی احمق حکومت .....

Mr. Speaker : These words are not unparliamentary even then I would request you to use some other word.

خواجہ محمد صفدر ۔ غیر عقلمند حکومت نے.....

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ میں آپ کو دعوت دیتا ہوں کہ آپ بھی اس جگہ کو ملاحظہ فرمائیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ یہ الفاظ میں نے نرم استعمال کیے ہیں۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ آپ ہم سے وعدہ فرمائیں کہ آپ ضرور ہمارے ساتھ وہاں جائیں گے ۔

مسٹر محمد اعظم فاروقی ۔ جناب والا ۔ آپ کے خیال میں یہ الفاظ سخت ہیں ۔

مسٹر سپیکر ۔ میرے خیال میں وہ الفاظ نا مناسب ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ یہ حکومت عقل کے پیچھے لٹھ لیے پھرتی رہی ۔ اور ان کا ہر فعل عقل و دانش سے عاری ہے ۔ اس نے وہاں پر کیا کیا کیا اس کے متعلق آپ باور بھی نہیں کر سکتے ہیں ۔ وہاں جو سڑکیں گذشتہ ۸ سال میں بنائیں گئیں ان کو برباد کیا جا رہا تھا ۔ یہ سکیم ۵۶ ایکڑ اراضی پر مشتمل ہے ۔ اس علاقہ کو پوری طرح ڈویلپ کیا جا چکا

تھا ۔ وہاں بجلی جا چکی تھی ۔ وہاں پانی پہنچانے کے لیے نالیاں lay out ہو چکی تھیں اور وہاں گندے پانی کے لیے زمین دوز نالیاں بن چکی تھیں ۔ past tense میں بات کر رہا ہوں) آج ۹۰ دن کا بھی انتظار نہیں کیا گیا ۔ ۹۰ دن ان کے پاس میعاد ہے لیکن ان تمام تعمیرات کو مسمار کرا دیا گیا ۔

Mr. Speaker : Even the roads.

خواجہ محمد صفدر ۔ ایک ایک کنکر اس کا علیحدہ کر دیا گیا ہے ۔

Minister for Basic Democracies and Local Government : Sir, I will explain.

خواجہ محمد صفدر ۔ You will explain when your turn comes جناب والا ۔ میں نے ان گنہگار آنکھوں سے دیکھا ہے کہ وہاں زمین دوز نالیاں اکھاڑی گئیں ۔ (قطع کلامیاں) (یہ گنہگار اس لئے ہیں کہ آپ جیسے چہروں کو دیکھنے کا اتفاق رکھتی ہیں) ۔ یہ زمین دوز نالیاں جو سیمنٹ سے بنی ہوئی ہیں وہ وہاں سے اکھاڑی گئی ہیں ۔ میں ماہر فن نہیں ہوں لیکن جب نالیاں ٹوٹ جائیں تو وہ دوبارہ استعمال نہیں ہو سکتیں ۔ وہ وہاں ٹوٹی پڑی ہیں ۔ سیوریج کے لئے مختلف مقامات پر مین ہول بنائے تھے وہ اکھاڑے گئے ہیں ۔ ایک فٹ بھی سڑک ایسی نہیں جہاں کنکر نہ پڑے ہوں ۔ آپ اس کو دیکھ سکتے ہیں کہ وہاں تارکول بھی ڈالی جا چکی ہے ۔ ۔ ۔ ۔

Minister for Basic Democracies and Local Government: Sir, the time may be extended for another half an hour.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ آج جمعہ ہے اور میں نے کامونکی جلسہ میں بھی جانا ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ جمعہ کے بعد جلوس نکال لینا ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ آپ کا ابھی جلوس نکلے گا ۔ جناب والا ۔ اکتوبر میں یہ ہنگامی قانون جاری ہوا ۔ عدالت عالیہ جیسا کہ میں پہلے عرض کر چکا ہوں ایک رٹ پٹیشن کی سماعت کر چکی تھی اور اس کا فیصلہ محفوظ تھا ۔ اب مالکان اراضی نے درخواست دی کہ اس دفعہ کے تحت امپروومنٹ ٹرسٹ کو حق ہے کہ وہاں installations اور نالیاں وغیرہ کو اکھاڑ سکتی ہے ان کو ایسا کرنے سے روک دیا جائے کہ وہ کس چیز کو نہ اکھاڑے ۔ یہ ایک جائز مطالبہ تھا ۔ یہ ایک جائز درخواست تھی ۔ عدالت نے اس پر حکم صادر فرما دیا (عدالت عالیہ نے حکم صادر فرمایا کسی ماتحت عدالت نے نہیں) عدالت عالیہ نے یہ حکم صادر فرمایا کہ تا فیصلہ یہاں سے کوئی چیز نہ اکھاڑی جائے ۔ ۱۹ دسمبر کو امپروومنٹ ٹرسٹ کے وکیل نے عدالت عالیہ

میں پیش ہو کر ایک درخواست دی کہ یہ Stay Order غیر ضروری ہے ۔ اگر عدالت عالیہ بعد میں حرجانے کے طور پر کوئی حکم صادر فرمائے گی انہیں امپروومنٹ ٹرسٹ پورا کرنے کی ذمہ دار ہے ۔ یہ under taking امپروومنٹ ٹرسٹ دیتی ہے ....

Mr. Speaker : The House is adjourned for Monday, to meet at 9-00 a.m.

The Assembly then adjourned (12-00 noon till 9-00 a.m. on Monday, the 13th Jvnuary, 1969.

———

APPENDIX I

(Ref. Starred Question No. 14158)

STATEMENT SHOWING GENERATING CAPACITY, AVERAGE PRODUCTION, GAS CONSUMED AND COST OF FUEL FOR THE YEAR 1967—68, OF GENERATING PLANTS USING NATURAL GAS.

Name of Generating Plant	Generating Capacity in 'K.W.'	Production During 1967—68		Quantity of natural gas consumed in million cubic feet during 1967—68.	Cost of fuel (natural gas) in 'paisa in KWH' during 1967—68.
		Production in 'KWH'	Calculated 'KW' capacity based on Production.		
1	2	3	4	5	6
I—WAPDA.					
(1) Shahdara Gas Turbine.	26,000	42,560,000	4,845	855.54	4.63

1	2	3	4	5	6
(2) Lyallpur Steam Station.	130,000	217,850,000	24,800	2414,13	6,34
(3) Multan Steam Station.	265,000	572.990,000	65,231	7194,55	4.02
(4) Sukkur Steam Station.	50,000	82,160,000	9,353	1398,80	4,23
(5) Hyderabad Steam Station.	43,700	160,580,000	18,281	2976,25	4.30
II—KARACHI ELECTRIC SUPPLY CORPORATION, KARACHI.					
(1) West Wharf Steam Station.	114,000	257,875,800	29,358	3289,409	2.97
(2) Korangi Steam Station.	130,000	647,252,000	73,685	7181,786	1.88
III—MULTAN ELECTRIC SUPPLY CO : LTD : MULTAN.					
Steam Power House at Multan.	6270 derated to 5150	27,707,350	3,154	787,329	6.40

1	2	3	4	5	6
IV. RAWALPINDI ELECTRIC POWER CO. LTD : RAWALPINDI.					
Steam Power House at Rawalpindi.	9080 derated to 5780	35,564,627	4,049	752.53	5.03

APPENDIX II

(Ref. Starred Question No. 14261)

RATE OF POWER CONSUMPTION CHARGES FOR DOMESTIC USE.

KARACHI	HYDERABAD	LAHORE AND ISLAMABAD
(1) R—10 TARIFF. For lighting, Fans & small appliances.—		
(i) Upto 50 Units per month—19.0625 paisa.	(1) For first 50 Units per month—28.125 paisa per unit.	(1) For first 20 Units per month—25 paisa per unit.
(ii) Units exceeding 50 per month-21.875 per unit.	(2) For the balance 15.625 paisa per unit.	(2) For units in case of 20, but not exceeding 250—15.5 paisa per unit.
Note :- An additional charge of	Note :-A surcharge of 25 per-	(3) For units in case of 250, but

KARACHI	HYDERABAD	LAHORE AND ISLAMABAD
1.5625 paisa per unit is levied, if the payment is not made within fifteen days.	eent is allowed in case of non-payment of the bill in specified time.	not exceeding 750—12.5 paisa per unit. (4) For the balance, 10 paisa per unit.
The minimum charges for the month are— Rs. 1.00 upto two rooms. Rs. 2.00 upto four rooms. Rs. 3.00 above four rooms.		
Note :- The minimum charge is subject to a discount of 6.25 paisa per rupee, if the payment is made within fifteen days.		Note :- A surcharge @ 25 % is levied for non-payment of bill in specified time.

KARACHI

(2) A—5 TARIFF.

For small domestic power loads upto three Horse power.—

For 1st 32 Units per month — 13.125 paisa per unit.

(e) No scheme appears to have cleared by the Departmental Sub-Committees in 1967-68. Lists of the schemes cleared by the Departmental Sub-Committee in 1968-69 one for the Kalat Division and the other for Quetta Division are attached herewith, as Annexures "A" and "B".*

PROHIBITION ON DRINKING OF LIQUOR

*15189. **Khawaja Muhammad Safdar** : Will the Minister for Excise and Taxation be pleased to state :—

(a) the steps so far taken by the Government to implement the Resolution adopted by the Provincial Assembly on 1st of July, 1965, expressing its opinion that drinking of liquor be totally prohibited in the province ;

**Please see Appendix VI at the end.*

(b) the consumption of imported and indigenous liquor during the years 1964-65, 1965-66, 1966-67 and 1967-68 separately?

Minister for Excise & Taxation (Mr. Ahmed Saeed Kirmani) : (a) After the aforesaid Resolution prohibition of liquor as obtaining in the former Punjab was extended throughout the Province except Karachi and Islamabad. The principal feature of this prohibition is that it bans possession and consumption of liquor (fit for human consumption) by Muslims except on bonafide medical grounds. It also restricts possession or consumption by a person other than a Muslim to the terms and conditions of a permit granted for this purpose. That is that existing prohibition substantially meets the requirements of the Resolution under reference and therefore, no further action is proposed to be taken.

(b) The requisite information is being collected from the local Excise authorities and will be placed on the table of the House as soon as it becomes available.

ADJOURNMENT MOTIONS

ARREST OF MIR RASOOL BAKHSH TALPUR UNDER DEFENCE OF PAKISTAN RULES

Mr. Speaker : We will now take up the adjournment motions. The first adjournment motion for today is No. 64 (with that No. 96, 202 and 310) that was already moved and the Home Minister was to ascertain certain facts whether any writ petition regarding the arrest of Mir Rasool Bakhsh Talpur is pending in the High Court or not.

Minister for Home (Kazi Fazlullah Ubedullah) : Sir, I had submitted that Mir Rascol Bakhsh Talpur had filed a writ petition which was subsequently withdrawn. I was asked by the House to furnish information whether a fresh writ petition has been filed or not. To my knowledge no fresh petition has been filed.

Mr. Speaker : Today a news item appeared in the press that a writ petition had been filed before the Karachi Bench. Today it was in the paper.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ آپکی رائے یا فیصلہ ہمیشہ یہ ہوتا ہے کہ اگر وزیر موصوف یہاں کسی حقیقت کے بارے میں اعلان کریں تو آپ انکے اعلان کو زیادہ اہمیت دیتے ہیں اور اگر اخباروں میں کوئی خبر چھپ جائے تو آپ اسکو اہمیت نہیں دیتے کیونکہ جناب وزیر موصوف نے بڑے غور و فکر کے بعد اس ایوان میں یہ جواب دیا ہے ۔ میرے خیال میں کوئی وجہ نہیں کہ آپ انکے اس جواب کو تسلیم نہ کریں ۔

مسٹر سپیکر ۔ میں اس پریس رپورٹ پر جو میں نے پڑھی ہے rely نہیں کروں گا بلکہ اسکو میں defer کروں گا اور فاضل وزیر امور داخلہ کل اسکی وضاحت فرمائیں گے ۔

قاضی محمود اعظم عباسی ۔ یہ خبر کل کے 'جنگ' میں بھی تھی ۔

LATHI-CHARGE ON A CONGREGATION OF RELIGIOUS LEADERS IN LAHORE ON 20TH DECEMBER, 1968

Mr. Speaker : Next is No. 69. That was moved and the Home Minister is to reply to this motion. 218, 219, 230, 308.

Minister for Home (Kazi Fazlullah Ubedullah) : I oppose the motion. Sir, my submission is that we all have got great respect for these ulemas and no less than the President of the State has also expressed his due respect for these people. But the unfortunate position was that on the day of the occurrence i.e. 20th December an unlawful procession of some ulemas near Sheranwala Gate was proceeding and the procession was taken out in contravention of Section 144 Cr.P.C. The City Magistrate on duty duly warned the demonstrators to disperse as the procession was declared unlawful. He repeated the warning after five minutes. Meanwhile some miscreants also joined the ulemas and they started pelting stones on the Police as a result of which ten policemen were injured. This called for immediate intervention. The City Magistrate ordered the dispersal of the crowd by using force as a result of which a mild lathi-charge was certainly

made. This is also incorrect to say that the congregation was of religious leaders only because the arrested persons included one, Sheikh Rashid, a prominent worker of the Peoples Party and some other workers from the NAP and the Peoples Party. So, the unfortunate position is that a mild lathi-charge was resorted to but it was not a congregation of merely ulemas but some political exploiters and some unsocial elements joined the procession and they created a situation which demanded the use of a lathi-charge. Therefore, Sir, I think that this adjournment motian does not merit any consideration.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ جناب وزیر امور داخلہ نے فرمایا ہے کہ وہ علماً کی پٹائی کر کے انکی عزت کرتے ہیں ۔

وزیر اطلاعات (مسٹر احمد سعید کرمانی) ۔ ہم ان علماً کی بھی عزت کرتے ہیں جنہوں نے پاکستان کی مخالفت کی تھی ۔ آخر وہ بھی تو علماً ہیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ لیکن بہت افسوس کا مقام ہے اور میں نے اسی وجہ سے یہ تحریک التوا اس ایوان میں پیش کی ہے ۔ میں یہ تسلیم کرتا ہوں کہ دفعہ ۱۴۴ کے نفاذ کے باوجود جلوس نکالنے کا فیصلہ کیا گیا ۔ حکومت کا فرض تھا کہ کوئی شخص یا اشخاص اگر اس حکم کی خلاف ورزی کرتے انکو گرفتار کیا جا سکتا تھا ۔ مجھے ذاتی طور پر اس بات کا علم ہے کہ مولانا عبیداللہ انور اور انکے ساتھی ابھی پر امن طریقہ سے جلوس نکالنے کیلئے اہتمام ہی کر رہے تھے بلکہ اس جگہ ایک شامیانے کے نیچے جمعہ کی نماز ادا کرنے کے بعد بعض لوگ سنت کی نماز ادا کر رہے تھے کہ ان نماز پڑھنے والوں کو پیٹا گیا اور مولانا عبیداللہ انور کو اس حد تک پیٹا گیا کہ وہ ۱۵۔۲۰ روز اسپتال میں زیر علاج رہے پھر انکا یہ فرمانا کہ بعض برے عناصر انکے ساتھ شریک ہو گئے تھے ۔ انکے نزدیک شیخ رشید اور دوسرے جانباز لیڈر برے عناصر ہیں ۔

آوازیں ۔ نہیں نہیں ۔

Minister for Home : I did'nt say that.

مسٹر حمزہ ۔ تو پھر آپکا کیا مطلب ہے ؟ انکا حال تو یہ ہے کہ یہ چاہتے ہیں کہ انکی مونچھ نیچی نہ ہو اور اسکے نیچے ہونیکا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ۔ حکومت کو علم تھا بلکہ اس سے پہلے ایسا ہی ہوتا رہا ہے کہ حکومت نے جب کبھی طاقت کا استعمال کیا وہ پر امن شہریوں پر تھا اور خاص طور پر علماً پر طاقت کا استعمال کیا ہے یہ بات انتہائی ناقابل برداشت ہے ۔ اس سے پہلے بقول حکومت کے ہم ہی منافرت پھیلاتے رہے تھے یہ ہم پر الزام ہے ۔

Minister for Home : I strongly repudiate that these people were lathi charged when they were offering prayers. It is not so. When these people were taking out procession in contravention of section 144, and it became an unlawful procession, it became unruly, pelted stones on the police people, they were duly warned by the District Magistrate and they did not refrain from taking out the procession and did not disperse, the lathi charge was resorted to. My friend's suggestion that they were peaceful people, they were saying prayers and they were still under the Shamiana when they were lathi charged, this is very wrong. This is an allegation which is strongly repudiated.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ 'نوائے وقت' کا حوالہ نہیں دونگا میں صرف 'پاکستان ٹائمز' جو کہ ٹرسٹ کا روزنامہ ہے اس کا حوالہ دونگا ۔ ۲۱ تاریخ کے اخبار کے تراشے میرے سامنے ہیں :

> "Jamiat Ulema procession olathi charged : No sooner had they arranged ('They' means the Ulema.) about ten rows than the police, which had already cordoned off the place, swooped upon the organisers and other persons there."

The words "swooped upon" are used.

Minister for Home : The were not saying prayers.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب والا ۔ سن لیجئے کہ جلوس کس حد تک بنا تھا . . . . .

"The police sources said that ten constables received injuries as a result of the stone throwing by some persons from the gathering. Police also said that the City Magistrate had warned the Ulema, before the prayers started, not to take out a procession after the prayers. He gave them just fifteen seconds....."

Minister for Finance : After the prayer.

خواجہ محمد صفدر ۔ ابھی جلوس چلا بھی نہ تھا اور ابھی انہوں نے اپنی قطاریں بھی مرتب پوری طرح نہ کی تھیں کہ لاٹھیوں سے ان پر حملہ کر دیا گیا اور پولیس ان پر لپک پڑی ۔ ابھی اور عرض کئے دیتا ہوں جو یہاں لکھا ہوا ہے وہ میں پڑھ رہا ہوں اور جو اصل بات ہے وہ آپ کو بھی اور مجھے بھی معلوم ہے ۔

وزیر اطلاعات ۔ مشکل یہ ہے کہ جو مجھے معلوم ہے وہ آپ مانیں گے نہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ تو 'پاکستان ٹائمز' کا پرچہ کہتا ہے . . .

"...after the prayers. He gave them fifteen seconds to disperse but they did not, upon which he ordered the lathi charge."

جناب والا ۔ ایک تو یہ شیرانوالہ گیٹ کے باہر جہاں نماز ادا کی گئی تھی مجھے نہیں معلوم لیکن میں نے بیسیوں آدمی سے سنا کہ کچھ لوگ ابھی نماز پڑھ رہے تھے کچھ فارغ ہو چکے تھے ۔

Minister for Home : When you were not there, then it is hearsay.

خواجہ محمد صفدر ۔ hearsay اس کو نہیں کہہ سکتے ۔ ۲۵ لاکھ

اہالیان لاہور جانتے ہیں کہ محترم بزرگ وزیر داخلہ نے جو بیان دیا ہے وہ پولیس کے کہنے پر دیا ہے اور وہ بالکل بے بنیاد ہے۔

Minister for Finance : The question was: "Were the Namazis lathi charged or not." The 'Pakistan Times' doesn't mention that.

خواجہ محمد صفدر ۔ 'پاکستان ٹائمز' یہ باتیں کبھی بیان نہیں کرے گا۔

Mr. Speaker : But from both the sides the facts have been discussed. I rule the motion in order.

Mr. Hamza asks for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the most uncalled for action on the part of the district administration of Lahore in ordering lathi charge on the peaceful congregation of religious leaders on the 20th December, 1968. This has caused great resentment among the public all over the province. The news of this most unusual act was published in the daily Nawa-i-Waqt, Lahore, dated 21-12-68.

These Member who are in farour of leave being granted, may please rise in their places.

As less than twenty Members rose in their places, leave to move the motion was refused.

Mr. Speaker : The other motions No. 219, 230 and 308 are ruled out of order.

ARREST OF MR. AMANULLAH, FORMER SECRETARY, GOVT. COLLEGE STUDENTS UNION, LAHORE UNDER THE D.P.R.

Mr. Speaker : Next motion No. 95 by Malik Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I beg to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance namely, Mr.

Amanullah, former Secretary, Government College Students Union, Lahore, has been arrested by the Government of West Pakistan under the Defence of Pakistan Rules. The use of preventive law has perturbed the mind of the public of West Pakistan.

Minister for Home (Kazi Fazlullah Ubedullah) : I oppose this motion Sir. The factual position is that Mr. Amanullah was detained under the Defence of Pakistan Rules, and even he went in a writ petition to the High Court, which was considered and rejected. Therefore, I think this motion should be ruled out of order.

Mr. Speaker : The aggrieved person had the legal remedy, which he availed. The motion is ruled out of order.

Motion No. 96 stands disposed of with 94.

SUICIDE COMMITTED BY MR. YAR MUHAMLAD OF NOWSHERA ON ACCOUNT OF HARASSMENT BY POLICE

Mr. Speaker : Next motion, No. 116.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I beg to ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, Mr. Yar Muhammad of Nowshera committed suicide by shooting himself with his own revolver as the Police harassed him and involved him in a false case for participating in the recent riots on 10th November, 1968 at Nowshera. The action of the Police which has caused the death of Mr. Yar Muhammad has perturbed the minds of the public of West Pakistan.

Minister for Home (Kazi Fazlullah Ubedullah): I respectfully submit that the position as stated by my friend is incorrect. I oppose it. Actually he committed suicide on 5-12-68 due to strained family relations. The wife of the deceased and her mother-in-law were not on good terms, and he was not happy about it. The deceased had sold the scooter for Rs. two thousand and the father demanded the money. The deceased was reluctant to part with the money because he wanted to buy another scooter. This led to unhappy relations between the father and the son. His wife also made an

attempt to commit suicide—I want to emphasise it Sir—due to the above reasons, which led to her maltreatment at the hands of his father and her mother-in-law. She is still under treatment in the Lady Reading Hospital. There is no panic amongst the people. Besides, Sir, the first information report has been registered in this behalf and the investigation is proceeding, and the matter is sub-judice.

Mr. Speaker : FIR about which incident?

Minister for Home : Both the husband and the wife. The wife attempted to commit suicide, that is under section 308 of the Penal Code. And the husband has succeeded in commiting suicide.

Mr. Speaker : Is the investigation in progress? Because this is the only offence, which, if completed, is no offence.

Minister for Home : My information is that investigations are still pending against him.

Mr. Speaker : Against whom ?

Minister for Home : That would be against the woman of course. But my submission is that my friend has tried ...

Minister for Law : May be, they are finding out whether it is a suicide or a murder.

Minister fo Home : My friend has suggested that he committed suicide because he was falsely implicated in a case. This is not so. He committed suicide because of strained family relations with his father, and the wife and the mother-in-law on the other side.

Malik Muhammad Akhtar : The circumstances are utterly different from those explained by the Minister. The real position is that Yar Muhammad was an eye-witness of the shooting of Mr. Zaheer Naqvi who was martyred on the 10th November, 1968 at Naushera. A student of first-year class was shot dead by one of the A.S.Is. and Mr. Yar Muhammad was the only witness who was going to appear as eye-witness in that case. So, the police involved him in many cases. Yar Muhammad absconded to Swat and when he returned he found that the police wanted to arrest him on many false charges.

Mr. Speaker : Was it published in a paper ?

Malik Muhammad Akhtar : It was not published in a paper, but, I have some documents. This is an application addressed to the Governor of West Pakistan by the father of Mr. Zaheer wherein he has stated that his son was shot by an A.S I. and that other witnesses were being harrassed. Yar Muhammad was the only person who was going to appear as an eye-witness and he was so much harrassed that he committed suicide. Sir, we bring these adjonrnment motions here just to ventilate the greveances of the public and let the government know what is being done by the administration on the district level. This is a very serious crime. They shot dead one student, they harrassed the only eye-witness in the case and the poor fellow had to shoot himself. Then, when the husband was dead, his wife tried to commit suicide. This is a false and cooked.....

Mr. Speaker : The facts have been denied by the Minister for Home. Moreover, a case has been registered in this regard. The matter is sub-judice and, therefore, the motion is ruled out of order.

LATHI-CHARGE BY POLICE ON A PROCESSION OF STUDENTS AT SARGODHA ON 11TH NOVEMBER, 1968.

Mr. Speaker : Next motion No. 119.

Malik Muhammad Akhtar : I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the Police lathi-charged on a procession of students at Sargodha on 11th November, 1968 which was demonstrating against the firing of the Police on students at Rawalpindi and Nowshera. The Police made some of the students naked and beat them with lathis. The news has perturbed the minds of the public of West Pakistan.

Minister for Home (Kazi Fazlullah Ubedullah) : I oppose it, Sir.

My friend has tried to make two points. Firstly, that procession of students was lathi-charged and, secondly, that some other students were made naked and beaten with lathis. I submit that both the allegations are

grossly incorrect. No lathi-charge was resorted to and no students were injured. None of the students was hospitalized and none of the students was made naked. On the contrary, the procession became violent and caused injuries to the Deputy Commissioner and the Senior Superintendent of Police. The S.S.P. actually sustained a fracture but even then they restrained from using any force. Therefore, I submit that both the allegations of my friend are quite wrong and the motion may be ruled out of order.

Malik Muhammad Akhtar : Again, I repeat that this august House is here to sit and decide the issues with a level head without being prejudiced or guided by the subordinates and without protecting the district authorities. May I state with full responsibility that the police made the students naked at Sargodha ? They made students naked at Chiniot Bazar, Lyallpur.....

Mr. Speaker : That has got nothing to do with this motion. Has the Member any proof in his possession to contradict the Minister ?

Malik Muhammad Akhtar : According to the limited sources which this small Opposition possess, we have got documents which have not been contradicted. Why don't they contradict such news so that there is no occasion for these motions in this House?

Mr. Speaker : The facts have been denied by the Minister for Home. The motion is ruled out of order.

ATTEMPT ON THE LIFE OF FIELD MARSHAL MUHAMMAD AYUB KHAN, PRESIDENT OF PAKISTAN, IN PESHAWAR ON 10TH NOVEMBER, 1968

Mr. Speaker : Next motion No. 120.

Malik Muhammad Akhtar : I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, the negligence of the District Authorities, Peshawar, to take appropriate security measures due to which an attempt has been made at the life of Field Marshal Muhammad Ayub Khan, President of Pakistan, while he was about to address a public meeting

in Jinnah Park on 10-11-1968. The negligence of the District Authorities has perturbed the minds of the public of West Pakistan.

Minister for Home (Kazi Fazlullah Ubedullah) : Sir, I strongly oppose this motion. Although I commend the anxiety of my friend regarding the personal safety of the President of Pakistan but I submit that for the last two months I have been watching whether there has been any voice of condemnation from the Members of the Opposition, or some other stalwarts of Opposition, about this dastardly act of violence alleged to have been committed by a student at Peshawar; and I have not come across any condemnation from any quarter concerning my friends. I might inform my friends that we had taken strict measures, which we normally take, with regard to the safety of the President. It is incorrect to say that attempt on the life of the President of Pakistan at Peshawar, on the 10th November, 1968, was due to negligence on the part of the district authorities, Peshawar, who allegedly failed to take appropriate security measures in respect of the person of the President of Pakistan. Besides, men posted on the buildings around the garden, normal security measures were duly taken and a large number of police force was posted in outer and inner cordon to ensure the personal safety of the President. I did not give the figures.....

Malik Muhammad Akhtar : Figures are most essential.

Minister for Home : Care is always taken to ensure that security and protective arrangements for the person of the President of Pakistan should be absolutely foolproof and perfect. Security orders for such occasions are drafted according to the circumstances and strictly in consonance with the rules on the subject. As regards the Presidential meeting of 10th November, 1968, the orders drafted by the Senior Superintendent of Police and the Superintendent of Police, Special Branch, Peshawar, were thoroughly vetted and rehearsed on the ground before the actual meeting. The distance of the crowd from the dais was in accordance with the rules for the protection of the person of the President of Pakistan. Everybody to sit on the dais, and in fact every one permitted to sit within a radius of 90 ft. of the dais, was screened. The dais was built according to the specifications laid down by the rules on the subject. The Superintendent of Police, Special Branch,

Peshawar, alongwith two upper subordinates was on duty at the dais forming a close cordon around the President.

In addition to the above, the Personal Gunman of the Persident, alongwith two upper subordinates, was on duty at the dais. Similarly, four upper subordinates were deployed on each of the right and left flanks of the dais. Apart from that, a number of officers were standing immediately behind the President. It would not, therefore, be correct to say that appropriate security measures were not taken which resulted in the attempt on the life of the President. The effectiveness of the security arrangements can be judged from the mere fact that the assailant fired the shots from a more than 90 ft. and was immediately pounced upon by a Special Branch Foot Constable, a uniformed DSP and other members of the public and whisked away without being manhandled by an infuriated section of the audience. Sir, the President's meeting continued in a peaceful atmosphere inspite of this incident, Therefore, I submit that strict security measures were duly taken as we normally do and it is no fault of the administration if somebody fires from a distance.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔۱) ۔ جناب والا ۔ محترم وزیر داخلہ صاحب نے کچھ ایسے کلمات ارشاد فرمائے ہیں جن کا جواب دینا میرے لئے لازمی ہو گیا ہے اسلئے میں اس معزز ایوان میں اپنے جذبات اور خیالات کا اظہار اختصار کے ساتھ پیش کروں گا ۔ میں نہایت واضح الفاظ میں یہ گزارش کرنی چاہتا ہوں کہ حزب اختلاف کے کسی فرد کے ذہن میں یہ نہیں ہے کہ اس ملک کی حکومت کو bullet کے ذریعہ تبدیل کیا جائے ۔ ہم صرف اور صرف ballet پر انحصار کرتے ہیں اور یقین رکھتے ہیں ۔

جناب والا ۔ دوسری بات جس کا گلہ محترم وزیر داخلہ صاحب نے کیا ہے کہ حزب اختلاف کی جانب سے کسی ایک فرد نے بھی صدر پر گولی چلانے کے متعلق مذمت نہیں کی ۔ یہ درست ہے اس لئے کہ جو کچھ اخبارات میں دیا گیا اس سے یہی تاثر دیا گیا کہ صدر کی ذات پر گولی چلائی گئی بلکہ یہ کہا

گیا two shots were fired in the meeting میٹنگ میں کسی پر گولی چلائی گئی ۔ دو روز کامل گزرنے کے بعد دوسرے ممالک سے مبارکباد کے پیغامات یعنی پیغام تہنیت صدر کو موصول ہونے شروع ہوئے جیسے گولی صدر محترم کی جانب چلائی گئی ہو خود اس گورنمنٹ نے جو آج یہ کہتی ہے کہ ہم نے گولی چلانے کی مذمت نہیں کی اس بات کو عمداً چھپائے رکھا ۔ میں یہ بھی عرض کر دوں کہ کم از کم تین روز تک گورنمنٹ کے کسی فرد نے جو صدر صاحب کی پیدا کردہ ہے اس کے کسی فرد واحد نے کوئی لفظ زبان سے نہیں نکالا کیا گولی چلنے کے اس واقعہ کی حکومتی پارٹی کے کسی فرد نے مذمت کی ہے ۔ اگر وہ ایسا کرتے اسکی مذمت کرتے ۔ یہ خود گونگے تھے ۔ یہ خود خاموش تھے ۔ انہوں نے خود اپنی زبانوں پر قفل لگائے ہوئے تھے اور ہم سے یہ توقع رکھیں کہ ہم اسکی مذمت کرتے حقیقت یہ ہے کہ اس واقعہ کو اخفا میں رکھنے کی کوشش کی گئی ہے ۔ اگر پہلے روز یہ بتا دیتے تو شاید ہم بھی اس واقعہ کے متعلق کچھ کہتے بلکہ یقیناً کہتے اور یقیناً اس واقعہ کی مذمت کرتے ۔ جب گورنمنٹ ہی ایک بات کو چھپاتی ہے تو ہمیں اس واقعہ کے متعلق کیسے پتہ چل سکتا ہے ۔ میں وہاں موجود نہیں تھا کہ آیا کس نے گولی چلائی یا اس سے کوئی آدمی زخمی ہوا ۔ یہ اخبارات بھی آپکے ہی ہیں اور محکمہ اطلاعات خود اسکا ذمہ دار ہے ۔ صدر کی ذات پر حملے پر ہمیں بے حد افسوس ہے ۔ لیکن یہ بھی حقیقت ہے کہ پشاور کے سرحدی علاقہ میں جب کوئی بڑا آدمی آتا ہے اور اس کا جلوس نکالا جاوے تو اسکے اعزاز میں گولیاں چلائی جاتی ہیں ۔ عام طور پر یہی تاثر لیا گیا کہ شاید یہ گولیاں استقبال کے سلسلہ میں چلائی گئی تھیں ۔ جب یہ پتہ چلا کہ ایک آدمی کو گرفتار کر لیا گیا ہے حالانکہ یہ پتہ نہیں چلا کہ گولی کس پر چلائی گئی تھی ۔ تین چار روز کے بعد پتہ چلا کہ صدر کی ذات پر گولی چلائی

گئی ۔ میں ان کی خدمت میں عرض کرتا ہوں کہ پہلے تین روز تک وزیر داخلہ صاحب کا کونسا بیان اخبارات میں شائع ہوا دوسرے تمام وزراً صاحبان اپنے اپنے بیانات کے متعلق فرمائیں کہ کس کس تاریخ کو انہوں نے بیان دیئے ۔ کیا یہ ذمہ داری ہم پر ہے.....

Minister for Home : Sir, as my friend says that immediately on the return from Peshawar to Rawalpindi the President was asked at the Airport by the Press Reporters about this firing at him and he laughly said that "this is part of the game" and even after three days when the congratulatory messages came from outside and my friend came to know that this firing was actually aimed at the President, even then none of the Opposition leader said any word about the incident.

خواجہ محمد صفدر ۔ میں آپ سے یہ پوچھتا ہوں کہ آپ نے کب بیان دیا ۔ تمام وزراً صاحبان بتائیں کہ انہوں نے کب بیانات دیئے ۔ یہ الزام آپ پر عائد ہوتا ہے ۔ آپ کہتے ہیں کہ صدر صاحب پر گولی چلائی گئی ۔ ہم اس بات کے مخالف ہیں ۔ یہ ذمہ داری ہم پر نہیں ہے بلکہ یہ ذمہ داری آپ پر ہے ۔ آپ اس بات کو اخفا میں رکھتے رہے ۔ آپ اسکو چھپاتے رہے ۔

Mr. Speaker : Order please. Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, my adjournment motion is quite simple. The President had to address a meeting at Peshawar where there has been a firing incident There had previously been a firing incident at Rawalpindi, where a preson similarly came and sat down in the front row with a pistol and shot dead our former Prime Minister with a similar type of weapon. Sir, I want to know what was the Int lligence Department and C.I.D. Department doing? Could they not have advised the President earlier not to attend the meeting? One small piece of bullet could have finished this Constitution, these Assemblies because the entire powers and everything vests in the President. Recently what happened to Robert Kennedy in the U.S.A. who was a Presidential candidate. I mean to say

that this is criminal negligence of the Provincial Government to fail to afford appropriate protection to the President.

جناب والا ۔ میں اپنے دوستوں کی خدمت میں جو اس طرف بیٹھے ہوئے ہیں درخواست کروں گا کہ تحریک التوا کو منظور کیا جائے اور ڈسٹرکٹ اتھارٹی پشاور کو پوری پوری سزا دینے کیلئے تجویز کیا جائے جنہوں نے صدر کی زندگی کو اس طرح خطرہ میں ڈالا جس سے پاکستان میں اس قدر گڑبڑ ہو جاتی کہ اسکو سنبھالنا مشکل ہو جاتا ۔

جناب والا ۔ میں اس تحریک التوا کی اہمیت کو کم کرنے کیلئے تیار نہیں ہوں ۔ میری یہ گزارش ہے کہ اس تحریک التوا کو منظور کیا جائے اور اس پر بحث کی جائے ۔

Mr. Speaker : It has stated by the Home Minister that appropriate security measures were taken and it has not been stated how the appropriate security measure were not taken by the police. The motion is ruled out of order.

LATHI-CHARGE ON AND TEAR-GASSING OF A PROCESSION IN PESHAWAR ON 15TH NOV., 1968 TAKEN OUT IN PROTEST AGAINST THE ARREST OF MR. Z.A. BHUTTO AND OTHER LEADERS

Mr. Speaker : Next motion No. 126.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I ask for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance namely the police lathi-charge and tear gass on 15th November, 1968 at Peshawer to disperse a procession which was protesting against the arrest of Mr. Zulfiqar Ali Bhutto and other political leaders. Many persons have been injured. The news has perturbed the minds of the public of West Pakistan.

Minister for Home : I oppose this motion. The position stated by

my friend is factually inorrect. He has tried to make two points. (1) That the procession was lathi-charged. (2) That it was tear gassed.

Now I have got the telling answer from Mr. Salim Abbas Gilani, CSP, Deputy Commissioner, who was stationed at the place and has a great reputation as a Judge. He says no crowd was dispersed by lathi-charge or tear gassed on 15th November, 1968 as alleged in the adjournment motion.

Mr. Speaker : The facts have been denied by the Minister; the adjournment motion is threfore, ruled out of order.

SERVICE OF A NOTICE ON MR. AFTAB RABBANI, PRESIDENT, P.W.R. WORKERS' UNION, PROHIBITING HIS ENTRY INTO THE RLY. WORKSHOP PREMISES AT MOGHALPURA, LAHORE

Mr. Speaker : Next motion No. 127.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance namely that Mr Aftab Rabbani, a well-known political leader and President, Pakistan Western Railway Workers' Union has been served with a notice under the West Pakistan Maintenance of Public Order (Ordinance) on 29th November, 1968, not to enter the Railway Workshop premises at Moghalpura, Lahore. The use of preventive laws has perturbed the minds of the public of West Pakistan.

Minister for Home (Kazi Fazlullah Ubedullah) : I oppose the motion. It is true that Mr. Aftab Rabbani was served with a notice not to go to the Moghalpura Workshop as stated by my friend in his adjournment motion. But the action taken against him was abundantly justified. It was resliably learnt that workers and office bearers of the Peoples Party were tryiny to instigate the labourers of P.W.R. to stage a demonstration taking advantage of the disturbed conditions in some parts of West Pakistan. Aftab Rabbani is an active worker and President of the P.W.R. Workers Union. The information, later on, proved to be correct as the railway workers did stage a demonstration in front of the office of the Divisional Superintendent on 9-12-1968. It was with difficulty that the situation was brought under

control. The prompt action of the Civil Administration saved the situation from taking an ugly turn. Unfortunately some unscruplous elements trying to exploit labour trouble again especially among the labourers of the P.W.R. Workers Union. They want to bring about the same conditions which existed in 1967.

Mr. Speaker : Under what law has this action been taken?

Minister for Home : Under the West Pakistan Maintenance of Public Order Ordinance.

Mr. Speaker : I hold the motion in order.

Malik Muhammad Akhtar has asked for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, damely, Mr. Aftab Rabbani, a renowned political leader and President of the P.W.R. Workers Union has been served with a notice under the West Pakistan Maintenance of Public Order Ordinance on 29th November, 1968 not to enter the railway workshop premises at Moghalpura, Lahore. The use of the preventive law has perturbed and dismayed the minds of the public of West Pakistan.

Those Members who are in favour of leave being granted, may please rise in their places.

As less than twenty Members rose in their places, leave to move the motion was refused.

POLICE LATHI-CHARGE ON PERSONS GATHERED AT LOWER SHAHRAH-E-QUAID-E-AZAM, LAHORE TO WITNESS THE INTERNATIONAL MOTOR CAR RACE ON 30TH NOVEMBER, 1968

Mr. Speaker : Next - 1[2 by Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I ask for leave to make a motion for the adjournment of the business of the Assembly to discuss a definite matter of recent and urgent public importance, namely, as reported in the daily 'Nawa-i-Waqt' dated the 1st December, 1968, the Police lathi-charged the persons who had gathered to witness the International Motor Car Race on

the 30th of November, 1968 at Lower Shahrah-e-Quaid-e-Azam. The news has perturbed and dismayed the mind of the public of West Pakistan.

Minister for Home (Kazi Fazlullah Ubedullah) : I oppose the motion which my friend has based on a report in daily Nawa-i-Waqt on the first of December, 1968. Unfortunately, the report was not correct. It is true that thousands of people gathered on the road in order to witness the international rally. It was the duty of the Police to keep the road clear so that the cavalcade passed peacefully taking a good impression of the country and the attitude of the Pakistani people. It was with great effort that the road was kept clear. No lathi-charge was made at all to push aside the spectators. This action of the police has been appreciated by the people in the country and it has certainly been appreciated by the foreigners too. Therefore, Sir, I oppose the motion and say that it does not merit any consideration.

Mr. Speaker : Any other proof except the press report?

Malik Muhammad Akhtar : Only the press report.

Mr. Speaker : Was the Member there?

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I hardly get time to attend any of the functions. I depend on the press reports.

Minister for Home : My Deputy Secretary was in the crowd and he assured me that this allegation is false.

Mr. Speaker : Facts are denied. The motion is ruled out of order.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I am not well, couldn't we postpone the rest of the adjournment motions till tomorrow?

Minister for Food & Agriculture (Malik Khuda Bakhsh) : His request must be accepted.

Mr. Speaker : We will take up the rest of the adjournment motions tomorrow.

ORDINANCES

THE WEST PAKISTAN ESTABLISHMENT AND IMPROVEMENT OF PARKS AND HISTORICAL PLACES (LAHORE) (REPEAL) ORDINANCE, 968 (*resumption of discussion*)

Mr. Speaker : The House will now resume discussion on the West Pakistan Establishment and Improvement of Parks and Historical Places (Lahore) (Repeal) Ordinance, 1968.

Yes, Khawaja Sahib.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۔۱) ۔ جناب والا ۔ میں نے یہ ترمیم اس معزز ایوان کے سامنے پیش کی تھی کہ ۔

in sub-section (1) of section 4 of the Ordinance, the words and commas "including any installations, fixtures or structures put up or erected thereon by the Trust" occurring in lines 6—8

کو حذف کیا جائے ۔ اور اس کے متعلق میں اپنی گذارشات پیش کر رہا تھا ۔

جناب والا ۔ میں نے یہ عرض کیا تھا کہ ان ۵۶ ایکڑ اراضی میں جو ایک طویل عرصہ تقریباً ۸ سال سے امپروومنٹ ٹرسٹ کی قبضہ میں رہی ہے وہاں امپروومنٹ ٹرسٹ نے سڑکیں تعمیر کی تھیں زمین دوز نالیاں تعمیر کی تھیں ۔ اس علاقہ میں بجلی کے کھنمبے نصب کئے تھے اور پانی بہم پہنچانے کا انتظام کیا تھا بلکہ یہاں تک میرے خیال کے مطابق اس علاقہ کے پلاٹ بنا کر اس میں سے بعض کو فروخت بھی کیا گیا تھا ۔ کم از کم دو پلاٹ نیلام بھی کئے تھے ۔ لیکن بعد میں اس نیلامی کی توثیق نہ کی گئی ۔ اس سے میری عرض اور مدعا یہ ہے کہ ۵۶ ایکڑ کا علاقہ آبادی کے لئے تیار ہو رہا ہے ۔ ان الفاظ کی رو سے جو اس ضمنی دفعہ ، میں رکھے گئے ہیں امپروومنٹ ٹرسٹ نے اختیار حاصل کیا ہے کہ نہ صرف منقولہ اشیاً جو امپروومنٹ ٹرسٹ کی ملکیت ہیں اور اس اراضی پر پڑی ہیں اٹھا لے بلکہ غیر منقولہ اشیاً بھی جن پر لاکھوں روپیہ

صرف ہوا ہے وہ بھی وہاں سے اکھاڑ لے - تو میں یہ عرض کر رہا تھا کہ انہوں نے اسقدر عجلت دکھائی ہے او ۶۸-۱۲-۱۹ کو لاہور امپرووٹ ٹرسٹ کی جانب سے ہائی کورٹ میں درخواست پیش ہوئی کہ حکم امتناعی کو منسوخ کیا جائے جس کی وجہ سے ہائی کورٹ کی طرف سے منع کر دیا گیا تھا کہ امپروومنٹ ٹرسٹ اس اراضی سے سڑکیں نالیاں بجلی کے کھنمبے نہ اکھاڑے - ٹرسٹ نے ۶۸-۱-۱۹ کو اپنی درخواست میں کہا کہ از راہ کرم حکم واپس لے لیا جائے اور اگر کسی قسم کا نقصان ہو گا تو وہ اس کی ذمہ داری امپروومنٹ ٹرسٹ پر ہو گی اس ذمہ داری کو برداشت کرنے کے بعد ۶۸-۱۲-۱۹ کو ہائی کورٹ کا حکم امتناعی جس کی وجہ سے امپروومنٹ ٹرسٹ کو روک دیا گیا تھا کہ غلط کاری نہ کرے ختم ہو گیا - جب میں ۶۸-۱۲-۱۹ کو اپنے رفقا کار کے ساتھ اس اراضی پر گیا تو میری حیرانی کی حد نہ رہی کہ پختہ سڑکیں جن پر سولنگ تھی روڑی پڑی ہوئی تھی - بجری بچھائی جا چکی تھی اور تارکول پڑا ہوا تھا ان میں سے اکثر و بیشتر کو اکھاڑ دیا گیا تھا یا اکھاڑا جا رہا تھا - زمین دوز نالیاں جو سیمنٹ کی بنی ہوئی ہیں انکو اکھاڑ کر پھر ڈھیر کیا جا رہا ہے غرضیکہ ہر چیز جو اس اراضی کی بہتری کیلئے یا اسکے development کیلئے یہاں تعمیر ہو چکی تھی اسکو برباد کر دیا گیا - جناب والا - آپ جانتے ہیں کہ لاہور امپروومنٹ ٹرسٹ مختلف آبادیاں بسا چکا ہے اور میرے کئی دوست یہاں تشریف رکھتے ہونگے جنہوں نے مختلف آبادیوں میں اپنی رہائش کیلئے بنگلے تعمیر کرنے کیلئے پلاٹ لئے ہونگے وہ میرے ساتھ اتفاق فرمائیں گے جب میں یہ کہوں کہ لاہور امپروومنٹ ٹرسٹ اس ڈولپمنٹ کیلئے یا ان ناجائز سڑکوں اور بجلی یا پانی مہیا کرنے کیلئے ۴ ہزار سے ۵ ہزار روپے کینال تک وصول کرتا ہے - آپ اندازہ فرمائیے کہ تقریباً ساڑھے چار سو کینال اراضی پر اگر فرض کر لیا جائے کہ ۴ ہزار روپے فی کینال ڈولپمنٹ کے اخراجات آئے

ہیں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ ۱۸ لاکھ روپیہ صرف ہو چکا تھا ۔ میں یہ چاہتا تھا کہ ان الفاظ کے حذف کرنے کے ساتھ اس ۱۸ لاکھ روپے کو بچا لیا جائے جس میں سے اب جیسا کہ آپ کہتے ہیں ۱۸ روپے بھی نہیں بچائے جا سکتے وہ ۱۸ لاکھ روپے کی لاگت سے جو چیزیں وہاں تعمیر کی گئی ہیں انکو وہیں رہنے دیا جاتا تو ان مالکوں سے سودا کیا جا سکتا تھا کہ ہم نے یہ اخراجات کئے ہیں اسکے عوض میں کچھ دو ۔ وہیں پڑے پڑے وہ installations فروخت کی جا سکتی تھیں لیکن اس عقل و فکر سے عاری حکومت اس اندھی اور بہری حکومت کو کیا کہا جائے کہ جو پبلک کا روپیہ اس بیدردی سے صرف کرتی ہے اور اس بیدردی سے ضائع کرتی ہے ۔ اگلے روز وزیر بلدیات نے ارشاد فرمایا تھا کہ سکیم کو چھوڑ دینے کی ایک وجہ یہ ہے کہ ہمیں یہاں ۲۵ ہزار روپے فی کینال کے حساب سے زمین خریدنا پڑتی ہے میں ان سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ آخر یہ پبلک کا روپیہ تھا کیا ہم پبلک کے روپے کی حفاظت کی غرض سے اور اسکو بچانے کی غرض سے اس قدر روپیہ صرف نہیں کر سکتے تھے اسلئے ہم نے اسکو چھوڑ دیا کہ سودا مہنگا ہے ۔ میں ان سے پوچھتا ہوں کہ یہ ۱۸ لاکھ روپیہ جو وہاں صرف کیا گیا ہے تو اسکے برباد کرنے کی ذمہ داری کس پر ہے ۔ اگر یہاں کوئی عوام کی نمائندہ حکومت ہوتی تو یقیناً جناب وزیر بلدیات سے پرسش کی جاتی کہ صاحب آپ نے حماقت کیوں کی کیا یہ ۱۸ لاکھ روپیہ آپ کی جیب سے آیا تھا جس کو جس طرح چاہا خرچ کیا یہ عوام کا روپیہ تھا آپ نے عوام کے روپے میں خیانت کی ہے اسکا جواب دیجئے ۔ میں یہاں عرض کر دوں کہ آج یہاں وزرائے کرام سے کوئی مجرمانہ غفلتوں کی بازپرس نہ کرے اسلئے کہ یہ سارا نظام ہی خیانت پر مبنی ہے لیکن وہ وقت جلد آنیوالا ہے کہ انہیں سے ہر وزیر کا ان غلط کاریوں اور ان غلط بخششوں کا مواخذہ کیا جائیگا انہیں سے کسی کو درگذر نہیں کیا جائیگا اسلئے میں ان سے پوچھتا ہوں کہ یہ مجھے واضح

طور پر جواب دیں کہ آخر کیا وجہ ہے کہ یہ ۱۸ لاکھ روپیہ کی کثیر رقم کو اس بیدردی سے برباد کیا گیا ہے - ان الفاظ کیساتھ میں اس پوری ترمیم کی حمایت کرتا ہوں -

مسٹر حمزہ (لائلپور ۶) - جناب سپیکر - دوسری عالمگیر جنگ کے دوران جب جرمن فوجیں روس پر حملہ آور ہوئیں اور روسی علاقہ میں پیشقدمی کر رہی تھیں تو روسی حکومت یا روسی عوام اس علاقہ کے تمام کارخانے اور روسری ایسی اشیأ جو جرمن قوم یا جرمن حملہ آوروں کیلئے مفید یا انکے لئے کارآمد ثابت ہوتیں ضائع کر دیتے تھے یا جلا دیتے تھے اور اکثر اوقات دیکھا گیا ہے کہ جب دو قومیں جنگ کرتی ہیں تو ایسا کرنا لازم ہو جاتا ہے - جناب وزیر بلدیات نے جمعہ کے روز اس معزز ایوان میں یہ فرمایا تھا کہ ہم نے اس قسم کے ہنگامی قوانین جاری کر کے ایک بار بھی یہ کوشش نہیں کی کہ حزب اختلاف کے کسی رکن کو یا حزب اختلاف سے تعلق رکھنے والوں کو سزا دیجائے - میرے نزدیک حزب اختلاف کے ارکان کو یا اس سے تعلق رکھنے والوں کو سزا دینا کسی لحاظ سے بھی مناسب نہیں ہے جو کہ اس حکومت کا وطیرہ ہے لیکن اس سے بڑھکر ایک بہت ہی خطرناک قسم کی حرکت اور مذموم حرکت جو کہ ہماری حکومت کی جانب سے کی جاتی رہی ہے وہ یہ ہے کہ وہ تمام کی تمام تعمیرات سڑکیں نالیاں پانی کی بہم رسانی کے اور استعمال شدہ پانی کی نکاس کے سلسلے یا بجلی کی بہم رسانی کے سلسلے میں جو اقدامات کئے گئے تھے اور جو جو تعمیرات وہاں کی گئی تھیں ان سب کو ضائع کرنا چاہتی ہے - انگریزی میں اس پالیسی کو scorched earth policy کہتے ہیں - ایک جانب تو وزیر بلدیات کا یہ ارشاد ہے کہ ہم انکو نقصان نہیں پہونچانا چاہتے لیکن میں کہتا ہوں کہ آپ انکو نقصان پہونچا رہے ہیں کم از کم اس غریب قوم کی بے بسی پر رحم کیجئے آپ لاکھوں روپیہ ان کاموں پر

صوف کرنے کے باوجود آج انکو بے دریغ ضائع کر رہے ہیں - آپ کا اس میں کوئی نقصان نہیں ہے ایک کہاوت کے مطابق آپ نے اپنی مونچھوں کو نیچا کر لیا لیکن میں آپکو بتاؤں کہ آپ نے لاکھوں روپیہ جو پبلک کا صرف کیا اور جسکو آپ نے بیدردی سے ضائع کیا یا کر رہے ہیں اسکی ذمہ داری کس پر ہے - آپ یہ فرماتے ہیں کہ اس زمین کی قیمت اتنی زیادہ ہو گئی تھی اور اتنی رقم زیادہ ہو گئی تھی کہ لاہور امپروومیٹ ٹرسٹ کیلئے یہ مناسب نہ تھا اور ممکن نہ تھا کہ اس زمین کو کاروباری لحاظ سے فروخت کر سکتی - لیکن میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ حکومت نے ۱۹۶۳ء میں جب یہ ہنگامی قانون جاری کیا تو اس سے قبل لاہور ڈویژن نے ایک ایسا اوارڈ جاری کیا جو انصاف کے تمام تقاضوں سے بے نیاز اور عاری تھا - آپ کو اچھی طرح علم ہے کہ دور دراز علاقوں میں شہر لاہور تو ایک طرف یا شہر لاہور کی کمیٹی کے اندر جو زمین واقع ہے اس کو چھوڑ دیا جائے مجھے ذاتی طور پر علم ہے کہ ضلع لائلپور میں بھی وہ سکنی زمین جو کمیٹی کی حدود سے باہر ہے یا کمیٹی کی حدود سے قریب چوک میں واقع ہے وہاں ہماری حکومت اسے ۲۵۰ روپیہ فی مرلہ کے حساب سے غریب کاشتکاروں سے وصول کرتی ہے -

Mr. Speaker : That is not relevant to the amendment.

مسٹر حمزہ - میرا نقطہ نظر یہ ہے کہ آپ کی حکومت نے اس قسم کے فیصلے کروا کر اس تمام مقدمہ بازی کو جنم دیا ہے اور اس مقدمہ بازی سے آپ نے محض میاں افتخارالدین اور انکے وارثان کو ہی نقصان نہیں پہنچایا بلکہ مغربی پاکستان کی آبادی کا لاکھوں روپیہ ضائع کیا ہے - میں وزیر بلدیات سے پوچھتا ہوں کہ آپ ایک کاشتکار گھرانے سے تعلق رکھتے ہیں - آپ نے اب یہ فیصلہ تو کر لیا کہ وہاں سے سڑکوں کو اکھاڑیں گے اور نالیاں جو بنائی گئی ہیں انکو مسمار کر دیں گے لیکن آپ اچھی طرح جانتے ہیں کہ ایک

جگہ جب سڑک بنا لی جائے تو اس زمین کے کاشت کرنے میں بڑی دقت ہوتی ہے - پودے جو لگائے تھے انکو ختم کر دیا گیا اور باغ کو ویران بنا دیا گیا اور اس کے ساتھ ہی ساتھ ان تعمیرات کیوجہ سے آپ نے اس زمین کو ایسی شکل دیدی ہے کہ اگر اس زمین کو دوبارہ زیر کاشت لایا جائے تو اسکے لئے سال ہا سال درکار ہونگے اور آپ کو علم ہوگا کہ بیشتر وزرا اور بڑے بڑے افسران اپنی زمینوں کو محکمہ جنگلات کے عملہ یا محکمہ زراعت کے عملہ اور اہل کاراں اور ان کے وسائل سے ڈیویلپ کراتے ہیں - اس قسم کی ناواجب سہولتیں ان زمینوں کے مالکان کو نصیب یا میسر نہیں ہونگی - مجھے اس بات کا بھی علم ہے - ہو سکتا ہے کہ جناب وزیر بلدیات اس ایوان میں میرے اس دعوے کی تردید کر دیں مجھے انتہائی دکھ ہوگا لیکن مجھے انتہائی معتبر ذرائع سے علم ہوا ہے کہ جب یہ سکیم یہ آرڈیننس کیبینٹ کے روبرو پیش ہوا تو وجوہات کی بناہ پر جناب وزیر بلدیات نے اس آرڈیننس کی مخالفت کی تھی اور یہ فرمایا تھا کہ اس سے محض حکومت کا ہی نہیں بلکہ عوام کا بھی نقصان ہوگا -

وزیر بلدیات - جناب والا - فاضل ممبر کو اس چیز کا کس طرح علم ہو سکتا ہے - جو چیز کیبینٹ میں ہوتی ہے وہ خفیہ ہوتی ہے -

خواجہ محمد صفدر - انہیں کس ممبر سے معلوم ہوا ہے -

وزیر بلدیات - یہ نہیں ہو سکتا فاضل ممبر غلط بیانی سے کام لے رہے ہیں - کیبینٹ میٹنگ خفیہ ہوتی ہے اور کوئی آدمی اسکے متعلق نہیں جانتا - فاضل ممبر غلط بیانی فرما رہے ہیں -

ملک محمد اختر - کسی نہ کسی طرح پتہ چل جاتا ہے -

مسٹر حمزہ - یہ بات جناب وزیر بلدیات کے حق میں جاتی تھی اسلئے اسکا یہاں ذکر کرنا مناسب سمجھا گیا -

وزیر بلدیات ۔ یہ جناب والا ۔ اخلاقیات کے خلاف ہے کہ ایک بات جو کہ کیبینٹ کے اجلاس میں کہی گئی ہو اس کی نسبت کہا جائے کہ وہ بات کہی گئی تھی ۔ کیبینٹ کا اجلاس خفیہ ہوتا ہے ۔ اسکی کارروائی خفیہ ہوتی ہے تو وہ ایسی بات کہہ رہے ہیں جو انکے علم میں نہیں ہے اور ایوان کو غلط اطلاع فراہم کر رہے ہیں ۔ یہ انکو نہیں کرنا چاہئے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ یہ اطلاع درست ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ مجھے آپ سے پوری ہمدردی ہے ۔ یقین کیجئے جناب والا ۔ مجھے آپ کے منسٹر بننے سے خوشی ہوتی ہے اور جب آپ کو اس قسم کی مجبوریاں لا حق ہوتی ہیں تو یقیناً آپ سے ہمدردی ہوتی ہے ۔ مجھے یہ امید تھی بلکہ یقین تھا کہ آپ اس ایوان میں کھڑے ہو کر اس کی تردید کریں گے لیکن جب اللہ میاں کے سامنے پیش ہونگے تو وہاں آپ ضرور کہیں گے کہ اللہ میاں میں مجبور تھا ۔ کابینہ میں میں نے سچی بات کہہ دی تھی ۔

وزیر بلدیات ۔ جناب والا ۔ کیا کیبینٹ کی decision کی حیثیت سے یہ بات relevant ہے ؟

مسٹر حمزہ ۔ انہوں نے اس ہنگامی قانون کو جاری کر کے اور اس میں اس قسم کی دفعات کو شامل کر کے میاں افتخارالدین کے وارثان کو نقصان نہیں پہنچایا بلکہ اس صوبے کے عوام کو نقصان پہنچایا ہے اور اس قسم کی بہیمانہ مثال اس دور میں پیش کی ہے کہ یہ جب کچھ عرصہ بعد وہ یہاں سے تشریف لے جائیں گے اور انکے اختیارات ختم ہو جائیں گے یہ مثال ضرور یاد کی جائے گی ۔

Mr. Speaker : I will put the amendment to the vote of the House.

The question is :—

That in sub-section (1) of section 4 of the Ordinance, the words and commas.....

خواجه محمد صفدر ۔ شاید جناب وہ کوئی جواب دیں اور میری تسلی ہو جائیگی ۔

مسٹر سپیکر ۔ اگلی ترمیم نمبر ۳ آ رہی ہے ۔ پرووائزو لگایا ہوا ہے کہ جب تک وہ اسے قبول نہ کریں تو وہ تقریر فرما سکتے ہیں ۔

Khawaja Muhammad Safdar : All right Sir.

Mr. Speaker : The question is —

That in sub-section (1) of section 4 of the Ordinance, the words and commas "including any installations, fixtures or structures put up or erected thereon by the Trust", occurring in lines 6-8, be deleted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : Next amendment by Malik Muhammad Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Not moving.

Mr. Speaker : The amendment is not moved.

Next amendment by Mr. Mahmood Azam Farooqi.

Mr. Mahmood Azam Farooqi : Sir, I beg to move :

That in sub-section (1) of section 4 of the Ordinance, the full-stop appearing at the end be replaced by a colon and the following proviso be added, namely :

"Provided that permanent structures and installations of the nature of buildings, roads, drains and sewers should not be removed unless the person to whom the possession of the relinquished land is to be given refuses to pay to the Government the cost of such permanent structures and installations".

Mr. Speaker : The amendment moved is :

That in sub-section (1) of section 4 of the Ordinance, tha full-stop appearing at the end be replaced by a colon and the following proviso be added, namely :

"Provided that permanent structuers and installations of the nature of buildings, roads, drains and sewers should not be removed unless the person to whom the possession of the relinquished land is to be given refuses to pay to the Government the cost of such permanent structures and installations".

Minister for Basic Democracies : Opposed.

At this stage Mr. Senior Deputy Speaker, Syed Yusuf Ali Shah occupied the Chair.

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی -۸) - جناب والا - آپ کو یاد ہوگا کہ اس ہنگامی قانون کی دوسری دفعات پر گفتگو کرتے ہوئے میں نے پہلے عرض کیا تھا کہ وہ قانون جسکی ترمیم و تنسیخ میں یہ قانون جاری ہوا ہے وہ پہلا قانون اور یہ دوسرا قانون سوائے اسکے اسکا اور کوئی مقصد نہیں کہ ایک فرد واحد اور ایک خاندان کو نقصان پہنچایا جائے - آج جو میں نے ترمیم پیش کی ہے یہ اس بات کا عملی ثبوت فراہم کرتی ہے کہ میں نے جو اس دن کہا تھا وہ صحیح تھا - جناب والا - سن ۱۹۶۲ء میں جب آپ نے اس زمین پر قبضہ کیا بغیر کسی اخلاقی اور قانونی جواز کے صرف جنگل کے قانون کے تحت

تو اس وقت قانون آپکے ھاتھ میں تھا اور آپ کا ھاتھ کوئی روک نہیں سکتا تھا حکومت آپکے ھاتھ میں تھی ۔ سن ۱۹۶۳ء میں آپ نے عدالتی فیصلوں کے باوجود پھر اس کالے قانون کی توثیق کر دی ۔ پھر بھی اس ملک میں آپکے ھاتھ کو روکنے والا کوئی نہ تھا کیونکہ آپ بغیر شرکت غیرے یہاں کے مالک ہیں ۔ جو آپ چاھیں سو وہ کریں ۔ آپ سیاہ و سفید کے مالک ہیں ۔ پھر ۱۹۶۸ء میں حکومت نے ھنگامی قانون جاری کیا جسکی توثیق آپ اس ایوان سے کرانا چاھتے اور تمام پچھلی کارروائیوں سے آپ واپس لوٹنا چاھتے ہیں اور پھر زمین کو ان لوگوں کو واپس کرنے کیلئے یہ قانون لائے ہیں ۔ اس ایوان میں ۱۵۰ کی آپکی اکثریت ھے ۔ آپ جو چاھیں قانون کے خلاف اور دنیا کے مسلمہ اصولوں کے خلاف قانون بنا سکتے ہیں ۔ آپ کو کوئی روکنے والا نہیں ھے لیکن میں نے جو ترمیم پیش کی ھے اس کا مطلب یہ ھے کہ آپ یہ سب کچھ کر رھے ہیں کیونکہ آپکے ھاتھ میں اختیار ھے لیکن کم از کم آپ اس کام سے تو بچیں کہ جس سے ایک خاندان کو نہیں بلکہ اس سے ملک اور قوم کے خزانے کو نقصان پہنچنے کا احتمال ھے اور نقصان پہنچ رھا ھے بلکہ پہنچ چکا ھے ۔ جناب والا۔ دوسرے الفاظ میں اس ترمیم کا مقصد اس قانون کو واضح صورت دینا ھے ۔ میں ایک مثال سے بتاتا ھوں شاید وزیر بلدیات کی سمجھ میں بہتر طریق سے یہ بات آ جائے ۔ بہت سے گاؤں وغیرہ میں توھم پرستی یا شگون کا رواج ھوتا ھے اگر ایک آدمی کسی کام کیلئے گھر سے نکلے اور سامنے سے کوئی نکٹا شخص آ جائے تو وہ سمجھتا ھے کہ شگون خراب ھو گیا ھے اور اب وہ کام نہیں ھوگا ۔ ایک بیوقوف کی کسی سے دشمنی تھی اس کا دشمن کسی مقدمہ کے سلسلہ میں گھر سے نکلا تو وہ بیوقوف فوراً اپنی ناک کاٹ کے اسکے سامنے آ گیا تاکہ اس کا شگون خراب ھو جائے ۔ دوسرے کا کام خراب کرنے کیلئے اس نے اپنی ناک کاٹنے میں ذرا تکلف نہ کیا ۔ وہ احمق کہتا ھے میری ناک کٹتی ھے تو کٹ جائے

لیکن دشمن کا مقدمہ ضرور خراب ہو ۔ یہ مثال وزیر بلدیات پر صادق آتی ہے انہوں نے وہاں پر سڑکیں بنوائیں نالیاں کھدوائیں اور سیوریج لائن بنوائی اور جب اس اراضی کو چھوڑنے پر آمادہ ہوئے تو صرف اس شخص کو نقصان پہنچانے کے لئے یہ فیصلہ کیا کہ ان تمام بنی ہوئی چیزوں کو تباہ و برباد کر دیا جائے ۔ حکومت کے جو اخراجات انہیں بنانے پر آئے تھے اس ملک کے خزانے کا جو روپیہ وہاں صرف ہوا تھا خواہ اس میں سے ایک پائی بھی واپس نہ آئے اس کا نقصان کرنا آپ نے منظور کیا مگر آپ نے یہ منظور نہ کیا کہ کسی خاندان یا فرد کو اس کا فائدہ پہنچے ۔ یہ خزانہ صوبہ کے لوگوں کا ہے آپ کو یہ حق حاصل نہیں کہ آپ اس روپیہ کا نقصان کریں ۔ مگر چونکہ آپ لوگوں کے نمائندہ نہیں اسلئے آپ کے دل میں اس کا درد نہیں ۔ اس کی کسک پیدا نہیں ہوتی ۔ آپ کو احساس نہیں کہ اس ملک کے لاکھوں اور کروڑوں عوام نے معلوم نہیں کن حالات اور مشکلات سے گذر کر اپنے بچوں کو نان شبینہ کا محتاج بنا کر خزانہ کے لئے روپیہ مہیا کیا ۔ مگر اس کو صرف کرنے میں میں کہونگا بیجا صرف کرنے میں اور ضائع کرنے میں آپ کو کوئی احساس نہیں ہوتا نہ آپ کے دل میں کوئی خلش محسوس ہوتی ہے ۔ اس لئے کہ نہ آپ عوام کے نمائندے ہیں اور نہ یہ حکومت عوام کی نمائندہ ہے نہ آپ کو عوام کے سامنے جانے کا خوف ہے اور نہ آپ کو عوام کے سامنے جوابدہی کا احساس ہے ۔ میں آپ کی اطلاع کے لئے عرض کروں میں نے خود وہاں جا کر اس زمین کو دیکھا ہے ۔ میں نے ان اکھڑی ہوئی سڑکوں اور اس اجڑی ہوئی آبادی کو خود دیکھا ہے ۔ بلا مبالغہ مجھے ایسا محسوس ہوا جیسے خدا نخواستہ اس ملک میں ۱۹۶۵ء کی لڑائی کے بعد ہندوستانی اس علاقہ کو چھوڑ گئے ہوں ۔ سڑکیں تباہ نالیاں توڑی ہوئیں سیوریج اکھاڑا ہوا ۔ ایک ایک کونہ بربادی کا نقشہ تھا ۔

میں آپ سے عرض کرتا ہوں کہ اس ملک کے قانون کے مطابق جب حکومت کسی شخص کو کوئی زمین lease پر دیتی ہے کارخانہ یا فیکٹری بنانے کے لئے تو جب lease کی مدت ختم ہو جائے اور حکومت وہ زمین واپس لے تو بے شمار مثالیں ایسی موجود ہیں کہ جو بھی عمارات وغیرہ یا غیر منقولہ جائیداد وہاں پر ہو تو اس کے بارے میں حکومت کو اختیار ہے کہ اگر وہ اسے حاصل کرنا چاہے تو حاصل کر لے۔ اگر حکومت اسے لینے پر آمادہ نہ ہو تب اس شخص کو یہ اختیار ہوتا ہے کہ اسے ہٹا کر لے جائے۔ یہ بات ایک معمولی عقل کا آدمی بھی سمجھ سکتا ہے کہ کسی زمین کے اوپر جو سڑک ہو اس کو اٹھانے میں کس کا فائدہ نہیں ۔ بلکہ سڑکوں اور پائپوں کے توڑنے پر الٹا خرچ آئیگا ۔ چاہئیے تو یہ تھا کہ جب آپ اس زمین کو چھوڑنے پر آمادہ ہو گئے تھے تو جس شخص کو زمین کا قبضہ دینا تھا آپ اس سے پوچھ لیتے کہ کیا وہ خرچ ادا کر کے ان بنی ہوئی چیزوں کو لینے کے لئے تیار ہے ۔ بلکہ عقلمندی کا تقاضہ یہ تھا کہ اگر وہ خرچ سے کم بھی دیتا تو یہ اسے بخوشی بنی ہوئی چیزیں دے دیتے ۔ جو بھی رقم وصول ہو جائے اس میں حکومت کا فائدہ ہے ۔ نقصان نہیں ۔ جو روپیہ آپ نے وہاں خرچ کیا ہے ۔ سڑکیں بنانے پر نالیاں بنانے پر ۔ سیوریج بنانے پر اگر اس کا نصف مل جائے تو بھی فائدہ ہے ۔ کیونکہ اس طریق سے آپ کا مزید خرچ نہیں ہوگا ۔ میری اطلاع کے مطابق ان چیزوں کو توڑنے پر حکومت کا کئی لاکھ روپیہ صرف ہو چکا ہے ۔ صحیح صورت حال وزیر متعلقہ خود بتا سکتے ہیں ۔ اگر بنی بنائی سڑک کو توڑنا ہو تو وہ آپ ہی آپ تو نہیں ٹوٹ جائیگی ۔ اس کے لئے لیبر کا انتظام کرنا پڑے گا ۔ بلڈوزر کا اہتمام کرنا پڑے گا اور ان سب چیزوں پر برابر خرچ ہوگا ۔ اس ترمیم سے میرا مقصد صرف یہ ہے کہ خدا انہیں سمجھ دے اور یہ اس صوبہ کے عوام کے خزانہ کے درپے نہ ہوں ۔ جتنا نقصان یہ کر چکے ہیں وہ تو ہو گیا ۔ اگر کوئی چیز بچ گئی

ہے تو اس کی توڑ پھوڑ میں حکومت کا اور اس ملک کے عوام کا نقصان نہ کریں - اس کی بجائے اگر خرچ کا نصف یا ایک چوتھائی بھی مالکوں سے مل سکے تو اس میں بھی حکومت کا فائدہ ہے - وزیر بلدیات بظاہر ایک معقول آدمی معلوم ہوتے ہیں اللہ تعالیٰ ان کو سمجھ دے - مجھے یہ امید ہے کہ وہ گورنمنٹ کے خزانہ کو اس نقصان سے بچانے میں میرے ساتھ اتفاق کریں گے -

میجر محمد اسلم جان (راولپنڈی - ۱) - جناب والا - جیسا کہ بار بار ہوتا ہے کہا جا چکا ہے یہ انہوں نے آرڈی نینس جاری کیا ہے اس سے بالکل ظاہر ہوتا ہے کہ یہ صرف ایک خاندان اور ایک شخص کے وارثان کو تکلیف دینے کے لئے انہیں زچ کرنے کیلئے اور تنگ کرنے کیلئے سب کچھ کیا جا رہا ہے - یہاں ایسا ہوا ہے اور جب راولپنڈی کے عوام کو تکلیف دینے کی خواہش ہوئی تو وہاں سی - ڈی - اے آرڈی نینس جاری کر دیا گیا - لوگوں سے بارہ اور پندرہ روپے کنال زمین لی اور اسے ۸۰۰۰ - ۱۲۰۰۰ اور ۱۵۰۰۰ روپے میں فروخت کیا - پھر یہ کہا گیا کہ یہ لوگ کیا مانگتے ہیں کل تک تو یہ گدھیوں پر بیٹھتے تھے -

وزیر بلدیات - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - یہاں سی - ڈی - اے کا معاملہ زیر بحث نہیں ہے وہ سنٹرل گورنمنٹ کا مسئلہ ہے -

میجر محمد اسلم جان - میں نے صرف مثال دی ہے کہ جیسے راولپنڈی کے عوام کے ساتھ ان کی زمین لینے کیلئے کیا گیا ہے وہی زیادتی آپ یہاں پر بھی کر رہے ہیں - سی - ڈی - اے آرڈی نینس جو آپ نے وہاں پر نافذ کیا - اسے باقی جگہوں پر کیوں نہ نافذ کیا - یہ جو دھاندلیاں اور زیادتیاں عوام کے روپے کے ساتھ ہو رہی ہیں ان کا انہیں ایک دن جواب دینا پڑے گا -

یہ تمام زیادتیاں لکھی جائیں گی اور اس جہاں میں بھی اور اس جہاں میں بھی انہیں ان کا جواب دینا پڑے گا ۔

جناب والا ۔ اب آپ دیکھیں کہ لینڈ ایکویزیشن ایکٹ کے سیکشن ۱۶ کے تحت یہ بالکل واضع ہے کہ جب ایک دفعہ کلکٹر ایوارڈ سنا دے تو اس کے بعد جو حقوق ملکیت ہیں وہ حکومت کو حاصل ہو جاتے ہیں یا جس کے لئے بھی وہ زمین یا اراضی حاصل کی گئی ہو اسے وہ حقوق حاصل ہو جاتے ہیں اور ایک دفعہ جب حقوق ملکیت حاصل ہو جائیں تو پھر انہیں ختم نہیں کیا جا سکتا ۔ جب کولیکٹر نے ایوارڈ سنا دیا تو لاہور امپروومنٹ ٹرسٹ کو یہ حقوق حاصل ہو گئے ۔ اس کے مالکان نے لاہور امپروومنٹ ٹرسٹ کو یہ عرض کی تھی کہ ہمیں یہ زمین پلاٹ بنا کر فروخت کرنے دی جائے ۔ مگر چونکہ وہ میاں افتخارالدین نے جو آپوزیشن کے لیڈر تھے کہا تھا اس لئے امپروومنٹ ٹرسٹ نے انکار کر دیا ۔ بعد میں امپروومنٹ ٹرسٹ نے وہ زمین ایکوائر کر لی اور کہا کہ وہ خود اس کے ٹکڑے بنا کر لوگوں کو فروخت کرے گی ۔ وہاں پر ٹرسٹ نے عوام کے روپے سے سڑکیں بنائیں ۔ نالیاں بنائیں ۔ بجلی لگائی ۔ یہ کسی کا ذاتی روپیہ نہ تھا جو انہوں نے وہاں پر خرچ کیا ۔ لاکھوں روپے اس کی ڈیویلپمنٹ پر خرچ کئے پھر مالکان سے مقدمہ بازی پر روپے خرچ کئے ۔ وہ روپے مانگتے تھے یہ نہیں دیتے تھے ۔ پھر انہوں نے بمشکل تمام باقی لوگوں کو تقریباً ۸ لاکھ کے قریب ایڈوانس کر دیا ۔ ابھی انہوں نے آٹھ دس لاکھ روپیہ مقدمات پر خرچ کیا ہے ۔ وہ روپیہ بھی ان کا ذاتی نہیں تھا بلکہ وہ روپیہ عوام کا تھا جن سے یہ کھیل رہے ہیں ۔ ان کی عادت بن گئی ہے اور یہ چاہتے ہیں کہ عوام کے ساتھ مقدمات کر کے ان کو زچ کیا جائے اور عوام کا ہی روپیہ اس پر لگایا جائے ۔ وہاں پر جو پلاٹس تھے ان میں سے دو پلاٹوں کو نیلام کیا گیا اور وہ لوگوں کے نام پر ہو گئے لیکن بعد میں انہوں نے اس کی اجازت

نہیں دی - وہ پلاٹس واپس ہوئے - یہاں انہوں نے مہ تغلق کی بادشاہت بنا رکھی ہے - جب جی چاہا امپروومنٹ کر دی - عوام کا روپیہ لگا دیا - پھر اسکے اوپر عوام کا لاکھوں روپیہ صرف کر کے اس کو توڑ دیا -

They don't mind to cut the nose to spite the face.

لیکن افسوس یہ ہے کہ انہوں نے اپنی ناک نہیں کاٹی ہے یہ ناک عوام کی کاٹ رہے ہیں - جناب والا - یہ basic law ہے کہ ایک دفعہ آپ lease پر پراپرٹی لے لیں اور اس پر permanent fixtures لگا دیں اگر ان fixtures کو توڑنے سے جائیداد کو نقصان پہنچے تو کوئی بھی معقول آدمی اس کو remove نہیں کر سکتا - عام طور پر lease پراپرٹی میں یہ کلاز رکھ دی جاتی ہے -

This is the basic law and the basic principle of law that you cannot remove permanent fixtures and you cannot remove the developments.

اگر آپ کسی کی جائیداد کو خراب کر دیں تو اس کیلئے basic law یہ ہے کہ

You will have to return the property back in the same condition in which it was taken over.

یہ اس basic law کو بھی نہیں مانتے ہیں -

جناب والا - جب ایوارڈ کم تھا تو انہوں نے واویلا مچایا کہ ہم پیسہ دینا چاہتے ہیں لیکن انہوں نے پیسہ پھر بھی نہ دیا - زمین کے مالکوں نے اور میاں افتخارالدین مرحوم کے ورثا نے اپیل کر دی - پھر دوبارہ ایوارڈ ہوا - وہ بھی انہیں منظور نہ تھا - میاں افتخارالدین مرحوم کی موت پر ان کے نابالغ بچے اور اس کی بیوہ مقدمہ میں پھنسے ہوئے تھے انہوں نے دیکھا کہ وہ اب روپیہ لینے کیلئے راضی ہو گئے ہیں لیکن انہوں نے پیسہ نہ دیا -

جناب والا ۔ حکومت کو دونوں پارٹیوں کو چاہے امپرووومنٹ ٹرسٹ ہو چاہے میاں افتخارالدین مرحوم کے ورثا ہوں، ایک ہی نگاہ سے دیکھنا چاہئے ۔ یہ دو الگ تھلگ پارٹیاں ہیں ۔ یہاں آئین کے آرٹیکل ۲ کی خلاف ورزی ہو گئی ہے ۔ ایک طرف امپرووومنٹ ٹرسٹ کو چونکہ پیسہ دینا پڑ رہا ہے اس لئے امپرووومنٹ ٹرسٹ کے چیئرمین صاحب یہ پسند نہیں کرتے کہ مالکان اراضی کو پیسہ دیا جائے ۔ چونکہ یہ الزام چیئرمین امپرووومنٹ ٹرسٹ پر ہے اس لئے میں اس کے متعلق کچھ کہنا نہیں چاہتا ۔ مجھے اس کا ذاتی علم نہیں ہے ۔ ایک ایوارڈ منظور ہو چکا ہے پھر سمجھ میں نہیں آتا کہ ان کو پیسہ کیوں نہ دیا جائے ۔ اگر آپ پیسہ نہیں دینا چاہتے تو میں امپرووومنٹ ٹرسٹ سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ یہ کہاں کا انصاف ہے ۔ آپ خود آمریت کہاں سے حاصل کر رہے ہیں ۔ عوام کا روپیہ لگانے کے بعد ۔ وہاں امپرووومنٹ کرنے کے بعد ۔ بجلی کے کھمبے لگانے کے بعد ۔ نالیاں بنانے کے بعد ۔ سڑکیں بنانے کے بعد اب ان کو توڑ رہے ہیں ۔ توڑنے کے بعد آپ کو اس سے کیا مفاد حاصل ہوگا ۔ آپ ان چیزوں کو اس لئے توڑ رہے ہیں کہ کسی دوسرے کے کام نہ آئیں ۔ آپ نے یہ کوشش کی ہے کہ میاں افتخارالدین مرحوم کے ورثا اس کو خرید لیں ۔ اگر وہ خریدتے نہیں ہیں تو کیا یہ واجب ہے کہ آپ اس کو توڑیں ۔ ان چیزوں کو توڑنے کے بعد وہ زمین آپ کو اس حالت میں لانی پڑے گی جس حالت میں آپ نے زمین لی تھی ۔ وہاں اس زمین میں نرسری تھی ۔ وہاں پھول تھے ۔ باغات تھے ۔ تو کیا آپ دوبارہ اس زمین کو اس شکل میں لا سکتے ہیں ۔ یہ کہاں کا انصاف ہے کہ ایک آدمی کا لاکھوں کا نقصان ہو آپ اس کو تماشا بنائیں ۔ تماشا بھی اسلئے کہ وہ حزب اختلاف کا آدمی ہے ۔ اس سے اختلاف ہے ۔ یہاں امپرووومنٹ ٹرسٹ کا روپیہ لگا ہے ۔ یہاں عوام کا روپیہ لگا ہے ۔ یہ عوام ہی کا نقصان ہے ۔ میں یہ پوچھتا ہوں کہ یہ کہاں کا انصاف ہے کہ آپ عوام کے

روپیہ کے ساتھ کھیل رہے ہیں - جناب والا - میں گزارش کرونگا کہ ہماری ترمیم کو منظور کیا جائے کیونکہ یہ چیز قانون اور آئین کے خلاف ہے بلکہ یہ انسانیت کے خلاف ہے -

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ (میاں محمد یاسین خان وٹو) - جناب والا - حزب اختلاف کے ایک فاضل دوست کی جانب سے جرمنی کا ذکر آیا ہے - انہوں نے ایک جھوٹ بات کو بار بار کہا اور اس طریقے سے کہا - اس ڈھٹائی سے کہا کہ یہ ایسی بات معلوم ہو کہ یہ بات سچی ہے -

جناب والا - میں نے اس سے پہلے بھی اس معزز ایوان کی خدمت میں عرض کیا تھا کہ اس میں جتنی زمین شامل ہے وہ صرف میاں افتخارالدین کی نہیں تھی بلکہ اس میں ۶۲ خاندانوں کی زمین شامل ہے - دوسری بات میں یہ عرض کرونگا کہ میرے فاضل دوست فاروقی صاحب کے پاس دو عینکیں ہیں - ایک عینک ان کے قریب کی نگاہ کی ہے اور دوسری عینک ان کی دور کی نگاہ کی ہے - وہ اگر دور کی عینک کو اس وقت لگا لیں جس وقت قریب کی عینک کی ضرورت ہوتی ہے تو یہ سارے نتائج عجیب ہوں گے - اگر قریب کی عینک لگانے وقت دور کی عینک لگا لیں تو بھی نتائج عجیب ہوں گے - اصل میں وجہ یہ ہے کہ میرے فاضل دوست سے عینک کا استعمال غلط ہوا ہے -

جناب والا - جمعہ کے روز بھی میں نے بڑی تفصیل کے ساتھ عرض کیا تھا کہ اس سکیم کو حکومت کو کیوں چھوڑنا پڑا - اب ایک چیز کا فیصلہ ہو چکنے کے بعد اس کے دونوں پہلوؤں پر غور کرنے کے بعد معلوم ہوا کہ ان اخراجات کا متحمل ٹرسٹ نہیں ہو سکتا - اگر وہ سکیم مفاد عامہ میں نہیں ہے تو اس پر جو خرچ ہو چکا ہے وہ تو ہو چکا ہے اس خرچ کو بہر صورت برداشت کرنا ہے - اگر اس سکیم کو چھوڑنا ہی ہے تو پھر انصاف کا تقاضا یہ

ہے کہ اس کے جو حق دار ہیں ان کو وہ زمین واپس کر دی جائے ۔ اس میں بہت سی سڑکیں بنی ہوئی ہیں ۔ سیوریج اور نالیاں بنی ہوئی ہیں جس کا ذکر میرے فاضل دوستوں نے کیا ہے ۔ یہ زرعی اراضی تھی ۔ جو حق دار لوگ ہیں انہیں اس صورت میں زمین دی جائے گی جس صورت میں زرعی اراضی تھی ۔ جو چیز بار بار ارشاد فرمائی ہے اور جس کا ذکر اس ترمیم میں بھی ہے کہ عدالت عالیہ میں ٹرسٹ کی جانب سے اس بات کا اظہار کیا گیا ہے ۔ اس بات کا وعدہ کیا گیا ہے کہ اگر حق داران تحریری طور پر یہ بات عدالت میں دے دیں کہ وہ ساری چیزیں لینے کیلئے تیار ہیں تو امپرووومنٹ ٹرسٹ ان چیزوں کو نہیں اکھاڑے گی ورنہ اس اصول کے مطابق جس صورت میں یہ اراضی لی گئی تھی اسی طرح واپس کی جائے ۔ لہٰذا اسے اکھاڑنا ضروری تھا ۔ اس کے علاوہ جتنے حقداران تھے ان میں سے کسی نے بھی تحریری طور پر کوئی درخواست نہیں دی ۔ ایک آدھ نے اگر کوشش کی ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ کس موقع پر کیگئی ۔ کس مقدمہ میں کیگئی ۔ جو تفصیلات آپ دے رہے ہیں وہ بنیادی طور پر غلط ہیں ۔ آپ یہ بتائیں کہ کس stage پر ہوئی تاکہ میں اسے غلط ثابت کر سکوں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ فاضل دوست صرف اس چیز کو دیکھتے ہیں جس کو وہ دیکھنا چاہتے ہیں ۔ وہ صرف میاں افتخار الدین کی فیملی کو ہی اس زمین کا مالک سمجھتے ہیں اور اس ایک مقدمہ کو وہ مقدمہ سمجھتے ہیں ۔ حالانکہ وہاں اور بھی بہت سی writs تھیں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ صوبائی حکومت کے گوبلز تقریر فرما رہے ہیں لیکن ایوان میں کورم نہیں ہے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : Let there be a count. (*count was taken.*) The House is not in quorum, let the bells be rung (*bells were rung.*) The House is in quorum now.

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا اور زیر بحث مسئلہ یہ تھا کہ عدالت عالیہ میں کتنی writs تھیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ تین ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ آٹھ تھیں اور وہ بیک وقت کی جا رہی تھیں ۔ پہلے case میں فیصلہ ریزرو رہا اور عدالت عالیہ نے زبانی حکم دے دیا کہ کوئی کارروائی نہ کی جائے ۔ چونکہ ۹۰ دن کے اندر قبضہ دیا جانا تھا اس لئے امپروومنٹ ٹرسٹ نے درخواست کی کہ زبانی stay کو vacate کیا جائے اور تحریری طور پر حکم صادر فرمایا جائے جب اس سلسلہ میں اس چیز کو remove کرنے کا ذکر ہوا تو اس کے متعلق میں چند سطور آپ کی اجازت سے پڑھ دیتا ہوں :۔

> "It was stated in the writ petition relating to Arif Iftikhar, SHR-119 of 1968, that if all the owners of the scheme jointly agree that they would like the installations to remain on the land, then the Trust would have no objection in doing so. This writ petition was being heard jointly with the writ petitions of Muhammad Bashir etc., and six others connected with petitions. The statement was made on behalf of the Trust at the stage when the Ordinance No. 10 of 1968 was being considered by the court."

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ کس تاریخ کو کہا تھا ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ میں واضح طور پر اس

ایوان میں عرض نہیں کر سکتا ۔ کیونکہ میں سمجھتا ہوں کہ جو کچھ میں کہوں وہ درست ہو ۔ اگر ان کو اس بات کا یقین نہ ہو تو میں بعد میں عرض کر دونگا ۔

جناب والا ۔ جتنی تقریریں کی گئی ہیں ان میں دو باتوں کا ذکر کیا گیا ہے ۔ کہ وہاں سے ان چیزوں کو کیوں اکھاڑا گیا ہے اور دوسرے انکو زرعی زمین اسی حالت میں واپس کی جائے ۔

جناب والا ۔ اگر مالکان متفق ہو جاتے تو ٹرسٹ کے لئے ضروری ہو جاتا ۔ دراصل یہ زمین ۶۲ خاندانوں یا افراد کی ہے ۔ اگر اس میں کسی کے ۵ مرلے آ گئے ہیں اور وہ سڑک میں ہیں تو سڑک والے ۵ مرلے کر زرعی زمین کی شکل میں کیسے واپس کر سکتے ہیں جب تک اسے اکھاڑا نہ جاتا ۔ پھر اگر تھوڑے حصہ کو اکھاڑ دیں اور بعد والے حصے کو رہنے دیں تو کیسے فائدہ مند ہو سکتا تھا ۔ ان میں سے کسی ایک نے یا متفقہ طور پر عدالت میں یہ بات نہیں کہی کہ وہ ساری چیزیں جو وہاں پڑی ہیں ان کو رہنے دیا جائے اس کی قیمت ہم دینے کیلئے تیار ہیں ۔ اگر یہ چیز عدالت عالیہ کے سامنے آ جاتی تو اس ترمیم کا قبول کر لیا جانا ضروری ہوتا لیکن چونکہ ۹۰ دن کے اندر کسی نے بھی یہ بات عدالت عالیہ کے سامنے نہیں کہی اس لئے ٹرسٹ کا یہ فرض تھا کہ وہ ان چیزوں کو ہٹا دے ۔ میں نے عرض کیا ہے کہ ساری چیزوں کا جائزہ لینے کے بعد یہ فیصلہ کیا گیا اور جو اس میں موجودہ اخراجات کئے گئے اس کو مدنظر رکھتے ہوئے کہ جو کچھ ہو گیا ہے وہ تو ہو گیا وہ نقصان جو ہے اس کو برداشت کرنا پڑیگا ۔ میرے فاضل دوست نے فرمایا ہے کہ اس پر ۱۸ لاکھ روپے صرف ہوئے ہیں لیکن میری اطلاع یہ ہے کہ اس وقت تک زمین کے حقداروں کو ۸ لاکھ ۱۳ ہزار اور کچھ روپیہ دیا جا چکا ہے اور جسے اس

آرڈیننس کے ذریعہ compensation میں منہا کیا جا سکتا ہے اور ڈیولپمنٹ پر ۲ لاکھ ۴۶ ہزار ۱۴۸ روپے خرچ کئے جانے کی مجھے اطلاع دیگئی ہے اور وہاں سے ہٹانے کیلئے ۲۹ ہزار ۸۵۰ روپے کا تخمینہ ہے تو ان حالات میں میں عرض کروں گا کہ اس میں سے جو سامان بھی اس قابل ہو گا کہ دوسری جگہ استعمال کیا جا سکے اس کو دوسری جگہ استعمال کیا جائیگا اور اس سے دوسری جگہ انشأ اللہ ٹرسٹ پوری کوشش کر رہا ہے کہ استفادہ کر لیا جائے اور جن چیزوں سے استفادہ نہیں کیا جا سکتا تو ظاہر ہے کہ ان حقداروں کے حقوق کا خیال رکھتے ہوئے زمین کی نوعیت کا خیال رکھتے ہوئے اور اگر ان حقداروں کا یہ خیال ہے کہ وہاں یہ سامان نہ رہنے دیا جائے تو اس کو ہٹانا ہی ضروری ہو گا اور ہٹا دیا جائے گا۔ ان الفاظ کے ساتھ میں عرض کروں گا کہ اس ترمیم کو نا منظور فرمایا جائے۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب سپیکر ۔ قبل اس کے کہ آپ اس کو رائے لینے کیلئے پیش کریں میں عرض کروں گا کہ ابھی وزیر بلدیات نے خود اقرار کیا ہے کہ امپروومنٹ ٹرسٹ نے عدالت میں یہ بات کہی تھی کہ جتنی installations ہیں انکو رہنے دیا جائے گا تو میری تو یہی ترمیم ہے کہ ان کو نہ اکھاڑا جائے پھر اس کو یہ کیوں reject کر رہے ہیں۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ جناب والا ۔ وہ بات ہو چکی ہے کہ ان لوگوں نے تحریری طور پر یہ چیز نہیں دی کہ وہ ساری چیزیں رہنے دیجائیں۔

خواجہ محمد صفدر ۔ Question

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ قانون کے مطابق ۹۰

دن کے بعد ان ساری چیزوں کو اکھاڑ کر ان حقداروں کو دیا گیا ہے ان مالکوں نے عدالت میں یہ چیز تحریری طور پر نہیں دی تھی ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : I will put the amendment to the vote of the House.

The question is :

> That in sub-section (1) of section 4 of the Ordinance, the full-stop appearing at the end be replaced by a colon and following proviso be added, namely :
>
> "Provided that permanent structures and installations of the nature of buildings, roads, drains and sewers should not be removed unless the person to whom the possession of the relinquished land is to be given refuses to pay to the Government the cost of such permanent structures and installations."

The motion was lost.

Mr. Senior Deputy Speaker : Next motion is by Chaudhri Muhammad Nawaz.

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جناب والا - مجھے ان سے ہمدردی ہے انکو امنڈمنٹ لکھوا دی جاتی ہے مگر انکو یہ نہیں معلوم ہوتا کہ کیا امنڈمنٹ ہے ۔

Chaudhri Muhammad Nawaz : I beg to move :

> That after sub-section (1) of section 4 of the Ordinance, the following Explanation be added namely:—

Explanation—In computing the period of 90 days for the purposes of this sub-section, with reference to any land, the period during which the Trust is under any legal disability or is precluded by reason of any lawful order from relinquishing possession of such land, shall be excluded.

Mr. Senior Deputy Speaker : The amendment moved is :

That after sub-section (1) of section 4 of the Ordinance, the following Explanation be added namely :—

Explanation—In computing the period of 90 days for the purposes of this sub-section, with reference to any land, the period during which the Trust is under any legal disability or is precluded by reason of any lawful order from relinquishing possession of such land, shall be excluded.

خواجہ محمد صفدر ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ میری رائے میں یہ ترمیم خلاف ضابطہ ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ ابھی ابھی میرے محترم دوست وزیر بلدیات نے اس ایوان کو بتایا ہے کہ وہاں سے اس قسم کی installation اکھاڑ لیگئی ہیں اور جہاں تک میں نے معلوم کیا ہے یہ آرڈیننس ۲۳ اکتوبر ۱۹۶۸ء کو جاری ہوا تھا اور ویسٹ پاکستان کے ایک غیر معمولی گزٹ میں شائع ہوا تھا اور ابھی تین ماہ پورے نہیں ہوئے ہیں ۔ میرے حساب سے ۲۳ جنوری کو تین ماہ پورے بنتے ہیں جبکہ یہ پورا اسمبلی کا کام پورا کرنا تھا اور یہ اسے کر بھی چکے ہیں تو اس کی کیا ضرورت ہے ۔ دوسری بات جو میں عرض کرنا چاہتا ہوں یہ ہے کہ ۱۹ دسمبر کو خواہ زبانی یا تحریری جو کچھ یہ کہتے ہیں Stay order بھی vacate ہو چکا ہے اور اگر اس وقت کوئی Stay order موجود نہیں ہے تو پھر ترمیم کی یہاں اندراج فضولہ ہے اور اس کی ضرورت نہیں ہے اس کے اضافہ کی قانون کے مطابق کوئی ضرورت نہیں

ہے ۔ ان حالات میں یہ ترمیم infructous ہے جیسا کہ آپ نے ارشاد فرمایا ہے اس کی ہمیں ضرورت نہیں ہے اس کو out of order قرار دیا جائے ۔

وزیر بلدیات ۔ Dismantle کرنے کے بعد زبانی ارشاد فرمایا تھا ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ جناب نواز صاحب نے ایک ترمیم پیش کی ہے اور جناب وزیر بلدیات اس پر تقریر کرنا چاہتے ہیں ۔ اگر ہماری جانب سے قانونی اعتراض اٹھایا گیا ہے تو نواز صاحب کو چاہئے کہ اسکا جواب دیں ۔

وزیر بلدیات ۔ انکی ترمیم پر پوائنٹ آف آرڈر کے ذریعہ بحث ہو رہی ہے میں اس کا جواب دے سکتا ہوں ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب اس سے یہ تاثر ہوگا کہ کیا ہم نے جناب نواز صاحب کو صرف پڑھنے کیلئے رکھا ہے اور جواب کیلئے وہ خود کھڑے ہو جاتے ہیں لیکن بات یہ ہے کہ وہ خود بہت عالم فاضل انسان ہیں ۔ لیکن شائد وٹو صاحب وزیر بلدیہ کے نزدیک وہ قابل نہیں ہیں ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔

مسٹر سینیئر ڈپٹی سپیکر ۔ آپ تشریف رکھئے پوائنٹ آف آرڈر پر پوائنٹ آف آرڈر نہیں ہو سکے گا ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ وزیروں کیلئے یہ نہیں ہے کہ وہ دوسروں کو اپنا guinea pig بناتے ہیں ۔

وزیر بلدیات ۔ This is unparliamentary جناب والا ۔ اس ترمیم کی ضرورت اس لئے پیش آئی اور میں فاضل ممبر کی اطلاع کیلئے عرض کرتا ہوں

کہ جب ٹرسٹ نے عدالت عالیہ کے سامنے یہ بات عرض کی کہ اگر حقدار چاہیں تو ہم ساری چیزیں وہاں رہنے دیں گے بشرطیکہ تحریری طور پر وہ اس بات پر متفق ہو جائیں اس کے بعد کوئی چیز نہیں اکھاڑی گئی لیکن جب حقداروں نے یہ تحریر نہیں دی اور وہ متفق نہیں ہوئے تو پھر قانون کے مطابق وہ action لیا گیا یعنی dismantling کے متعلق action لیا گیا ۔ اور Stay order ۳۱ دسمبر ۱۹۶۸ء کو جاری کیا گیا ہے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ وہ possession کے متعلق ہے ۔

وزیر بلدیات ۔ Possession کے بارے میں ؟

خواجہ محمد صفدر ۔ یعنی possession نہ دیا جائے ۔

"The respondent, L.I.T., is refrained from taking any action so far as possession of the disputed land is concerned....."

اب ایسی صورت میں اگر آپ سیکشن ۴ کے سب سیکشن (۱) کو جس میں یہ explanation دیا گیا ہے ملاحظہ فرمائیں گے تو اسکے الفاظ یہ ہیں ۔

"Notwithstanding anything to the contrary contained in any law for the time being in force, or in any decree, judgement or order of any Court, the Trust shall, within ninety days of the coming into force of this Ordinance, remove from the land all materials of the Trust lying or stored on the land, including any installations, fixtures or structures put up or erected thereon by the Trust, and relinquish possession of the whole of the land."

وزیر بلدیات ۔ تو یہ ۹۰ دنوں میں دونوں چیزیں کی جانی ہیں اور یہاں ہائی کورٹ کا Stay order موجود ہے تو یہ ممکن نہیں ہے کہ یہ

چیز ۹۰ دنوں کے اندر اندر کی جا سکے اسی لئے ہم یہ وضاحت پیش کرنے کے لئے مجبور ہوئے لیکن اگر کوئی ایسی مجبوری ہوئی قانون کے مطابق جس کی وجہ سے ۹۰ دن کے اندر قبضہ نہ دیا جا سکے تو وہ وقفہ جو قانونی حکم سے لگا رہے ہیں اس کو منہا کر دیا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ جائز اور مناسب بات ہے ۔ اگر عدالتوں کے بارے فاضل دوستوں کا یہ تاثر ہو کہ ہم ان کا احترام نہیں کرتے تو یہ بات بالکل غلط ہے ہم ہمیشہ ان کا اور ان کے فیصلوں کا احترام کرتے چلے آئے ہیں ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ یہ احترام ہی کا تو نتیجہ ہے ۔

Mr. Senior Deputy Speaker : I hold the amendment in order. Does Khawaja Sahib oppose this?

Khawaja Muhammad Safdar : No Sir.

Mr. Senior Deputy Speaker : The amendment is not opposed. It, therefore, stands carried.

Next amendment (*not moved*).

Next amendment again by Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, amendment No. 6 should be at the end and I think my friend Malik Muhammad Akhtar should move his amendment No. 7.

Malik Muhammad Akhtar : Sir, I am not moving No. 7.

Khawaja Muhammad Safdar : I am not moving No 8.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I beg to move :

> That sub-section (2) of section 4 of the Ordinance, be deleted.

Mr. Senior Deputy Speaker : The amendment moved is :

That sub-section (2) of section 4 of the Ordinance, be deleted.

Minister for B.D. & Local Government : Oppesed.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) - جناب والا - اس آرڈیننس کی دفعہ ۴ کی ضمنی دفعہ (۲) اس طرح پر ہے -

"As soon as may be, after the coming into force of this Ordinance, the Trust shall, after holding such enquiry, if any, as it considers necessary, specify by order in writing, the person to whom possession of any land relinquished by it under sub-section (1), is to be given."

تو اسکا مطلب یہ ہوا کہ جیسے امپروومنٹ ٹرسٹ ہے - (قطع کلامیاں)

Minister for B.D. & Local Government : Point of order. Is the Member speaking about sub-section (2) or sub-section (1).

Khawaja Muhammad Safdar : Amendment No. 6 on the list.

Minister for B.D. & Local Government : That sub-section (1) of section 4 of the Ordinance be deleted.

Khawaja Muhammad Safdar : No no.

Minister for B.D. & Local Government : I was informed that the new list is not valid and the old list is valid. Now the new list is valid.

خواجہ محمد صفدر - New list is valid نئی لسٹ جس کا آپ نے حوالہ دیا ہے وہ ترمیم اس نئی لسٹ پر نمبر ۵ ہے اور میں نے نمبر ۶ پیش کی ہے - جناب والا - میں یہ عرض کر رہا تھا کہ امپروومنٹ ٹرسٹ کو ان ۸ سالوں میں طویل مقدمہ بازی کے بعد ابھی یہ بھی معلوم نہیں ہے کہ اس

متنازعہ فی اراضی کے مالکان کون ہیں - ہزاروں درخواستیں اس مطلب اور اس مقصد کیلئے امپروومنٹ ٹرسٹ کے دفتر میں پہنچ چکی ہیں - کئی مقدمات دائر ہوئے ہوئے ہیں - ان پر اپیلیں اور پھر اپیل در اپیل - اس کے باوجود امپروومنٹ ٹرسٹ یہ اختیار لینا چاہتا ہے کہ کسی تفتیش یا تحقیق کے بعد وہ یہ فیصلہ کریں گے کہ وہ کون سے لوگ ہیں یعنی وہ مالکان جن کو یہ زمین واپس کرنی ہے - مجھے شک پڑتا ہے کہ امپروومنٹ ٹرسٹ والے دانستہ طور پر کسی الف کی زمین ب کے حوالے کر دینا چاہتے ہیں - آپ بقایا سب سیکشینز کو ملاحظہ فرمائیں- اس کے متعلق کہیں بھی شک و شبہ نہیں - لینڈ ایکیوزیشن کلکٹر کے سامنے زمین کی قیمتیں مقرر کی جا چکی ہیں - مالکان کا تعین ہو چکا ہے - مختلف زمین کی مختلف قیمتیں مقرر کی جا چکی ہوئی ہیں - لینڈ ایکیوزیشن کلیکٹر کے اور دوسرے کمشنرز کے سامنے بھی یہ کبھی اعتراض نہیں اٹھایا گیا کہ فلاں شخص مالک نہیں ہے یا یہ کہ فلاں شخص کی زمین کی قیمت کم ہے یا زیادہ ہے - جب یہ ساری چیزیں متعین ہو چکی ہوئی ہیں اور کوئی شک و شبہ اور ابہام باقی نہیں ہے تو پھر اس کلاز کو قانون میں رکھنا کہ امپروومنٹ ٹرسٹ یہ فیصلہ کرے گا کہ کس کی زمین ہے اگر حماقت نہیں تو غلط بیانی پر مبنی ضرور ہے -

وزیر بلدیات - توبہ ! توبہ !!

خواجہ محمد صفدر - میرے محترم دوستوں کو معلوم ہونا چاہئے کہ پچھلے ۸ سالوں میں قطعاً کوئی اعتراض نہیں ہوا کہ فلاں ٹکڑہ اراضی کس کا ہے - رقبہ متعین ہے مالکان متعین ہیں تو پھر آپ کیوں اس کلاز کے ذریعے سے متعین کرنا چاہتے ہیں کہ زمین کا ٹکڑہ کس کا ہے - ہر چیز روز روشن کی طرح عیاں ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ وہ کسی ہیر پھیر سے یہ قوت اپنی پاس رکھنا چاہتے ہیں -

وزیر بلدیات ۔ جناب والا ۔ مجھے دکھ ہوا کہ میرے فاضل دوست کلاز کے الفاظ اچھی طرح نہیں سمجھ سکے ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ان کو اس کلاز کے سمجھنے میں غلطی ہوئی ہے ۔ بھلا کہ جو چیز ریکارڈ پر موجود ہے اور مالکان کا تعین ہے تو ان کو ان کی اراضی سے کیسے محروم کیا جا سکتا ہے یہ کبھی سوچا بھی نہیں جا سکتا ۔ میاں افتخار الدین اور ان کے ورثا کا نام درج ہے آپ ملاحظہ فرمائیں تو

This inquiry may be sufficient.

یہ شق دراصل تو فائدہ پہنچانے کی غرض سے رکھی گئی تاکہ جو مالکان آج سے ۸ سال پہلے تھے وہ فوت ہو گئے ہوں تو ان ورثا کو تکلیف کا سامنا نہ کرنا پڑے ۔ یہ تو ان کے فائدے کے لئے کیا گیا ہے تاکہ ۹۰ دن کے اندر قبضہ دیا جا سکے اور جلد از جلد ٹرسٹ ہی کے سامنے فیصلہ ہو جائے ۔ اس لئے میری گذارش ہے ۔ جناب والا ۔ کہ خواجہ صاحب کی ترمیم نا منظور فرمائی جائے ۔

Mr. Deputy Speaker : I will now put the amendment to the vote of the House. The question is :

That sub-section (2) of section 4 of the Ordinance be deleted.

The motion was lost.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I am not moving No. 8.

Mr. Senior Deputy Speaker : Amendment No. 8 is not moved.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, if you refer to 9 I think it should be in fact No. 11 and 10 should be read as 9 which belongs to Malik Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Not moving.

Mr. Senior Deputy Speaker : Next—Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar : No. 11. It should be read as No. 10. Sir, I beg to move :

> That for sub-section (3) of section 4 of the Ordinance, the following be substituted, namely :—
>
> "(3) The delivery of possession of land to person specified in an order made under sub-section (2) shall neither absolve the Trust from any liability under any law for the time being in force in respect of such land, nor shall it prejudice any rights in respect of land to which any other person may be entitled by due process of law to enforce against the person to whom possession of land is given."

Mr. Senior Deputy Speaker : The amendment moved is :

> That for sub-section (3) of section 4 of the Ordinance, the following be substituted, namely :—
>
> "(3) The delivery of possession of land to person specified in an order made under sub-section (2) shall neither absolve the Trust from any liability under any law for the time being in force in respect of such land, nor shall it prejudice any rights in respect of land to which any other person may be entitled by due process of law to enforce against the person to whom possession of land is given."

Minister for B.D. & Local Government : Opposed.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ-۱) - جناب سپیکر - میں نے ابھی ابھی یہاں اپنی ایک ترمیم پیش کی تھی جو ایوان نے نامنظور فرمائی ہے۔ اس ترمیم کے متعلق وزیر بلدیات نے یہ ارشاد فرمایا تھا کہ اس کلاز کے الفاظ

صاف ہیں ۔ ممکن نہیں کوئی اس کے یہ معانی لے ۔ معلوم نہیں یہ کہاں سے یہ دلیل لے آئے ہیں کہ ان لوگوں کو زمین دے دی جائیگی جو کہ دراصل مالک نہیں ہونگے ۔ میری اس دلیل کو اس کلاز ۳ سے تقویت ملتی ہے ۔ اس آرڈی نینس کی کلاز (۳) میں یہ درج کیا گیا ہے کہ اگر انکوائری کے بعد امپروومنٹ ٹرسٹ کوئی زمین زید ، عمر یا بکر کو دے دے تو اس کا قبضہ دے دینے کے بعد امپروومنٹ ٹرسٹ پر کس قسم کی ذمہ داری نہیں رہے گی ۔ ٹرسٹ ہر قسم کی ذمہ داری سے سبکدوش ہو جائیگا ۔ کوئی ذمہ داری مالکان کی طرف سے اس ٹرسٹ پر اس زمین سے متعلق نہیں رہے گی جو الف یا ب کو دے دی گئی ۔ آگے ایک اور کلاز دی ہے کہ اگر الف کی زمین غلطی سے ب کو دے دی جائے تو الف ، ب کے خلاف مقدمہ کر کے اپنا حق ثابت کر سکتا ہے ۔ میں نے اس وقت عرض کیا تھا کہ عین ممکن ہے کہ یہ انکوائری جس کا ذکر سب کلاز (۲) میں کیا گیا ہے اس طریق سے کی جائے کہ دانستہ طور پر الف کی زمین ب کو دے دی جائے ۔ اگر یہ احتمال نہ ہو جیسا کہ محترم وزیر صاحب نے اس وقت کہا تھا کہ یہ ممکن کیسے ہو سکتا ہے کہ الف کی زمین ب کو دے دی جائے وہ تو ہم ان کی آسانی کے لئے کر رہے ہیں تاکہ انہیں وراثت کا سرٹیفکیٹ نہ لانا پڑے اگر مالک فوت ہو جائے تو اس کے ورثا کو اگر یہ تھا تو پھر تیسری کلاز میں یہ بات درج کرنے کی کیا ضرورت ہے کہ اگر امپروومنٹ ٹرسٹ غلطی سے الف کی زمین ب کو دے دے پھر بھی قانونی طور پر امپروومنٹ ٹرسٹ کی ذمہ داری ختم سمجھی جائیگی ۔ الف مقدمہ کر کے ب سے اپنی اراضی واپس لے لے ۔ یہی اس بات کا بین ثبوت ہے کہ اس غلطی کا احتمال اس قانون کو بنانے والے کے سامنے موجود تھا ۔ اس لئے انہوں نے امپروومنٹ ٹرسٹ کو اس ذمہ داری سے سبکدوش کر دیا ہے کہ غلطی کی سزا امپروومنٹ ٹرسٹ کو ہرگز نہیں دی جائے گی یہ ان کا مدعا ہے اور میرا یہ

اس مدعا کے خلاف یہ ترمیم پیش کی ہے کہ اگر امپروومنٹ ٹرسٹ دانستہ طور پر یا نادانستہ طور پر اس قسم کی غلطی کا مرتکب ہو تو وہ قانونی طور پر اپنی ذمہ داری سے سبکدوش نہیں کر دیا جائیگا ۔ اس کی ذمہ داری ہے کہ جس مالک کی زمین ہے اس کو لوٹائے ۔ یہ ذمہ داری امپروومنٹ ٹرسٹ کی ہو گی نہ کہ زید ، عمر اور بکر کی ۔ یہ کلاز رکھ کر اس آرڈی نینس کو بنانے والے نے ثابت کر دیا ہے کہ جو شکوک میرے دل میں تھے اور جن کا میں نے اظہار کیا تھا وہ درست ہیں ورنہ اس کلاز کی ضرورت ہی نہ پڑتی ۔ اس لئے میں نے یہ کہا ہے کہ اگر امپروومنٹ ٹرسٹ اس قسم کی غلطی دانستہ یا نادانستہ طور پر کرے گا تو وہ اس کا ذمہ دار ہو گا ۔ مالکان اس سے حرجہ خرچہ اور زمین واپس لینے کے حقدار ہونگے ۔ اس لئے کہ امپروومنٹ ٹرسٹ corporate body ہے اور قانون کی نظر میں وہ بھی ایک فرد ہے قانون اس قسم کا ۔ ہونا چاہئیے جو اس ملک کے تمام افراد سے یکساں برتاؤ کرے ۔ اگر کوئی فرد ایسی غلطی کر لے تو اس کے متعلق یہ کسی قانون میں درج نہیں کہ اسے سبکدوش قرار دیا جائیگا یا اسے معاف کر دیا جائیگا ۔ یہ رعائت صرف امپروومنٹ ٹرسٹ کے لئے پیدا کی گئی ہے بے شک وہ غلطی پر غلطی کرے اسے سبکدوش سمجھا جائیگا اور اس پر کوئی قانونی ذمہ داری عائد نہیں ہو گی ۔ میں نے یہ درخواست کی ہے ازراہ کرم غور فرمائیں ۔ امپروومنٹ ٹرسٹ اب گذشتہ ۸ سال سے bungle کر رہا ہے ۔ اس زمین پر ان کی غلطیوں کا پشتارہ بنا ہوا ہے جو اسمبلی ہال کی بلندی تک پہنچ سکتا ہے جہاں گذشتہ آٹھ سال سے حماقتوں پر حماقتیں ہو رہی ہیں آج یہاں اسی امپروومنٹ ٹرسٹ کے متعلق یہ کہا جاتا ہے کہ اسے قانونی ذمہ داری سے بری الذمہ قرار دیا جائے ۔ اس سے زیادہ لغو شق قانون کی اور نہیں ہو سکتی کہ ایک کارپوریٹ باڈی کو قانونی ذمہ داریوں سے مستثنیٰ کر دیا جائے ۔ تمام قانون اس پر حاوی نہیں ہو گا ۔ آٹھ سال قبل چند لوگوں سے یہ زمین لی ۔ کئی

تھی اور جب واپس دینے کا وقت آیا تو کہتے ہیں کہ ہم زید کی زمین بکر کو دے دیں تو بھی ہماری ذمہ داری نہیں ہے - بھلا یہ بھی کوئی بات ہے انہیں خود خیال ہونا چاہئیے میں نہایت ادب سے یہ گذارش کرونگا کہ یہ کس قسم کا قانون ہم سے پاس کروایا جا رہا ہے آپ غور تو فرمائیں کیا یہ اندھے کی لاٹھی ہے - میں اس ایوان کے معزز اراکین سے یہ درخواست کرونگا کہ اس نا اہل امپروومنٹ ٹرسٹ کو اس ذمہ داری سے سبکدوش کرنا بہت بڑا ظلم اور جرم عظیم ہو گا جس کے آپ مرتکب ہونگے - ہم اعلان کرتے ہیں کہ ہم اس کے خلاف ہیں اگر آپ یہ کام کریں گے تو یہ ذمہ داری آپ پر ہو گی ہم پر نہیں ہو گی -

مسٹر حمزہ (لائلپور ـ٦) - جناب سپیکر - عرض یہ کہ جناب خواجہ محمد صفدر صاحب نے اپنی ترمیم کی تائید میں یہ فرمایا تھا کہ لاہور امپروومنٹ ٹرسٹ کو تمام قانونی ذمہ داری سے بری الذمہ قرار دینا قانون کے تقاضہ کے منافی ہے - یہ قرین انصاف نہیں ہے میں ان کی حمایت اور تائید کرتا ہوں - لیکن اس ترمیم پر غور کرتے ہوئے ہمیں اس چیز کو بھی مدنظر رکھنا چاہئیے کہ امپروومنٹ ٹرسٹ کو بعض خاص افراد کو نقصان پہنچانے کیلئے آلہ کار بنایا گیا ہے - آپ یقین کریں اگر امپروومنٹ ٹرسٹ بنفسہ حکومت کے دباؤ کے بغیر کوئی اقدام کرتی تو حکومت اسے اس قسم کا قانونی تحفظ دینے کیلئے کبھی تیار نہ ہوتی

Major Muhammad Aslam Jan : On a point of order. The House is not in quorum.

Mr. Senior Deputy Speaker : Let there be a count. (*count was taken*) The House is not in quorum, let the bells be rung. (*bells were rung*)

(*At this stage, Mr. Speaker occupied the Chair.*)

Mr. Speaker : Five minutes are over. Let there be a count. (*count was taken.*) The House is in quorum now.

خواجہ محمد صفدر ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ گزارش کرنا چاہتا ہوں کہ ہمیں اس بات کی قطعی خوشی نہیں ہوتی کہ ہم اپنے دوستوں کو ٹی روم سے آنے کی تکلیف دیں لیکن یہاں حاضری اس قدر قلیل ہو جاتی ہے کہ ہمارے سامنے ان بینچوں پر چار پانچ ۔ سات یا دس صاحبان بیٹھے ہوتے ہیں ۔ ہمیں کوئی ذاتی تکلیف نہیں ہے لیکن باہر یہ تاثر برابر پڑتا ہے کہ ہم اس ایوان کے کام سے دلچسپی نہیں رکھتے ۔ یہاں تیس چالیس ممبر صاحبان نہ سہی لیکن یہاں مناسب تعداد ضرور موجود ہو ۔ اگر یہاں ایک ممبر بیٹھا ہوا ہو یا خالی بینچز ہوں ہم ان کو بھی خطاب کر سکتے ہیں ۔ وزیر صاحب کو بھی خطاب کر سکتے ہیں لیکن قانون سازی کرنا نہایت ہی اہم ذمہ داری ہے ۔ آخر پریس والے لوگ بھی ہمیں دیکھتے ہیں کہ یہاں کوئی بیٹھا ہوا نہیں ہے اور قانون پاس ہو رہا ہے یہ بات مناسب معلوم نہیں ہوتی ۔

مسٹر سپیکر ۔ میں خواجہ محمد صفدر صاحب کی بات سے متفق ہوں ۔ اس سے پہلے سیشن میں بھی میں اس کے متعلق عرض کر چکا ہوں کہ فاضل ممبر صاحبان کو اس کے متعلق احساس ہونا چاہئیے کہ ہاؤس کا کورم بار بار نہ ٹوٹے ۔ وہ ہاؤس میں باقاعدہ حاضر رہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ اب کوئی ممبر بھی یہ پسند نہیں کرے گا کہ کوئی ایسے اقدامات کئے جائیں جو اس ایوان کے شایان شان نہ ہوں اور ممبر صاحبان کو ہاؤس میں حاضر رہنے پر مجبور کیا جائے ۔ اگر ایسے اقدامات کئے جائیں تو میرے خیال میں نہ صرف یہ کہ یہ ممبر صاحبان کی سخت توہین ہو گی بلکہ یہ چیز اس ایوان کے وقار کے بھی منافی ہو گی ۔ میں سمجھتا ہوں کہ میری ان گزارشات کو مدنظر رکھتے ہوئے کم از کم اسمبلی کی اکثریت پارٹی اس طرف پوری توجہ دے گی

اور مجھے مجبور نہ کیا جائے گا کہ ایسا قدم اٹھایا جائے جو ان کے اور ھاؤس کے شایان شان نہ ہو ۔

وزیر خوراک و زراعت ۔ جناب والا ۔ میں آپکو یقین دلاتا ہوں کہ ھماری طرف سے پورا پورا تعاون کیا جائیگا ۔

مسٹر سپیکر ۔ جس طرح point out کیا جاتا ہے کہ ھاؤس میں کورم نہیں ہے میں اس کو waive کر کے اپنی طرف سے نوٹس لیا کروں گا ۔ اگر ایک حاضری بھی کم ہوئی تو ھاؤس کی کارروائی کو ملتوی کر دیا جائیگا ۔

That is my final warning to the House.

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ لاہور امپروومنٹ ٹرسٹ کو یہ قانونی تحفظ کسی صورت میں بھی نہیں دیا جانا چاھئے ۔ خواجہ محمد صفدر صاحب نے متعدد بار یہ فرمایا ہے کہ کسی ادارے کو ایسا تحفظ دینا ایک اندھے کو لاٹھی دینا ہے جس کے استعمال سے وہ محض ان افراد کے حقوق کو ھی پائمال نہیں کرے گا بلکہ ہو سکتا ہے کہ اس سے اس معزز ایوان کے بعض اراکین کے حقوق کو بھی کوئی زق پہنچے ۔ میں اپنی تقریروں میں اس قسم کی تلقین اور نصیحت کو پسند نہیں کرتا اور نہ ھی ان معروضات پیش کرنے کا مقصد یہ ہے کہ میں کسی معزز رکن کی ذات پر کوئی حملہ کروں یا ان کی توھین کا مرتکب بنوں ۔ کبھی بھی اس قسم کا وہم و گمان میرے ذھن میں نہیں آیا لیکن جس قسم کے مسودات قانون اس ایوان میں پیش ہوتے ہیں جس قسم کی دفعہ اس وقت ھمارے سامنے پیش ہے اگر اس کی حکومتی پارٹی کے بینچوں سے مخالفت نہ کی گئی تو میں یہ بات کہنے پر مجبور ہوں گا کہ ھمارے بعض بھائی ایسے ہیں جو محض اپنے مفادات کے لئے یا اپنے ناجائز

مفادات کو حاصل کرنے کیلئے حکومت کی اس قسم کی لا قانونی کارروائی جو قانون کے نام پر کی جاتی ہے کی حمایت کرتے ہیں۔ . . . . . .

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ - یہ غلط تاثر ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب سپیکر - اگر آپ کہتے ہیں کہ یہ غلط تاثر ہے ۔ اس ایوان کے بارے میں یہ تاثر پایا جاتا ہے ۔ یہ کہا جاتا ہے کہ . . . . . .

Mr. Speaker : Mr. Hamza, is not relevant.

مسٹر حمزہ ۔ اس ایوان کے بہت سے معزز اراکین کو حکومت نے ناجائز طور پر نوازا ہوا ہے ۔

Mr. Speaker : Mr. Hamza may please be relevent with amendment.

مسٹر حمزہ ۔ ایک ناجائز کام کے بارے میں یا اسکے ناجائز ہونے کا فتوہ وہ شخص دے سکتا ہے . . . . . .

Mr. Speaker : Mr. Hamza is still not relevent.

مسٹر حمزہ ۔ یا وہ افراد دے سکتے ہیں جو ناجائز کارروائی کے مرتکب نہ ہوئے ہوں ۔ جنہوں نے ناجائز کارروائیوں سے استفادہ نہ کیا ہو میں اس ایوان کی بات نہیں کرتا ۔ لیکن میں یہ عرض کروں گا کہ حکومت نے ایسا طرز عمل اختیار کیا ہوا ہے کہ ہمیں مجبوراً کہنا پڑتا ہے ۔

Mr. Speaker : I will now put the amendment to the vote of the House.

The question is :

That for sub-section (3) of section 4 of the Ordinance, the following be substituted, mamely:—

"(3) The delivery of possession of land to person specified in an order made under sub-section (2) shall neither absolve the Trust from any liability under any law for the time being in force in respect of such land, nor shall it prejudice any rights in respect of land to which any other person may be entitled by due process of law to enforce against the person to whom possession of land is given."

The motion was lost.

Mr. Speaker : Next amendment No. 11 as re-numbered.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I beg to move :

That sub-section (3) of section 4 of the Ordinance, be deleted.

Mr. Speaker : The amendment moved is :

That sub-section (3) of section 4 of the Ordinance, be deleted.

Minister for Basic Democracies : Opposed.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) - مجھے توقع تھی کہ وزیر بلدیات ضرور میرے دلائل کا جواب دیں گے اور وجہ بتائیں گے کہ کیوں امپروومنٹ ٹرسٹ کو اس کی قانونی ذمہ داریوں سے سبکدوش کیا جا رہا ہے - وہ کونسی وجوہات ہیں جن کے پیش نظر اس آرڈیننس سے زیر بحث شق کو علیٰ ھذا حذف کرنے کی سعی کی جا رہی ہے - میں نے جو سابقہ ترمیم دی تھی اور اس ایوان نے منظور نہیں فرمائی تھی اس کے بعد تو کوئی چارہ کار باقی نہیں رہتا کہ دفعہ ۴ (۳) کی مخالفت کروں کہ اس کو حذف کر دیا جائے - میں نے یہ گذارش کی تھی کہ امپروومنٹ ٹرسٹ کی جو قانونی ذمہ داریاں ہیں وہ اس پر

رهنے دیں اور ان ذمہ داریوں سے اس کے کندھوں کو ہلکا نہ کریں ۔ لیکن ایوان نے میری گذارش نہ مانی ۔ اس لئے مجھے یہ ترمیم پیش کرنے کی ضرورت محسوس ہوئی کہ اس کلاز کو سرے سے ہی اڑا دیا جائے ۔ تاکہ امپرووومنٹ ٹرسٹ کو عام قانون سے مستثنےٰ قرار نہ دیا جا سکے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت (میاں محمد یٰسین خاں وٹو) ۔ جناب والا ۔ اس ذیلی دفعہ میں ترمیم کے سلسلہ میں عرض کرونگا کہ منشاء یہ تھی کہ انکوائری کو جاری رکھنا ضروری تھا کہ معلوم ہو جائے کہ کونسا حقدار ہے اور پھر فیصلہ کر کے ان کو قبضہ اراضی دے دیا جائے تاکہ بعد میں وہ مزید مقدمات میں نہ جائیں ۔ جن ورثا کا فیصلہ کیا جاتا ہے وہ خواہ مخواہ زیر بار ہوں گے ۔ چونکہ ۹۰ دن کے اندر قبضہ دینا ہے ۔ اس لئے یہ کوشش کی جانی ضروری تھی کہ ان چیزوں کا جلد از جلد فیصلہ کر دیں ۔ چنانچہ انکوائری کے بعد وہی حقدار نکلے جن سے حکومت نے قبضہ لیا تھا ۔ اور ۱۹۶۲ء کے بعد جو فوت ہوئے ان میں میاں افتخار الدین نہیں تھے ان کے متعلق مناسب کارروائی کی جا رہی ہے ۔ اطلاع مل جانے پر اس کے متعلق بہت جلدی فیصلہ کر دیا جائے گا صرف ایک بات ہے کہ ٹرسٹ یہ فیصلہ نہیں کر سکتی کہ ورثا کون ہیں ۔ مثلاً ۴ آدمی کسی زمین کے وارث ہیں ان میں سے تین آدمی کہتے ہیں کہ ہم وارث ہیں اور ایک نہیں ہے اس لئے جھگڑا پیدا ہو گیا ۔ ٹرسٹ کا مقصد ہے کہ وہ قبضہ دے دے تاکہ پھر زمین کے ساتھ اس کا کوئی تعلق نہ رہے وہ ان کا اپنا نجی معاملہ ہو گا اس لئے یہ شق رکھی گئی ہے ۔ اگر یہ چار آدمی جن کا آپس میں جھگڑا ہوتا ہے بعد میں عدالت میں جانا چاہتے ہیں تو ٹرسٹ کے فیصلہ کے مطابق عدالت میں چارہ جوئی کریں ۔ مگر ٹرسٹ کو شامل نہ رکھا جائے ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ کون کہتا ہے ۔

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ اس وقت صرف دو کا فیصلہ ہو گا ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ ممکن ہے وہ غلط ہو ۔ آپ یہ بتائیں کہ ٹرسٹ کو اس کی ذمہ داریوں سے کیوں سبکدوش کیا جا رہا ہے ؟

وزیر بنیادی جمہوریت ۔ ہم چاہتے ہیں ۔ کہ اس زمین کی جو پوزیشن ہے ۔ اسکی جو حیثیت ہے ۔ اسی پوزیشن سے اسی حیثیت سے اور انہی اندراجات کے ساتھ وہ زمین واپس دے دیں تاکہ اس کے بعد ٹرسٹ کا کوئی تعلق نہ رہے ۔ قانون میں یہ بات موجود ہے ۔ اگر ساری کارروائی کرنے کے بعد بھی فریقین کو مقدمات میں الجھنا پڑا تو مفاد عامہ کے خلاف ہو گی ۔

Mr. Speaker : I will now put the amendment to vote of the House.

The question is :

That sub-section (3) of section 4 of the Ordinance, be deleted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : Next amendment No. 12.

Malik Muhammad Akhtar : Not moving.

Mr. Speaker : The amendment in not moved.

Next amendment No. 13.

Khawaja Muhammad Safdar : I beg to move :

That in sub-section (4) of section 4 of the Ordinance, between the words "found" and "and",

occurring in line 3, the words "after due diligence" be inserted.

Mr. Speaker : Is the Member going to press this motion?

Khawaja Muhammad Safdar : No.

Mr. Speaker : So, this amendment is not moved.

Next amendment No. 14.

Mr. Mahmood Azam Farooqi : I beg to move :

That in sub-section (4) of section 4 of the Ordinance, between the word "Gazette" and full-stop appearing at the end, the words "as well as in all the daily newspapers published from Lahore", be inserted.

Mr. Speaker : The amendment moved is :

That in sub-section (4) of section 4 of the Ordinance, between the word "Gazette" and full-stop appearing at the end, the words "as well as in all the daily newspapers published from Lahore", be inserted.

Minister for Basic Democracies : Opposed.

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی ۸۰) ۔ جناب والا ۔ آپ شق ۴ کو ملاحظہ فرمائیں اگر اس وقت امپروومنٹ ٹرسٹ زمین واپس دے دے ۔ جیسا کہ آپ اسے اجازت دینا چاہتے ہیں ۔ تو اس کے لئے یہ طریق کار تجویز کیا گیا ہے ۔ کہ اگر زمین کا حق دار سامنے نہیں آیا ۔ یا اس کا ایجنٹ بھی سامنے نہیں آیا ۔ تو ٹرسٹ کو اختیار ہے ۔ کہ زمین کا قبضہ دینے سے پہلے نوٹس چسپاں کرے اور گزٹ میں چھاپ دے ۔ پھر ٹرسٹ اپنی ذمہ داریوں سے بری الذمہ ہو جائے گا ۔ یعنی گزٹ میں چھاپ دینے کے بعد ٹرسٹ کی معاوضہ وغیرہ دینے

کی ذمہ داری ساقط ہو جاتی ہے ۔ میں نے اس میں اضافہ کرنا چاہا ہے ۔ کہ ٹرسٹ کی ذمہ داری ختم کرنے کے لئے یہ ضروری ہے ۔ کہ اگر حقدار میسر نہ آ سکے ۔ تو اس کی اطلاع لوگوں کو ہونی چاہئے اور اس طرح ہونی چاہئے کہ جس کو اطلاع دی جا رہی ہو اس کو پہنچ جائے ۔ قانون میں دو ہی صورتیں ہیں کہ نوٹس زمین پر چسپاں کر دیا جائے یا گزٹ میں چھاپ دیا جائے ۔ اگر آپ اس کے الفاظ ملاحظہ فرمائیں تو آپ کو معلوم ہو گا کہ اس میں جو کچھ لکھا ہوا ہے وہ بہت دلچسپ ہے

"It should be affixed at some conspicuous part of such land."

میں یہ سمجھنے سے بالکل قاصر ہوں کہ لینڈ کے conspicuous part پر آپ کہاں چسپاں کریں گے اگر اس زمین کے قریب کوئی دیوار ہو کوئی مکان ہو کوئی درخت ہو تو اس پر چسپاں کرنا تو سمجھ میں آتا ہے لیکن میری حقیر سمجھ میں یہ بات نہیں آتی کہ آپ زمین پر چسپاں کر دینگے یا کسی ایسی جگہ پر چسپاں کریں گے کہ وہ شخص ہوائی جہاز پر بیٹھ کر دوربین سے دیکھ لیگا اور اس کو نظر آئیگا ۔ کیونکہ آپ نے واضع الفاظ میں لکھا ہے on such land تو لینڈ کے معنی عام طور پر زمین کے ہوتے ہیں تو جب زمین پر چسپاں کریں گے تو اس شخص کیلئے جو اس زمین کا اصل حقدار ہے اور وہ آپ کے سامنے نہیں پہنچ سکا ہے تو اسکے لئے یہ اطلاع ناکافی ہے دوسری بات آپ نے کہی ہے کہ اسکو گزٹ میں شائع کریں گے تو میں آپ سے یہ پوچھتا ہوں کہ گزٹ کتنے لوگ پڑھتے ہیں ۔ آپ کے ملک کا پڑھا لکھا طبقہ جو ہے اسمیں سے دو تین فیصد لوگ گزٹ پڑھتے ہیں اور ملک کے پڑھے لکھے لوگوں کی اکثریت گزٹ نہیں پڑھتی اور اگر آپ گزٹ کا مطلب وہ لیتے ہیں کہ آپ کے ملک کے جو اخبارات ہیں اور وہ ٹرسٹ کی زیر نگرانی شائع ہوتے ہیں تو یہ

بات مختلف ہے اور ان اخبارات میں وہی کچھ ہوتا ہے جو آپ چھاپتے ہیں وہ اپنی مرضی سے کچھ نہیں چھاپ سکتے -

Minister for Basic Democracies & Local Govt. : Question !

مسٹر محمود اعظم فاروقی - تو اگر آپ گزٹ کے معنی صرف ان اخبارات کو جو ٹرسٹ کے زیر نگرانی چھپتے ہیں لیتے ہیں اور اگر آپ گزٹ کے معنی وہ لے رہے ہیں جو سرکاری نشریہ ہوتا ہے تو اسکو ملک کی بیشتر آبادی نہیں پڑھتی - اگر آپ کی نیت میں دیانت موجود ہے اور اگر آپ چاہتے ہیں کہ زمین کے حقداروں کو بر وقت زمین کی اطلاع مل سکے تو کم سے کم لاہور کے اخبارات میں اسکو شائع ہونا چاہئے ورنہ میں یہ سمجھنے سے قاصر ہوں کہ ان کو کیسے اطلاع مل سکے گی -

Mr. Speaker : The question is :

> That in sub-section (4) of section 4 ot the Ordinance, between the word "Gazette" and full-stop appearing at the end, the words "as well as in all the daily newspapers published from Lahore" be inserted.

The motion was lost.

Mr. Speaker : Is the Member going to move the next amendment.

مسٹر محمود اعظم فاروقی - جی ہاں -

مسٹر سپیکر - فاروقی صاحب اسکے متعلق یہ فرمائیے کہ یہ جو آپ کی ترمیم ہے کہ گزٹ کے وقت معاوضہ دیا جائے - تو یہ چیز تو لینڈ acquisition کے وقت موجود تھی اب یہ کیسی ترمیم آپ لانا چاہتے ہیں -

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ اس میں نہیں ہے ۔ یعنی original آرڈیننس میں نہیں ہے ۔

مسٹر سپیکر ۔ پہلے آرڈیننس میں یہ چیز موجود ہے اور اس آرڈیننس میں یہ provide کرنا چاہتے ہیں اس آرڈیننس کے ذریعہ سے کہ جو عمارتیں یا جو چیزیں موجود تھیں انکا معاوضہ دیا جائے ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ سیکشن ۲ میں جو میری ترمیم ہے اس میں فرق یہ آ جاتا ہے کہ ابھی جو معاوضہ دیں گے وہ سارا assess کرکے دینگے ۔

مسٹر سپیکر ۔ آپ کی امنڈمنٹ یہ ہے :۔

"4-A. (1) The Trust shall pay to the person to whom the possession of the land is given in accordance with the provisions of section 4, full compensation for buildings, installations, gardens, orchards or any other structures that were put up on the land and existed there at the time of the acquisition of the land by the Trust, provided that such buildings, installations, gardens, orchards or structures are not handed over in their original condition to the person to whom the possession of the land is given under the provisions of section 4."

مسٹر محمود اعظم فاروقی ۔ جی ہاں ۔

مسٹر سپیکر ۔ جو اسوقت موقع پر موجود ہوگا اسکا معاوضہ دیں گے ۔ اسکا اس آرڈیننس میں determination ہو چکا تھا یعنی original آرڈیننس میں اسکا determination ہو چکا تھا جب یہ زمین acquire کیگئی تھی اسکے لئے معاوضہ تھا اس award میں آیا ہوگا ۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی - اسوقت assess کیا تھا دیا نہیں تھا ابھی دینا ہے - اس لئے میں سیکشن ۲ add کر رہا ہوں کہ اگر معاوضہ دیے رہے ہیں تو اسکی قیمت کا determination اس قانون کے تحت ہو -

وزیر بنیادی جمہوریت - یہ سیکشن ۵ میں آ رہا ہے اس میں ساری چیز آتی ہے -

If you permit me to read sub-section (1) of section 5. It says—

> "For the whole of the period during which the land was in possession of the Trust under the provisions of Parks and Historical Places (Lahore) Ordinance, 1963, or Martial Law Order No. 126, till the date of its delivery in accordance with the provisions of secetton 4, compensation, to be determined in the manner and in accordance with the principles set out, shall be payable by the Trust for the use and occupation of the land."

مسٹر محمود اعظم فاروقی - وہ ساری چیز نہیں آتی - یہ سیکشن ۵ جو ہے for the use and occupation of the land کا معاوضہ ہے لیکن لینڈ میں جو چیز تھی . . .

Mr. Speaker : But this amendment should have been given notice of in clause 5. It is ruled out of order.

Next amendment.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I beg to move :

> That in sub-section (1) of section 5 of the Ordinance, between the word "land" and colon occurring in line 9, the words "as well as for the trees cut and nurseries and crops destreyed" be inserted.

Mr. Speaker : The amendment moved is :

> That in sub-section (1) of section 5 of the Ordinance, between the word "land" and colon occurring in line 9, the words "as well as for the trees cut and nurseries and crops destroyed" be inserted.

Minister for Local Self Government : Opposed.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ ۱) ۔ ابھی محترم وزیر بلدیات صاحب یہ ارشاد فرما رہے تھے کہ ہم ہر چیز کا معاوضہ دینے والے ہیں اس کے لئے ثبوت میں انہوں نے سیکشن ۵ کی کلاز (۱) پڑھکر بھی سنائی اور جو الفاظ یہاں استعمال ہوئے ہیں for the use and occupation of the land اسکے معنی ہر چیز کا ہم معاوضہ دینگے بیان کئے اور ان مالکوں کو دینگے جنکی جو چیزیں اسوقت جبکہ انہوں نے یہ اراضی قبضہ میں لی تھی اور جو چیزیں یہاں موجود تھیں ۔ میں نے انکی اس توضیح کے بعد یہ خیال کیا تھا کہ میری امنڈمنٹ فوراً قبول کر لیجائیگی تو میں نے اس کلاز کی اپنی ترمیم کے ذریعہ تشریح کی ہے کہ وہ کونسی چیزیں تھیں آیا نرسری تھی ، باغات تھے ، درخت تھے یا کس قسم کی چیزیں تھیں ۔ installations کوٹھے یا مکانات وغیرہ لیکن انہوں نے اس ترمیم کو oppose کر دیا ۔ یعنی میرے نزدیک انکی جو نیت تھی وہ عیاں اور واضح ہو گئی میں نے بڑے غور و فکر کے بعد یہ ترمیم پیش کی ہے اور مجھے یقین ہے کہ گورنمنٹ نے انتہائی بددیانتی سے کام لیتے ہوئے اس آرڈیننس میں اس کلاز میں صرف یہی چیز رکھی ہے کہ ۸ سال یا ساڑھے سات سال اس اراضی پر قبضہ کے عوض کرایہ دیا جائیگا اور کسی چیز کا معاوضہ نہیں دیا جائے گا ۔ عمداً ان باتوں کو یہاں سے حذف کر دیا گیا ہے میں آپ کی خدمت میں گذارش کروں گا اور صراحت سے گذارش کروں گا کہ یہ نہایت اہم مسئلہ ہے اور کئی لاکھ روپے کا ان مالکوں کو

نقصان ہوگا اگر حکومت کو من مانی کرنے کی اجازت دیدی گئی اب میں اس کی تفصیل آپ کی خدمت میں عرض کروں گا ۔ سب سے پہلے میں مارشل لاء آرڈر نمبر ۱۲۶ کا حوالہ دیتا ہوں اس میں وضاحت اور صراحت سے یہ ذکر ہے کہ جب اراضی پر قبضہ لیا جائے گا تو اس پر جو عمارتیں یا درخت یا نرسری یا باغات یا جو کچھ بھی ہو گا اس کا معاوضہ دیا جاوے گا ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ جناب والا ۔ میں خواجہ صاحب کی ترمیم کے سلسلے میں عرض کروں گا جیسا کہ میں نے پہلے عرض کیا ہے کہ ہمارے interpretation کے مطابق use and occupation میں ساری چیزیں آ جاتی ہیں لیکن جو کچھ خواجہ صاحب نے ارشاد فرمایا ہے اور اس کے متعلق وہ مزید چاہتے ہیں کہ یہ الفاظ آ جائیں جن سے یہ چیز ہو جائے یعنی نرسری درخت وغیرہ وغیرہ لیکن جیسا کہ میں نے عرض کیا ہے کہ ہمارے interpretation کے مطابق یہ ٹھیک تھا اور ہم نے اس خیال سے کہ کچھ complication اور مقدمہ بازی نہ ہونے لگے ۔ کیونکہ ہم نے یہ بھی سوچا تھا کہ جن لوگوں نے کلیم کیا تھا اور وہ وہاں تھا تو اس اعتبار سے use and occupation کے الفاظ میں چیز آ جاتی ہے لیکن میں معزز ایوان کے ارکان کو یہ یقین دلاتا ہوں کہ یہ جتنی چیزیں موقع پر موجود تھیں ان کا معاوضہ دیا جائے گا اور یہ بات رولز کے مطابق اس آرڈیننس میں ہے ۔ میں دوبارہ اس چیز کی وضاحت کروں گا کہ اگر ضرورت پیش آئے اور فاضل ممبر اس چیز کو اس میں شامل کرنا چاہتے ہیں تو بہتر ہے ۔ ہم نے اس خیال سے کہ لوگ بے تحاشا کلیم نہ کرنے لگیں اس لئے ایسا کیا تھا ۔

خواجہ محمد صفدر ۔ میں محترم وزیر صاحب سے متفق ہوں ۔ میں

ان کی خدمت میں عرض کروں گا کہ آپ جس رنگ میں میری ترمیم کو قبول کرنا چاہتے ہوں وہ ڈرافٹ کر لیں میں دیکھ لوں گا اگر مجھے قبول ہو گی تو اس کے لئے مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے غرض تو یہ ہے کہ مالکان کو ان کی ہر قسم کی جائداد کا معاوضہ دیا جائے۔

Mr. Speaker : No. 17 by Khawaja Muhammad Safdar.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I beg to move :

> That for paras (b) and (c) of sub-section (1) of section 5 of the Ordinance, the following be substituted namely :—
>
> "(b) In case where no such agreement can be reached, compensation for the use and occupation of the land shall be determined as the amount of interest at the rate of six per centum per annum on the total value of land as assessed by the Land Acquisition Collector, Improvement Trust, Lahore in his award of 30th June, 1967."

Mr. Speaker : The amendment moved is :

> That for paras (b) and (c) of sub-section (1) of section 5 of the Ordinance, the following be substituted namely :—
>
> "(b) In case where no such agreement can be reached, compensation for the use and occupation of the land shall be determined as the amount of interest at the rate of six per centum per annum on the total value of land as assessed by the Land Acquisition Collector, Improvement Trust, Lahore in his award of 30th June, 1967."

Minister for B.D. & Local Government : Opposed.

خواجہ محمد صفدر (سیالکوٹ - ۱) - جناب والا - اس ہنگامی قانون کی دفعہ ۵ کے ذریعے ہمیں یہ بتایا گیا ہے کہ وہ کون سا طریقہ اختیار کیا جائے جس کے ذریعے مالکان اراضی کو متنازعہ فی اراضی کے اتنے حصے پر قبضہ رکھنے کا معاوضہ دیا جائے - پہلی بات جو انہوں نے فرمائی کہ اگر فریقین اور امپرووینٹ ٹرسٹ کے درمیان کوئی سمجھوتہ ہو جائے تو. . . .

مسٹر سپیکر - خواجہ صاحب یہ جو ترمیم ہے کیا اس میں کچھ الفاظ رہ تو نہیں گئے ؟ کیا آپ نے انکو پڑھا ہے۔ میرا خیال ہے کہ کچھ رہ گئے ہیں -

"In case where no such agreement can be reached, compensation for the use and occupation of the land shall be determined as the amount of interest at the rate of six per centum per annum on the total value of land....."

Does it convey any sense?

Minister for B.D. & Local Government : Opposed.

Mr. Speaker : The question is :

That section 5 of the Ordinance, be deleted and subsequent sections re-numbered accordingly.

The motion was lost.

Mr. Speaker : Section 6 : amendment No. 41 by Malik Akhtar.

Malik Muhammad Akhtar : Sir I beg to move :

That for section 6 of the Ordinance, the following be substituted namely :—

"6. The provisions of the Code of Civil Procedure, 1908 as far as practicable shall be applicable for conducting proceeding under this Ordinance. The Deputy Commissioner shall have the same powers as are vested in a Civil Court."

Mr. Speaker: The amendment moved is :—

> That for section 6 of the Ordinance, the following be substituted, namely :—
>
> "6. The provisions of the Code of Civil Procedure, 1908 as far as practicable shall be applicable for conducting proceeding under this Ordinance. The Deputy Commissioner shall have the same powers as are vested in a Civil Court."

Minister for Basic Democracies: Opposed Sir.

ملک محمد اختر (لاہور-۲) - جناب صدر - اس ہنگامی قانون کی دفعہ ۶ کے تحت یہ قرار دیا گیا ہے کہ اپنے فرائض کی انجام دھی.... کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کے پاس وھی اختیارات ہوں گے جو ایک دیوانی عدالت کے پاس ضابطہ دیوانی کے تحت ہوں گے - شہادت کی طلبی ، دستاویزات یا دیگر چیزوں کا یہی مطلب ہو سکتا ہے کہ وہ شہادت کے متعلق چیزیں پیش کرتی ہیں - میں نے یہ ترمیم کی ہے کہ ڈپٹی کمشنر کو جبکہ آپ سول کورٹ کا status دے رہے ہیں تو محض یہ اختیارات دینا کہ وہ گواہوں کی طلبی دیوانی عدالت کی طرز پر کرے یہ ایک مضحکہ خیز بات ہے - حکومتی پارٹی یا اکثریتی پارٹی نے یہ ظلم ڈھایا ہے کہ اس نے یہ سیاہ قانون پاس کروایا ہے کہ ایک خاندان کو victimise کیا جائے - انکوائری کو conduct کرنے کے پروسیجر کے متعلق میں نے یہ عرض کیا ہے کہ وہ ایک جابر کی حیثیت سے کام نہ کرے بلکہ وہ دیوانی عدالت کے یا سول عدالت کے طور پر انکوائری کو conduct کرے - وہ اپنے اختیارات کو اس طرح بجا لائے کہ جو پارٹی خواہ وہ امپروومنٹ ٹرسٹ ہو یا مالکان اراضی ہوں اس کے سامنے پیش ہو اس کو وھی مراعات حاصل ہوں جو ایک دیوانی عدالت میں ہیں لیکن ہوتا یہی ہے جیسے

''اونٹ رے اونٹ تیری کون سی کل سیدھی،،

میں یہ بات سمجھنے سے قاصر ہوں ۔ جناب محترم وزیر بلدیات صاحب جو ایک قابل وکیل ہیں وہ خلوص دل اور نیک نیتی سے چاہتے ہیں کہ .....

ملک معراج خالد ۔ پوائنٹ آف ارڈر ۔ جناب والا ملک محمد اختر صاحب تضاد بیانی سے کام لے رہے ہیں ۔ ایک طرف وہ فرماتے ہیں کہ یہ قانون لوٹ مار کرنے کے لئے ، ڈاکہ ڈالنے کے لئے یا خاندانوں کی جائیداد کو ھضم کرنے کے لئے بنایا جا رہا ہے اور یہ چیز تشدد کرنے کے لئے بنائی جا رہی ہے ۔ فلاں فلاں طریقے عدالت دیوانی کے لحاظ سے apply کئے جائیں ۔ دوسری طرف وہ محترم وزیر بلدیات صاحب کو خراج تحسین بھی پیش کر رہے ہیں ۔ میں آپ کے نوٹس میں یہ چیز لاتا ہوں کہ وہ جبر ، ظلم اور دھاندلی کے ہوتے ہوئے خراج تحسین پیش نہ کریں ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ آپ کو پہلی بات پر زیادہ اعتراض ہے ۔

Mr. Speaker. This is not point of order.

ملک محمد اختر ۔ جناب والا ۔ میں یہ عرض کر رہا تھا کہ چار سال تک وزیر بلدیات کے ساتھ کام کرنے کے بعد یہ محسوس کیا ہے کہ ان کی نیت یہ نہ تھی لیکن میں یہ سمجھنے سے قاصر ہوں اور معلوم ہوتا ہے کہ ان پر انتہائی دباؤ ڈالا گیا ہے کہ وہ ایسا سیاہ قانون ، ایسا غیرمہذب قانون پیش کرنے کا ذمہ لے لیں ۔ آپ اس دفعہ میں ایسے الفاظ نہ لاتے جن کے ذریعہ گواہوں کی حاضری کے متعلق ڈپٹی کمشنر کو سول کورٹ کے اختیارات دینے مقصود ہیں ۔ اگر آپ اس دفعہ میں وہ الفاظ لے ہی آئے ہیں تو

Be fair, be honest, make him a civil Court.

جو لوگوں کو وہاں مراعات حاصل ہیں ان سے لوگوں کو یہاں بھی مستفید ہونے دیجئے - یہ اب اندھیر کا زمانہ ہے کہ جو پاکستان کے قیام کے لئے صف اول میں تھے اور انہوں نے قربانیاں دیں دوسرے میں سمجھتا ہوں کہ ''پاکستان ٹائمز'' جیسا اخبار جسکو بنانے میں ان کا بڑا لمبا چوڑا ہاتھ تھا آج پاکستان بننے کے بعد ان لوگوں کو جنہوں نے اس عمارت کو بنایا....

Mr. Speaker: That is not relevant to the amendment. I will put the amendment to the vote of the House. The question is—

> That for section 6 of the Ordinance, the following be substituted, namely :—
>
> "6. The provisions of the Code of Civil Procedure, 1908, as far as practicable shall be applicable for conducting proceeding under this Ordinance. The Deputy Commissioner shall have the same powers as are vested in a Civil Court".

The motion was lost

Mr. Speaker: Next amendment No. 42.

Malik Muhammad Akhtar: I beg to move—:

> That for section 7 of the Ordinance, the following be substituted, namely :—
>
> "7. On repeal of the West Pakistan Establishment and Improvement of Parks and Historical Places (Lahore) Ordinance, 1963, all the land taken possession of under Martial Law Order No. 126 shall stand relinquished and the Trust or Lahore Municipal Corporation shall not frame any Scheme under the Town Improvement Act, 1922, or the Municipal Administration Ordinance, 1960, for the same."

Mr. Speaker: The amendment moved is :

> That for section 7 of the Ordinance, the following be substituted, namely :—
>
> "7. On repeal of the West Pakistan Establishment and Improvement of Parks and Historical Places (Lahore) Ordinance, 1963, all the land taken possession of under Marrial Law Order No. 126 shall stand relinquished and the Trust or Lahore

Municipal Corporation shall not frame any Scheme under the Town Improvement Act, 1922, or the Municipal Administration Ordinance, 1960, for the same."

Minister for Basic Democracies : Opposed.

The cat is out of the bag ۔ جناب والا ۔ **ملک محمد اختر** (لاہور-۲) ۔ جناب والا ۔ دراصل جو کچھ یہ چاہتے ہیں اور جو ان کا ارادہ ہے وہ ظاہر ہو گیا ہے ۔ out of order جناب والا ۔ اس سے قبل بھی میری ایک ترمیم تھی جو قرار دے دی گئی ۔ وہ پہلی دفعات میں تھی ۔ جناب والا ۔ اب آپ دفعہ ے کو دیکھیں ۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ کتنی mischievous intention ہے گورنمنٹ کی دفعہ ے یہ کہتی ہے ۔

"The Trust shall, in respect of the land taken possession of by it under the provisions of the West Pakistan Establishment and Improvement of Parks and Historical Places (Lahore) Ordinance, 1963, or Martial Law Order No. 126 and which is not to be relinquished under the provisions of section 4, frame a scheme under the Town Improvement Act, 1922."

جناب والا ۔ اس میں دو ٹیکنیکل باتیں ہیں ۔ دو باریکیاں ہیں ۔ ایک تو یہ ہے کہ اگر یہ دفعہ ے نہ ہوتی تو Town Improvement Act کے ہوتے ہوئے اور Municipal Administration Ordinance کے ہوتے ہوئے یہ کسی بھی زمین کے لئے جو کارپوریشن یا ٹرسٹ کی jurisdiction میں fall کرتی ہو ، سکیم نہیں بنا سکتے ۔ اگر یہ بنا سکتے ہیں تو پھر اس دوھری قانون سازی کا کیا مطلب ہے ؟ یہ duplicity کیوں کی گئی ہے ؟ یہ اسلئے کی گئی ہے کہ ان کا ارادہ ہے کہ کچھ زمین کو یہ چھوڑ دیں گے ۔ کچھ کو نہیں چھوڑیں گے ۔ اور جس زمین کو نہیں چھوڑیں گے ، اس پر دوبارہ سکیم بنا سکتے ہیں ۔ جناب والا ۔ یہ بڑی اہم بات ہے ۔ یہ بڑا غور طلب مسئلہ ہے ۔ جب یہ ایک پکھیڑا ہی ختم کرتے ہیں تو اس کے بعد یہ بھی کہتے ہیں کہ ہم

سکیم بھی دوبارہ بنائیں گے ۔ بات کرتے وقت نیت خواہ کسقدر نیک ہو لیکن یہاں قیام کس چیز کو ہے ؟ کیا معلوم کل کو یہ وزارت رہتی ہے یا نہیں رہتی ۔ ہو سکتا ہے موجودہ وزیر کو ایک نرم وزیر سمجھتے ہوئے کسی جابر شخص کو یہ عہدہ دے دیا جائے ۔ تو کیا وہ شخص یہ کہنے سے debarred ہو گا کہ ہم نے قانون بناتے وقت express اور clear الفاظ میں واضح کر دیا تھا کہ ہم نے دوبارہ سکیم بنانی ہے ۔ اور وہ مالکان کسی عدالت میں نہیں جا سکیں گے ۔ اب جناب والا ۔ فرض کیجئے یہ سو یا پچھتر ایکڑ کی سکیم تھی ۔ اور اس میں سے وہ بیس ایکڑ دوبارہ relinquish نہیں کرتے تو جناب والا ۔ اس بیس ایکڑ زمین کے ساتھ جو ہو گا ، وہ میں آپ کے سامنے عرض کرتا ہوں ۔ انہوں نے سب سے پہلے جناب والا ۔ Town Improvement Act کے تحت چھپن ایکڑ . . . . .

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ (میاں محمد یاسین خان وٹو) ۔ پوائنٹ آف آرڈر ۔ جناب والا ۔ فاضل ممبر جو کچھ فرما رہے ہیں ، مجھے اس سے اندازہ یہ ہوتا ہے کہ وہ پورے واقعات سمجھنے سے قاصر رہے ہیں یا جو کچھ ان کے ذہن میں ہے ، وہ کم از کم نہ منشاء ہے اور نہ وہ بات قانون میں ہے ۔ اگر وہ اجازت دیں تو میں ساری بات واضح کر دوں ۔

Malik Mohammad Akhtar : I want to have my say. I have not spoken on this Ordinance for two days.

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ میں نے آپ کے بولنے کے حق کو چیلنج نہیں کیا ۔ میں تو صرف یہ عرض کر رہا ہوں کہ جو کچھ آپ فرما رہے ہیں اور اس کے متعلق جو کچھ آپ نے بنیاد قائم کی ہے ، وہ درست نہیں ہے ۔

Mr. Speaker : But it should be relevant.

ملک محمد اختر ۔ Yes Sir. آپ سمجھئے کہ جو زمین انگوری باغ سکیم میں آئی ۔ اس میں میں پندرہ یا بیس ایکڑ زمین جو آج relinquish نہیں ہوتی ، اس کا کیا حشر ہو گا ۔ پہلے میں انگوری باغ سکیم کی ہسٹری دو منٹ میں کہے دیتا ہوں ۔ Town improvement Act, 1922, کے تحت چھپن ایکڑ زمین پر انہوں نے انگوری باغ سکیم بنائی ۔ اس کے بعد اگلا نوٹیفیکیشن دفعہ ۳۶ کا ۱۵ اپریل ۱۹۵۵ کو ہوا اور (۱) ۴۱ کے تحت اسکی اجازت ۲۸ مارچ ۱۹۵۸ کو ہوئی ۔ اسکے بعد جناب والا ۔ انہوں نے بعض difficulties کے پیش نظر وہ ۱۹۶۲ کا مارشل لاء آرڈر لائے ۔ اس کے بعد ۱۹۶۳ کا قانون لائے ۔ اب جناب والا ۔ یہ کہتے ہیں کہ یہ زمین ہمارے گلے سے اتر جائے ۔ کہتے ہیں یہ ایک ایسی سکیم ہے جو economic نہیں ہے ، اسلئے ہم اس سے جان چھڑانا چاہتے ہیں ۔ لیکن اس کے باوجود یہ ایک شرط بھی رکھنا چاہتے ہیں ۔ جس سے ان کی مراد یہ ہے کہ اسکے بعد کچھ خاص اچھے رقبے کو واگذار کرنے کی بجائے اپنے پاس رکھیں گے اور پھر یہ Town Improvement Act کے تحت proceed کریں گے ۔ اور جیسا کہ پچھلی سکیم سے ظاہر ہوتا ہے ، پچھلی سکیم ۱۹۵۵ سے ۱۹۵۸ تک تین سال میں frame ہوئی تھی ۔ اب تین سال اس پر لگا دیجئے ۔ اسکے بعد وہ چیلنج ہو گی ۔ اور اس کے بعد نیا قانون ، نیا آرڈیننس ۔ یعنی یہ اس خاندان کو اور اس زمین کو چھوڑنے پر تیار ہی نہیں ۔ جناب والا ۔ یہ قانون سازی کرتے ہیں لیکن انہیں قانون بنانا بھی نہیں آتا ۔ ویسے بھی یہ دفعہ غلط ہے ۔ Town Improvement Act کے ساتھ ساتھ انہیں Municipal Administrative Ordinance کا بھی حوالہ دینا چاہیئے تھا ۔ بہر حال یہ جانے اور ان کا کام جانے ۔ جناب والا میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ

Trust to frame scheme جو ہے ، میں اس سے یہ سمجھتا ہوں کہ یہ میری ترمیم کو نہ مانیں لیکن کچھ اس قسم کی یقین دھانی کرا دیں کہ حکومت دوبارہ اس زمین کا قیمتی حصہ یا اس کا considerable portion کسی سکیم میں شامل نہ کرے گی ۔ اگر یہ ایسا کر دیں تو بات زیادہ واضح ہو جائے ورنہ میں تو سمجھتا ہوں کہ یہ تو بالکل ہی جداگانہ دفعہ ہے اور ایسی دفعات کی ہمیں شدید مخالفت کرنی چاہیئے ۔

Mr. Speaker : I will now put the amendment to the vote of the House.

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ (میاں محمد یاسین خاں وٹو) ۔ جناب والا ۔ اگر آپ مجھے اجازت دیں تو میں تھوڑی سی وضاحت کر دوں ۔

Mr. Speaker : Yes please.

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ جناب والا ۔ فاضل ممبر نے جو کچھ ارشاد فرمایا ہے اس سے اندازہ ہوتا ہے کہ انہوں نے سارے آرڈیننس کو پڑھا تو ہے لیکن اتنی توجہ سے نہیں کہ اسکی کچھ باریک چیزیں ان کی نگاہ میں اس طور پر واضح ہو جاتیں جس طور پر ہونی چاہیئے تھیں ۔ انہوں نے اس دفعہ ۲ کو کچھ اس طرح کی دفعہ قرار دیا ہے کہ جس کے تحت کچھ زمین رکھی جا رہی ہے اور یہی شاید اس دفعہ کی غرض و غایت ہے ۔ جناب والا ۔ میں آپ کی توجہ اس امر کی طرف دلاؤں گا کہ land کی تعریف کرتے ہوئے دفعہ ۲ کے حصہ (سی) میں land کے معنی یہ دئے گئے ہیں ۔

> "land" means the land in respect of which full compensation has not been paid in accordance with the provisions of the West Pakistan Establishment and Improvement of Parks and Historical Places (Lahore) Ordinance, 1963, or where paid, has not been accepted unconditionally by all persons having any right or interest therein ;"

اس زمین کے متعلق یہ آرڈیننس ہے ۔ کچھ زمین ایسی جو میری اطلاع کے مطابق صرف نو مرلے زمین ہے ، وہ اس طرح کی زمین ہے . . . . .

خواجہ محمد صفدر ۔ آٹھ کنال زمین ہے جو بچے گی ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ میری اطلاع کے مطابق دس مرلے بچے گی ۔ اس کے بارے میں پوزیشن یہ ہے کہ اس کی رقم ان لوگوں نے لے لی تھی اور unconditionally یہ نہیں تھا کہ انہوں نے under protest لی ہو یا رقم نہ لی ہو یا اس کے متعلق کوئی جھگڑا ہو ۔ جب ان کی رقم assess کی گئی تو انہوں نے پوری رقم وصول کر لی اور اس کے بعد ان کا کسی قسم کا claim یا جھگڑا ٹرسٹ کے ساتھ نہیں تھا ۔ اب اس وقت اگر دس مرلے والے مالکان لینے کو تیار ہوں اور ہم دینے کو تیار ہوں تو ہم ان کی offer کو consider کرنے کو تیار ہیں ۔ لیکن جب یہ معاملہ طے ہو چکا تھا وہاں ہم انہیں مجبور کرتے ہیں کہ آپ یہ زمین واپس لے لیں تو وہ مناسب نہیں تھا ۔ اس لئے جہاں جھگڑا تھا اور جن لوگوں نے رقم نہیں لینی تھی انہوں نے under protest لی تھی unconditionally نہیں لی تھی ۔ ان کے متعلق آرڈیننس کی ضمن متعلقہ ہے کہ اگر وہ دس مرلے کے مالک لینا چاہیں تو میں یقین دلاتا ہوں کہ امپرووومنٹ ٹرسٹ جس طرح باقی اپنی زمین دوسرے آدمی کو by mutual agreement دے سکتا ہے اسی طرح دینے کو تیار ہے ۔ لیکن ہم انہیں مجبور نہیں کر سکتے ۔ اگر وہ نہ لینا چاہیں تو اس صورت میں ان دس مرلوں کو نہ تو چھوڑ دینا مناسب ہوگا اور نہ ہی وہ لینے کو تیار ہیں ۔ اس لئے ان کے لئے ایک مناسب سکیم بنا دیں جس سے دس مرلے صحیح طور پر utilize ہو جائیں ۔ اس دفعہ کی غرض و غایت صرف یہی ہے کہ یہ صرف اس زمین کے لئے ہے جس میں کوئی جھگڑا نہیں ۔

Mr. Speaker : The question is :

That for section 7 of the Ordinance, the following be substituted, namely : —

"7. On repeal of the West Pakistan Eslablishment and Improvement of Parks and Historical Places (Lahore,) Ordinance, 1963, all the land taken possession of under Martial Law Order No. 126 shall stand relinquished and the Trust or Lahore Municipal Corporation shall not frame any scheme under the Town Improvement Act, 1922, or the Municipal Administration Ordinance, 1960, for the same".

The motion was lost.

Mr. Speaker : No. 43 is not moved . Next amendment No. 44.

Khawaja Muhammad Safdar : Sir, I beg to move —:

That for clause (*a*) of sub-section (2) of section 8 of the Ordinance, the following be substituted, namely : —

"(*a*) the procedure to be followed by the Deputy Commissioner for determining the amount of compensation and its apportionment, and the rules of determining the compensation shall as far as practicable follow the procedure laid down in the Land Acquisition Act, 1894 (Act I of 1894) ; and".

Mr. Speaker : The amendment moved is :

That for clause (*a*) of sub-section (2) of section 8 of the Ordinance, the following be substituted, namely : —

(*a*) the procedure to be followed by the Deputy Commiissioner for determining the amount of compensation and its apportionment, and the rules of determining the compensation shall as far as practicable follow the procedure laid down in the Land Acquisition Act, 1894 (Act I of 1894) ; and".

Minister for B. D. : Opposed.

Mr. Speaker : The question is :

That for clause (*a*) of sub-section (2) of section 8 of the Ordinance, the following be substituted, namely : —

"(*a*) the procedure to be followed by the Deputy Commissioner for determining the amount of

compensation and its apportionment, and the rules of determining the compensation, shall as far as practicable follow the procedure laid down in the Land Acquisition Act, 1894 (Act I of 1894); and".

The motion was lost.

Mr. Speaker : I will now put the Ordinance to the vote of the House.

Mr. Hamza : Sir, I want to oppose the Ordinance.

Mr. Speaker : Major Aslam Jan.

میجر محمد اسلم جان (راولپنڈی ۔۱) ۔ جناب والا ۔ میں مختصر الفاظ میں انگوری باغ اور اس آرڈیننس کی تاریخ بیان کرونگا جس سے معلوم ہو جائے گا کہ حکومت نے کس طرح سے دھاندلی اور جبروتشدد کیا ہے ۔

وزیر بلدیات ۔ میں پہلے بھی اسے rebut کر چکا ہوں اور آپ accept کر چکے ہیں ۔

میجر محمد اسلم جان ۔ میں نے accept نہیں کیا ۔

جناب والا میں بتاؤں گا کہ ان کی دھاندلیوں کا کیا اثر ہوتا ہے ۱۱-۵-۶۲ کو مارشل ایڈمنسٹریٹر زون بی نے مارشل لا آرڈر نمبر ۱۲۶ کے ذریعہ حکم دیا کہ انگوری باغ کی ۲۰۰ کنال زمین لے لی جائے اور وہاں پر پلاٹ بنا دیئے جائیں اس میں ۱۰۴ کنال زمین میاں افتخار الدین مرحوم کی تھی اور ۹۶ کنال زمین باقی ۶۲ افراد کی تھی ۔ اس مارشل لا آرڈر نمبر ۱۲۶ میں کہا گیا تھا کہ ۳۰ مئی ۱۹۶۲ تک حصول اراضی کا تمام کام مکمل کرکے مالکان کو معاوضہ دے دیا جائے لیکن ۶ جون تک نہ تو ایوارڈ سنایا گیا اور نہ ہی کوئی فیصلہ کیا گیا ۔ ۶ جون کو میاں افتخار الدین انتقال فرما گئے ۔ اسی دن کمشنر لاہور ڈویژن نے حکم دیا جو اس تاریخ سے ۷ دن بعد میں جاری کیا گیا کہ کارروائی مکمل کی جائے ۔ چنانچہ وارثان نے ہائی کورٹ میں رٹ پٹیشن دائر کی کہ اس اراضی کا حصول مارشل لا آرڈر کے تحت نہ کیا جائے اور انہوں نے

اسے چیلنج کر دیا ۔ ھائی کورٹ نے دونوں فریقین کو سننے کے بعد اپنا فیصلہ محفوظ رکھا ۔ پھر حکومت نے جو بلاوجہ لاھور امپروومنٹ ٹرسٹ کی حمایت کرنے پر تلی ھوئی تھی ایک آرڈیننس نمبر ۲۲ آف ۱۹۶۳ جاری کر دیا اور مارشل لا آرڈر کو validate کیا ۔ اس وقت ان نئے حالات کے تحت مقدمہ کی نئے سرے سے سماعت شروع ھوئی ۔ ھائی کورٹ نے سماعت کے بعد فیصلہ کیا کہ لاھور امپروومنٹ ٹرسٹ اس اراضی کا دوبارہ تخمینہ لگائے ۔ اس کے بعد لاھور امپروومنٹ ٹرسٹ نے ھائی کورٹ کے فیصلہ کے خلاف سپریم کورٹ میں اپیل دائر کر دی جو معہ خرچہ خارج ھوگئی ۔ سپریم کورٹ نے ھائی کورٹ کے فیصلہ کو بحال رکھا اور حکم دیا کہ اس اراضی کے حصول کے لئے جو طریقہ ھائی کورٹ نے تجویز کیا ہے وہ صحیح ہے اس لئے دوبارہ تخمینہ لگایا جائے ۔ چنانچہ Land Acquisition Collector نے تخمینہ کے لئے وارثان اور لاھور امپروومنٹ ٹرسٹ کے گواھان کو طلب کیا ۔ دونوں فریقین کی شہادتیں پیش ھوئیں ۔ میاں افتخار الدین مرحوم اور دوسرے مالکان اراضی نے یہ کہا کہ معاوضہ ۱۰۰۰ روپیہ فی مرلہ ملنا چاھئے ۔ اس سلسلہ میں لاھور امپروومنٹ ٹرسٹ نے جو شہادتیں پیش کیں انہوں نے کہا کہ ۶۵۰ روپیہ سے ۹۵۰ روپیہ تک فی مرلہ کے حساب سے معاوضہ ملنا چاھئے آخر Land Acquisition Collector نے یہ فیصلہ کیا کہ معاوضہ ۶۰۰ روپیہ فی مرلہ ملنا چاھئے ۔ کلکٹر حصول اراضی نے جو تخمینہ لگایا تھا اس کے لئے کمشنر لاھور ڈویژن کی منظوری ضروری تھی چنانچہ کمشنر لاھور ڈویژن نے دونوں فریقین کو دوبارہ سماعت کے لئے دوبارہ طلب کیا انہوں نے Land Acquisitiont Conective کے تخمینہ ۶۰۰ روپیہ فی مرلہ کو منظور کیا اور ھدایات جاری کیں کہ اس حساب سے روپیہ مالکان کو ادا کر دیا جائے ۔ اب میاں

افتخار الدین مرحوم کے وارثان اور دوسرے مالکان نے بارہا لاہور امپروومنٹ ٹرسٹ کو مجبور کیا ہے کہ جو فیصلہ ہو گیا ہے اس کے مطابق معاوضہ دے دیا جائے اور جو نرسری،درخت اور مکانات مسمار کئے ہیں ان کا معاوضہ بھی ان کو ادا کر دیا جائے۔ جب وہ آخر تنگ آئے اور لاہور امپروومنٹ ٹرسٹ اس چیز میں لیت و لعل کرتا رہا اور معاوضہ نہ دیا آخر تنگ آکر میاں افتخار الدین کے ورثا نے ۱۳ جون سنہ ۱۹۶۸ کو ہائی کورٹ میں ایک رٹ دائر کر دی کہ لاہور امپروومنٹ ٹرسٹ کو حکم دیا جائے کہ وہ معاوضہ کی رقم فوراً ادا کرے۔ ٹرسٹ نے ہائی کورٹ میں یہ کہا کہ انہوں نے یہ رقم یا معاوضہ دینے کے لئے حکومت سے رجوع کیا ہے جوں ہی انہیں حکومت کی طرف سے کوئی صحیح جواب موصول ہو گیا وہ یہ معاوضہ دینے کے لئے تیار ہو جائیں گے۔ اسی عرصہ میں ۸ ستمبر سنہ ۱۹۶۸ کو لاہور امپروومنٹ ٹرسٹ نے ایک رٹ ہائی کورٹ میں دائر کردی کہ کمشنر نے جو معاوضہ دینے کا آرڈر کیا ہے وہ غلطہ ہے اور وہ بہت زیادہ ہے اور یہ کہہ کر انہوں نے کمشنر کے حکم کو چیلنج کر دیا۔ ہائی کورٹ نے دونوں writs کی سماعت یکساں کی اور ۲۹ اکتوبر کو اس کا فیصلہ سنایا۔ اب لاہور امپروومنٹ ٹرسٹ کے لیگل ایڈ وائزر کے کہنے پر ایک دوسرا آرڈیننس ۱۰ ستمبر کو نکالا جس سے پہلا ارڈیننس منسوخ ہوگیا اور انہوں نے کہا کہ اب ہمیں سامان نہیں چاہئے۔ جناب والا اس کے پس منظر سے آپ اندازہ لگائیں کہ یہ آرڈیننس بالکل بددیانتی پر مبنی تھا یہ ایک خاندان کے خلاف دھاندلی تھی اور ایک خاندان کے کسی فرد یا افراد کو تنگ کرنے کا ذریعہ تھا۔ جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ اس ایوان میں جو تقاریر ہو چکی ہیں لاہور امپروومنٹ ٹرسٹ نے جن مالکان

کا معاوضہ کمشنر نے منظور کر لیا تھا انکو تقریباً ۵ اور ۸ لاکھ کے کے درمیان ایڈوانس دے دیا تھا اس کے علاوہ ٹرسٹ نے تقریباً ۸ لاکھ کے قریب امپرووومنٹ پر اور ڈیویلپمنٹ پر خرچ کیا جس میں سڑکیں بنائیں - زمین دوز کنکریٹ کی نالیاں بنائیں - بجلی مہیا کی - بجلی کے کھمبے لگائے اب ۱۰ جون سنہ ۱۹۶۸ کا جو آرڈیننس ہے اس میں یہ شق موجود ہے جو اس معزز ایوان نے منظور کرلی کہ لاہور امپرووومنٹ ٹرسٹ کو یہ اختیار ہے کہ وہ یہ سڑکیں توڑ دے اور وہاں سے اینٹین اکھاڑ دے - اور وہاں سے ان بجلی کے کھمبوں کو جو لگایا گیا ہے اور جو عوام کے روپے سے پانی مہیا کیا گیا ہے اور ڈیویلپمنٹ کیا گیا ہے اسکو وہاں سے اکھاڑ دے - جناب والا آپ کو معلوم ہے کہ سڑکیں بنانے کے بعد نالیاں بنانے کے بعد اگر انکو اکھاڑا جائے تو وہ کسی کام کی نہیں رہتیں بلکہ بجری جو سڑکوں پر ہوتی ہے وہ بھی کسی کام میں نہیں آ سکے گی - انکے orchards انکے باغات ان کی دکانیں مسمار کی گیں وہ سب سیمنٹ کی تھیں اور پھر وہاں کچھ plots بھی بنادئے جب اس تام ڈیویلپمنٹ پر عوام کا روپیہ خرچ کر دیا تو اب عوام کا اور روپیہ خرچ کرکے اسکو برباد کیا جا رہا ہے اور ایک خاندان اور اسکے حمایتیوں کو یا دوستوں کو یا چند افراد کو تنگ کرنے کے لئے یہ کیا جا رہا ہے - اگر یہ نہیں تھا تو کیا یہ خود offer نہیں کر سکتے تھے کہ ہمارا اتنا روپیہ لگا ہے ہم نے اتنا ڈیویلپمنٹ کیا ہے ہم نے اتنی سڑکیں بنائی ہیں اگر تم یہ لینا چاہتے ہو تو لے لو اگر وہ نہ لیتے تب یہ کہتے کہ ہم اسکو برباد کریں گے - اسکے باوجود جیسا کہ یہ بیسک لا ہے کہ اگر کسی جگہ ڈیویلپمنٹ کر دیا جائے اور وہ permanent ڈیویلپمنٹ ہو تو اسکو پھر اکھاڑا نہیں جا سکتا اسکے لئے agreement میں ایک شق

لے آتے ہیں کہ اگر کوئی permanent چیز اس جگہ پر ہے تو اسکو نہیں اکھاڑ سکتے - اگر وہاں درخت لگائے گئے ہیں تو انکو بھی نہیں اکھاڑ سکتے - جناب والا لاہور امپروومنٹ ٹرسٹ کو اب مالکان کا صرف ۲۲ لاکھ روپیہ دینا ہے جس پر اگر آپ حساب لگائیں تو انہوں نے عوام کا ۱۶ لاکھ روپیہ خرچ کیا اور اسطرح اسکو برباد کر رہے ہیں - میری سمجھ میں نہیں آتا کہ آخر انکو کیا اختیار ہے کہ یہ عوام کا روپیہ اتنی بیدردی سے خرچ کر رہے ہیں - جناب والا اسکا درد تو ان لوگوں کو ہی ہو سکتا ہے جنکے ساتھ اس قسم کے واقعات پیش آئے ہیں اس وقت یہاں ایک معزز وزیر صاحب نہیں تشریف رکھتے ہیں ان سے پوچھئے کہ سنہ ۱۹۵۱ میں ان کی مردان میں زمین لے لی گئی تھی تو انہیں اسکا کتنا درد ہوا تھا اور ظلم تو یہ ہے کہ اس حکومت نے آج تک ان کو معاوضہ نہیں دیا اگر آپ یہ بات ان سے پوچھتے تو وہ شاید بتاتے کہ ہماری زمین کی کتنی قیمت تھی اور اس کے لینے کا کتنا درد ہوا اور کتنی تکلیف ہوئی تھی - اگر پرانے سیاستدانوں نے اس قسم کی غلطیاں اور ناجائز کام کئے تو آپ کو ایسے کام نہیں کرنے چاہئیں - اگر انہوں نے ایسے کام کئے تو یہ غلط کیا اور جو کچھ عوام کا روپیہ برباد کیا وہ غلط کیا آپ تو ان سے بد رجہا بہتر ہیں آپ تو یہ نہ ثابت کریں کہ آپ ان سے بدتر ہیں -

جناب والا - آئین کی دفعہ ۲۵۰ کے تحت ایک مرتبہ جو قانونی حقوق مالکان کو یا میاں افتخار الدین کے وارثان کو مل گئے ہیں ان کا تحفظ آرٹیکل ۲۵۰ کرتا ہے اور جب کسی قانون کی repeal کی جائے اگر کسی قانون یا دستاویز کو منسوخ کیا جائے تو وہ مذکورہ قانون سابقہ عمل درآمد یا اس کے تحت باضابطہ کئے ہوئے کسی فرد پر یا اٹھائے

ہوئے کسی نقصان پر اثر نہیں ڈال سکتا۔ جناب والا Land Acquisition Act کی دفعہ ۱۶ کے تحت جب ایک دفعہ کلکٹر اپنا ایوارڈ سنا دے تو تمام حقوق ملکیت اس شخص کو یا اس ادارے کو حاصل ہو جاتے ہیں اور وہ خود بخود ختم نہیں ہو جاتے۔ جب ایک دفعہ لاہور امپروومنٹ ٹرسٹ اس زمین کا مالک ہو گیا تو اسکا یہ فرض تھا کہ وہ مالکان کو اسکا معاوضہ ادا کرے۔ اب وہ اس سے کسی طریقہ سے بچ نہیں سکتا wriggle out نہیں کر سکتا۔ جناب والا انہوں نے صرف زمین کا قبضہ ہی نہیں لے لیا بلکہ انہوں نے وہاں پر دو پلاٹ نیلام کر دئے۔ جناب والا۔ چاہے وہ حکومت کی وجہ سے ہو چاہے وہ میاں افتخار الدین کی وجہ سے ہو چاہے وہ کسی اور شخص کی وجہ سے ہو ہر شخص کو قانون کا برابر تحفظ حاصل ہونا چاہئے۔ حکومت کے لئے یہ واجب نہیں ہے کہ وہ لاہور امپروومنٹ ٹرسٹ کی حمایت کرتے ہوئے کسی شخص کو نقصان پہنچانے کے لئے ناجائز قانون بنانے کی کوشش کرے۔ اس لئے جناب والا میں اس آرڈیننس کی مخالفت کرتا ہوں۔

مسٹر محمود اعظم فاروقی (کراچی - ۸) - جناب والا - انسان کی تاریخ کا متمدن دور جو تاریخ کی تاریکی سے ممتاز ہوتا ہے اس کو میں چند الفاظ میں عرض کرتا ہوں - رول آف لاء جس کو قانون کی حکومت کہتے ہیں یہ وہ خط امتیاز ہے جو روشنی کو تاریکی سے ممتاز کرنے والی چیز ہے۔ جناب والا جب ہم ''رول آف لاء'' کہتے ہیں یعنی قانون کی حکومت تو اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ قانون بنانے والے افراد خواہ وہ جمہوری ہوں یا مجالس قانون ساز پر مشتمل ہوں وہ جو قانون بھی بنا دیں خواہ جائز ہو یا ناجائز تو وہ قانون کی حکومت ہو جائے گی - بلکہ مسلمہ اصولوں کے مطابق قانون کی حکومت وہ ہو گی جو عدل و

انصاف کےمسلمہ اصولوں کو جاری کرے ۔ افراد اور افراد کے درمیان انصاف ۔ فرد اور حکومت کے درمیان انصاف ۔ فرد اور انتظامیہ کے درمیان انصاف ۔ اگر انصاف کے ان تین تقاضوں کو کوئی قانون پورا نہ کر سکے تو اس قانون کی حکومت کو قانون کی حکومت نہیں کہا جا سکتا ۔ تاریکی کے زمانے میں قانون جنگل کا قانون تھا کہ جس کے پاس طاقت ہو وہ ہی طاقت ور تھا اسی کی بات وزن رکھتی تھی اور اس کی بات کے مطابق ملک کے معاملات کے فیصلے ہوتے تھے ۔ جب ہم تاریخ کے متمدن دور کا تصور کرتے ہیں تو ہم اس زمانے کا تصور کرتے ہیں کہ جب کہ صرف قوت کوئی بنائے فیصلہ نہیں ہے بلکہ انصاف اور عدل و انصاف کے تقاضے فیصلے کی بنا پر قائم کئے جائیں اور ان پر فیصلے کئے جائیں ۔ جناب والا قانون کی حکومت کے اس پس منظر میں اگر آپ یہ قانون جو ہنگامی قانون ہے جو اس وقت اس ایوان کے سامنے زیر گفتگو ہے اگر آپ اس کا جائزہ لیں تو آپ محسوس کریں گے اور اتفاق کریں گے کہ یہ اپنی ابتدا سے لے کر اپنی انتہا تک اور اپنے ایک ایک جزو کے ساتھ قانون کے مسلمہ اصولوں اور تقاضوں کے خلاف ہے ۔ سب سے پہلا سوال تو یہ ہے کہ قانون کے سامنے تمام لوگوں کو برابر ہونا چاہئے یعنی Equality before law یعنی اگر کوئی قانون افراد اور افراد کے درمیان کوئی فرق کرے تو وہ قانون عدل و انصاف کے تقاضوں کو پورا کرنے والا قانون نہیں سمجھا جاتا ۔ تو اس قانون کی طرف یہی بات کہ یہ ایک زمین کے لئے ایک اراضی کے لئے ایک خاندان یا چند خاندانوں کی زمینیں حاصل کرنے کے لئے بنایا گیا یہ اس بات کے لئے کسی مزید ثبوت کا محتاج نہیں کہ اس قانون کی نظر میں ملک کے سارے لوگ یکساں نہیں ۔ یا دوسرے لفظوں میں میں یوں کہوں کہ ملک کے ہر عام قانون کو جس کے تحت

ملک کے باشندوں کی زمینیں حاصل کرنے کا حق حکومت کو ملتا ہے، استعمال کرنے کی بجائے اگر کوئی نیا قانون بنانے کی ضرورت پیش آئے اور وہ قانون ایک خاص جائداد کے لئے معرض وجود میں آئے اور پھر اس جائداد کو لینے کے بعد اس قانون کا کوئی مقصد باقی نہ رہے تو اس کا مطلب یہ نکلتا ہے کہ عام قانون کے تحت جو کروڑھا افراد اس سے متاثر ہوتے ہیں اس سے یہ کوئی مختلف چیز ہے - جناب والا اس برصغیر میں ہندوستان اور پاکستان کے علاقے میں صدھا سال سے بلکہ کئی ہزار سال سے بے شمار حکومتیں آتی رہیں - افراد حکومت بدلتے رہے - نظام حکومت بدلتا رہا اور نظام اوراصول حکومت بدلتا رہا - اشوک سے لے کر انگریزوں کے زمانےتک اور انگریزوں کے زمانے سے لے کر آزادی تک اور آزادی سے لے کر آج تک ایک اصول میں کوئی اختلاف نہیں رہا اور وہ ہر زمانے میں قائم رہا ہے یعنی یہ کہ اس ملک میں رہنے والے لوگوں کو اپنی ذاتی ملکیت رکھنے کا حق حاصل ہے - جو بھی اس برصغیر میں رہتا ہے یا پاکستان میں رہتا ہے اس کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ جائز طریقے سے حاصل کی ہوئی جائداد کا مالک رہے - اس سے استفادہ کرے اور اس کو دیکھ سکے اور اپنے بعد اپنے ورثا کے لئے چھوڑ جائے - لیکن اس حق کے ساتھ یہ بات بھی ہر زمانے میں مسلم رہی ہے اور اس کو ماننا پڑے گا کہ حکومت کی بعض وسیع تر ضروریات کے پیش نظر - ریاست کے بعض وسیع تر مقاصد کے پیش نظر اور بعض وسیع مفادات کے پیش نظر اس بات کی ضرورت ہوتی ہے کہ افراد کو ان کی ضروریات سے محروم کر کے حکومت کو ان کی ملکیت کا حق دیا جائے تا کہ وہ اسے عام لوگوں کے استفادہ کے لئے استعمال کر سکے - اس سے کسی کو انکار نہیں

کہ جب کوئی حکومت کسی کو اس کی جائداد سے محروم کر کے اس پر قبضہ کرے تو حکومت کا فرض یہ ہے کہ اس کو جو معاوضہ ملنا چاہئے اور معقول ملنا چاہئے وہ اس کو دیا جائے اور پھر اس قانون کے تحت اسے اس حق سے محروم کرے جس کا اطلاق سارے ملک میں ہوتا تھا - جب یہ صورت حال ملک میں موجود نہ ہو تو کوئی شخص اپنی جائداد کے بارے میں اپنی جان ومال کے بارے میں اپنی ملکیت کے بارے میں اپنی دولت کے بارے میں اپنے آپ کو محفوظ تصور نہیں کر سکتا - اس کر اطمینان پیدا نہیں ہو سکتا کہ ملک کا جو قانون ہے جب تک ملک کا قانون میرے راستے میں نہ آئے مجھے کوئی میری جائداد سے محروم نہیں کر سکتا لیکن اگر کسی شخص کے ذہن میں ہر وقت یہ خلش موجود رہے کہ ملک کا قانون چاہے کچھ بھی ہو ملک کے قانون کے تقاضے چاہے کچھ بھی ہوں اس حکومت کو اختیار ہے کہ وہ جب چاہے ایک خاص قانون بنا کر مجھ کو میری جائداد سے محروم کر سکتی ہے تو ملک کے لوگ اپنی جائداد کے بارے میں جو حفاظت کا تصور ہونا چاہئے وہ اس سے محروم ہو جاتے ہیں اور پھر وہ یہ سمجھنے پر مجبور ہوتے ہیں کہ اس ملک میں قانون کی حکومت قائم نہیں ہے - جناب والا - آج سے ستر سال پہلے بلکہ تین ربع صدی پہلے انگریزوں نے لینڈ ایکوزیشن ایکٹ نافذ کیا تھا اور اس قانون کے تحت حکومت کی انتظامیہ کو یہ اختیار تھا کہ وہ حکومت کے مفاد کے لئے جس شخص کی زمین حاصل کرنا چاہے تو وہ خاص شرائط کے تحت معاوضے دینے کے ایک خاص پیمانے کے تحت زمین حاصل کر سکتی تھی - میں جانتا ہوں کہ پچھلے ۵۰ سالوں کے عرصے میں اس ملک میں کیا لوگوں کی زمینیں حاصل کرنے کی

ضرورت پیش نہیں آئی ؟ یہ ملک کیا اس سارے عرصے میں ویران رہا ۔ نہیں ایسا نہیں ۔ ہزاروں میل لمبی سڑکیں بنتی رہیں ۔ سینکڑوں ہزاروں سکول اور کالجوں کے لئے حکومت کو زمین حاصل کرنے کی ضرورت پیش آئی ۔ ریل کی پٹڑیاں ڈالنے کے لئے ۔ جنگی ضروریات کے لئے ۔ دفاعی ضروریات کے لئے ۔ ملک کی عوامی ضروریات کے لئے ایک نہیں دس ہزار مثالیں آپ کو ملیں گی کہ حکومت نے اپنی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے افراد سے زمینیں حاصل کیں اور ملک کے مفاد میں استعمال کیں ۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ۲۰ سالوں کے بعد آخر وہ کیا حالات درپیش تھے جب کہ ایک زمین آپ کو حاصل کرنے کی ضرورت پیش آتی ہے جسے آپ کہتے ہیں کہ ملک کے وسیع تر مفادات کے لئے ضروری تھا کہ سابق مالکان سے ان کا حق ملکیت چھین لیا جائے ۔ تو وہ قانون جو کہ اس ملک کے ۱۲ کروڑ عوام کے لئے نافذ تھا جو انگریزوں کے زمانے میں آج سے ۷۵ سال پہلے اس برصغیر کے ۵۰ کروڑ انسانوں کے لئے نافذ تھا اور بڑی کامیابی کے ساتھ اس پر عمل ہو رہا تھا آخر اس قانون کو عمل میں لانے میں کیا چیز مانع تھی کہ ایک خاندان اور ایک زمین کے لئے نیا قانون بنانا پڑا ۔ تو آپ کا یہ قانون صرف ایک خاندان کے لئے بنانا اس بات کے لئے پورا ثبوت مہیا کرتا ہے کہ یہ بدنیتی کے ساتھ ۔ انصاف کے تقاضوں کو ایک طرف رکھ کر قانون اور قانون کی حکومت کے جو تقاضے ہیں ان سے روگردانی کر کے کسی خاص فرد یا گروہ کو نقصان پہنچانے کے لئے بنایا گیا ہے ۔ جناب والا آج جب آپ یہ ہنگامی قانون اس زمین کو چھوڑنے کے

لئے لائے ہیں تو اس کے جواز میں ایک بات وزرا صاحبان کی طرف سے ہمیں بتائی گئی وہ یہ کہ جو اس کے معاوضہ دینے کی رقم متعین کی جا رہی ہے جو خود آپ کی حکومت متعین کر رہی ہے وہ اتنی زیادہ ہے کہ اب یہ سکیم Economically feasible نہیں ہے یعنی عملی حیثیت سے اقتصادی حیثیت سے اس کو بروئے کار لانا بہت مہنگا پڑے گا اور حکومت اس کو برداشت نہیں کر سکے گی ۔ میں آپ سے پوچھتا ہوں کہ جو سنہ ۶۲ میں آپ نے زمینیں حاصل کی تھیں تو کیا اس وقت آپ نے اس کا اندازہ نہیں لگایا تھا کہ زمین کی قیمت کیا ہو گی ۔ آپ ایک حکومت کے وزیر ہیں ۔ آپ کو سٹیٹ منٹ دیتے وقت سوچ سمجھ کر دینی چاہئے کہ آپ کیا بات کہہ رہے ہیں ۔ ایک معمولی آدمی بھیک مانگنے والا فقیر جب ایک دکان سے جوتی خریدنے جاتا ہے تو وہ پہلے یہ دیکھتا ہے کہ اس کی جیب متحمل بھی ہو سکتی ہے یا نہیں ۔ ایک شخص جب کہ وہ کارخانہ لگاتا ہے پہلے وہ یہ دیکھتا ہے کہ جس کارخانے کے لئے میں زمین حاصل کر رہا ہوں، جس پر میں نے میشینری لگانی ہے اور جس کو میں امپورٹ کر رہا ہوں اس سے کیا وہ مفاد مجھے حاصل ہو سکتا ہے جتنا کہ روپیہ میں اس پر لگا رہا ہوں کیا وہ روپیہ جو میں اس پر لگا رہا ہوں کیا وہ مجھے واپس مل سکتا ہے ۔ کوئی شخص جو کہ با ہوش ہو بقائمی ہوش و حواس ہو یہ نہیں سوچ سکتا کہ وہ کسی پراجیکٹ پر Embark کرے ۔ کسی سکیم کو چلانے کے لئے کوئی اقدام کرے ۔ کوئی مالیاتی پراجیکٹ اپنے سامنے رکھے اور یہ نہ سوچے کہ اس کی Economic Feasibility کیا ہے اور اسے کیا اس سے ملے گا ۔ اس لئے میں آپ کی بات سرے ہی سے ماننے کے لئے تیار نہیں ہوں کہ کوئی ہوشمند

آدمی یہ بات نہیں مان سکتا ہے کہ آپ کی سکیم کو چھوڑنے کی وجہ صرف economic feasibility کا فقدان ہے - جناب والا میری بات میں مزید وزن اس بات سے پیدا ہوتا ہے کہ میں نے سڑک پر چلنے والے بھکاری کی مثال دی تھی جو دکان سے جوتا خریدنے کے لئے پہلے بات اپنے دل سے کرتا ہے کہ میری جیب اس کے خریدنے کی متحمل ہو سکتی ہے یا نہیں - وہاں پھر بھکاری مجبور ہے کہ وہ جوتے اسی دام پر خریدے جس پر دکان دار اسے دے رہا ہے - وہ اسے دکان دار کی بتائی ہوئی قیمت پر خریدنے پر مجبور ہے لیکن پھر بھی وہ سوچتا ہے -

رانا پھول محمد خان - پوائنٹ آف آرڈر - جناب والا - یہ جوتے خرید رہے ہیں یا کسی اور موضوع پر تقریر کر رہے ہیں -

خواجہ محمد صفدر - وہ X X X *

وزیر بلدیات - X X X X *

Mr. Speaker : The expressions used both by Khawaja Muhammad Safdar and the Minister for Basic Democracies are expunged from the Proceedings of the Assembly.

مسٹر محمود اعظم فاروقی - جناب والا - ان سے تو میں یہ کہوں گا -

کتنے شیریں ہیں تیرے لب کہ رقیب
گالیاں کھا کے بے مزہ نہ ہوا -

میں یہ عرض کر رہا تھا ابھی میں نے مثال دی تھی کہ ایک بھکاری بھی اگر بازار میں جوتا خریدنے کے لئے جاتا ہے - اگر چہ وہ مجبوراً ایسا کرے - لیکن اس مجبوری کے باوجود وہ پہلے یہ سوچ

* *Expunged by order of Speaker*

لیتا ہے کہ وہ اس کی قیمت دے سکتا ہے یا نہیں ۔ مگر آج یہاں جس مسئلہ پر گفتگو ہو رہی ہے اس کی نوعیت یکسر مختلف ہے اس کی قیمت آپ کو متعین کرنی تھی اور پھر ادا کرنی تھی ۔ زمین کے بیچنے والے کو کوئی اختیار نہیں تھا ۔ یہ اختیار سراسر حکومت کے پاس تھا کہ جو قیمت وہ چاہے مقرر کرے مالکان اسے لینے پر مجبور تھے اس کے باوجود آپ یہ کہتے ہیں کہ اس وقت آپ نے قیمت کا اندازہ نہیں کیا تھا اور آج ۶ سال کے بعد سوتے سوتے آپ کی آنکھ کھلی ہے کہ زمین کی قیمت اتنی زیادہ ہے اور وہ اقتصادی طور پر فائدہ مند نہیں ۔ آپ کی آج کی بات بھی بددیانتی پر مبنی ہے اور اس وقت کی بات بھی بددیانتی پر مبنی تھی ۔ نہ اس وقت اس مقصد کے لئے زمین حاصل کی گئی تھی اور نہ آج اس مقصد کے تحت اسے چھوڑا جا رہا ہے ۔ اس وقت زمین حاصل کرنے کا مقصد یہ تھا کہ کچھ لوگوں کو نقصان پہنچایا جائے اور آج زمین چھوڑنے کا مقصد بھی یہی ہے کہ وہ اس طرح انہیں نقصان پہنچا سکتے ہیں ۔

Mr. Speaker : Yes, Minister for Basic Democracies.

خواجہ محمد صفدر ۔ ابھی میں بھی تقریر کروں گا اور ملک اختر صاحب بھی مجھے کہہ گئے تھے کہ وہ بھی تقریر کریں گے ۔

Mr. Speaker : That means we would not be able to dispose of this Ordinance today. There was an agreement between the Leader of the Opposition, the Leader of the House and Malik Muhammad Akhtar that this Ordinance would be disposed of on Friday but we have been discussing this Ordinance on Monday, we have been discussing it today and we don't hope to dispose of this Ordinance even tomorrow. If we don't abide by our agreements then, I am sorry to say, there is no fun in having these agreements.

Minister for Excise : The allegation is very serious.

خواجہ محمد صفدر - محترم سپیکر صاحب نے جس بات کی طرف اشارہ کیا ہے ان کو یاد ہو گا، میں صرف یاد دھانی کے طور پر عرض کرتا ہوں کہ ہم نے آپس میں مشورہ کے بعد یہ طے کیا تھا کہ ۲۲ جنوری تک یہ تمام آرڈی‌نینس ختم کر دئے جائیں گے اور ایک دو دن زیادہ ہو گئے تو اس میں کوئی مضائقہ نہیں ہو گا۔ میں وہی الفاظ دھرا رہا ہوں جو میں نے اس دن عرض کئے تھے - اس کے ساتھ ہی جب آرڈی‌نینسوں کے لئے یہ پروگرام طے کیا گیا تھا تو میں نے یہ عرض کیا تھا کہ اسے بحیثیت مجموعی تصور کیا جائے - ۲۲ تاریخ کو آخری تصور کریں لیکن اگر ۲۳ یا ۲۴ ہو جائے تو اس میں کسی کو اعتراض کی گنجائش نہیں ہو گی - میں اس پر پابند ہوں ۲۴ سے ۲۵ تاریخ نہیں ہو گی -

مسٹر سپیکر - اس کے متعلق میں بھی آپ کو یاد دلا دوں کہ غالباً اس آرڈی‌نینس کے متعلق tentatively تاریخ مقرر کی گئی تھی -

خواجہ محمد صفدر - آپ نے کاغذ پنسل لے کر کچھ پروگرام بنایا تھا لیکن فیصلہ مجموعی طور پر ہوا تھا -

مسٹر سپیکر - اس کے بعد ملک اختر صاحب میرے پاس آئے اور انہوں نے فرمایا کہ تین دن ہو چکے ہیں ایک دن اور دیں ہم اسے ختم کر دیں گے اور ہم اس سے اگلے آرڈی‌نینس پر ایک دن کم کر لیں گے اس کے بعد اور امنڈمنٹ ہوئی اور وہ امنڈمنٹ جو تھی وہ بھی پوری نہیں ہو رہی۔

Any how it is up to the Member. I only want to bring it to the notice of the House and to his notice.

خواجہ محمد صفدر - میں آپ کی یاد دھانی کا شکر گزار ہوں کل بھی

محترم قائد ایوان نے مجھے فرمایا تھا کہ کیا ہمارا پروگرام صحیح طریق سے سے چل رہا ہے - کیا یہ آرڈی نینس آج ختم ہو جائے گا - میں نے کہا تھا آج کوشش کریں گے اگر نہ ہوا تو کل نصف گھنٹہ اور لگ جائیگا -

مسٹر سپیکر - میں یہ نہیں کہتا کہ آپ بالکل بحث نہ فرمائیں آپ خاطر خواہ بحث ضرور فرمائیں لیکن یہ بھی مدنظر رکھیں کہ لیجسلیشن کی رفتار اتنی سست نہ ہو جو شاید کسی اور لیجسلیچر میں نہ ہو -

مسٹر محمود اعظم فاروقی - میں صرف دو باتیں عرض کروں گا - میں چاہتا ہوں کہ آپ کی خدمت میں اس قانون کا مقابلہ اس قانون کے ساتھ کر کے دکھاؤں جو ۱۸۹۴ء میں بنا تھا - آپ محسوس کریں گے کہ تاریخ کے گذشتہ ۷۵ سال میں جب کہ دنیا کا قانون ارتقاً کہاں سے کہاں تک، کس منزل سے کس منزل تک پہنچ چکا ہے ہم نے ترقی معکوس کی ہے - ہمارے ۱۸۹۴ء کے قانون میں . . . . .

وزیر خزانہ - پرانا فقرہ ہے -

مسٹر حمزہ - پرانا فقرہ ہے جو کرسانی صاحب سے ادھار لیا گیا ہے -

مسٹر محمود اعظم فاروقی - اگر میں اس قانون کی مختلف دفعات میں جاؤں تو زیادہ وقت لگے گا صرف دو باتوں کی طرف آپ کو متوجہ کرونگا - ۱۸۹۴ء کے قانون کی دفعہ ۱۸ میں یہ درج ہے کہ اگر کوئی شخص معاوضہ کے ایوارڈ سے مطمئن نہ ہو تو اس کو قانون یہ حق دیتا ہے کہ وہ معاوضہ مقرر کرنے والے افسر کو اس بات پر مجبور کرے کہ وہ اس سارے معاملہ کو عدالت میں بھیجے اور عدالت اس بات کا فیصلہ کرے کہ اس افسر نے جو فیصلہ کیا اس سے انصاف کے تقاضے پورے ہوتے ہیں یا نہیں - اس کے مقابلہ میں ہمارے اس قانون کا ایک ایک لفظ اور شق عدلیہ اور کورٹس کے اختیارات کی نفی کرتی ہے - یہاں کہا جاتا

ہے کہ عدالت کا خواہ کوئی فیصلہ یا ایوارڈ ہو وہ ایک طرف اور لاہور امپروومنٹ ٹرسٹ کے چیئرمین کو یہ اختیارات حاصل ہے اس قانون کے تحت کہ وہ اس جائداد کے معاوضہ کے تعین کا فیصلہ جو چاہے کرے۔ جناب اس کا مطلب یہ ہے کہ جن لوگوں کو کم فائدہ پہچانا بلکہ نقصان پہچانا مطلوب ہے ان کو عدالت کا دروازہ کھٹکھٹانے کا حق حاصل نہیں۔ جناب والا آخری بات مجھے یہ عرض کرنی ہے کہ ۱۹۶۲ء سے ۱۹۶۸ء تک یہ جائداد ان کے قبضہ میں رہی ہے مجھے معلوم ہے کہ انہوں نے اس سے کوئی نفع حاصل نہیں کیا مگر اس دوران جو اس کے پہلے مالک تھے وہ بھی اس کے استفادہ سے محروم رہے۔ پاکستان جیسے غریب ملک کی یہ ۵۶ ایکڑ بہت اچھی زمین ۶ سال غیر منفعت بخش رہی۔ نہ اس سے کوئی فصل حاصل کیگئی نہ پھل اور نہ سبزہ۔ اب اگر آپ ۶ سال کا معاوضہ مالکوں کو دیں گے جو آپ کو دینا چاہیئے اخلاقاً آپ کا فرض ہے تو آپ ۶ سال کے معاوضہ کی یہ قیمت ملک کے خزانہ سے بغیر کوئی منفعت حاصل کیئے اور بغیر اس سے استفادہ کیئے دیں گے تو اس بھاری نقصان کی ذمہ داری کس پر ہے۔ اگر آپ کو یہ احساس ہوتا کہ اس ملک کے ۵ کروڑ غریب عوام اس خزانہ کے لئے غذا مہیا کرتے ہیں اگر آپ کو یہ احساس ہوتا کہ اسے اس طرح خرچ کرنا چاہئیے جیسے یتیم کا ولی اس کے مال سے کر سکتا ہے۔ اگر آپ کو دیانتداری اور ایمانداری کے تقاضوں کا کچھ احساس ہوتا تو آپ کا دل اس بات سے دکھتا کہ ۶ سال تک یہ ۵۶ ایکڑ زمین بغیر کسی منفعت کے ویران اور خالی پڑی رہی ہے۔ اور آپ نے اس سے کوئی نفع نہیں اٹھایا۔ نہ آپ نے خود اس سے کوئی استفادہ کیا۔ نہ اس کے مالکان نے اس سے فائدہ اٹھایا۔ نہ اس سکیم کو اس سے فائدہ

ہوا اور اب حکومت کو اس زمین کے ورثاء کو معاوضہ ادا کرنا پڑ رہا ہے - یہ سارا حکومت کا نقصان ہے اور اس نقصان میں سڑکوں کو بنانے اور اکھاڑنے کا نقصان بھی شامل ہے - نالیوں کو بنانے اور اکھاڑنے کا نقصان بھی شامل ہے - یہ سارا پیسہ حکومت کے خزانے سے ادا ہو گا - اور اس کی ذمہ داری اس حکومت کے ان سرکاری افسران پر ہو گی جنہوں نے وہ ہنگامی قانون جاری کیا تھا اور جنہوں نے یہ ہنگامی قانون جاری کیا ہے - وزیر بلدیات کی خدمت میں میری یہ عرض ہے کہ اگر آپ کی حکومت کو کسی قسم کا احساس ہے تو آپ کو چاہئیے کہ یہ ساری قیمت افسروں کی جائدادوں سے وصول کریں جنہیں آپ نے رشوت کے طور پر مختلف بیراجوں پر زمین الاٹ کی ہوئی ہے -

خواجہ محمد صفدر - جناب والا - میں تقریر نہیں کرنا چاہتا میری جگہ دوسرے دوست تقریر کر لیں -

مسٹر سپیکر - مسٹر حمزہ -

مسٹر حمزہ (لائلپور - ٦) - جناب سپیکر - ابھی چند لمحے گزرے کہ آپ نے یہ ارشاد فرمایا تھا کہ کسی اور ایوان میں اس قسم کے ہنگامی قانون پر اتنی لمبی بحث کبھی نہیں ہوئی -

مسٹر سپیکر - میں نے یہ عرض نہیں کیا تھا -

مسٹر حمزہ - آپ کا یہ فرمان جہاں تک میں سمجھتا تھا بجا بھی ہے لیکن آپ کو اس امر کا احساس بھی ہو گا (جو آپ نے کلمات فرمائے تھے وہ میں نے نوٹ کر لئے تھے) کہ اگر کسی اور ایوان میں اتنی لمبی بحث نہیں ہوئی تو دنیا کے کسی قانون ساز ادارے یا ایوان میں اس قسم کا ہنگامی قانون محض چند ایک خاندانوں کو تباہ کرنے کے لئے تین بار پیش

بھی نہیں ہوا ہو گا ۔ تقسیم ملک سے پہلے جب آزادی کی تحریک چل رہی تھی یہ سننے میں آیا کرتا تھا کہ وہ لوگ جنہوں نے قوم کے ساتھ غداری کر کے جائدادیں حاصل کی ہیں آزادی کے آنے کے بعد یا آزادی کا سورج طلوع ہونے کے بعد ان کی جائدادیں ضبط کر لی جائیں گی ۔ لیکن افسوس کا مقام ہے کہ وہ لوگ جو تقسیم ملک سے پہلے قوم کو آزاد کروانے کی جدوجہد میں متواتر اور مسلسل شریک رہے۔جنہوں نے بہت سی جانی اور مالی قربانیاں دیں اور وہی طرز عمل تقسیم ملک کے بعد قائم رکھا اس ملک کی حکومت نے ان کے مفادات کی حفاظت کی بجائے چند ایک قوم اور ملک دشمن کے مفادات کی محافظ بن بیٹھی ۔ میں اسی سلسلہ میں نہایت دکھ کے ساتھ وزیر بلدیات صاحب کی خدمت میں ایک مثال پیش کرتا ہوں ۔ اسی ایوان میں آج سے چند ماہ پہلے میں نے حکمرانوں سے التجا کی تھی کہ امرتسر کے رہنے والے ایک شہید کے ورثا جو سال ہا سال سے اپنے شہید والد کی منقولہ اور غیر منقولہ جائداد کے ضبط ہونے کی بنا پر حکومت سے رحم کی اپیل کرتے رہے اور آپ سے درخواست کرتے تھے کہ ان کو جانی اور مالی نقصان کا معاوضہ دیا جائے ۔ ان کا نام اس معزز ایوان میں ایک بار نہیں بلکہ بار بار آ چکا ہے اور اس معزز ایوان نے متفقہ طور پر یہ مطالبہ کیا تھا کہ ان کو کچھ نہ کچھ معاوضہ ضرور دیا جائے ۔ اس شہید کا نام خواجہ غلام حسین ہے جن کو جلیانوالہ باغ کے ہنگامے کے بعد پھانسی کی سزا دی گئی ۔

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔کیا مجھ سے یہ سوال فرمایا تھا ؟

Mr. Speaker. Mr. Hamza is not relevant.

وزیر بنیادی جمہوریت و لوکل گورنمنٹ ۔ جہاں تک مجھے یاد ہے میرے علم میں یہ بات نہیں ہے ۔

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ میرے نقطہ نظر سے یہ قانون محض ایک خاندان یا چند خاندانوں کو ان کی خدمات کا صلہ دینے کی بجائے انہیں سزا دینے کے لئے استعمال کیا جا رہا ہے ۔ وہ لوگ جو قوم اور ملک کی خدمت کرتے رہے ان کے احسانات کو فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ ان کی خدمات کا اعتراف کرنے کی بجائے اس قانون کے ذریعہ میاں افتخارالدین مرحوم کے ورثاء کو سزا دی جا رہی ہے ۔

جناب سپیکر ۔ ایک جانب یہ کیفیت ہے اور دوسری جانب آپ کی حکومت کا یہ کردار ہے کہ اس نے ایک بہت بڑی شخصیت کو راولپنڈی کے ایک پلاٹ کے تبادلہ میں ایبٹ آباد میں چیڑ پہاڑی الاٹ کر دی ہے جس کی قیمت کروڑھا کروڑ روپیہ ہے . . . .

Mr. Speaker : Mr. Hamza is again not relevant.

مسٹر حمزہ ۔ جناب والا ۔ میرا استدلال یہ ہے کہ یہ قانون محض چند ایک افراد یا ایک دو خاندانوں کو تباہ کرنے کے لئے اس ایوان میں پیش کیا گیا ہے ۔ اس کے برعکس آپ کی حکومت کا یہ کردار ہے (میں اس کی زندہ مثالیں دیتا ہوں) کہ آپ بعض لوگوں کو نوازنے کے لئے قوم کا ہزار دو ہزار نہیں کروڑھا کروڑ روپیہ برباد کیا ہے ۔

جناب سپیکر ۔ کل وزیر بلدیات نے یہ فرمایا تھا کہ اس ۵۶ ایکڑ اراضی کو ڈویلوپ کرنے کے لئے تقریباً اڑھائی لاکھ روپیہ کی رقم خرچ کی گئی ہے ۔ ان کو یہ بھی علم ہو گا کہ Land Acquisition Collector نے میاں افتخارالدین اور دوسرے مالکان اراضی کے باغیچہ اور نرسری کا تخمینہ

۲ لاکھ ۹۶ ہزار روپیہ لگایا تھا ۔ اس کے ساتھ ہی ساتھ آپ خود بھی یہ تسلیم فرما چکے ہیں کہ نالیاں ۔ سڑکیں اور بہم رسانی آب کے جو انتظامات کئے تھے ان کو اکھاڑنے پر ۲۹ ہزار روپیہ خرچ ہو چکا ہے ۔ وہ رقومات جو عدالتوں ہیں مقدمات لڑنے اور میاں افتخارالدین کے ورثا کو ہرجانے کے طور پر ادا کیں وہ اس کے علاوہ ہیں ۔ میں آپ سے یہ پوچھتا ہوں کہ آپ نے اس ہنگامی قانون میں اس امر کی بھی گنجائش رکھی ہے کہ آپ مالکان اراضی کو ۱۹۶۱ء سے لے کر ۱۹۶۹ء تک زمین کی آمدنی جو ان کو حاصل ہونی تھی اس کا معاوضہ بھی ادا کریں گے ۔ آپ بتائیں یہ رقم حکومت اپنے پلے سے ادا کرے گی یا وزیر صاحب اپنے پلے سے ادا کریں گے یا قوم کے خزانے سے ادا کی جائے گی ؟ جناب والا یہ معاوضہ قوم کے خزانہ سے ادا کریں گے تو اس کی ذمہ داری کس پر عائد ہوتی ہے ۔ کیا یہ کوتاہ اندیشی نہیں ہے کہ امپروومنٹ ٹرسٹ یا حکومت نے کسی ایک فرد کو نقصان پہچانے کے لئے یہ تمام رقومات ضائع کر دیں ۔ چاہیے تو یہ کہ ہمارے حکمران ان رقومات کو اپنی گرہ سے ادا کریں ۔ مجھے یقین ہے کہ ہمارے حکمرانوں کے پاس کروڑوں روپیہ یہ بہت معمولی سی رقم ادا کرنے کے لئے موجود ہے ۔ جو اس قوم سے ناجائز طریقے سے حاصل کیا ہوا ہے ۔ آپ نے پنجاب میں یہ کہاوت سنی ہوگی کہ

''دین،، سے دھڑا پیار ہوتا ہے،

لیکن آپ کی حکومت نے اس ہنگامی قانون کو اپنا کر یہ ثابت کر دیا ہے کہ اسے عوامی فلاح و بہبود کےاحساس کے مقابلہ میں دھڑا پیارا ہے ۔ تمام کے تمام اصولوں کو قربان کر کے چھری سے ذبح کر کے بلکہ سپریم کورٹ پر عدم اعتماد کر کے . . . .

Minister for Finance : Question !

مسٹر حمزہ ۔ یہ چند ایک افراد کو ان کے سیاسی اختلافات کی وجہ سے سزا دینا چاہتے ہیں ۔

جناب سپیکر ۔ اگر وہ اسی پر اکتفا کرتے تو یہ بھی برداشت کیا جا سکتا تھا لیکن افسوس تو یہ ہے کہ انہوں نے آج یہ فرمایا ہے کہ ہم نے معاوضہ کی تشخیص کے لئے ایک نئی مشینری ایجاد کی ہے ۔ اگر یہ مشینری پہلی مشینری سے مختلف ہوتی ۔ اگر وہ باہر سے بعض افسران یا اہلکار ان کو درآمد کرکے کوئی نرالی مخلوق لے آتے تب بھی شاید ہم یہ سمجھتے کہ انہوں نے یہ جو ہنگامی قانون پیش کیا ہے اس کے لئے کوئی وجہ جواز ہو گی ۔ لیکن جب وہ اس سے پہلے خود اپنے مقرر کردہ Land Acquisition Collector یا کمشنر کے فیصلہ کو نظرانداز کر چکے ہیں ۔ ان کو بےکار اور بےمعنی قرار دے چکے ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ اس ہنگامی قانون کے ذریعہ انہوں نے جن افسران کو اختیارات دیئے ہیں اس سے ان کا مقصد ماسوائے اس کے اور کوئی نہیں ہو گا کہ یہ ان افسران کو اپنی منشاء کے مطابق فیصلہ دینے پر مجبور کریں گے ۔ اور جو بہت سی دھاندلیاں پہلے ہو چکی ہیں ان دھاندلیوں کی اس لڑی میں ایک مزید لڑی کا وہ اضافہ کریں گے ۔

میں ان معروضات کے ساتھ اس ہنگامی قانون کی شدید مخالفت کرتا ہوں اور یہ کہنے میں مجھے قطعاً کوئی ہچکچاہٹ نہیں ہے کہ ہماری حکومت پر آج ان افراد کا محض اثر ہی نہیں جنہوں نے تقسیم سے قبل اس قوم اور اس ملک سے غداری کی تھی بلکہ آج یہ حکومت ان غداروں کے ناجائز حقوق کی حفاظت بھی کرتی ہے ۔ اور وہ لوگ جو

اس قوم اور اس ملک کے وفادار تھے جو وطن کے لئے قربانیاں دیتے رہے تھے اور دیتے ہیں ان کو اس قانون کے ذریعہ یہ حکومت سزا دینا چاہتی ہے ۔ لہٰذا اس قانون کی ہم کسی صورت میں بھی حمایت نہیں کر سکتے ۔

ملک معراج خالد (لاہور-۸) ۔ جناب سپیکر ۔ معزز دوستوں نے اس ہنگامی قانون کے ذریعہ جس جائداد کو ناجائز طور پر ان کے وارثان سے چھیننے کے لئے قانون سازی کی جو تاریخ بیان کی ہے اور جس تفصیل کے ساتھ انہوں نے یہ بیان فرمایا ہے کہ کس طرح محض ذاتی انتقام کی خاطر موجودہ حکومت کے قائدین نے یہ تمام متضاد اقدامات کئے اس سے مجھ پر یہ واضح ہوا کہ اخلاق ، سیاست اور جمہوریت کے عام اصولوں کی نہ صرف نفی کی گئی ہے بلکہ ان کی تذلیل کی گئی ہے ۔ دوسرے جناب والا ۔ میں اس نتیجہ پر پہنچا ہوں کہ باوجود ان وعدوں کے کہ ہم عدلیہ کی بالادستی اور اس کے احترام کے دعویدار ہیں موجودہ حالات کے پیش نظر یہ ثابت کر دیا گیا ہے کہ انہیں عدلیہ کا کوئی احترام ملحوظ نہیں ہے ۔ اور یہ ایک ایسا واقعہ ہے کہ جس کے ہوتے ہوئے ان کے گزشتہ دعوے اور حال میں ان کی طرف سے دیئے گئے اس قسم کے مختلف دلائل بالکل باطل ہو جاتے ہیں کہ عدلیہ کی انتظامیہ پر بالادستی ہے اور یہ کہ ہم عدلیہ کے تمام احکام کا پورا پورا احترام کرتے ہیں ۔ تیسری چیز جو مجھے اس وقت صاف نظر آ رہی ہے وہ یہ ہے کہ خود دستور کے تحت جو تقاضے مرتب ہوتے تھے اور جن کے مطابق انہیں عمل کرنا تھا ان کی بھی مخالفت کی گئی ہے ۔ اور یہ کسی طرح تسلیم نہیں کیا جا سکتا کہ اخلاق ، سیاست ، جمہوریت ، قانون اور فرد اپنے وعدوں اور وعدوں کی نفی کرکے بھی کوئی قیادت

عوام میں کسی طرح کا احترام حاصل کر سکتی ہے - اور ان کی تائید و حمایت کی کوئی توقع کر سکتی ہے - میری دانست میں جناب والا - یہ ایک ایسا قانون ہے اور میں پورے دعوے سے یہ کہہ سکتا ہوں کہ اگر اس قانون کو عوام کے سامنے ~~بطور referendum~~ پیش کیا جائے تو ~~نہیں بے شک~~ ننانوے فیصد لوگ اسکی مخالفت میں ووٹ دیں گے ~~بلکہ~~ قانون بنانے والوں کو lynch کر دیں گے - ~~(حزب مخالف کی طرف سے نعرہ ہائے تحسین)~~ - اس کا مجھے پورا اعتماد ہے کیونکہ پاکستانی عوام کی حکمرانی کا جو بنیادی اصول ہے اس کی اس سے زیادہ کوئی تذلیل نہیں کی جا سکتی ، اس سے زیادہ اسکی کوئی تکذیب نہیں کی جا سکتی -

جناب والا - مجھے حکومت کی ان مشکلات کا علم ہے جن کی بناء پر اسے ان سات آٹھ سالوں میں یہ تمام اقدامات کرنے پڑے - میں مختصر طور پر عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ~~سابق~~ میاں افتخارالدین مرحوم نے شروع سے مارشل لاء کے خلاف آواز بلند کی - اور اس آواز کر برا جانا گیا - جبکہ دوسرے سیاستدان مختلف حیلوں اور بہانوں سے آواز اٹھانے سے محروم کر دئے گئے تھے - میاں افتخارالدین مرحوم پر کوئی ایسا دباؤ نہیں ڈالا جا سکتا تھا - وہ ایک صاحب جائداد شخص تھے - ان کو دبانے کے لئے یہ ایک طریقہ نکالا گیا کہ مارشل لاء ریگولیشن نافذ کرکے ان کی یہ جائداد قبضے میں کر لی گئی - جو کچھ یہاں میرے دوستوں نے بیان کیا ہے میں اس کا اعادہ نہیں کرنا چاہتا - مختصراً عرض کرتا ہوں کہ معاملات یہاں تک پہنچے کہ اب حکومت کو یہ repeal کا آرڈیننس لانا پڑا ہے - تو یہ سارے تضادات ایک مریض ذہن کی نشاندھی کرتے ہیں - حقیقت یہ ہے کہ سیاسی اختیار اور اقتدار کو محض ایک شخص یا ایک گروہ کے ہاتھوں میں منتقل کرنے ، مستقل کرنے اور مرکوز

کرنے کے لئے یہ متضاد اقدامات نہایت لازمی تھے اور ناگزیر تھے ۔ منطقی طور پر ناگزیر تھے ۔ اس لئے کہ اگر اس چیز کا عوامی احتساب کے ذریعہ فیصلہ کیا جاتا تو یہ ہرگز ہرگز ناقابل برداشت تھی ۔ لیکن اپنی مرضی کے مطابق ، اپنی پسند کے مطابق ، اپنی خواہشات کو پورا کرنے کے لئے یہ اقدامات لازمی ہو جاتے تھے جو کئے گئے ہیں ۔ اور پھر میں حیران ہوتا ہوں جب یہ اپیلیں کی جاتی ہیں کہ قانون کا احترام کیا جائے اور قانون کی حدود کے اندر رہ کر سیاسی جدوجہد کی جائے ۔ اور مخالف پارٹیاں یا عوام کے مختلف طبقے جب مختلف مسائل سے مجبور ہو کر حکومت کے خلاف آواز بلند کرتے ہیں تو انہیں یہ تلقین کی جاتی ہے کہ قانون کے جو تقاضے ہیں انہیں ملحوظ رکھا جائے اور اپنی سیاسی جدوجہد کو یا مخالفت کو یا اپنے مطالبات منوانے کو قانون کی حد سے باہر نہ جانے دیا جائے ۔ جب عوام کو یہ پتہ ہو کہ یہ تمام قانون محض ایک قلیل گروہ یا ایک شخص یا ان کے نامزد کردہ اشخاص کی مرضی کو پورا کرنے کے لئے نافذ کئے گئے ہیں اور ان میں عوامی نمائندوں کی رائے کو دخل نہیں ہے تو پھر وہ ان قوانین کا کس طرح احترام کریں گے ؟ اور rule of law اس ملک میں کس طرح قائم ہو سکتا ہے ؟ اس لئے جناب والا ۔ یہ نہایت دکھ کی بات ہے ، نہایت درد کی بات ہے کہ جب تک ہم اس بنیادی حقیقت کو تسلیم نہیں کریں گے کہ اس وطن عزیز میں rule of law کے قیام کے لئے یہ نہایت ضروری ہے کہ بنیادی ، اخلاقی ، سیاسی اور جمہوریت کے تقاضوں کو پیش نظر رکھا جائے یا یہ تسلیم کیا جائے کہ محض اپنے شخصی تسلط یا جبر کے ذریعہ اپنی چیزیں نافذ کرنے کے لئے یہ طریقے غلط ہیں اور ان سے کوئی اچھے نتائج برآمد نہیں ہو سکتے اور حالات کی اصلاح نہیں ہو سکتی ۔ میں بطور تنبیہ اور گزارش

